(۲۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صہ ۵۶ ف ۶۹

خصائص نسائی کی عبارت ملاحظہ ہو

قال سمعت علیا رضی اللہ عنہ علی المنبر بالکوفۃ یقول خطب الی رسول اللہ فاطمۃ علیہا السلام فزوجنی فقلت یا رسول اللہ انا احب الیک ام ھی قال ھی احب الی منک وانت اعز علی منہا۔

ترجمہ: راوی کہتا ہے کہ میں نے حضرت علیؑ سے کوفہ میں یہ سنا تھا آنجناب نے فرمایا کہ جب نبی کریم سے فاطمہ زہرا کا رشتہ مانگا گیا تو حضور نے ان کی میرے ساتھ شادی کر دی میں نے پوچھا یا رسول اللہ میں آپ کو زیادہ محبوب ہوں یا فاطمہؑ آنجناب نے فرمایا کہ فاطمہ مجھ کو تم سے زیادہ محبوب ہے اور تم مجھے فاطمہ سے زیادہ عزیز ہو۔

ریاض النضرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عائشۃ سئلت ای الناس احب الی رسول اللہ قالت۔
فاطمۃ فقیل من الرجال قالت زوجھا

ترجمہ: بی بی عائشہ سے پوچھا گیا کہ نبی کریم کو سب سے زیادہ پیارا کون تھا بی بی عائشہ نے فرمایا کہ فاطمہ زہرا زیادہ پیاری تھیں پھر پوچھا گیا کہ رسول اللہ کو مردوں میں سے زیادہ پیارا کون تھا بی بی عائشہ نے کہا کہ فاطمہ کا شوہر (علی ابن ابی طالب)

الاستیعاب کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابی بریدہ عن ابیہ قال کان احب النساء

الی رسول اللہ فاطمۃ ومن الرجال علی ابن ابیطالب

ترجمہ: ابن بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے اس نے کہاکہ عورتوں میں سب سے زیادہ پیاری بنی کریم کو اپنی بیٹی فاطمہ تھی اور مردوں میں سے زیادہ پیارے علیؑ ابن ابی طالب تھے۔

نوٹ: مذکورہ حدیث بھی جناب فاطمہ زہرا کی افضیلت کی دلیل ہے کیوں کہ بنی کریم کسی سے زیادہ محبت اس وقت کرسکتے ہیں جب کہ اس میں خوبیاں زیادہ ہوں۔ جناب فاطمہ سے بنی کریم کی زیادہ محبت بی بی میں فضائل کی زیادتی کا ثبوت اور فضائل کی زیادتی جناب فاطمہ میں عالمین کی عورتوں پر بی بی کی فضیلت کا ثبوت ہے۔

اعتراض: یعقوب بنی کے بارہ بیٹے تھے اور محبت یوسف سے زیادہ تھی، اسی طرح حضور پاک کی چار لڑکیاں تھیں جناب فاطمہ سے محبت زیادہ تھی۔

جواب: جناب یعقوب کے گیارہ بیٹوں میں چونکہ کوئی ایسی خوبی نہ تھی جس کی وجہ سے ان پر یعقوب بنی توجہ فرماتے لہذا ان کو نظر انداز کردیا، اسی طرح ان تین لڑکیوں میں کوئی ذاتی خوبی نہ تھی لہذا حضور پاک نے ان پر کوئی توجہ نہ دی اور جب عتبہ، عتیبہ کفار نے ان کا رشتہ مانگا تو بقول اہل سنت حضور نے وہ لڑکیاں کفار کو دے دیں۔ جس طرح ان کفار کو ان لڑکیوں کا شوہر ہونے سے کوئی فخر نہیں اسی طرح وہ لڑکیاں مطلقہ ہونے کے بعد کسی مسلمان کے نکاح میں آجائیں تو اس کو بھی کوئی فخر حاصل نہیں ہے۔

نوٹ: جناب فاطمہ کائنات کی عورتوں سے افضل ہیں اور ان کا نکاح جناب امیر سے بحکم خدا ہوا پس جناب امیر کو داماد رسول ہونے کا فخر زیبا

ہے اور باقی لوگوں کی دامادی والا مسئلہ چھیڑنا ایسے ہے جیسے پانی وچ مدھیانیاں مارنا۔

اگر وہابیوں کی تسلی نہیں ہوئی تو گزارش ہے کہ باقی تین لڑکیوں کی کہانی اور عثمان صاحب کی دامادی کا قصہ سفید جھوٹ ہے اور ذریت ابن سبا یعنی اولاد ابو سفیان کی اہل اسلام میں اختلاف ڈالنے کی ایک سازش ہے کیونکہ ان فرضی لڑکیوں کے بارے نبی کریم کے حال سے کوئی ثبوت نہیں ملتا آنجناب نے ان لڑکیوں سے کبھی اولاد والا کوئی سلوک کیا ہو نہ ہی ان کو پیار کیا نہ ہی ان کے گھر گئے نہ ہی ان کی عزت کی بس یہی تاریخ میں رٹا لگا ہوا ہے کہ وہ پانچ چھ سال کی تھیں کہ کفار کو دے دیں اور ایک سے عثمان کا نکاح بھی زمانہ کفر میں ہوا تھا۔

جناب فاطمہ زہرا لوگوں سے زیادہ سچی تھیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہلسنت کی کتاب معتبر اکمال فی اسماء الرجال لصاحب المشکوٰۃ صـ۲۹

(۲) اہلسنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب صـ۳۶۶

(۳) اہلسنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین صـ ۱۶۱/۳

(۴) اہلسنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صـ۴۴

(۵) اہلسنت کی معتبر کتاب حلیۃ الاولیاء صـ ۴۲/۲

(۶) اہلسنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ صـ ۲۲۰/۲

(۷) اہلسنت کی کتاب معتبر مناقب آل ابی طالب صـ۲۴۱

(۸) اہلسنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صـ۵۷

الاستیعاب کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عائشۃ قالت ما رأیتُ احداً کان اصدق لھجۃ

من فاطمة الا ان یکون الذی ولدھا

ترجمہ: بی بی عائشہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم کے علاوہ میں نے فاطمہ زہرا سے زیادہ سچا کسی کو نہیں دیکھا۔

نوٹ: مذکورہ حدیث بھی جناب فاطمہ زہرا کی افضلیت کا ناقابل انکار ثبوت ہے کیوں عالم میں صرف دو عورتیں ایسی ہیں جن کا لقب صدیقہ ہے ایک جناب مریم کے بارے قرآن پاک نے گواہی دی ہے کہ وامہ صدیقہ کہ عیسیٰ کی ماں صدیقہ ہے اور جناب مریم کو لقب صدیقہ اس لیے ملا تھا کہ وہ اپنی ماں کی اس دعا کے باعث انی اعیذھا بک وذریتہا من الشیطن الرجیم کہ میں اس بچی کو اے خدایا تیری پناہ میں دیتی ہوں شر شیطان سے محفوظ رہنے کی خاطر جناب مریم اس دعا کی برکت سے شر شیطان سے محفوظ رہیں اور لقب صدیقہ پایا پس معلوم ہوا کہ جو خاتون شر شیطان سے محفوظ ہو وہی صدیقہ ہوتی ہیں۔

اور جناب فاطمہ زہراؑ بھی اپنے باپ رسول اللہ کی دعا کی برکت سے شر شیطان سے محفوظ تھیں پس دوسری خاتون جن نے خدا اور رسول کی منظوری سے لقب صدیقہ پایا جناب فاطمہ زہراؑ ہیں۔ جناب مریم عالم کی عورتوں سے افضل ہیں اور عترت رسول کا اجماع ہے کہ جناب فاطمہ زہراؑ حضرت مریم سے افضل ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ جناب فاطمہ تمام عورتوں سے افضل ہیں۔

نوٹ: کچھ خواتین کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورہ تحریم میں فرمایا ہے کہ ان تتوبا الی اللہ فقد صغت قلوبکما کہ اگر تم توبہ کرلو تو بہتر ہے، تمہارے دل کج ہو گئے ہیں نیز ایک خاتون نے امام حق امیر المومنین علی بن ابی طالب کے خلاف ان کی رعایا کو بھڑکایا نیز آنجناب کے خلاف جنگ جمل میں حصہ لیا ہے ایسی خاتون کو ہم شیعہ لوگ صدیقہ ماننے سے معذرت ظاہر کرتے ہیں۔

نوٹ: بقول ہمارے سنی بھائیوں کے نبی کریم کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں تو کیا ان میں سے کسی کے صدیقہ ہونے کا ثبوت بھی قرآن وسنت میں موجود ہے۔

جناب فاطمہ زہرا ہی صدیقہ ہے اور اس صدیقہ خاتون کے شوہر کو داماد رسول کہنا زیبا ہے۔

دوسری لڑکیاں چونکہ بقول سنی بھائیوں کے جناب عثمان سے پہلے عتبہ اور عتیبہ کے نکاح میں رہیں۔ اس لیے ان کا شوہر ہونا کوئی فخر کی بات نہیں ہے اور اگر ہمارے سنی بھائی طاقت کے زور سے اپنے بزرگوں کے فضائل منوانا چاہتے ہیں تو یہ طریقہ بنو امیہ کا ہے۔ صدیق اکبر لقب حضرت علی کا ہے اور صدیقہ کبریٰ لقب حضرت فاطمہ کا ہے۔ اہل حدیث صحابیوں کی خیانت ہے کہ دونوں لقب چرا کر ایک ابو بکر پر فٹ کر دیا اور دوسرا عائشہ کو دے دیا۔

جناب فاطمہ زہرا اس امت میں مثل مریم ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص ۲۱۹ کتاب الفضائل من قسم الاقوال

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ ص ۶۸۴

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ ص ۱۹۱

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ ص ۴۶

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی ص ۶۰ فصل ۵

کنز العمال کی عبارت ملاحظہ ہو

اول شخص یدخل الجنۃ فاطمۃ بنت محمد

ومثلها فی هذه الأمة مثل مریم فی بنی اسرائیل

ترجمہ : رسول اللہ نے فرمایا کہ جنت میں جو شخص پہلے داخل ہوگا وہ فاطمہ زہرا ہے اور وہ اس امت میں اسی طرح ہیں جس طرح جناب مریم بنی اسرائیل میں تھیں ۔

نوٹ : مذکورہ حدیث بھی جناب فاطمہ زہرا کی افضلیت کا روشن ثبوت ہے کیوں کہ ہمارے نبی نے اپنی بیٹی کو جناب مریم کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور مقصود نبی پاک کا یہ ہے کہ فاطمہ مثل مریم ہے عصمت میں طہارت اور پاکیزگی میں پس دو عورتیں معصوم ہیں ۔ ایک مریم اور دوسری فاطمہ زہرا اور جناب مریم تمام عورتوں سے افضل ہیں اور حضرت زہرا بی بی مریم سے افضل ہیں ۔ پس نتیجہ یہ نکلا کہ جناب فاطمہ زہرا تمام عورتوں سے افضل ہیں

نوٹ ۲ : بقول ہمارے اہل سنت بھائیوں کے کہ نبی کریم کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں ہم شیعہ عرض کرتے ہیں کہ بالفرض اگر تھیں تو کیا ان میں کوئی لڑکی معصومہ بھی ہے شرف اور فضیلت میں مثل مریم بھی ہے اگر اہم ثبوت ہے تو ثبوت پیش کریں جناب فاطمہ مثل مریم ہے اور اس شان والی بی بی کے شوہر کو داماد نبی ہونے کا فخر حاصل ہے دوسری لڑکیاں بقول سنی بھائیوں کے عتبہ اور عتیبہ کے نکاح میں رہ چکی تھیں اور بعد میں جناب عثمان کے نکاح میں آئی ہیں پس جس طرح ان مطلقہ لڑکیوں کے پہلے شوہروں کو کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے اسی طرح اگر وہ کسی مسلمان کے نکاح میں آئی ہیں تو اسے بھی کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے ۔

نوٹ : جناب فاطمہ زہرا صدیقہ بھی ہے اور مثل مریم بھی اور اس کی گواہی شاہ عبد الحق محدث دہلوی محب الدین طبری جلال الدین سیوطی اور محدث خوارزمی جیسے علماء اہل سنت نے دی ہے اور اب فیصلہ وہابیوں کے ہاتھ ہے ان علماء اہل سنت کو وہ تقیہ باز کہیں یا تبرا باز ۔ انھیں سبائی اور یہودیوں کے نطفے کہیں یا شیعوں کے متعہ کی پیداوار ۔

جس طرح علماء اہل سنت کو آج چودہ سو برس کے بعد وہابیوں نے رسوا کیا ہے اس کی مثال!

نہیں ہے عثمانی وکلاء کے لیے جب ب فاطمہ کے فضائل باعث عبرت ہیں لیکن حدیث پاک
ہے کہ آل رسول کی دوستی وہی رکھے گا جس کے نطفے میں خلل نہیں ہوگا جو شخص بھی اپنے دل
میں آل رسول کے بارے میں تھوڑی سی دشمنی محسوس کرے وہ اپنی اماں جی کے بارے تحقیق
کرے کہ کہیں وہ عشق مجازی کے چکر میں تو نہیں پھنسی رہیں۔

نبی کریمؐ فاطمہ زہراؑ سے سفر جاتے وقت سب سے آخر میں ملتے تھے اور واپسی پر سب سے پہلے ملاقات کرتے تھے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب مواہب لدینہ صہ ۱۴۶
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ صہ ۲۶/۱ کتاب الطہارۃ مطبوعہ حیدر آباد
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مرقاۃ مشکوٰۃ صہ ۲۷۳/۱۱ مطبوعہ ملتان
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب صہ ۳۶۴/۴
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین صہ ۱۵۵/۳ مطبوعہ مصر
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صہ ۱۷۰ مطبوعہ مصر
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۳۷
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صہ ۶۰۲
(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب، شرح فقہ اکبر صہ ۱۱۰
(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب کشف الغمہ صہ ۱۴۰ باب جمع بین الصلاتین۔

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ صـ ۴۶۲ طبع نول کشور

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب حبیب السیر صـ ۹۰ جزو سوم

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صـ ۳۱۶

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صـ ۱۹۸

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صـ ۵۶

سنن الکبریٰ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ثوبان مولی رسول اللہ قال کان رسول اللہ اذا سافر کان آخر عہدہ بانسان من اہلہ فاطمۃ واول من یدخل علیہا اذا قدم فاطمۃ

ترجمہ: نبی پاکؐ کا غلام ثوبان روایت کرتا ہے کہ حضور ... سفر پر روانہ ہوتے وقت فاطمہ زہراؑ سے سب سے آخر میں ملاقات کرتے تھے ... سے واپسی کے بعد سب سے پہلے اپنی بیٹی فاطمہؑ کے پاس آتے تھے۔

شرح فقہ اکبر عبارت ملاحظہ ہو

وکانت احب اہلہ الیہ واذا ... سفرا یکون اخر عہدہ بہا واذا قدم کان اول ما یدخل علیہا

ترجمہ: جناب فاطمہ نبی کریم کو اپنے اہل میں سب سے زیادہ پیاری تھیں اور جب حضور کسی سفر کا ارادہ فرماتے تھے تو آنجنابؐ جناب فاطمہ سے آخر میں ملاقات کرتے تھے اور جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے بی بی فاطمہؑ سے ملتے تھے۔

کشف الغمہ کی عبارت ملاحظہ ہو

وکانت فاطمہؑ اذا سافر رسول اللہ وبلغھا قدومہ تخرج علی باب البیت تنتظر فاذا رأتہ بادرت الیہ فتقبل وجھہٗ وتبکی ۔

ترجمہ : جب نبی کریم کسی سفر پر جاتے تھے اور جناب فاطمہ کو حضورؐ کی واپسی کی خبر پہنچتی تو دروازے پر آکر بی بی رسول اللہ کا انتظار کرتی اور جب حضور کو دیکھتی تو استقبال کے لیے آگے بڑھتی حضورؐ کے چہرے کا بوسہ لیتی اور روتی تھی ۔

نوٹ : جناب فاطمہ زہرا کے ساتھ نبی کریم کا مذکورہ انداز محبت بھی بی بی کی عظمت پر دلالت کرتا ہے بالفرض اگر حضور پاک کی اور لڑکیاں بھی تھیں تو رحمت للعالمین نے ان سے مذکورہ محبت کا مظاہرہ کیوں نہ فرمایا کیا یہ انصاف ہے کہ حضور پاک جب بھی سفر سے واپس آتے تھے تو جناب فاطمہ کے گھر ہی تشریف لاتے تھے یہ تعجب کی بات ہے کہ ہمیشہ نبی کریم کی سفر سے واپسی کی خبر سن کر جناب فاطمہ ہی دروازے پر انتظار فرماتی تھیں اور دوسری لڑکیوں کے بارے میں تاریخ بالکل خاموش ہے ۔ حضرت علی علیہ السلام کے گھر میں ہی نبی کریم کا آنا جانا تھا اور آنجناب ہی کو حضور پاک کی دامادی پر فخر زیبا ہے ۔ جناب عثمان کے بارے میں تاریخ گواہ ہے کہ نبی نے ان کے گھر کو کبھی اہمیت نہیں دی اور اس میں ہم شیعوں کا کیا قصور ہے یہ تو حضور پاک کی مرضی تھی ۔

جس طرح نبی پاک نے جناب عثمان اور ان لڑکیوں کو جناب امیر اور حضرت فاطمہ کے مقابلہ میں کبھی اہمیت نہ دی اسی طرح ہم بھی سنت رسول پر عمل کرتے ہیں اور جناب بی بی فاطمہ زہرا کی ہمیشہ فضیلت بیان کرتے اور ان کی عقیدت کو ذریعہ نجات سمجھتے ہیں ہم شیعہ لوگ نبی پاک اور ان کی اولاد کے غلام ہیں اور باقی دنیا سے صرف ہمارا کیا

نے کوئی ٹھیکہ نہیں لیا کہ ساری دنیا کو سردار مانیں ۔

علیک سلیک ہے ہم

اگر وہابی اہل حدیث دوستوں کی تسلی نہیں ہوئی تو گذارش ہے کہ عثمان

نوٹ: صاحب کی فرضی ناقی کی طرح ان کی دو بیویوں کو بنا ... بیٹیاں ...

مذکورہ ۱۵ علماء ... عثمان کی عزت افزائی کی خاطر پیروان ... پڑھی ہے

اور یہ سازش بنو امیہ کے دور میں

فضیلت ... نامعلوم عثمان اور ان کی ازواج کو ... لیکن انہوں نے

بھی عثمانی وکلاء تھے

سبائیوں کے ... کہ وہ ... ایک جواب ہے ... صرف ... پاس ... وہابیوں کے ... کیا ہے ... بند ...

بزرگوں کی ... تعریف ہے ... کیا ... بلے بلے ... تھے ... پیداوار ... کی ... متعہ ... شیعوں کے ... یا ... تھے

نبی کریم کا فرمان کہ فاطمہ زہرا امیر آلکرا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو ۔

(۱) اہل سنت کی معتبر صحیح بخاری صہ $\frac{۲۹}{۵}$ مطبوعہ مصر

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم صہ $\frac{۳۳۶}{۲}$ ذکر فاطمہ

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین صہ $\frac{۱۵۹}{۳}$

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال صہ $\frac{219}{۶}$

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب حلیۃ الاولیاء صہ $\frac{۴۱}{۲}$

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مشکوٰۃ شریف صہ $\frac{۲۵۵}{۲}$

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ صہ $\frac{۳۶۶}{۴}$

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صہ ۶۰۶

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صہ ۴۴

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار صہ ۴۶

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الائمۃ صد ۱۷۵

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صد ۱۷۲

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صد ۴۸

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السؤل صد ۱۶

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صد ۴۱۳

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صد ۱۱۰

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صد ۱۷۲

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب خصائص نسائی صد ۹

(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صد ۱۱۴

(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مواہب لدنیہ صد ۱۴۶

(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب اخبار الاُول صد ۴۳

(۲۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اخبارہ مدارج النبوۃ صد ۴۶۰

(۲۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مرقاۃ شرح مشکوٰۃ صد ۳۷۴ / ۲

(۲۴) اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابی داؤد صد ۲۲۶ / ۱۱

(۲۵) اہل سنت کی معتبر کتاب کنوز الحقائق صد ۲۴ / ۲

(۲۶) اہل سنت کی معتبر کتاب فتح المبیدی مختصر شرح زبیدی صد ۷۸ / ۳

(۲۷) اہل سنت کی معتبر کتاب نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض صد ۵۶۵ / ۴

(۲۸) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح شفا ملّا علی قاری صد

(۲۹) اہل سنت کی معتبر کتاب جامع الصغیر صد ۷۳

(۳۰) اہل سنت کی معتبر کتاب سراج المنیر شرح جامع الصغیر صد

(۳۱) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الشہداء صد ۱۱۸ باب چہارم

(۳۲) اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ ص ۹
(۳۳) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ ص ۱۴۶
(۳۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص ۳۱۲
(۳۵) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی ص ۲۵۶
(۳۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی ص ۵۱ ص ۵

صحیح بخاری باب مناقب فاطمہؑ سے عبارت ملاحظہ ہو

ان رسول اللہ قال فاطمۃ بضعۃ منی فمن اغضبہا اغضبنی

ترجمہ: حضور پاک نے فرمایا کہ فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جس نے اُسے غضبناک کیا اُس نے مجھے غضبناک کیا۔

خصائص نسائیؒ کی عبارت ملاحظہ ہو

فاطمۃ بضعۃ منی یوذینی من اذاھا ومن آذی رسول اللہ فقد حبط عملہٗ

ترجمہ: حضور پاک نے فرمایا) فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جس نے اُسے اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور جس نے رسول اللہ کو اذیت پہنچائی تو اس کا نیک عمل برباد ہو جائے گا۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے بھی جناب فاطمہ زہرا کی تمام عورتوں پر افضلیت ثابت ہوتی ہے۔ جیسا کہ نبی کریم کو ناراض کرنا مطلقاً گناہ ہے اور جسے مطلقاً ناراض کرنا گناہ ہو وہ معصوم ہوتا ہے۔

پس حضور پاک معصوم اور ہر عیب سے پاک ہیں اسی طرح جناب فاطمہ کو ناراض کرنا مطلقاً گناہ ہے پس بی بی فاطمہ بھی معصومہ ہیں اور گناہ سے پاک ہیں اور تمام عورتوں سے افضل ہیں حدیث بضعۃ منی کی تشریح ہم نے اپنی کتاب جاگیر فدک میں بڑی تفصیل سے کی ہے۔

ایک ضروری وضاحت

کتاب اہل سنت صحیح بخاری وغیرہ میں یہ واقعہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی نے ابو جہل کی لڑکی سے نکاح کا ارادہ کیا تھا اور جناب فاطمہ کو یہ بات ناگوار گزری اور اپنے باپ رسول اللہ سے شکایت کی حضور پاک نے فرمایا کہ فاطمہ بضعۃ منی کہ فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جسنے فاطمہ کو ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا میں دختر ابوجہل سے شادی پر راضی نہیں ہوں۔

ارباب انصاف مذکورہ حدیث کو سنی بھائی خلیفہ اول کی صفائی کی خاطر پیش کرتے ہیں ہم اس حدیث پر اٹھارہ عدد جوابات کے ضمن میں تبصرہ کرتے ہیں اور ہم انصاف کو انصاف پر چھوڑ دیتے ہیں۔

جواب:

مذکورہ واقعہ کتاب اہل سنت صحیح بخاری میں لکھا ہے اور شیعوں کو نہ ہی بخاری شریف اور نہ ہی مسلم شریف پر اعتبار ہے کیونکہ یہ کتابیں ان کے مخالفین کی لکھی ہوئی ہیں مناظرہ میں مسلمات مخالف کو پیش کیا جاتا ہے۔ مثل مشہور ہے کہ آپے میں رجی کجی اپے میرے بچے جیون۔

کتب اہل سنت پر ایمان رکھنا اہل سنت دوستوں کو مبارک رہے ہمارے ساتھ کتب اصول تشیع کے حوالہ سے بات چیت کریں۔

جواب ۲:

اہل سلام کا یہ اتفاقی مسئلہ ہے کہ جس حدیث سے رسول کریم کی ہتک ہوتی ہو اسے تسلیم نہ کیا جائے مذکورہ حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ نبی کریم دوسرے لوگوں کی لڑکیوں پر سوکن لانا جائز جانتے تھے اور اپنی لڑکی پر سوکن آنے سے ناراض ہوتے تھے یہ بات شان رسول سے زیبا نہیں چونکہ مذکورہ حدیث سے ہتک رسالت لازم آتی ہے پس اسے قبول نہ کیا جائے۔

جواب ۳۔

اہل اسلام کا یہ اتفاقی مسئلہ ہے کہ جو حدیث قرآن پاک کے مخالف ہو اسے قبول نہ کیا جائے قرآن پاک نے چار عورتوں سے نکاح کی اجازت دی ہے جس بات کی تمام مسلمانوں کو قرآن وسنت نے اجازت دی ہے نبی کریم اپنی بیٹی کی خاطر حضرت علی کو اس بات سے روکیں یہ قرآن پاک کی مخالفت ہے اور نبی کریم قرآن کی مخالفت نہیں فرماتے پس معلوم ہوا کہ مذکورہ حدیث راوی کی غلطی ہے۔

جواب ۴۔

جب نبی کریم نے ابو جہل کی اس لڑکی کی شادی روک دی تو پھر وہ لڑکی کہاں گئی آسمان کی طرف پرواز کر گئی یا اس کو زمین نگل گئی اس کا نکاح کسی اور کے ساتھ ہوا ہے یا رابعہ بصری کی طرح کنواری مصلے بیٹھ گئی نیز اس بی بی کا نام کیا تھا پیدا کب ہوئی اور مری کب ہے اس کو مدینہ میں لایا کون تھا اور اس کا سرپرست کون تھا ہمارے ان سوالات کے جواب میں ہمارے مدمقابل دوستوں کا توپ خانہ بالکل خاموش ہے ہمارے دوست یا تو اس لیے چپ ہیں کہ ہم غریب شیعوں کو جاہل تصور کرتے ہیں اور جواب جاہلاں خاموشی ہمارے بم سے ہماری گزارشات کے پرخچے اڑاتے ہیں اور یا پھر بقول شاعر

؎ چپ چپ کھڑے ہو ضرور کوئی بات ہے

ارباب انصاف معلوم ایسا ہوتا کہ جناب امیر کی شان پر حرف لانے کی خاطر ابوجہل

کی مذکورہ لڑکی فرض کی گئی ہے ورنہ اس لڑکی کا نہ تو اس کے باپ ابو جہل کو کچھ پتہ تھا اور نہ ہی اس کی ماں کو کچھ خبر تھی۔

جواب ۵ :

جناب عمر بہت بڑے انسان تھے اور دربار رسالت میں بولنے کا موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے چونکہ جناب ابو جہل بن ہشام ان کے ماموں تھے اور وہ لڑکی ان کی ماموں زاد بہن تھی جب اس لڑکی سے حضور نے شادی کو روکا تو جناب عمر کو بارگاہ رسالت میں بولنے کا اور حضور پاک کو کھری کھری بات سنانے کا موقع تھا کہ یا رسول اللہ دوسرے لوگوں کی لڑکیوں پر تو آپ کئی کئی سوکنیں لاتے ہیں۔ لیکن اپنی لڑکی پر صرف ایک سوکن بھی گوارا نہیں حالانکہ وہ لڑکی بڑی خاندانی ہے میرے ماموں جان ابو جہل کی دختر بلند اختر ہے اور ہمارے قبیلہ کی عورتوں کے اچھے اخلاق کو آپ خوب جانتے ہیں۔ دیکھیے میری بیٹی حفصہ نے آپ کو کس طرح آرام میں رکھا ہوا ہے جناب عمر جیسے ایک بڑے انسان کا خاموش رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ مذکورہ واقعہ بے بنیاد ہے ورنہ جناب عمر چپ رہنے والے تو نہیں تھے۔

جواب ۶ :

مذکورہ لڑکی جس عظیم خاندان سے تعلق رکھتی تھی ان کی یہ رسم تھی کہ بزرگان دین کو وہ اپنی لڑکی خود بخود پیش کرنا اپنے لیے ایک خوش نصیبی سمجھتے تھے جیسا کہ کتاب اہل سنت صحیح بخاری کتاب النکاح میں لکھا ہے کہ جب جناب حفصہ بیوہ ہوئی تھیں تو ان کے رشتہ کو ان کے والد بزرگوار جناب حضرت عمر نے جناب ابو بکر اور عثمان کو ان کے گھر جا کر خود پیش فرمایا تھا۔ ان دونوں نے کچھ مجبوریاں ظاہر کر کے اس خاتون کا رشتہ قبول کرنے سے معذرت ظاہر کی جناب عمر بیوہ جوان بیٹی کو گھر میں کیسے بٹھا سکتے تھے۔ لہذا پھر رسول اللہ کی خدمت میں اس رشتہ کو پیش کیا اور نبی کریم نے دو جگہ جس عورت کا رشتہ

نہیں ہوا تھا اپنی مثالی رحم دلی کا ثبوت دیتے ہوئے قبول فرما لیا۔ مذکورہ لڑکی بھی جناب
عمر کی رشتہ دار تھی کیونکہ ان کے ماموں جان ابو جہل کی دختر تھیں اور ہو سکتا ہے کہ خاندانی
رسم و رواج کے مطابق اور رشتہ داری کے باعث اس لڑکی کا رشتہ بھی خود جناب عمر نے حضرت
کی خدمت میں پیش کیا ہو اور نبی کریم نے اپنے خاص تجربات کی وجہ سے اس رشتہ کو روک
دیا ہو؛ لہٰذا مذکورہ رشتہ کی افواہ سے اگر جناب فاطمہ کو رنج پہنچا ہے تو اس کی ذمہ داری
جناب عمر پہ آتی ہے جناب علی علیہ السلام کی شان پر کوئی حرف نہیں آتا اور اگر شان رسالت
پر حرف آتا ہے تو ہم شیعہ اپنے سنی بھائیوں کے ساتھ مل کر شان رسالت کی حفاظت
کریں گے۔

جواب ۷:

کتب اہل سنت صواعق محرقہ حیوۃ الحیوان

تفسیر روح المعانی پ ۲ ذکر زنیم مجمع الامثال للمیدانی باب ۷، مثل اخنث من مصفر
است میں لکھا ہے کہ جناب ابو جہل علت ابنہ۔ علت المشائخ کے مریض تھے ہاشمی لوگ
اپنی نفاست طبع اور بے مثال شجاعت کی حفاظت کی خاطر ایسی لڑکی سے شادی نہیں
کرتے تھے جس کا باپ مذکورہ مرض کا مریض ہوتا تھا۔ پس ناممکن ہے کہ جناب امیر نے
مذکورہ لڑکی سے نکاح کا ارادہ فرمایا ہو۔ میرے بعض شیعہ نادان دوست اس جواب
کو پڑھ کر چوں چرا کریں گے اور ایسی مثالیں پیش کریں گے کہ فلاں ہاشمی نے فلاں آدمی کی لڑکی
سے نکاح کیا اور لڑکی کے باپ کو مذکورہ مرض بھی تھی ایسے دوستوں سے گزارش ہے کہ
وہاں پھر طلاق ہو گئی اور وہ لڑکی اولاد کی سعادت سے بھی محروم رہیں۔

جواب ۸

مذکورہ واقعہ میں راوی نے حضور پاک کی زبانی یہ نکتہ بھی مذکورہ شادی کو رد کرنے کے
لیے بیان فرمایا ہے کہ دشمن خدا کی بیٹی دوست خدا کی بیٹی سے ایک گھر میں جمع نہیں ہو سکتی

ہم عرض کرتے کہ اس طرح تو خود نبی پاک کے فرمان اور عمل میں تضاد اور مخالفت ہے
کیوں کہ بقول سنی بھائیوں کے جناب ابوبکر اللہ کے دوست ہیں اور ابوسفیان اللہ کا دشمن
تھا جب حضور نے اس کی لڑکی ام حبیبہ سے نکاح کیا تھا اور اس نکاح میں۔ جناب
ابوبکر کی بیٹی اور ابوسفیان کی بیٹی کو ایک گھر میں جمع کیا تھا پس مذکورہ حدیث کو صحیح ماننے
سے نبی کریم کے اپنے فعل اور قول میں تضاد ہے جو کہ شان رسالت کے خلاف ہے۔

جواب ۹

دو بہنوں کو ایک وقت میں ایک گھر میں جمع کرنا ایک شخص کے نکاح میں یہ جرم
ہے اور اس کے جرم ہونے پر قرآن اور حدیث سے ثبوت موجود ہے لیکن مذکورہ
روایت میں جن دو عورتوں کو ایک گھر میں جمع کرنے سے منع کیا گیا ہے اس منع پر قرآن اور
سنت متواتر سے کوئی ثبوت نہیں ہے۔

جواب ۱۰

قرآن پاک کا اٹل فیصلہ ہے کہ ایک شخص کے گناہ کی سزا کسی دوسرے کو نہیں دی جائے
گی۔ مذکورہ حدیث کو ماننے سے یہ بات ہو جاتی ہے کہ ابوجہل کے کفر کی سزا اس کی لڑکی کو
دے جائے جب کہ لڑکی مسلمان ہو گئی ہے اور یہ چیز عدالت اسلامی کے خلاف ہے۔

جواب ۱۱

اگر ابوجہل کی لڑکی کی شادی حضور پاک نے اس کے باپ کے کفر کی وجہ سے روکی
تھی تو معلوم ہوا کہ حضور پاک کو کفر و شرک سے نفرت تھی پس سوال پیدا ہو گیا کہ بقول اہل
سنت حضور نے اپنی لڑکیاں عتبہ و عتیبہ کفار کو کیوں دیں اس طرح حضور پاک کے فرمان
اور عمل میں تضاد و مخالفت پیدا ہو گی جو کہ شان رسالت کے خلاف ہے۔

جواب ۱۲

اگر سوکن آنے سے اذیت ہوتی ہے تو اسلام نے ایسا قانون ہی کیوں پاس کیا ہے جسے

تمام عورتوں کو اذیت کا خدشہ لگا رہتا ہے نبی کریم نے تو اپنے اختیارات استعمال کر کے اپنی بیٹی کو سوکن کی اذیت سے بچایا لیکن دوسری عورتوں کا کیا بنے گا اگر مذکورہ روایت کو درست مان لیا جائے تو اسے شان اسلام و رسالت پر حرف آتا ہے۔

جواب ع ۱۳

مذکورہ حدیث میں یہ جملہ بھی ملتا ہے کہ جناب فاطمہ نے اپنے باپ سے کہا کہ قوم یہ بھی کہتی ہے کہ نبی کریم اپنی لڑکیوں کی طرف داری نہیں کرتے اس جملہ سے صحابہ کرام اور نبی کریم دونوں کی ہتک ہوتی ہے کیا صحابہ کرام حضور کو عادل نہیں جانتے تھے کیا حضور کے دل میں اولاد کے بارے رحم و کرم نہیں تھا مذکورہ ہتک کی وجہ سے حدیث مذکورہ درست نہیں ہے۔

جواب ع ۱۴

اہل اسلام کا یہ مسئلہ اتفاقی ہے کہ جناب علی علیہ السلام کا دشمن یا ولد الزنا ہے یا ولد الحیض ہے یا منافق ہے اگر وہ کسی روایت کا راوی ہو تو اس کی روایت قبول نہیں کی جائے گی چونکہ مذکورہ روایت کا راوی جناب مسور بن مخرمہ دشمن حضرت امیر ہے لہذا اس کی روایت قبول نہیں کی جائے گی۔

جواب ع ۱۵

حدیث قرطاس کو جناب ابن عباس نے پندرہ برس کی عمر میں سنا ہے چونکہ حدیث قرطاس سے جناب عمر کی شان پر حرف آتا ہے اس لیے راوی کی کم سنی کا عذر پیش کر کے سنی بھائی حدیث قرطاس کو قبول نہیں کرتے اور جناب مسور بن مخرمہ نے مذکورہ حدیث کو چھ سال کی عمر میں سنا ہے اور چونکہ ان کی مذکورہ حدیث سے خود شان رسالت اور آل رسول کی شان پر حرف آتا ہے۔ لہذا یہاں تو راوی ابن عباس سے بہت کم سن ہے اس لیے اگر روایت کو قبول نہ کیا جائے تو سنی بھائیوں کا کوئی خاص نقصان

نہیں ہے ۔

جواب ۱۶

دنیا کے تمام عقلمندوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر بے تکی بات افلاطون بھی کہے تو اس کو نا مانا جائے جناب مسور نے تاریخ گواہ ہے بے تکی بات کی ہے کیا تو تھا امام زین العابدین سے رسول خدا کی تلوار لینے اور حدیث وہ سنادی جس میں امام کی دادا علی اور دادی فاطمہ کی ہتک ہے ۔

آپ لوگ خود ہی انصاف کریں کیا کسی سے مانگنے کا یہی طریقہ ہے کہ اس کو دو چار گالیاں بھی سنا دیں جائیں جناب مسور نے جس کلام پہ حدیث کا رنگ چڑھا کر پیش کیا ہے وہ کسی عقلمند کا کلام ہی نہیں ہے ۔

جواب ۱۷

اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب للخوارزمی فصل ۲۰ صفحہ ۲۵۶ میں لکھا ہے قال علی علیہ السلام فواللہ ما اکرھتہا ولا اغضبتہا کہ میں نے تمام زندگی جناب فاطمہ کو کسی بات پہ مجبور نہیں کیا اور نہ ہی ناراض کیا ہے ۔

جناب امیر بقول صاحب تحفہ کے اہل سنت کے نزدیک ہر گناہ سے محفوظ ہیں اور شیعہ کے نزدیک معصوم ہیں اور قسم کھا کر ایک چیز کی نفی کر رہے ہیں ۔ مومن تو اس چیز کے خلاف سوچ ہی نہیں سکتا ۔

جواب ۱۸

جناب امیر اور حضرت فاطمہ زہرا کے ہر گناہ سے پاک ہونے پہ قرآن پاک کی کئی عدد آیات دلالت کرتی ہیں لہٰذا ان کی طہارت و پاکیزگی کے خلاف مسلم اور بخاری کی ضعیف روایات کی کوئی وقعت نہیں ہے ۔

نوٹ : امام بخاری نے اپنے ایمان کی کمزوری کی وجہ سے اولاد رسول عترت نبی

نے ساتھ بے انصافی کی ہے کہ ان کے فضائل کو اپنی صحیح بخاری میں نہیں لکھا لیکن اللہ بڑا بادشاہ ہے جس طرح جناب موسیٰ کی پرورش کا انتظام ان کے دشمن کے گھر کروا دیا تھا اسی طرح آل رسول کی سچائی کے ثبوت کا بندوبست ان کے دشمن کی صحیح بخاری میں کر دیا ہے اس یزیدیت نواز عالم کے دل و دماغ بصیرت و بصارت پر پردہ ڈال کر اس کے قلم کو مجبور کر دیا اس فضیلت آل رسول کے لکھنے پر کہ جس نے اُس حکومت کی بنیاد ہلا دی جسے مضبوط کرنے کے لیے امام بخاری نے ساری زندگی بلا اجرت وکالت فرمائی ہے۔

امام بخاری نے حدیث بضعۃ منی کو بخاری شریف میں لکھ کر اپنی مہربان حکومت کو وہ نقصان پہنچایا جس کی تلافی نہیں ہو سکتی۔

نوٹ نمبر ۲: بقول ہمارے سنی بھائیوں کے نبی کی تین لڑکیاں تھیں ہم عرض کرتے ہیں کہ جناب فاطمہ کے علاوہ کوئی نبی کریم کے جگر کا ٹکڑا ابھی تھیں اور اگر تین لڑکیاں بھی تھیں تو حضور نے ان کے بارے میں کیوں نہ فرمایا کہ یہ میرے ٹکڑے ہیں اور یہ عذر کہ شان والی صرف فاطمہ ہے ہم اس کے جواب میں عرض کرتے ہیں کہ نبی کریم کی دامادی کے شرف پر فخر صرف وہی شخص کر سکتا ہے جو اس شان والی بی بی کا شوہر ہے دوسری لڑکیاں تو بقول سنی بھائیوں کے ان کے نکاح تو کفار کے ساتھ بھی ہوئے ہیں۔ جس طرح کفار کو کوئی فخر حاصل نہیں ہے اسی طرح طلاق کے بعد ان لڑکیوں کے کسی شوہر کو بھی فخر نہیں ہے۔

نوٹ نمبر ۳: وہابی اہل حدیث دوستوں کے سامنے ہم نے ۳۶ چھتیس عدد کتب اہل سنت سے مذکورہ فضیلت حضرت زہرا کی پیش کی ہے اور اگر ان میں کچھ سبائیوں کے نکلتے ہیں تو برائے کرم نشان وہی کریں میرے خیال میں صرف امام بخاری اور امام مسلم یہ دونوں تقیہ باز اور شیعوں کے تخم تھے کیوں کہ انہوں نے بخاری مسلم میں باب مناقب فاطمہ تو لکھا ہے اور عثمان کی بیویوں کا کوئی باب فضیلت

نہیں بنایا تاکہ معلوم ہو جائے کہ عثمان کی بیویوں کو بنی امیہ نے اولاد رسول مشہور کیا ہے
کیوں کہ بنو امیہ کے دور میں عثمان کی فضیلت سازی کی فیکٹریاں دن رات کام کرتی تھیں
اور اس بات کی تفصیل ہم نے اپنی کتاب سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم میں پوری پوری
دی ہے اور جس طرح عمر صاحب کا داماد علی ہونا سفید جھوٹ ہے اسی طرح عثمان کا
داماد نبی ہونا بھی سفید جھوٹ ہے اور وہابیوں کا علم والانشہ ان دونوں کتابوں کے
پڑھنے سے اتر جائے گا بنو زرقا بنو مردان، بنو امیہ کی حکومتیں اسلام کی پیشانی پر ایسا
بدنما داغ ہے جو قیامت تک نہیں دھل سکے گا۔

فاطمہ زہراؑ کی ناراضگی اللہ کی ناراضگی ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب صـ ۴۴۲ ج ۱۲
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ صـ ۲۲۴
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ صـ ۳۶۶ ج ۴
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین صـ ۱۵۴
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال صـ ۲۱۹ ج ۶
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صـ ۶۰۷ ج ۲
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ صـ ۴۶۰
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صـ ۳۹
(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ صـ ۱۷۵

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار صـ ۴۵

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صـ ۳۱۴

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودہ صـ ۱۹۸

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صـ ۱۷۱

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب کنوز الحقائق صـ ۶۰

(۱۵) اہل تشیع کی کتاب مناقب آل ابی طالب صـ ۳۳۳

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب لابن المغازلی صـ ۲۷۱

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صـ ۹۰

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال صـ ۵۳۵ ذکر حسین بن زید

الاصابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن علیؑ قال قال النبیؐ لفاطمۃ ان اللہ یرضی لرضاک و یغضب لغضبک

ترجمہ: جناب علیؑ فرماتے ہیں کہ نبی کریمؐ نے بی بی فاطمہ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تیری خوشنودی سے خوش ہوتا ہے اور تیری ناراضگی سے ناراض ہوتا ہے۔

نوٹ: اختصار کے پیش نظر تمام کتب کی عبارات دینا موزوں نہیں ہے۔

نوٹ: مذکورہ حدیث بھی جناب فاطمہ زہرا کی ہر گناہ سے پاکیزگی کا روشن ثبوت ہے کیونکہ غیر معصوم تو ناحق بھی ناراض ہو سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ ناحق ناراض نہیں ہوتا جب خدا تعالیٰ کسی بندے کو یہ شرف عطا کرے کہ اگر وہ بندہ کسی شخص پر ناراض ہو تو اس شخص پر اللہ تعالیٰ بھی ناراض ہوتا ہے تو ایسا بندہ کہ جس کی ناراضگی اللہ کی ناراضگی ہے وہ معصوم اور ہر گناہ سے پاک ہوگا۔

پس جناب فاطمہ زہرا گناہ سے پاک ہیں اور تمام عورتوں سے افضل ہیں۔

نوٹ: بقول سنی بھائیوں کے حضور پاک کی تین لڑکیاں ہیں اگر ہیں تو ان کو مذکورہ شرف نہیں ملا اور جب خود ان لڑکیوں کو یہ شرف نہیں ملا تو ان کے شوہر کو شرف کیسے مل گیا۔

مذکورہ سترہ عدد علماء اہل سنت نے بھی عثمان اور ان کی بیویوں کو مذکورہ فضیلت میں نظر انداز کر کے وہابیوں کے سینے پر مونگ دلتے ہیں اور اہل حدیثوں کے پاس بھی ان مرحومین کے لیے یہی تحفہ ہے کہ یہ لوگ یہودیوں کے نطفے تھے ماشاء اللہ کیا تحفہ درود ہے بزرگوں کے لیے ارباب انصاف صرف عثمان کی یہ جھوٹی فضیلت ثابت کرنے کے لیے کہ وہ داماد نبی تھا وہابیوں نے تمام اہل سنت علماء کو گالیاں دی ہیں اسی طرح وہابی لوگ بنوامیہ کے بلا اجرت وکلاء اہل سنت کو گالیاں دیتے ہیں۔ شیعوں سے پوچھو تو یہ کہتے ہیں کہ گوشت خر اور دندان سگ ہمارا کیا ان کے اپنے باپ دادا تھے۔

جناب فاطمہ زہرا تمام عورتوں کی سردار ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۲۹/۵ باب مناقب فاطمہ
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۲۴۰/۲
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ ص ۳۶۶
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب ص ۳۶۴/۴
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر ص ۱۱۰
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین ص ۱۵۱/۳

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صـ ۱۹۸
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صـ ۴۳
(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صـ ۱۱۴
(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السئول صـ ۱۶
(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صـ ۴۶
(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار صـ ۴۵
(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صـ ۱۷۱
(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامۃ صـ ۱۷۵
(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب خصائص نسائی صـ ۷۷
(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صـ ۳۰۹
(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ترمذی شریف صـ ۲۱۲
(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب کوکب دری صـ ۲۹۲
(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب مرقاۃ شرح مشکوٰۃ صـ ۳۴۳ / ۱۱
(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال صـ ۲۱۸ ج ۶
(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات ابن سعد صـ ۲۷ / ۸
(۲۲) اہل سنت کی معتبر کتاب حلیۃ الاولیاء صـ ۴۰ / ۲
(۲۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ الخلفاء صـ ۲۹۴
(۲۴) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ صـ ۱۴۶
(۲۵) اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوۃ صـ ۴۰ / ۲
(۲۶) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الشہداء صـ ۱۲۲ باب ۴
(۲۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ صـ ۹۰

(۲۸) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صفحہ ۶۰۷ جلد ۲

(۲۹) اہل سنت کی معتبر کتاب کنوز الحقائق صفحہ ۲۴ جلد ۲

(۳۰) اہل سنت کی معتبر کتاب جامع الصغیر صفحہ ۴۳ جلد ۲

(۳۱) اہل سنت کی معتبر کتاب سراج المنیر شرح جامع الصغیر صفحہ ۱۱ جلد ۳

(۳۲) اہل سنت کی معتبر کتاب صفتہ الصفوۃ صفحہ ۵ جلد ۲

(۳۳) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین باب ۳ صفحہ ۴۸

(۳۴) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صفحہ ۵۵ صفحہ ۹۷

(۳۵) اہل سنت کی معتبر کتاب

بخاری شریف کی عبارت ملاحظہ ہو

قال النبیؐ فاطمۃ سیدۃ نساء اہل الجنۃ

ترجمہ: حضور پاک نے فرمایا کہ فاطمہ زہرا جنت کی عورتوں کی سردار ہیں۔

خصائص نسائی کی عبارت ملاحظہ ہو

قال رسول اللہ ان ملکا من السماء لم یکن زارنی فاستاذن اللہ فی زیارتی فاخبرنی بشرنی ان فاطمۃ بنتی سیدہ نساء امتی۔

ترجمہ: حضور پاکؐ نے فرمایا کہ ایک آسمانی فرشتے نے میری زیارت نہیں کی تھی رب تعالیٰ سے اس نے میری زیارت کرنے کی اجازت لی اور مجھے یہ آکر بشارت دی کہ تحقیق میری بیٹیؑ فاطمہؑ میری امت کی عورتوں کی سردار ہے۔

نوٹ: مذکورہ حدیث بھی اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ جناب فاطمہ زہرا علاوہ

سے افضل ہیں کیوں کہ مذکورہ سرداری جناب فاطمہ زہرا کو ان کے ہر گناہ سے پاک ہونے کے سبب ملی ہے ورنہ عصمت کے علاوہ ہر عورت میں ایک نہ ایک خوبی ضرور ہوتی ہے پس معلوم ہوا کہ بی بی عالیہ کو جنت کی سرداری ان کی عصمت و طہارت کی وجہ سے ملی ہے اور سردار اپنی رعایا سے افضل ہوتا ہے پس بی بی عالیہ تمام عورتوں سے افضل ہیں۔

نوٹ ۲ : بقول اہل سنت دوستوں کے کہ نبی پاک کی تین لڑکیاں تھیں شیعہ یہ سوال کرتے ہیں کہ ان تین کو جنت کی سرداری کیوں نہ ملی اور اگر سنی بھائی یہ عذر پیش کریں کہ شرف اور فضیلت والی صرف فاطمہ زہرا ہے تو ہم پھر یہ عرض کریں گے کہ جب خود ان لڑکیوں کو کوئی فضیلت نہ ملی تو ان کے شوہروں کو بھی فضیلت حاصل نہیں ہے خواہ وہ شوہر عتبہ و عتیبہ جیسے کافر ہو یا کوئی اور ہو مثلاً عثمان صاحب۔

نوٹ ۳ : مذکورہ حدیث بھی اہل حدیث وہابیوں کے عقیدہ کے لیے موت کا پیغام ہے کیوں کہ جنت کی سرداری جناب فاطمہ اور ان کی اولاد کو ملی ہے اور جن کی وکالت وہابی کرتے ہیں وہ اس سرداری سے بالکل محروم ہیں اور اس محاذ پر بھی وہابیوں کی شکست کے سبب عدد علماء اہل سنت بنے ہیں اور چونکہ وہابی لوگ کسی مرحوم کے لیے سیدھے فاتحہ کے تو قائل نہیں ممکن ہے ان کے لیے اُلٹا فاتحہ پڑھتے ہوں۔

مذکورہ حدیث سے بھی عثمان کی فضیلت پر پانی پھر گیا کیوں کہ تعجب ہے کہ ایک بیٹی کو تو تمام جنت کی سرداری مل گئی اور دوسری فرضی لڑکیاں کسی ایک خاص جنت کے علاقہ کی سردار بھی نہ بن سکی ان کی صرف ایک فضیلت ہے پہلے وہ کفار عتبہ و عتیبہ کے نکاح میں تھیں ادھر سے طلاق ہوئی تو عثمان کے ساتھ نکاح ہو گیا۔ ابوبکر، عمر سے نکاح ہوتا تو بھی کچھ بات بن جاتی لیکن عثمان صاحب تو خود اہل حدیث کے نزدیک زیادہ محترم نہیں ہیں۔ اگر معاویہ کبیر عثمان کے فضائل نہ بنواتا تو ان کا حال بہت پتلا تھا۔

جناب فاطمہ زہراؑ گفتار و رفتار اور سکینہ و وقار میں سب سے زیادہ پیغمبر اکرمؐ سے مشابہت رکھتی تھیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۳۴۰ ج ۲
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابی داؤد ص ۵۵ ج ۳
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مشکوٰۃ شریف ص ۲۵۴ ج ۲
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ ص ۴۱
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار ص ۴۵
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار ص ۴۵
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین ص ۱۷۱
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ ص ۱۴۶
(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ص ۲۲۳ ج ۷
(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ ص ۳۶۷ ج ۴
(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحابہ ص ۳۶۶ ج ۴
(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ ص ۶۸۳ ج ۴
(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السئول ص ۱۶

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ صـ ۱۵۱

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین صـ ۱۵۴/۳

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صـ ۳۱۰

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودة صـ ۱۷۲

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب ادب المفرد صـ ۴۳۵

(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات الکبریٰ صـ ۲۶/۸

(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مرقاة شرح مشکواة صـ ۳۷۲/۱۱

(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب حلیتہ الاولیاء صـ ۴۰/۲

(۲۲) اہل سنت کی معتبر کتاب عقدالفرید صـ ۳/۴

(۲۳) اہل سنت کی معتبر کتاب صفتہ الصفوة صـ ۵/۲

(۲۴) اہل سنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ صـ ۱۰۱/۷

(۲۵) اہل سنت کی معتبر کتاب بخاری شریف صـ ۲۰۴/۴ باب علامات النبوة فی الاسلام

(۲۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صـ ۷۷

اُسدالغابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عائشة قالت اقبلت فاطمہؑ تمشی کان مشیتها مشیتہ رسول اللہ فقال مرحبا بابنتی ۔

ترجمہ: بی بی عائشہ کہتی ہے کہ جناب فاطمہ تشریف لائیں اور ان کے چلنے کا انداز گویا وہی تھا جو پیغمبر اکرمؐ کے چلنے کا انداز تھا۔ تو حضور پاک نے فرمایا۔ مرحباً اے میری بیٹی ۔

ذخائر العقبیٰ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عائشۃ قالت ما رایت احداً اشبہ کلاماً وحدیثاً برسول اللہ من فاطمۃ وکانت اذا دخل قام الیھا۔

ترجمہ: بی بی عائشہ کہتی ہے کہ گفتگو اور بولنے کے انداز میں پیغمبر سے زیادہ مشابہت رکھنے والا جناب فاطمہؑ کے علاوہ میں نے کسی کو نہیں دیکھا اور جب بی بی آتی تھیں تو رسول کریم فاطمہ ؑ کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔

نوٹ: اگر کسی شخص میں فضائل اور خوبیاں پائی جاتی ہوں تو پھر دیکھا جاتا ہے کہ کیا وہ خوبیاں اس کی اولاد میں بھی ہیں ہمارے نبی کریم کے کردار، گفتار و رفتار میں خوبیاں ہی خوبیاں تھی اور جناب بی بی عائشہ نے یہ خاص طور پر نوٹ کیا ہے کہ جناب فاطمہ زہرا بنت رسول اللہ اپنے باپ کے ساتھ مذکورہ تمام خوبیوں میں مشابہت رکھتی تھی اور نبی پاک کا کردار، گفتار، رفتار تمام لوگوں سے افضل تھا پس معلوم ہوا کہ جناب فاطمہ زہرا بھی مذکورہ خوبیوں میں تمام لوگوں سے افضل تھیں۔

نوٹ: جناب فاطمہ زہرا کے علاوہ اگر حضرت حضور پاک کی بقول سنی بھائیوں کے اور لڑکیاں بھی تھیں تو ان کو قدرت کی طرف سے اپنے باپ کے ساتھ کسی خوبی میں مشابہت حاصل کیوں نہ ہوئی کیا ان میں حضور کا خون نہیں تھا یا گوشت نہیں تھا یا انھوں نے حضور پاک کی گود میں پرورش نہیں پائی تھی اور اگر ہمارے چار یاری دوست یہ فرمادیں کہ شان والی صرف فاطمہ زہرا ہے۔ پھر ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ اسی شان والی بی بی کے شوہر کو داماد رسول ہونے پر فخر حاصل ہے۔

دوسری لڑکیوں کے شوہر اس فخر سے اسی طرح محروم ہیں جس طرح وہ لڑکیاں شرف سے محروم ہیں۔ بلکہ وہ لڑکیاں فرضی ہیں۔ معاویہ کبیر نے عثمان کی حکومت چمکانے کی خاطر

ان کو اولادِ نبی مشہور کرایا تھا اور وہابی لوگ مشن معاویہ کی بلا اُجرت وکالت کرتے ہیں
اور آج کل تو وہابیت مستی ہوئی ہے اور مظلوم شیعوں کے خاتمہ پر تلی ہوئی ہے لیکن

توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارے — آساں نہیں مٹانا نام نشاں ہمارا
باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم — سو بار کر چکا ہے تو امتحاں ہمارا

جناب فاطمہ زہراؑ افضل النساء اور خیر النساء ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب صہ ۳۶۵ ج ۴
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ صہ ۳۶۶ ج ۴
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صہ ۴۵
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صہ ۱۷۲
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۴۲
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صہ ۳۱۱
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب جامع الصغیر صہ ۵ ج ۱
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب دائرۃ المعارف صہ ۳۱۴ ج ۷ حرف الفا
(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ صہ ۶۸۴
(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ صہ ۵۸
(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین باب ۳ صہ ۴۷

الاستیعاب کی عبارت ملاحظہ ہو

قال رسول افضل النساء اهل الجنة فاطمة بنت

محمد و خیر نساء العالمین فاطمۃ بنت محمد

ترجمہ: حضور پاک نے فرمایا کہ اہل جنت کی عورتوں سے افضل جناب فاطمہ ہیں نیز فاطمہ عالمین کی عورتوں سے بہتر ہیں۔

الاصابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

قالت عائشۃ ما رأیت قط احدا افضل من فاطمۃ غیر ابیھا

ترجمہ: جناب عائشہ کہتی ہیں کہ میں نے نبی کریم کے علاوہ فاطمہؑ سے زیادہ فضلیت والا کسی کو نہیں دیکھا۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے جناب فاطمہ زہرا کا تمام عورتوں سے افضل ہونا روز روشن کی طرح ثابت ہے۔

ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے اہل سنت بھائی جناب عثمان کی فضیلت ثابت کرنے کے لیے بہت شور مچاتے ہیں لیکن جب ان سے قرآن اور حدیث سے کوئی ثبوت مانگا جائے تو پھر خاموش رہنے کے علاوہ ان کے پاس کوئی جواب نہیں بن سکتا۔ اگر جناب عثمان کی کسی بیوی کا شرف وہ اس طرح ثابت کر سکتے ہیں جیسے ہم نے فاطمہ زہرا کا ثابت کیا ہے تو پھر ہم ان کو داد دیں گے اور گلے لگائیں گے۔ جناب فاطمہ زہرا تمام عورتوں سے افضل ہیں اور ہم نے گیارہ عدد کتب اہل سنت سے ثبوت پیش کیا ہے جس طرح خود جناب فاطمہ تمام عورتوں سے افضل ہیں ان کے شوہر جناب امیر تمام مردوں سے افضل ہیں۔

نوٹ: فضائل کے باغ میں جب ہمیں عثمان کی بیویوں کا کوئی فضیلت کا پھول نظر نہیں آتا تو ہم یہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ عثمان کو داماد نبی مشہور کرنے میں سیاست معاویہ کا ہاتھ ہے۔ ورنہ تعجب ہے کہ محمدؐ کی بیٹیاں ہوں اور ان

کے لیے وہابیوں کی صحاح ستہ میں فضلیت کا کوئی باب نہیں ہے حتیٰ کہ امام بخاری نے بھی خاموشی اختیار کی ہے اور اہل حدیثوں کی امیدوں کو برباد کر دیا ۔

جناب فاطمہ زہراؑ کی شادی کی عظمت

اور آیت مرج البحرین کا شان نزول

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۱۴۳ ج ۶ سورۃ الرحمٰن
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ ص ۱۳۴
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ ص ۱۱۸
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار ص ۱۱۲
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ ص ۲۸
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب ص ۵۰
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب کوکب دری ص ۱۵۱
(۸) اہل شیعہ کی کتاب مناقب آل ابی طالب ص ۳۱۸ ج ۳
(۹) اہل شیعہ کی کتاب ریاحین الشریعہ ص ۱۵۳
(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب لابن مغازلی ص ۲۶۳
(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعالبی ص ۲۴۲ ج ۴ سورہ الرحمٰن

تفسیر در منثور کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابن عباس فی قولہ مرج البحرین یلتقیان

قَالَ علی و فاطمۃ بینہما برزخٌ لا یبغیان - قَالَ نبی یخرج بینہما اللؤلؤ والمرجان قال الحسن والحسین

ترجمہ : ابن عباس اس آیت کی تفسیر میں کہ مرج البحرین یلتقیان بینہما برزخ لا یبغیان ... یخرج منہما ... فرماتے ہیں کہ دو دریاؤں سے مراد کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے ملایا ہے حضرت علی و جناب فاطمہ ہیں اور ان کے درمیان جو حد ہے اس سے مراد نبی پاک ہیں اور ان دو دریاؤں سے جو موتی اور مونگے نکلے ہیں ان سے مراد امام حسن اور امام حسینؑ ہیں -

نورالابصار کی عبارت ملاحظہ ہو

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ فی قولہ تعالےٰ "مَرَجَ البحرین یلتقیان" قال علی و فاطمۃ رضی اللہ عنہ یخرج عنہما اللؤلؤ والمرجان" قال الحسنؑ والحسینؑ رواہ صاحب کتاب الدرر

ترجمہ : انس بن مالک فرماتے ہیں کہ دو دریا جنہیں اللہ تعالیٰ نے ملایا ہے اُن سے مراد حضرت علی اور جناب فاطمہؑ ہیں اور ان سے جو موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔ ان سے مراد جناب حسنؑ اور حسینؑ ہیں اس کو صاحب کتاب دُرر نے بھی روایت کیا ہے -

نوٹ : جناب فاطمہ زہرا کی شادی کا ذکر اور ان کے شوہر نامدار اور ان کی اولاد پاک کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے اگر جناب عثمان بھی داماد رسول تھے تو ان کی کسی بیوی یا اولاد کا یا خود ان کا ذکر بھی قرآن پاک میں ہوتا پس جس شخص کو قرآن پاک داماد رسول نہیں مانتا ہم قرآن مجید کی مخالفت کر کے اس کو داماد رسول کس طرح مانیں اور بقول سنی بھائیوں کے جناب عثمان داماد تو تھے لیکن اتنی شان نہیں تھی جتنی جناب امیرالمومنین علی ابن ابی طالب کی ہے ہم عرض کرتے ہیں کہ اس میں ہم غریب شیعوں کا کیا قصور

ہے جس کی دامادی کے ذکر کو قرآن نے نظر انداز کر دیا ہو ہم شیعہ اس کے بارے کیا کر سکتے ہیں۔

نوٹ: وہابی دوستوں سے گذارش ہے کہ جن علمائے نے فضائل رسول لکھے ہیں ان کو تو اپنے دین اسلام سے نکال کر یہودیوں کا نطفہ بنا دیا حالانکہ تمہارا امام بخاری بھی مجوسیوں کی نسل سے ہے آیئے اسلام کے ٹھیکیدار و یہ بتاؤ کہ موجودہ قرآن جس نے جمع کرایا قتادہ بے شک زرقا خاتون کی اولاد ہے لیکن آپ کا محبوب رہنما ہے اور اس کے اپنے جمع کردہ قرآن نے اس کے داماد رسول ہونے کو سفید جھوٹ قرار دیا ہے آپ جو ڈفلی بجاتے ہیں بے کار بے سود

جناب امیرؑ داماد رسولؐ ہیں قرآن کی روشنی میں

ثبوت ملاحظہ ہو

هو الذی خلق من الماء بشرا فجعله نسبا و صهرا

پ سورۃ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے پانی سے بشر کو پیدا کیا پس اُسے رشتہ دار اور داماد بنایا۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ ص۲۷

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ ص۱۸۶ ج۲

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص۶۲ ج۱ مطبوعہ مصر

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ ص۸۶

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب ص۸۷

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ ص۸۳ باب نمبر ۱۱

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ ص۱۱۷ باب ۳۹

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار ص۱۱۲

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین ص۴۷ باب ۶۸

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب

فصول المہمہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن محمد بن سیرین فی قولہ تعالیٰ "ھو الذی خلق من الماء الخ

نزلت فی النبی و زوج ابنتہ فاطمۃ وکان نسبا وصھرا"

نور الابصار کی عبارت ملاحظہ ہو

عن محمد بن سیرین فی قولہ تعالیٰ "ھو الذی خلق من الماءِ بشرا الی الآخرہ"

انھا نزلت فی النبیؐ وعلی ابن ابیطالب وھو ابن عم النبیؐ وزوج فاطمۃ

رضی اللہ عنھما فکان نسبا وصھرا

دونوں عبارتوں کا ملخص ترجمہ۔

محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ یہ مذکورہ آیت نبیؐ کریم اور علی ابن ابی طالب کی شان میں نازل ہوئی ہے حضرت علیؑ رسول اللہ کے چچا کے بیٹے ہیں اور نبی کریم کی بیٹی فاطمہ زہرا کے شوہر ہیں پس رشتہ دار بھی ہیں اور داماد بھی۔

نوٹ: مذکورہ آیت میں بھی کتب معتبرہ اہل سنت گواہ ہیں کہ جناب علی علیہ السلام کے داماد رسول ہونے کا ذکر ہے اور ان کی زوجہ محترمہ فاطمہ زہرا کا ذکر

ہے اگر نبی کریم کی کوئی اور لڑکی ہوتی تو اللہ تعالیٰ اس کا بھی ذکر فرماتا مذکورہ ایت سے معلوم ہوا کہ جناب عثمان کے داماد رسول ہونے کا مسئلہ نبی کریم کے زمانہ کے بعد کی پیداوار ہے۔ ورنہ قرآن پاک میں اس کا ذکر بھی ملتا مثل مشہور ہے کہ پانی نشیب کی طرف بہتا ہے سنی بھائیوں کو ہم غریب شیعوں پر بہت ہی غصہ آتا ہے کہ تم ہمارے جناب عثمان کو داماد رسول نہیں مانتے ہم ہاتھ جوڑ کر عرض کرتے ہیں کہ ان کو داماد رسول نہ ماننے کی وجہ صرف یہ ہے کہ ان کو داماد رسول قرآن پاک نے تسلیم نہیں کیا پس ہم غریبوں کا اتنا ہی قصور ہے کہ ہم قرآن پاک کی مخالفت نہیں کرتے اور وہابی دوستوں کے پاس اپنی سچائی کی خاطر سوائے بنو امیہ کی سلطنت کی شوکت اور سعودیہ کی رونق کے اور کیا رکھا ہے۔

فتنہ ملت بیضا ہے امامت اس کی   جو مسلمان کو سلاطین کا پرستار کرے

"ابوبکرؓ و عمرؓ کی گستاخی" نبی کریم سے فاطمہ زہراؑ کا رشتہ مانگنا اور نبی کریمؐ کا ان دونوں کو ٹھکرا دینا

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب سنن نسائی صفحہ ۶۲ کتاب النکاح

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرۃ صفحہ ۱۸۲/۲

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ صفحہ ۱۸۳

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صفحہ ۸۴، صفحہ ۹۶ باب نمبر ۱۱

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صفحہ ۳۰

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مشکواۃ شریف صفحہ ۱۵۱/۲

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ صہ ۴۷/۲

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس صہ ۳۶۱/۱

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت حلبیہ صہ ۴۷/ج ۲

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب حبیب السیر صہ ۲۸/۱

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب الطبقات الکبریٰ صہ ۱۹/۸

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد صہ ۳۶۳/۱۴ ذکر ابوصادق ازدی

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صہ ۳۱۹

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب اُسد الغابہ فی معرفتہ الصحابہ صہ ۲۲۱/۷

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صہ ۸۴ برحاشیہ نورالابصار

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال صہ ۲۲۰/۶

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب لسان العرب صہ ۲۳۷/۱۱ لغت دجل

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین صہ ۱۶/۲ کتاب النکاح

(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صہ ۱۷۵ باب نمبر ۵۵

(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب الفائق صہ ۱۹۲ لغت دُجل

(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب المواسب اللدنیہ صہ ۱/۷ مطبوعہ مصر

(۲۲) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب صہ ۳۰۲

(۲۳) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صہ ۱۱۲/۲

(۲۴) اہل سنت کی معتبر کتاب مرقاۃ شرح مشکواۃ صہ ۳۵۰/۱۱

(۲۵) اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوۃ صہ ۳۶/۲ رکن چہارم

(۲۶) اہل سنت کی معتبر کتاب خصائص نسائیؔ صہ ۴۳

(۲۷) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین صہ ۸۸ باب ۱۶

(۲۸) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی صد ۲۴۶

(۲۹) اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب لابن مغازلی صد ۲۹۸

صواعق محرقہ آیت نمبر ۱۲ سے عبارت ملاحظہ ہو

اخرج ابوداؤد السجستانی انّ ابابکر خطبہا فاعرض عنہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم عمر فاعرض عنہ

ترجمہ: (نبی کریم کے بڑے سوہرے) ابوبکر نے نبی کریم سے فاطمہ زہرا کا رشتہ مانگا حضور پاکؐ نے ابوبکر سے منہ پھیر لیا پھر عمر نے یہی حرکت کی تو اس سے بھی نبی پاک منہ پھیر لیا۔

ریاض النضرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال جاء ابوبکر الی النبیؐ فقعد بین یدیہ فقال یارسول اللہ قد علمت مناصحتی وقدمی فی الاسلام وانی قال وما ذاک قال تزوّجنی فاطمۃ قال فسکت عنہ قال فرجع ابوبکر الی عمر فقال ھلکت واھلکتُ قال وما ذاک قال خطبت فاطمۃ الی النبیؐ فاعرض عنّی قال مکانک حتی آتی النبیؐ فاطلب مثل الذی طلبت فاتی عمر النبیؐ فقعد بین یدیہ فقال یارسول اللہ قد علمتَ مناصحتی وقِدَمی فی الاسلام وانّی وانّی قال وما ذاک قال تزوّجنی فاطمۃ فسکت عنہ فرجع الی ابی بکر فقال انہ ینتظر امر اللہ بھا قم بنا الی علیّ حتی نأمرہ یطلب مثل الذی طلبنا الی آخرہ

ترجمہ : انس بن مالک راوی ہے کہ ابوبکرؓ نبی کریم کے پاس آکر بیٹھا عرض کی یا نبیؐ اللہ آپ میری ہمدردی کو اور میرے پرانے مسلمان ہونے کو خوب جانتے ہیں "وانی وانی" اور ہیں اور ہیں یعنی اپنے فضائل ذکر کیئے۔ حضورؐ پاک نے فرمایا تجھے آج کونسی خواہش ہے ابوبکر نے کہا آپ اپنی بیٹی فاطمہ زہرا کا رشتہ مجھے دیں تو حضور پاک نے خاموشی اختیار کرلی پس ابوبکر عمر کی طرف لوٹ کر آیا اور اُسے بتایا میں تباہ و برباد ہوگیا عمر نے کہا تجھے کیا ہوا ہے ابوبکر نے کہا کہ میں نے نبی کے پاس جا کر فاطمہ کا رشتہ مانگا ہے اور حضور پاک نے مجھ سے منہ پھیر کر مجھے ٹھکرا دیا ہے عمر نے کہا بھیا تو یہیں ٹھہر اب میں نبی کے پاس جاتا ہوں تیری طرح میں بھی فاطمہ کا رشتہ مانگتا ہوں پس عمر نبی کریم کے پاس آکر بیٹھ گیا، عرض کی یا رسول اللہ آپ میری ہمدردیوں کو اور میرے پرانے مسلمان ہونے کو خوب جانتے ہیں اس کے بعد فضائل کا تذکرہ کرتے رہے حضور پاک نے فرمایا تجھے تکلیف کیا ہے؟ عمر نے کہا آپ مجھے اپنی بیٹی فاطمہ کا رشتہ دیں تو حضور پاک خاموش ہوگئے۔ پس عمر ابوبکر کی طرف لوٹا اور کہا کہ آنجناب امر خداوندی کا انتظار کر رہے ہیں اور تو میرے ساتھ چل تاکہ حضرت علی کے پاس جائیں اور انھیں یہ مشورہ دیں کہ وہ بھی ہماری طرح نبی کریم سے فاطمہ کا رشتہ مانگیں پس پھر یہ دونوں حضرت علی کے پاس آئے اور آنجناب کو مذکورہ رشتہ مانگنے کے لیے کہا۔ جب حضرت علی نے مذکورہ رشتہ جناب رسالتمآب سے طلب فرمایا تو آنجناب مذکورہ رشتہ دینے پر تیار ہوگئے اور پھر جناب امیر کی شادی جناب فاطمہ کے ساتھ سرانجام پائی۔

نوٹ ۱ : جناب شیخین نے نبی کریم سے فاطمہ زہرا کا رشتہ مانگا تھا تو ایک روایت میں ہے کہ جناب رسول خدا نے خاموشی اختیار فرمائی تھی ایک اور روایت میں ہے کہ نبی پاک نے فرمایا کہ میں اپنی بیٹی کے رشتہ کے بارے میں حکم خدا کا انتظار کر رہا ہوں ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ رسول پاک نے فرمایا کہ وہ ابھی میری بچی کم سن ہے ہم ان تینوں روایات پر ارباب انصاف کے سامنے تبصرہ کرتے ہیں۔

نوٹ ۲: آخری روایت کہ بچی کم سن ہے یہ بات حضور نے کیوں فرمائی خود نبی کریم جناب ابوبکر سے سن میں بڑے تھے اور ابوبکر نے اپنے جگر کے ٹکڑا جناب عائشہ کی نو سال کی عمر میں نبی کریم سے شادی کر دی تھی اور جناب عائشہ سے فاطمہ زہرا بڑی تھی۔ تعجب کی بات ہے کہ رشتہ لیتے وقت نہ ہی اپنا سن اور نہ ہی دلہن کا سن دیکھا جائے اور دیتے وقت کم سنی کا عذر پیش کیا جائے۔

نوٹ ۳: سنی بھائیوں کے عقیدہ میں جناب عمر سے جناب ابوبکر افضل تھے۔ لہذا اس زیادہ فضیلت والے بزرگ نے نبی کریم سے جب فاطمہ کا رشتہ مانگا اور نہ ملا تو پھر جناب عمر نے کیوں مانگا تھا۔ خطائے بزرگان گرفتن خطا است میری کیا مجال کہ کچھ لکھوں ہو سکتا ہے کہ جناب عمر کے ذہن میں اس شعر کا مفہوم ہو

کہ شئے ممکن نہیں کہ سب کو ملے ایک سا جواب آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

نوٹ ۴: دوسری روایت کو نبی کریم نے شیخین کے جواب میں فرمایا کہ میں وحی اور حکم خدا کا انتظار کر رہا ہوں یہ جواب بظاہر بہت اچھا ہے لیکن جناب ابوبکر و عمر یہ تو کہہ سکتے تھے کہ حضور آپ نے تین لڑکیاں کفار کو بغیر وحی کے انتظار کے دی ہیں۔ آپ ہمارا اتنا لحاظ بھی نہیں کرتے جتنا ابو العاص اور عتیبہ، عتبہ کا کیا ہے دونوں بزرگوں کا خاموش رہنا تعجب کی بات ہے۔

نوٹ: کتاب اہل سنت بخاری شریف کتاب النکاح میں لکھا کہ جناب عمر کی بیٹی حفصہ جب بیوہ ہوئی تو انھوں نے یہ رشتہ جناب ابوبکر و عثمان کو پیش کیا تھا۔ ان دونوں بزرگوں نے معذرت کی پھر عمر نے حفصہ کا رشتہ رسول اللہ کو پیش کیا حضرت نے فرمایا کہ میں حفصہ کا رشتہ لیتا ہوں اور اپنی بیٹی ام کلثوم کا رشتہ عثمان کو دیتا ہوں جناب عمر کے لیے یہ موقع داماد رسول بننے کا بہترین تھا عرض کرتے کہ یا رسول اللہ آپ ام کلثوم والا رشتہ اس خادم کو عطا کریں تاکہ آپ کا دوہرا رشتہ دار ہو جاؤں پہلے آپ کا سوہرا ہوں

اب داماد بن جاؤں گا جناب عمر کا خاموش رہنا تعجب سے خالی نہیں ہے ۔

نوٹ : بقول سنی بھائیوں کے نبی کریم کی جناب فاطمہ کے علاوہ اور تین لڑکیاں بھی تھیں اور حضور نے ان کی کم سنی کے باوجود ان کے رشتے کفار کو دیئے تھے ۔ ہم شیعہ عرض کرتے ہیں کہ اگر شیخین کو داماد رسول بننے کا شوق تھا تو وہ لڑکیاں جناب فاطمہ سے بقول سنی بھائیوں کے عمر کی بڑیاں تھیں ان کی شادی کے وقت شیخین بھی زیادہ بوڑھے نہ تھے لہٰذا جناب ابوبکر و عمر نے ان لڑکیوں کا رشتہ کیوں نہ مانگا اور اب جبکہ نواسیاں اور نواسے والے ہو گئے تھے تو آخر عمر میں نئی شادی کا شوق پیدا ہوا آخر کیوں جب موقع تھا تو چپ کیوں رہے ۔

یقیناً یہ بات ہے کہ وہ تین لڑکیاں نبی پاک کی صلبی نہ تھیں اسی لیے جناب ابوبکر و عمر نے ان کا خیال نہ فرمایا اگر ان لڑکیوں کا شوہر بننے سے داماد رسول ہونے کا شرف حاصل ہو سکتا تھا تو جناب ابوبکر و عمر خاموش نہ رہتے اور جب ان لڑکیوں کے شوہر بننے کے کے شرف کو جناب ابوبکر و عمر بھی خاطر میں نہیں لاتے تھے تو اگر غریب شیعہ بھی اسی بات میں جناب شیخین سے اتفاق کر لیں تو کیا حرج ہے

پہلی روایت کہ نبی پاک نے شیخین کی درخواست کے بعد خاموشی اختیار فرمائی ۔

جواب جاہلاں خاموشی والی کہاوت یہاں فٹ نہیں آسکتی کیوں کہ یہ دونوں بزرگ صحبت رسالت سے فیض یاب ہوتے تھے ناممکن ہے کہ حضور پاک نے ان بزرگوں کو نادان سمجھ کر خاموشی اختیار کی ہو ۔ البتہ خاموشی کی یہ وجہ بالکل صحیح ہے کہ جناب رسول اللہ علم نبوت سے جانتے تھے کہ میری بیٹی فاطمہ زہرا کا جناب علی علیہ السلام کے علاوہ اور کوئی شخص نکاح کے لیے کفو اور ہمعصر نہیں ہے ۔ لیکن یہ بات اگر اس وقت شیخین کو بتائی جاتی تو ان کے دل دکھتے ۔ نیز کچھ اور باتیں بھی تھیں اسی لیے حضور پاک نے خاموشی اختیار فرمائی ۔

نوٹ ۱۰- بقول سنی بھائیوں کے نبی کریم کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں ہم عرض کرتے ہیں اگر تھیں تو ان کے رشتے بقول اہل حدیث کے کفار کے ساتھ بھی ہوئے ہیں لہذا ان کے کفو اور ہمعصر تو کفار بھی بن گئے اور جناب فاطمہ زہرا کے کفو اور ہمعصر تو جناب ابوبکر و عمر بھی نہ بن سکے۔ پس معلوم ہوا کہ جناب علی علیہ السلام حضرت ابوبکر اور عمر سے افضل ہیں اور نبی کریم نے شیخین کو فاطمہ زہرا والا رشتہ نہ دے کر خود یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ جناب علی ابوبکر و عمر سے افضل ہیں -

نوٹ ۱۱: جناب فاطمہ زہرا والا رشتہ جسے ملتا اس کے لیے باعث فخر تھا اسی لیے تو جناب شیخین نے کوشش فرمائی اور ناکام ہو گئے اور جو رشتہ جناب عثمان کو ملا تھا اس کی چاہت تو جناب ابوبکر و عمر کو بھی نہ تھی لہذا جس رشتہ داری کو جناب شیخین حضرت عثمان کے لیے باعث فخر نہیں جانتے تھے اگر ہم شیعہ بھی اس رشتہ کو ان کے لیے باعث فخر نہ جانیں تو کیا حرج ہے اور دہابیوں سے گذارش ہے کہ مثل مشہور ہے آپے پھاتڑیئے نی تینوں کون چھڑادے -

ترجمہ: جناب فاطمہ کا نکاح حضرت علی کے ساتھ دو ہجری ماہ رمضان المبارک میں ہوا تھا۔ رخصتی ذوالحجہ میں ہوئی تھی (بطور جہیز) حضور نے جناب سیدہ کو ایک

چادر ایک چمڑے دار تکیہ، ہاتھ والی چکی ایک مشکیزہ اور دو مٹکے بھی دیئے۔

صواعق محرقہ کی عبارت ملاحظہ ہو

فجعل لها سریر مشروط ووسادة من آدم حشوها لیف

ترجمہ: (بطور جہیز) حضور نے اپنی بیٹی کو ایک کھجور کے بان سے بنی ہوئی چارپائی اور ایک چرمی تکیہ دیا تھا جو کھجور کے پتوں سے بھرا ہوا تھا

اسعاف الراغبین کی عبارت ملاحظہ ہو

۔۔۔ واعطاها اهاب کبش تفرشه

حضور نے بطور جہیز) ایک مینڈھے کی کھال بھی عطا فرمائی تھی جسے بی بی بطور بستر نیچے بچھاتی تھی۔

کفایۃ الطالب کی عبارت ملاحظہ ہو

فاشتری لها رحی وقربة ووسادة من ادم وحصیرا قطریا

ترجمہ: حضور نے (بطور جہیز) آپ کے لیے ایک چکی ایک مشکیزہ ایک چرمی تکیہ اور ایک چٹائی خریدی۔

معارج النبوہ کی عبارت ملاحظہ ہو

داوانی چند سفالین وپردہ وفراش وعباوہ نیبری این ها در نظر آں سرور عالم آورد و حضرت اشک از دیدہ بگرد اینده بایں دعا تکلم فرمودہ "اللھم بارک علی القوم اناثم الخزف"۔

ترجمہ:۔ حضور نے بچی کو جہیز دیا وہ ایک پردہ تھا ایک خیبری عبا یعنی برقعہ تھا ایک بستر اور ایک چادر اور چند مٹی کے برتن تھے جب یہ جہیز کا سامان حضور کے سامنے رکھا گیا تو اسے دیکھ کر نبی پاک رو پڑے اور آبدیدہ ہو گئے اور یہ دعا مانگی کہ اے خدایا اس قوم کو برکت دے جن کے برتن مٹی کے ہیں۔

مناقب آل ابی طالب کی عبارت ملاحظہ ہو

وکان مما اشتروہ قمیص بسبعة دراھم الخ

ترجمہ: جناب فاطمہ کے جہیز کی نبی کریم کے حکم پر صحابہ کرام جو چیزیں خرید کر کے لائے تھے ان کی تفصیل یہ ہے۔

ایک قمیص سات درہم میں ایک خیبری چادر، ایک چارپائی۔ دو بستر، چار تکیے ایک پردہ۔ ایک چٹائی۔ ایک ہاتھ والی چکی۔ ایک مشکیزہ۔ ایک پرت۔ ایک پیالہ دودھ کے لیے چھوٹا مشکیزہ پانی کے لیے۔ ایک لوٹا، ایک مٹکا، دو کوزے اور ایک عبا۔

روضہ الشہداء کی عبارت ملاحظہ ہو

جهاز فاطمہ از ثیاب واساس بیت دو جامہ بود دو بازو بند نقرہ وقطیفہ وخرج ویک آسیہ الخ

ترجمہ: حضرت زہرا کا جہیز یہ تھا دو کُرتے، دو کنگن ایک چادر ایک چکی دو عدد صراحیاں ایک مشکیزہ۔ دو نلائیاں۔ چار تکیے۔

روضۃ الشہداء کی دوسری عبارت ملاحظہ ہو

ابوبکر طوسی در کتاب سنن آوردہ یکے از منافقاں علی را ملامت کرد

در خواستن فاطمہؓ کہ چرا زن خواستی کہ چاشتش بشام نمی رسد اگر دختر مرا بخواستی من چناں ساختمی کہ در خانہ من تا در خانہ تو شتر در شتر بودی پر از جہاز دختر من علیؓ فرمود کہ ایں کار بتقدیر است نہ بتدبیر ۔ ۔ ۔ الخ

ترجمہ: ایک منافق نے حضرت علی کو جناب فاطمہ کا رشتہ لینے پر یہ طعنہ دیا کہ آپ نے کیوں ایسی عورت کا رشتہ لیا جو بالکل فقیر ہے اگر آپ میری بیٹی کا رشتہ لیتے تو میں بیٹی کو اتنا جہیز دیتا کہ میرے گھر سے لے کر تیرے گھر تک اونٹ ہی اونٹ ہوتے جو میری بیٹی کے جہیز سے پُر ہوتے۔

جناب امیر نے فرمایا کہ یہ کام تقدیر کے ہاتھ میں ہے نہ کہ تدبیر سے، پس جب حضرت علی نے قضائے الٰہی پر اپنے آپ کو راضی ظاہر کیا تو آسمان سے آواز آئی کہ آپ سر کو بلند کریں اور ہمارے حبیب کی بیٹی کا جہیز دیکھیں جناب امیر نے عرش اعظم کے نیچے ایک چوڑے میدان کو دیکھا۔

آن میدان پر از ناقہ ہائے بہشت بار ایشاں در و مشک و عنبر

وہ میدان بہشتی اونٹنیوں سے پُر تھا اور ہر اونٹنی پر موتی کستوری اور عنبر لدا ہوا تھا ہر اونٹنی کے اوپر ایک حور جنت بیٹھی تھی اور ہر اونٹنی کی مہار ایک غلمان کے ہاتھ میں تھی اور وہ دونوں آواز دیتے جا رہے تھے کہ **ھذا جہاز فاطمہ بنت محمد** یہ فاطمہ بنت محمد کا جہیز ہے جناب امیر یہ منظر دیکھ کر خوش ہو گئے اور گھر آئے تو مذکورہ قصہ جناب فاطمہؓ نے حضرت علی کو سنایا۔

روضۃ الشہداء کی ایک عبارت ملاحظہ ہو

روزے حضرت رسول می فرمود کہ سلیمان نبی برائے دختر خود جہاز

ترتیب کردہ بود بسیار نکو وبرائے داماد تاج ساختہ و بہ ہفت صد گوہر مرصع گردانیدہ مرتضےٰ ایں خبررا از سید بشر شنیدہ بخانہ آمد وپیش فاطمہ تقریر کرد ..... الخ

ترجمہ: نبی کریم نے ایک مرتبہ فرمایا کہ سلیمان نبی نے اپنی بیٹی کے لیے بہت خوبصورت جہیز تیار فرمایا اور اپنے داماد کے لیے ایک تاج بنوایا جس میں سات سو موتی لگوائے حضرت علی نے رسول سے یہ خبر سن کر گھر میں آکر جناب فاطمہ سے بیان کی جناب فاطمہ نے دل میں سوچا کہ شاید حضرت علی دل میں کیا کہتے ہوں گے۔ جب رات کا وقت ہوا تو حضرت علی نے خواب میں دیکھا کہ جناب فاطمہ زہرا بہشت بریں میں تخت پر بیٹھی ہے اور ایک بہت ہی خوبصورت لڑکی جناب زہرا کی خدمت کے لیے تخت کے پاس کھڑی ہے۔

جناب امیر نے فاطمہ زہرا سے پوچھا کہ یہ لڑکی کون ہے جناب سیدہ نے بتایا کہ یہ سلمان نبی کی بیٹی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے میری خدمت کرنے حکم دیا ہے۔

نوٹ: نکاح کے بعد بیٹی کو رخصت کرتے وقت جہیز دینا سنت رسول پاک ہے کیوں کہ حضور نے اپنی بیٹی فاطمہ زہرا کو نکاح کے بعد رخصت کرتے وقت مذکورہ جہیز دیا تھا بالفرض اگر نبی پاک کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں تو حضور نے ان کو رخصت کرتے وقت جہیز کیوں نہ دیا رحم دل باپ اپنی لڑکیوں میں فرق نہیں کرتا کہ ایک کی رخصتی تو بڑے عزت و احترام کے ساتھ کرے اور دوسری لڑکیوں کو یونہی اٹھا کر ان کے میاں کے سپرد کر دے۔

ہم نے بڑی دیانت سے تاریخ اسلام کو دیکھا ہے اور اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ حضور کی لڑکی صرف فاطمہ زہرا ہے اور اس کی زندگی کے کسی پہلو پر کوئی حرف نہیں آتا۔ لیکن باقی تین لڑکیاں کے بارے میں تاریخ پکار پکار کر کہہ رہی تھی کہ ان کے نکاح ان کی کم سنی میں کفار کے ساتھ ہوئے تھے۔ پس جو لڑکی کسی کافر کی

بیوی بن سکتی ہے طلاق کے بعد وہ کسی بھی شخص کی بیوی بن جائے اس کے شوہر کو کوئی فخر نہیں ہوگا۔

نوٹ: درباریوں سے گزارش ہے کہ آپ نے ہر زمانہ میں درباری چمچہ گیری کی ہے۔ آپ کو کسی مرشد نے یہ مت دی تھی۔ ڈاھڈیا نال برابری

اُجڑے جان دی نیت

آپ کو چاپلوسی سے دنیاوی فائدے بھی حاصل ہوتے ہیں۔ پس بنوامیہ کے سازش آپ کے ذریعہ پروان چڑھی ہے عثمان کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے اور آپ کی وکالت بے کار گئی ہے کیوں کہ عثمان کی بیویاں بھی اولاد رسول ہوتیں تو نبی پاک ان کے ساتھ بھی وہی سلوک کرتے جو اپنی بیٹی فاطمہ کے ساتھ فرمایا تھا اگر فاطمہ کی شادی کی تفصیلات کو سامنے رکھا جائے تو عثمان صاحب کی بیویوں میں اولاد رسول ہونے والی کوئی بات نظر نہیں آتی۔ علماء اہل سنت نے جس طرح فضائل جناب فاطمہ لکھے ہیں وہ دشمنان آل رسول بنوامیہ کے منہ پر جوتا ہے اسی تکلیف کی وجہ سے آج آپ ان کو سبائی کہتے ہیں اور یہودی [illegible] حالانکہ وہ پکے اہل سنت والجماعت تھے۔

جناب فاطمہؑ کی نرالی شان سے رخصتی

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب صہ ۳۰۴ باب ۸۱

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۳۲

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب لسان المیزان صہ ۴۴/۲

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد صہ ۵ ذکر احمد بن محمد ابو سعید

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ۔ ینابیع المودۃ ص۱۹۷ باب ۵۶

(۶) اہل شیعہ کی معتبر کتاب مناقب آل ابی طالب ص۲۵۴ ج۳

(۷) اہل شیعہ کی کتاب ریاحین الشریعہ ص۹۷ ج۱

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین ص۶۶ ب۱۰

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی ص۲۴۶ ب۲۰

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب لابن معازلی ص۲۶۶

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی

کفایۃ الطالب کی عبارت ملاحظہ ہو

فلمّا کان من اللیل بعث رسول اللہ الی سلمان فقال یا سلمان اعطنی ببغلۃ الشھباء فاتاہ ببغلتہ الشھباء فحمل علیھا فاطمۃ فکان سلمان رضی اللہ عنہ یقود ورسول اللہ یقوم بھا فبینما ھو کذلک اذ سمع حسّا خلف ظھرہ فالتفت فاذا ھو بجبریل ومیکائیل و اسرافیل فی جمع کثیر من الملائکۃ فقال جبریل وما انزلکم قالوا نزلنا نزف فاطمۃ الی زوجھا فکبّر جبریل کبر میکائیل ثم کبّر اسرافیل ثم کبّرت الملائکۃ ثم کبّر النبیؐ ثم کبّر سلمان الفارسی فصارت تکبیر خلف العرائس سنّۃ من تلک اللیلۃ فجاء بھا فادخلھا علی علیؑ السلام فاجلسھا الی جنبہ علی الحصیر القطری

ترجمہ: جناب فاطمہ کی رخصتی کی رات آپ نبی کریم نے سلمان سے فرمایا کہ میرا شہباء خچر لاؤ سلمان نے اُسے حاضر کیا، نبی کریم نے جناب فاطمہ کو اس پر سوار کیا اور سلمان اس کی

باگ پکڑ کر اُسے چلا رہا تھا اور نبی کریم ساتھ ساتھ نگرانی کر رہے تھے اچانک حضور نے پیچھے کچھ آہٹ محسوس کی۔ حضور ملتفت ہوئے تو دیکھا کہ جبریل، میکائیل، اسرافیل بہت سے فرشتوں کے ہمراہ حاضر ہیں حضور نے جبریل سے پوچھا کہ آپ کیسے آئے ہیں تو جبریل اور دوسرے فرشتوں نے کہا کہ ہم اس لیے آئے ہیں تاکہ فاطمہ کی برات کو ان کے شوہر کے گھر تک پہنچائیں پس جبریل نے تکبیر کہی پھر میکائیل اور اسرافیل نے تکبیر کہی پھر سب فرشتوں نے تکبیر کہی پھر حضور نے فرمایا اللہ اکبر پھر سلمان فارسی نے کہا اللہ اکبر پس اُس رات سے برات کے پیچھے تکبیر کہنا سنت بن گیا۔ حضور فاطمہ کو حضرت علی کے گھر لائے اور انھیں حضرت علی کے پہلو میں ایک قطری چٹائی پر بٹھا دیا گیا۔

ذخائر العقبٰی کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابن عباس قال کانت اللیلۃ التی زفت فاطمۃ الی علی علیہما السلام کان النبی امامہا وجبریل عن یمینہا ومیکائیل عن یسارہا وسبعون الف ملک عن خلفہا یسبحون اللہ ویقدسونہ حتی طلع الفجر۔

ترجمہ: ابن عباس فرماتے ہیں کہ جب وہ رات آئی کہ جب جناب فاطمہ کی رخصتی حضرت علی کے گھر میں ہوئی (تو اس شان سے رخصتی ہوئی کہ) نبی کریم فاطمہ کے آگے آگے تھے جبریل دائیں جانب میکائیل بائیں جانب اور ستر ہزار فرشتے فاطمہ کے پیچھے تھے اور یہ فرشتے طلوع فجر تک اللہ کی تسبیح و تقدیس کرتے رہے۔

مناقب آل ابی طالب کی عبارت ملاحظہ ہو

... ونساء النبی قدامہا یرجزن فانشأت ام سلمۃ سرن بعون اللہ جاراتی واشکرنہ فی کل حالاتی الخ

ترجمہ: جناب فاطمہ کی برات کے آگے آگے ازدواج نبی تھیں اور خوشی کے گیت پڑھ رہی تھیں جناب ام سلمی نے یہ گیت پڑھا جس کا پہلا شعر یہ تھا۔

(۱) اللہ کی مدد سے چلو اے ہمسایو! اور اللہ کا شکر ادا کرو ہر حالت میں

(۲) اے بیٹی اس شخص کی جس کو اللہ نے فضیلت دی ہے ہم ساتھ وحی کے اور رسالت کے ثم قالت عائشہ یا نسوۃ استرن بالمعاجز واذ کرن ما یحسن فی المحاضر الخ

پھر بی بی عائشہ نے یہ گیت پڑھا۔ اے عورتوں! اپنے آپ کو چادروں سے چھپالو اور اس چیز کا ذکر کرو جو اس مجمع میں اچھی لگے۔

نوٹ: مذکورہ حدیثیں جناب فاطمہ زہرا کے شرف کو چار چاند لگا رہی ہیں کیوں کہ جس شان سے جناب فاطمہ اپنے باپ کے گھر سے رخصت ہوئی ہیں اس طرح تو کسی نبی کی بیٹی رخصت نہیں ہوئی بالفرض اگر رسول پاک کی اور تین لڑکیاں بھی تھیں تو ان کی رخصتی کے وقت فرشتے کیوں نہ آئے اور نبی پاک کی بیویوں نے گیت خوشی کے کیوں نہ گائے۔ اور یہ عذر کہ شان والی صرف فاطمہ زہرا ہے اس کا تو پھر یہ مطلب ہوا کہ صرف فاطمہ زہرا کا شوہر ہی داماد رسول ہونے کا فخر کر سکتا ہے اور دوسری لڑکیاں چونکہ کفار کی بیویاں بھی بن چکی تھیں۔ لہٰذا جس طرح ان کفار کو ان لڑکیوں کا شوہر بننے سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا اسی طرح طلاق کے بعد ان کے کسی مسلمان شوہر کو بھی کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اور یہ عذر کہ کچھ رشتہ داری تو نبی پاک کے ساتھ ہو گئی ان لڑکیوں کا شوہر بننے سے یہ عذر بے فائدہ ہے کیوں کہ اسلام میں شرف رشتہ داری کافی نہیں ہے۔

قابیل آدم نبی کا بیٹا تھا۔ یوسف کے بھائی بھی یعقوب نبی کے بیٹے تھے۔ ان کے لیے صرف رشتہ داری کافی نہ ہو سکی حالانکہ خونی رشتہ تھا۔ پس اسی طرح صرف دامادی والا رشتہ بھی کافی نہیں ہے۔

نوٹ : یہ درس عبرت ہے کیوں کہ جو بیٹی حقیقی تھی اس کو نبی پاک نے جہیز بھی دیا اور شان و شوکت سے رخصت بھی کیا۔ اس کی عزت افزائی کی خاطر عرش سے فرشتے بھی آئے امہات المومنین نے گیت خوشی کے بھی گائے۔ عثمان صاحب کی بیویوں کی شادی کے موقع پر دربار رسالت خاموش رہا پس معلوم ہوا کہ عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے لیکن گھیاری اپنے بھانڈے نو سلاہوندی اے۔ چونکہ آپ بنو امیہ کے نیاز مند ہیں عثمان اپنا کچھ پیارا لگتا ہے اور جس طرح موت کا کوئی علاج نہیں ہے اسی طرح تمہاری ضد کا کوئی علاج نہیں ہے۔

مذکورہ فضیلت جناب فاطمہ کو حاصل ہے اہل حدیث وہابیوں کے

نبی کریمؐ نے جناب فاطمہ اور حضرت علیؑ کے شب زفاف دعائے خیر فرمائی

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۲۸

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صہ ۸۴ مطبوعہ مصر

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صہ ۸۵

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ صہ ۱۸۳ ، صہ ۱۹۲

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ صہ ۷۵/۲

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت حلبیہ صہ ۲۷۳/۲

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صہ ۳۲۲/۲

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس صہ ۱۱۴

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودہ صہ ۱۷۵

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الشہداء صفحہ ۱۳۰ باب چہارم

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صفحہ ۱۱۴

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوۃ صفحہ ۱۴ رکن چہارم باب ۳

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب صفحہ ۳۰۶ باب ۸۲

(۱۴) اہل شیعہ کتاب مناقب آل ابی طالب صفحہ ۳۸۵

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی صفحہ ۲۴۴

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب لابن المغازی صفحہ ۲۷

کفایت الطالب کی عبارت ملاحظہ ہو

نادینی المخضب واملئیہ ماء قال۔ فنھضت اسماء بنت عمیس فملأت المخضب ماء ثم أتته به فملأ فاه ثم مجه فیه قال۔ اللھم انھما منی وأنا منھما اللھم کما اذھبت عنی الرجس، وطھرتنی تطھیراً فاذھب عنھما الرجس، وطھرھما تطھیراً ثم دعا فاطمۃ علیھا السلام فقامت الیہ وعلیھا النقبۃ فدا نا ھا فضرب کفاً من ما بین ثدییھا واخری بین عاتقھا وباخری علی ھامتھا ثم تنضح بلدھا وجید ثم التزمھا ثم قال اللھم انھما منی وانا منھما۔ اللھم فکما اذھبت عنی الرجس وطھرتنی تطھیرا فطھرھما۔ ثم امرھا ان تشرب بقیۃ الماء وتتمضمض وتستنشق وتتوضأ ثم دعا بمخضب آخر فصنع به کما صنع بالاخر، ودعا علیاً علیہ السلام فصنع به کما صنع بصاحبتہ ودعا له کما دعا لھا

ترجمہ: نبی کریم نے جناب فاطمہ کی شب زفاف کسی عورت سے کہا کہ وہ ایک

برتن پانی کا بھر لائے، پس وہ پانی لائی تو حضور نے اس سے کچھ مقدار پانی اپنے منہ میں ڈالا پھر اُس منہ والے پانی کو اسی برتن میں انڈیل دیا پھر یہ دعا مانگی کہ اے اللہ یہ دونوں (یعنی علی اور فاطمہ) مجھ میں سے ہیں اور میں ان میں سے ہوں اے خدایا جس طرح تو نے ہر رجس (اور نقص) کو مجھ سے دور کیا اور مجھے پاک کیا، پاک کرنا اسی طرح ان دونوں سے بھی ہر رجس کو دور کر اور انھیں پاک کرنا پھر حضور نے جناب سیدہ کو بلایا اور اس پانی میں سے تھوڑا سا چلو میں لے کر فاطمہ کی چھاتی پر ڈالا اور کچھ گردن پر ڈالا اور کچھ سر پر پھر جناب فاطمہ سے فرمایا کہ باقی پانی تو پی لے پھر نبی پاک نے حضرت علی کو بلایا اور ان کے ساتھ بھی وہی طریقہ کیا جو کہ فاطمہ سے کیا تھا اور جناب امیر کے لیے بھی دعا خیر فرمائی

ذخائر العقبیٰ کی عبارت ملاحظہ ہو

فاخذہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومج فیہ ثم قال لہا تقدمی فتقدمت فنضح بین ثدیبہا وعلی راسہا وقال اللہم انی اعیذہا بک وذریتہا من الشیطان الرجیم ثم قال ادبری فادبرت فصب بین کتفیہا وقال اللہم انی اُعیذہا بک وذریتہا من الشیطان الرجیم ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ائتونی بماء قال علی فعلمت الذی یرید فقمت فملات القعب ماءً واتیتہ بہ واخذہ فمج فیہ وصنع لعلی کما صنع بفاطمۃ ودعا لہ بما دعا بہ لہا

ترجمہ: (نبی کریم نے پانی منگوایا) اور اس میں کلی کی پھر فاطمہ سے فرمایا کہ آپ میرے قریب آئیں پس جناب سیدہ قریب ہوئیں نبی کریم نے وہ پانی جناب فاطمہ کی چھاتی اور سر پر چھڑکا اور پھر یہ دعا مانگی۔

اے خدایا! میں فاطمہ اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتا ہوں شیطان رجیم سے اور پھر یہی طریقہ حضرت علی کے ساتھ فرمایا۔

معارج کی عبارت ملاحظہ ہو

نبی کریم بدست مبارک علی رضی اللہ عنہ بگرفت و بدیگر دست ۔ دست فاطمہ
گرفت و دختر فاطمہ را بر سینۂ خود نہال و بوسہ داد و او را بامیر سپرد فرمود یا علی نعم الزوجہ
زوجتک و امیر را نیز بفاطمہ سپرد و فرمود نعم الزوج زوجک ۔

ترجمہ: شب زفاف کو نبی کریم نے ایک ہاتھ سے جناب امیرؑ کو اپنے سینے سے ملایا
اور چوم کر فاطمہ کو علی کے سپرد فرمایا اور کہا یا علی آپ کی زوجہ بہترین زوجہ ہے اور پھر
جناب علی کو فاطمہ کے سپرد کیا اور فرمایا ، اے فاطمہ آپ کا شوہر بہترین شوہر ہے ۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے ثابت ہوا کہ جناب فاطمہ اور حضرت علی ہر گناہ سے
اسی طرح پاک ہیں جس طرح ہمارے رسول ہر گناہ سے پاک ہیں بالفرض
اگر حضور کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں تو آنجناب نے ان کے لیے دعا خیر کیوں نہ فرمائی نبی
پاک کا ہر مقام شرف و فضیلت میں ان لڑکیوں کو نظر انداز کرنا کس چیز کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔
جناب امیر اور حضرت فاطمہ کے بارے میں تو حضور نے صاف صاف فرمایا کہ یہ مجھ سے
ہیں اور میں ان سے ہوں جس طرح مطلب یہ ہے کہ ہمارا بہت ہی قریبی رشتہ ہے اور ہم ایک
دوسرے کا شرف کے محافظ ہیں بعض لوگ پوچھتے ہیں کہ نبی کا علی سے ہونا اس کا کیا مطلب
ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ حضور کی نبوت کو حجاز کے کفار نے جناب امیر کی وجہ سے
تسلیم کیا تھا ۔ بعض اہل حدیث وہابی بیان کرتے ہیں کہ اہل حجاز یعنی سعودیہ والوں کو ہمارے
مولیٰ علی کے ساتھ اس لیے دشمنی ہے کہ ہمارے مولیٰ نے سعودیہ والوں کے سب بڑوں
کو انکار رسالت کے جرم میں جہنم پہنچایا تھا

ایران کی مذمت کرنے والی نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ وہابیوں کی صحاح ستہ لکھنے
والے ایرانی ہیں پیر عبدالقادر جیلانی بغداد والے بھی ایران کے ہیں نیز ابو حنیفہ امام
اعظم نعمان بھی ایرانی ہیں ۔ امام غزالی ۔ امام رازی بھی ایرانی ہے اگر سنی بھائی ایرانی
کتابیں چھوڑ دیں تو پھر ان کے پاس رہ کیا جاتا ہے ۔

جناب فاطمہؑ اور حضرت علیؑ کی شادی کے بعد دعوت ولیمہ بھی ہوئی تھی

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ ص ۳۳

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب ص ۳۰۵ باب نمبر ۸۲

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوۃ ص ۱۴ رکن چہارم باب ۳

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص ۴۱۱

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامۃ ص ۱۷۴ باب ۱۱

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب [illegible] لسان العرب ص ۱۳۶ ج ۹

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی ص ۲۴۴ ص ۲۵۵

(۸) اہل شیعہ کی معتبر کتاب مناقب آل ابی طالب ص ۳۵۳

(۹) اہل شیعہ کی کتاب ریاحین الشریعہ ص ۹۶

کفایۃ الطالب کی عبارت ملاحظہ ہو

قال رسول اللہ وانا احب ان تکون من اخلاق امتی الطعام عند النکاح اذھب یا بلال الی الغنم فخذ شاۃ وخمسۃ امداد شعیرا فاجعل لی قصعۃ فلعلی اجمع علیھا المھاجرین والانصار قال ففعل ذالک واتاہ حین فرغ ووضعھا بین یدیہ فال فطعن فی اعلاھا ثم تفل فیھا وبرک ثم قال ادع الناس الی

المسجد ولا نفارق رفقة الی غیرہا فجعلوا یردون علیہ رفقۃ رفقۃ کلما وردت رفقۃ نھضت اخری حتی تنابعوا ثم کفت فتفل علیہ وبرک ثم قال یا بلال احملھا الی امھاتک فقل لھن کلن واطعمن من غشیکن ففعل ذلک بلال

ترجمہ: نبی کریم نے جناب فاطمہ کی شادی کے موقع پر فرمایا کہ میں پسند کرتا ہوں کہ شادی کے بعد کھانا کھلانا میری امت کی عادات سے بن جائے اسے بلال ریوڑ سے ایک بکری لاؤ اور نیز پانچ مد جو لاؤ ۔ اور کھانا تیار کر کے ایک بڑے پیالے میں میرے پاس لاؤ تاکہ میں اس پر مہاجرین وانصار کو جمع کروں بلال یہ کھانا تیار کر کے حضور کی فراغت میں جناب کے سامنے لایا حضور نے پیالے کے اوپر اپنا ہاتھ رکھا پھر اس میں لعاب مبارک ڈال کر برکت کی دعا کی پھر فرمایا کہ وہ لوگوں کو مسجد میں بلائے اور ایک گروہ دوسرے سے جدا نہ ہو پس لوگ ٹولہ ٹولہ ہو کر آنے لگے جب بھی ایک ٹولی آتی تھی تو دوسری کھانا کھا کر چلی جاتی تھی حتیٰ کہ پے در پے سب لوگ آئے پھر مردوں سے روک کر کھانے پر لعاب ڈالا اور برکت کی دعا کی اور فرمایا اے بلال اس کھانے کو ہماری ازواج " اپنی ماؤں " کی طرف لے جاؤ اور ان سے کہنا کہ خود بھی کھائیں اور ان کو بھی کھلائیں پس بلال یہ حکم بجا لایا۔

معارج کی عبارت ملاحظہ ہو

نبی کریم دہ درہم بحضرت امیر تسلیم فرمود امیر خرمود کہ پنج درہم از آں روغن خریدم و چہار درہم را خرما و یک درہم را پنیر . . . الخ

ترجمہ: نبی کریم نے دس درہم جناب امیر کو دیئے تاکہ وہ کھجوریں، روغن اور پنیر خریدیں جناب امیر فرماتے ہیں کہ میں پانچ درہم کا گھی چار درہم کی کھجوریں

۱۸۔ ایک درہم کا پنیر خرید کر کے حضورؐ کی خدمت میں لایا نبی پاک نے اپنے مبارک ہاتھ سے ان تینوں چیزوں کا ایک حلوہ تیار فرمایا اور مجھ سے فرمایا کہ باہر جاؤ جو بھی آپ سے ملے اس کو بلا کر لاؤ میں لوگوں کو اکٹھا کر کے حضور کی خدمت میں پھر حاضر ہوا اور عرض کی کہ یارسول اللہ لوگ بہت جمع ہو گئے ہیں آنجنابؐ نے فرمایا کہ دس دس کا گروہ آتا جائے اور کھانا کھا کر چلتا رہے بعد میں جب حساب کیا گیا تو مرد اور عورتوں میں سے سات سو افراد نے دعوت ولیمہ کھائی۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ شادی کے بعد دعوت ولیمہ کرنا سنت رسول پاک ہے کیوں کہ آنجناب نے اپنی بیٹی فاطمہ کی شادی کے بعد اہل مدینہ کی دعوت فرمائی تھی بالفرض اگر حضور کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں تو ان کی شادی کے بعد حضور پاک نے دعوت ولیمہ کیوں نہ فرمائی۔ ایک بیٹی کی شادی پر سات سو آدمی کو کھانا کھلایا اور دوسری لڑکیوں کی شادی پر صرف سات آدمیوں کو بھی کھانا کے لیے نہ بلایا یہ فرق حضور نے کیوں فرمایا۔ بیٹی کی شادی پر کھانا دینا اس میں بیٹی اور داماد دونوں کی عزت ہے۔

اپنی بیٹی فاطمہ زہرا اور اپنے داماد حضرت علی علیہ السلام کی تو حضور پاک نے وہ وہ عزت کی۔ مدینہ کی عورتوں اور مردوں سب کو دعوت ولیمہ میں شرکت کا شرف بخشا اور جناب عثمان کی شادی کے موقع پر تو حضور پاک نے کسی سے پانی تک نہیں پوچھا۔ اگر میں غلط لکھ رہا ہوں تو کوئی عالم میرے خلاف ثبوت پیش کر کے دکھائے۔

نوٹ: اہل حدیث وہابیوں کے لیے جناب فاطمہ کے مذکورہ فضائل درس عبرت ہیں کیونکہ بی بی عالیہ فاطمہ زہرا نبی کریم کی حقیقی بیٹی تھی اسی لیے ان کی شادی کے بعد شب زفاف ان کے لیے نبی نے دعائے خیر فرمائی با عزت جہیز دے کر رخصت کیا، برات کو کھانا کھلایا اور عثمان صاحب نبی کریم کی دعا سے بھی محروم رہے

ان کی برات کو نبی کریم نے کھانا بھی تو دیا ہے اور ان لڑکیوں کو جہیز دے کر باعزت رخصت بھی نہیں کیا۔ یہ قرائن ہیں کہ عثمان کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے۔

مثل مشہور ہے کہ دھی نالوں جوائی مہنگا اتنی شان تو ان لڑکیوں کی نہیں ہے جتنی شان وڈیوں نے عثمان صاحب کی فرض کر لی ہے آج کل دنیا بیت بپھری ہوئی ہے اور آپڑ دس لڑکیں کے زریں اصول پر عمل پیرا ہیں۔

جناب فاطمہ زہراؑ کے گھر فرشتے چکی چلاتے تھے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صہ ۱۰۵ مطبوعہ مصر باب ۱۱ مقصد رابع
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ صہ ۲۵۷ فصل ۷
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صہ ۲۱۶ باب ۵۶
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب لسان المیزان صہ ۱۵/۵
(۵) اہل شیعہ کی کتاب مناقب آل ابی طالب صہ ۲۳۶/۳
(۶) اہل شیعہ کی کتاب ریاحین الشرعیہ صہ ۱۲۸
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۵۸ ذکر کرامات علی
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صہ ۶۸ فصل ۵

ریاض النضرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابی ذر بعثنی رسول اللہ ادعو علیا فاتیت بیتہ فنادیتہ ....

فسمعت صوت رحی تطحن فشارنت فاذا الرحی تطحن ولیس معها احد
فنادیته فخرج الی منشرحا فقلت له ان رسول اللہ یدعوک فجاء ثم لم
ازل انظر الی رسول اللہ وینظر الی ثم قال یا ابا ذر ما شانک قلت عجیب من
العجب رأیت رحی تطحن فی بیت علی ولیس معها احد یرحی فقال یا ابا ذر ان
للہ ملائکۃ سائحین فی الارض وقد وکلوا بمعونۃ
آل محمد ۔

ترجمہ: جناب ابوذر راوی ہیں کہ حضور پاک نے مجھے بھیجا کہ میں علی کو بلا کر لاؤں
پس میں حضرت علی کے گھر کے دروازے پر آیا اور میں نے آواز دی پس میں نے چکی کی آواز کو
سنا کہ وہ [illegible] دانے پیس رہی ہے جب کہ اُس کے پاس کوئی آدمی نہیں ہے۔ پس جناب
امیر دروازے پر آئے تو میں نے ان کو رسول اکرم کا پیغام پہنچایا کہ وہ آپ کو بلا رہے ہیں
پس جناب امیر نبی کی بارگاہ میں آئے۔ میں غور سے نبی کریم کی طرف دیکھنے لگ گیا اور
حضور میری طرف ۔

آنجناب نے فرمایا اے ابو ذر کیا بات ہے میں نے عرض کی کہ حضور آج میں نے
دیکھا کہ حضرت علی کے گھر میں چکی دانے پیس رہی ہے لیکن اس کے پاس چلانے والا کوئی نہیں
ہے ۔ حضورؐ نے فرمایا اے ابوذر اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو زمین میں چلتے پھرتے
رہتے ہیں اور آل محمدؐ کی خدمت کرنا اور ان کی مدد کرنا ان کے سپرد کیا گیا ہے ۔

مقتل الحسین کی عبارت ملاحظہ ہو

عن میمونۃ بنت الحرث ان النبیؐ قال لھا اذھبی بھذا الصاع
الی الفاطمۃ لطحنہ لنا الخ ۔

ترجمہ: جناب میمونہ بنت حرثؓ کو حضور پاک نے ایک صاع گندم کا دے کر

جناب فاطمہ کی طرف پسوانے کے لیے روانہ کیا جناب فاطمہ نے کچھ مقدار گندم پیس دی اور پھر ان پر نیند کا غلبہ ہوا اور سو گئی حضور پاک نے میمونہ کو بھیجا کہ جاؤ آٹا لے کر آؤ اس نے آکر دیکھا کہ جناب فاطمہ سوئی ہیں اور چکی خود بخود چل رہی ہے میمونہ نے آکر نبی کریم کو اطلاع دی کہ چکی خود بخود چل رہی ہے اور فاطمہ سوئی ہوئی ہے حضور پاک نے فرمایا کہ یہ اللہ کی خاص رحمت ہے حق تعالیٰ نے جب اپنی کنیز کے ضعف کو دیکھا تو چکی کو حکم دیا کہ وہ خود بخود چلے اور دانے پیس رہے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے ثابت ہوا کہ جناب فاطمہ زہرا تمام عورتوں سے زیادہ فضیلت رکھتی ہیں کیوں کہ جناب فاطمہ ہی پوری دنیا میں وہ واحد خاتون ہیں جس کی خدمت آکر فرشتے کرتے تھے اور ان کے گھر آکر چکی چلاتے تھے اور جو مقدس خاتون فرشتوں کی مخدومہ ہو وہ تمام عورتوں کی سردار ہوگی اور جو مقدس انسان اس پاک بی بی کا شوہر ہوگا۔ دنیا کا ہر شرف سوائے نبوت کے اس کے قدموں میں ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ جناب فاطمہ اور حضرت علی، نبی پاک کے بعد تمام لوگوں کے سردار ہیں۔ بالفرض اگر حضور پاک کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں تو ان کے گھر آکر فرشتے چکی کیوں نہیں چلاتے تھے وہ اولاد رسول نہ تھیں۔

نوٹ ۲: اہل سنت کی کتاب مقتل الحسین صہ باب مناقب الحسن و الحسین میں لکھا ہے کہ جناب فاطمہ زہرا کے بچوں کی خاطر جنت سے کپڑے بھی آئے۔ بہشت سے میوے بھی آتے تھے اہل حدیث کو دعوت فکر ہے کہ اگر عثمان کی بیویاں بھی نبی کریم کی لڑکیاں تھیں تو ان کی خدمت کے لیے فرشتے کیوں نہ آئے ان کے بچوں کے لیے میوے اور کپڑے کیوں نہ آئے اور یہ عذر کہ شان والی صرف فاطمہ تھیں۔ ہمیں قبول ہے۔ لیکن وہابیوں کو پھر یہ ماننا پڑے گا کہ جب عثمان کی بیویوں کی شان بڑی نہ تھی تو ان کے شوہر کس طرح شان والے ہو گئے وہابی

لوگ جس مشن کی وکالت کرتے ہیں اس میں کچھ انعامات دینا ہیں ۔
مثل مشہور ہے کہ جیتے دیکھاں تو اپرات اُ ٹھتے گا واں دن رات ۔

سعودیت کا پرچار یونہی نہیں ہو رہا۔ شیعہ لوگ تو ابوبکر کو بھی خلیفہ برحق نہیں مانتے اور وہابی لوگ معاویہ اور یزید و عثمان کو منوانے پر تلے ہوئے ہیں۔ قران اور حدیث شریف گواہ ہے کہ عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے اور معاویہ و یزید کا تو نام لے کر کلی کرنا چاہیے

ارباب انصاف آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ جناب فاطمہ زہرا چونکہ ہمارے نبی کی حقیقی بیٹی تھی لہذا ان کی ولادت، ولادت کے بعد پرورش اور شادی کے مفصل حالات کہ رشتہ حکم خدا سے ہوا۔ حق مہر مقرر ہوا جہیز تیار ہوا ۔ عزت و احترام سے رخصتی ہوئی، باپ رسول اللہ انھیں سوار کر کے باعزت شوہر کے گھر پہنچا گئے اور خصوصی دعائیں فرمائیں، برات کو کھانا دیا اور اس شادی کی خوشی عرش اعظم پر بھی منائی گئی جنت کو سجایا گیا۔ طوبیٰ نے موتی نچھاور کئے ۔ بی بی کے عقیدت مندوں کے لیے نجات کے پروانے تقسیم ہوئے میرے محترم قارئین جب ہم عثمان صاحب کی بیویوں کے حالات تاریخ میں دیکھتے ہیں تو دکھ ہوتا کہ ان کا کیا قصور تھا کہ ان کو کم سنی میں کفار کے نکاح میں دے دیا۔

کفار سے طلاق کے بعد پھر ایک کو عثمان کے زمانہ کفر میں عثمان کو دے دیا ۔ اور ایک ان میں سے مرگئی تھی تو عثمان نے اس کے مردہ سے ہمبستری کی تھی لاحول ولا قوۃ
ارباب انصاف ہم تاریخ اسلام کو دیکھنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے معاویہ کبیر کی سازش ہے اور تاریخ دان اسی سازش کی وجہ سے ٹھوکریں کھاتے رہے ہیں ۔

جناب علیؑ (داماد رسولؐ) اور جناب فاطمہ زہراؑ (بنت رسولؐ) کی شان قرآن کی روشنی میں

پہلی آیت مودۃ

قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ ومن یقترف حسنۃ نزد لہ فیہا حسنا پ۲۵ سورۃ شوریٰ

ترجمہ: اے رسول تم کہہ دو کہ میں اس (تبلیغ رسالت) پر کسی اجرت کا سوال نہیں کرتا سوائے اپنے قرابت داروں (اہل بیت) کی محبت کے جو کسی سے نیکی کرے گا ہم اس کی نیکی میں زیادتی کریں گے۔

مذکورہ آیت کے مصداق جناب امیرؑ سیدہ زہراؑ اور ان کی معصوم اولادؑ ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص۷ س الشوریٰ

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص۲۲۹ س الشوریٰ

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صہ ۳۰۹/۷ س الشوریٰ
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی پ ۲۵ آیت مودۃ
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری صہ ۳۲۰/۸ س الشوریٰ
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب، تفسیر غرائب القرآن پ ۲۵ آیت مودۃ
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر صہ ۵۲۲/۴ س الشوریٰ
(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الجواہر پ ۲۵ آیت مودّۃ
(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن صہ ۱۰۲/۶ س الشوریٰ
(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صہ ۱۰۱ باب ۱۱ فصل اول مطبوعہ مصر
(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودہ صہ ۱۰۶ باب نمبر ۳۲
(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صہ ۱۰۵ باب ۲
(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ صہ ۲۹
(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار صہ ۱۱۲
(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السؤل صہ ۲۱
(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صہ ۵
(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۲۵
(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صہ ۶۶
(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ صہ ۹۴
(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب صہ ۹۱ باب ۱۱
(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین صہ ۵۷

تفسیر غرائب القرآن کی عبارت ملاحظہ ہو

عن سعید بن جبیر قال لما نزلت هذه الاٰیة قالوا یا رسول اللہ من
هولاء الذین وجبت علینا مودتهم لقرابتك فقال علی وفاطمة وابنا هما

ترجمہ: سعید بن جبیر روایت کرتا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی کریم سے لوگوں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ آپ کے رشتہ دار کون ہیں جن سے محبت کرنا ہمارے لیے واجب وفرض قرار دیا گیا ہے آنجناب نے فرمایا وہ علی، فاطمہ اور ان کے بیٹے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ ایت سے معلوم ہوا کہ حضور پاک کی بیٹی فاطمہ زہرا اور داماد جناب امیر اور انکے بیٹے امام حسنؑ، امام حسینؑ یہ ہستیاں ہر گناہ سے پاک ہیں ورنہ ان کی محبت مطلق فرض نہ کی جاتی بالفرض اگر حضور پاک کی اور بیٹیاں بھی تھیں اور داماد بھی تھے ان کی عقیدت کو اللہ تعالیٰ نے نظر انداز کیوں فرمایا ہے۔ یہ تعجب کی بات ہے کہ جس داماد کے گھر حضور کی ایک بیٹی تھی۔ یعنی حضرت علی آپ سے اور آپ کی اولاد سے محبت وعقیدت قرآن پاک میں فرض کی گئی ہے اور جناب عثمان بقول سنی بھائیوں کے ان کے گھر حضور پاک کی دو لڑکیاں تھیں لیکن نہ ہی ان لڑکیوں کی اور نہ ہی نہ عثمان اور ان کی اولاد کی قران پاک میں عقیدت ومحبت فرض کی گئی ہے اور نہ ہی ان کو کوئی قابل فخر ذکر قران مجید میں ہے۔

خلاصہ کلام ایت مودت کی تفسیر میں علماء اہل سنت کا جناب فاطمہ کو ذکر کرنا اور عثمان صاحب اور ان کی بیویوں کا ذکر نہ کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ جناب عثمان کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے اور وہابیوں کے پاس یہاں صرف ایک جواب ہے کہ مذکورہ علماء اہل سنت سبائیوں کے یا یہودیوں کے نطفے تھے اور وہابیوں کا یہ فیصلہ اس لیئے ہے کہ مذکورہ علماء نے بنو امیہ کو آیت مودت میں داخل نہیں کیا اور ہمارا

بھی یہ فیصلہ ہے کہ جو وہابی بنو امیہ کی وکالت کرتے ہیں ان کا نسب شریف بھی معاویہ اور عمر بن العاص اور ولید بن مغیرہ کے نسب جیسا ہے۔

دوسری آیت تطہیر

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا

پ۲۲ سورۃ الاحزاب آیت ۳۳

ترجمہ : اللہ سبحانہ ارادہ رکھتا ہے کہ وہ آپ سے ہر قسم کے رجس (و نقص) کو دور رکھے اور تمھیں ایسا پاک رکھے جیسے پاک رکھنے کا حق ہے۔

اس آیت کے مصداق جناب امیرؑ سیدہؑ زہرا اور ان کی معصوم اولاد ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص۲۳۱ ج۲ باب فضائل اہل بیت

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح ترمذی ص۵۸۹ ج۲ باب مناقب اہل بیت

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص۲۲ ج۲ س الاحزاب

(۴) تفسیر خازن، اہل سنت کی معتبر کتاب ص۲۱۳

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۵۷۹ ج۶

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب روح المعانی پ۲۲ س الاحزاب

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر ص۲۷۰

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص۴۸۳ سورۃ الاحزاب

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری صہ ۳۴۳

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الجواہر پ ۲۲ س الاحزاب

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور صہ ۱۵۸/۵

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اسباب النزول صہ ۲۶۷

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صہ ۱۲۱ مطبوعہ مصر

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین جلد ثالث باب مناقب اہل بیت

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مشکواۃ شریف صہ ۲۵۴/۲

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صہ ۵

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صہ ۱۱

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب اسد الغابہ معرفتہ الصحابہ صہ ۲۲

(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودہ صہ ۱۰۷

(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ صہ ۱۶۷/۴

(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صہ ۸۵

(۲۲) اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السئول صہ ۱۹

(۲۳) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار صہ ۱۱۲

(۲۴) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین صہ ۱۰۷

(۲۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صہ

(۲۶) اہل سنت کی معتبر کتاب کوکب دری صہ ۱۲۹

(۲۷) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ صہ ۲۶

(۲۸) اہل سنت کی معتبر کتاب صہ کفایۃ الطالب صہ ۲۷ باب ۱۰۰

(۲۹) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین صہ ۲۲/۴

(۳۰) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی ذکر فاطمہ

صحیح مسلم کی عبارت ملاحظہ ہو

قالت عائشۃ خرج رسول اللہ غداۃ وعلیہ مرط مرحل من شعر اسود فجاء الحسن ابن علی فادخلہ ثم جاء الحسین فدخل معہ ثم جاءت فاطمۃ فادخلہا ثم جاء علی فادخلہ ثم قال انما یرید اللہ الی آخر الاٰیۃ

ترجمہ: بی بی عائشہ روایت کرتی ہیں کہ ایک صبح کو پیغمبر اکرم تشریف لائے وہ منقش سیاہ رنگ کی چادر اوڑھے ہوئے تھے۔ پھر حضور کے پاس حسنؑ ابن علیؑ آئے حضور نے ان کو چادر میں داخل کر لیا پھر حسینؑ ابن علیؑ آئے وہ بھی ان کے ساتھ چادر میں داخل ہو گئے۔ پھر جناب فاطمہ آئیں پس اُن کو بھی رسول اللہؐ نے چادر میں داخل کیا پھر جناب امیر آئے ان کو بھی چادر کے نیچے داخل کیا پھر مذکورہ آیت تطہیر کی تلاوت کی۔

مستدرک کی عبارت ملاحظہ ہو

لما نظر رسول اللہ الی الرحمۃ ھابطۃ فقال ادعوا الی فقال ادعوا الیّ نفعالنا الصفیۃ من یا رسول اللہ قال اھلبیتی علیا وفاطمۃ والحسن والحسین فجئ بھم فالقی علیھم النبی کساءہ ثم رفع یدیہ ثم قال اللھم ھولاء آلی فصل علی محمد وعلیٰ آل محمد وانزل اللہ عزوجل انما یرید اللہ الخ . . . الخ

ترجمہ: راوی کہتا ہے کہ جب رسول اللہؐ نے دیکھا کہ رحمت خداوندی اُترنے والی ہے تو آنجناب نے فرمایا بلاؤ اُن کو میرے پاس، بلاؤ ان کو میرے پاس، صفیہ

نے عرض کی کس کو بلائیں یارسول اللہ، آنجنابؐ نے فرمایا، میرے اہل بیت علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ اور حسینؑ کو بلاؤ پس جب ان ہستیوں کو لایا گیا تو حضور نے ان پر چادر ڈال دی پھر دونوں ہاتھ بلند کیئے اور کہا کہ اے اللہ یہ ہیں میری آل تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما پھر اللہ تعالیٰ نے آیت تطہیر کو نازل فرمایا۔

نوٹ: امام رازی سنی نے تسلیم کیا کہ یہ آیت اہل بیت رسولؐ کے فضائل کا سر چشمہ ہے کیوں کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جناب امیر اور حضرت فاطمہ اور ان کے بیٹے امام حسین اور امام حسن ہر گناہ سے پاک اسی طرح ہیں جس طرح ہمارے نبی ہر گناہ سے پاک ہیں۔

بقول ہمارے اہل حدیث وہابی دوستوں کے نبی کریم کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں اور دو جناب عثمان کے گھر تھیں ہم عرض کرتے ہیں کہ اہل حدیث کا قول درست نہیں ہے کیوں کہ اگر تھیں تو نبی پاک نے ان کو چادر تطہیر میں داخل کیوں نہ فرمایا۔ جس طرح کہ اپنی بیٹی فاطمہ اور داماد حضرت علی کو داخل فرمایا۔

اعتراض:

وہ تین لڑکیاں آیت تطہیر کے نازل ہونے کے وقت مر گئی تھیں۔

جواب:

مذکورہ عذر درست نہیں ہے کیوں کہ آیت تطہیر سورہ احزاب میں ہے اور آیت پردہ قل لازواجک وبناتک بھی سورۃ احزاب میں ہے۔ آیت پردہ سے سنی بھائی دلیل لاتے ہیں کہ بنات جمع کا لفظ ہے اور جمع کا لفظ تین یا تین سے زائد پر بولا جاتا ہے پس معلوم ہوا کہ حضور کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں۔

ہم عرض کرتے ہیں آیت تطہیر کے نازل ہونے کے وقت بالفرض اگر وہ لڑکیاں

زندہ کیسے ہو گئی کیونکہ وفات پا چکی تھیں تو پھر آیت پردہ کے نازل ہونے کے وقت زندہ کو دیا جاتا ہے۔ آیت تطہیر پہلے اتری ہے اور آیت پردہ بعد میں پردہ کا حکم بھی زندہ کو دیا جاتا ہے۔ آیت تطہیر پہلے اتری ہے اور آیت پردہ بعد میں اتری ہے بے شک قرآن پاک کھول کر دیکھ لیں کیا یہ تعجب کی بات نہیں ہے کہ وہ لڑکیاں آیت تطہیر کے نزول کے وقت تو وفات پا چکی ہوں اور دوبارہ آیت پردہ کے نازل ہونے کے وقت زندہ ہو گئیں ہوں۔ قرآنی آیات کی ترتیب میں کچھ گڑبڑ ہے تو اس میں ہم غریب شیعوں کا کیا قصور ہے اس کی ذمہ داری خود حضرت عثمان پر آتی ہے۔

جناب عثمان اور ان کی بیویاں اہل بیت نبیؐ میں داخل نہیں ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعالبی ص ۲۲۸ سورہ احزاب۔

والذی یظھر لی ان اھل البیت ازواجہ وبنتہ وبنوھا وزوجھا اعنی علیاً

ترجمہ: جو چیز ہمارے نزدیک ظاہر ہے اور درست ہے وہ یہ ہے کہ اہل بیت نبی پاک کے ازواج ہیں اور ان کی بیٹی فاطمہ اور حضورؐ کے داماد علیؑ اور ان کے بیٹے امام حسنؑ اور حسینؑ ہیں۔

نوٹ: خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ خود سنی عالم نے جناب عثمان اور ان کی بیویوں کو اہل بیت سے شمار نہیں کیا۔ لہٰذا تعجب کی بات یہ ہے کہ حضور پاک کی بیٹی فاطمہ اور داماد جناب امیر اور ان کے بیٹے حسنؑ و حسینؑ تو اہل بیت میں داخل ہیں جناب عثمان نہ خود اہل بیت میں داخل ہوئے اور نہ ہی ان کی کوئی بیوی آل رسول میں داخل ہے

نوٹ: خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ خود سنی عالم نے جناب عثمان اور ان کی بیویوں کو اہل بیت سے شمار نہیں کیا۔ لہذا تعجب کی بات ہے کہ حضور پاک کی بیٹی فاطمہؑ اور داماد جناب امیر اور ان کے بیٹے حسنؑ و حسینؑ تو اہل بیت میں داخل ہیں اور جناب عثمان نہ خود اہل بیت میں داخل ہوئے اور نہ ہی ان کی بیوی آل رسول میں داخل ہے

نبی کریمؐ نے خود اپنی بیویوں کو اپنے اہل بیتؑ سے الگ کر دیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر صـ۴ الاحزاب
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی پ۲۲ صـ۱۴
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن جـ۵ صـ۲۱۳ طبع مصر
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور جـ۵ صـ۱۸۹ الاحزاب طبع مصر
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صـ۵۸
(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صـ۲۲ محب الدین طبری
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب الفصول المہمہ صـ۲۵ ابن صباغ

فصول المہمہ کی عبارت ملاحظہ ہو

قالت ام سلمہ قال لی النبیؐ قومی تنحی عن اهلی بیتی فتنحیت

فی جانب البیت . . . . الخ

نزل الابرار کی عبارت

قالت ام سلمہ قال لی النبی قومی تنحی عن اہل بیتی فقمت فتنحیت من البیت . . . الخ

ذخائر العقبیٰ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ام سلمۃ قالت قال النبی لی قومی تنحی عن اھل البیتی . . . . . الخ

تمام عبارتوں کا ترجمہ ملاحظہ ہو

ام سلمہؓ نبی کریم کی بیوی بیان کرتی ہیں کہ جناب فاطمہؑ اور حضرت علیؑ بچوں سمیت نبیؐ کے گھر تشریف لائے حضور نے مجھ سے فرمایا کہ تو اے ام سلمہ کھڑی ہو جا اور میرے اہل بیت سے دور ہٹ جا پس میں دور ہو گئی پھر حضور نے ان پر چادر ڈال کو آیت تطہیر کی تلاوت کی اور ہر گناہ سے پاک رہنے کی دعا فرمائی ۔

نوٹ : جناب ام سلمہ بڑی نیک بی بی ہیں لیکن حضور نے اس نیک بی بی کو بھی اہل بیت سے دور ہٹا دیا الگ کر دیا معلوم ہوا جب ام سلمہ جیسی بی بی اہل بیت میں داخل نہیں ہو سکتی تو مولا علیؑ کے ساتھ جنگ کرنے والی بھی اہل بیت میں داخل نہیں ہو سکتی ۔

اہل بیتؑ و آل نبیؐ وہ ہیں جن پر صدقہ حرام ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو

اہل سنت اہل حدیث کی معتبر کتاب بخاری کتاب فضل جہاد باب تکلم بالفارس ص۴۳۲ مصر

عن ابی ہریرہ ان الحسن بن علی اخذ تمرۃ من تمر الصدقۃ فجعلہا فی فیہ فقال النبی بالفارسیہ کخ کخ اما تعرف انا لا نا کل الصدقہ

ترجمہ: جناب ابوہریرہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ جناب حسنؑ بن علیؑ نے صدقہ کے کھجوریں منہ میں ڈال لینے پر نبی پاک نے فرمایا کخ کخ آپ کو معلوم نہیں ہے کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے۔

اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیں

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری۔ کتاب الزکوٰۃ باب اخذ صدقۃ التمر ص۱۲۷

عن ابی ہریرہ قال فجعل الحسن والحسین یلعبان بذالک التمر فاخذ احدھما تمرۃ فجعلہ فی فیہ فنظر الیہ رسول اللہ فاخرجہا من فیہ فقال اما علمت ان آل محمد لا یاکلون الصدقۃ۔

ترجمہ: جناب ابوہریرہ بیان کرتے ہیں کہ زکوٰۃ کے کھجور رکھے تھے اور امام حسنؑ وحسینؑ ان کے پاس کھیل رہے تھے ایک شہزادے نے ایک دانہ کھجور کا منہ میں ڈال لیا تھا نبی کریم نے دیکھ کر وہ دانہ بچے کے منہ سے نکال لیا اور فرمایا تھا کہ کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ آل محمدؐ صدقہ نہیں کھاتے۔

نوٹ: مذکورہ حدیثوں سے معلوم کہ آل نبی اور اہل بیت رسول وہ ہیں۔ جن پر صدقہ حرام ہے اور جن کی شان میں آیت تطہیر نازل ہوئی ہے چونکہ اصحاب رسول اور ازواج رسول صدقہ بھی کھاتے تھے۔۔۔۔

۔۔۔۔ اور ان کی شان میں آیت تطہیر بھی نازل نہیں ہوئی اس لیے وہ نہ ہی آل رسول ہیں اور نہ اہل بیت رسول ہیں۔ مسئلہ آل رسول کی مزید تحقیق کے لیے ہماری

کتاب جاگیر فدک ملاحظہ فرمادیں ۔

نوٹ: جناب فاطمہ زہرا کا اہل بیت رسول میں داخل ہونا یقینی بات ہے کیوں کہ ۳۰ عدد علماء اہل سنت نے جناب فاطمہ کے اس شرف کی گواہی دی ہے اور آیت تطہیر بی بی کے معصومہ ہونے کا ناقابل تردید ثبوت ہے چونکہ نکاح میں مسئلہ کفو کا سوال لازمی ہے پس اس بی بی کا شوہر ہونا جناب امیر کے لیے وہ فخر ہے جو کائنات میں کسی نبی کو بھی نصیب نہیں ہوا اور عثمان صاحب کو اس دامادی پہ فخر ہے جس میں ان کے ساتھ کفار بھی شریک ہیں ۔

اور اب فیصلہ کرنا وہابیوں کے اپنے ہاتھ میں ہے لیکن مثل مشہور ہے کہ دُر پھٹے منہ ارائیاں داتے بھلا نہ مینگو نے بھائیاں دا وہابیوں نے کبھی اولاد رسول کی خیر نہیں مانگی ہمیشہ سادات کرام کے دشمن رہے اور ان کی اس دشمنی کو دیکھ کر ہم نے بھی یہ فیصلہ کیا ہے کہ ان کا نسب شریف بھی زیاد بن ابی سفیان جیسا ہے ۔

تیسری آیت مباہلہ

فمن حاجک فیہ من بعد ما جاءک من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا ابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنت اللہ علی الکذبین ۔ پ ۳ آل عمران آیت ۶۱

ترجمہ: پس جو شخص جھگڑا کرے عیسیٰ کے بارے میں اس کے بعد کہ تمھارے پاس علم آچکا ہے۔ پس تم ان سے کہہ دو آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے بیٹوں کو ہم اپنی نساء کو اور تم اپنی نساء کو ہم انھیں جو ہماری جان کی مثل ہیں بلاتے ہیں اور تم انھیں جو تمھاری جان کے مثل ہیں بلاؤ پھر ایک دوسرے کے حق میں بددعا کرتے ہیں پس جھوٹوں پہ اللہ کی لعنت قرار دیتے ہیں ۔

مذکورہ آیت جناب فاطمہؑ حضرت علیؑ اور ان کی اولاد کی شان میں اتری ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح ترمذی صـ۲۱۶ ج۲ باب مناقب علی

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب المسند احمد بن حنبل صـ۹۷ ج۳ مطبوعہ مصر

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مشکواۃ شریف صـ۲ باب مناقب اہل بیت فصل اول

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب مرقاۃ شرح مشکواۃ صـ۱۱ ج باب ″ ″ ″ ″ ″

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات صـ۴ ج ″ ″ ″ ″ ″

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر صـ۳۱۶ ج۱

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صـ۴۶۴ آیت مباہلہ

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منشور صـ۳۹ ج۲

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن صـ۳۰۲ ج۱

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن صـ۲۱۲ ج۲

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف صـ۳۰ ج۱

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری جلد نمبر۲ صفحہ ۶۱ آیت مباہلہ

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار صـ۱۱۱

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ صـ۲۱

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ صـ۸

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السؤل صد ۱۷

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صد ۹۳

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار صد ۱۶

(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صد ۲۵

(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صد ۶۴

(۲۱) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ المطالب صد ۶۴

(۲۲) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین صد ۳۷۸ باب ۹

(۲۳) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی صد ۹۰ فصل ۹

تفسیر مظہری کی عبارت ملاحظہ ہو

روی مسلم و ترمذی عن سعد بن ابی وقاص قال لما نزلت ھذہ الایۃ دعا رسول اللہ علیا و فاطمۃ و حسنا و حسینا و قال اللھم ھولاء اھل بیتی ـــــ

ترجمہ: سعد بن ابی وقاص راوی ہے کہ جب یہ آیت (مباہلہ) نازل ہوئی حضور پاک نے جناب علی و فاطمہ اور حسنؑ و حسینؑ کو بلایا اور کہا اے خدایا یہ ہیں میری اہل بیت۔

تفسیر مظہری کی دوسری عبارت ملاحظہ ہو

وقد غدا رسول اللہ محتضنا الحسین اخذ بید الحسن و فاطمۃ تمشی خلفہ و علی خلفھا و ھو یقول اذ دعوت فامنوا فقال اسقف نجران یا معشر النصاری انی لاری وجوھا لو سئلوا اللہ ان

یزیل جبلاً عن مکانہ لازالہ فلا تبتھلو فتھلکوا ولا یبقی
علی وجہ الارض نصرانی الی یوم القیامۃ

ترجمہ: مباہلے کے روز پیغمبر نے شہزادہ حسینؑ کو بغل میں اٹھایا حسنؑ کو ہاتھ سے پکڑے ہوئے تھے جناب فاطمہ حضور کے پیچھے چل رہی تھیں اور علیؑ ان کے پیچھے چل رہے تھے حضورؐ پاک نے ان چار ہستیوں سے کہا جب میں دعا مانگوں تو آپ آمین کہنا نجران کے اسقف نامی شخص نے کہا اے گروہ نصاریٰ تحقیق میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں گر یہ خدا سے سوال کریں کہ اس پہاڑ کو اپنے مقام سے ہٹا دیجیے تو اللہ تعالیٰ پہاڑ کو ہٹا دے گا۔ لہٰذا ان سے مباہلہ نہ کرو ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے اور روئے زمین پر کوئی نصرانی قیامت تک کے لیے باقی نہیں رہے گا۔

نوٹ: مذکورہ آیت سے ثابت ہوا کہ جناب فاطمہ زہرا تمام عورتوں سے زیادہ فضیلت رکھتی ہیں کیوں کہ بی بی عالیہ مباہلہ کے میدان میں اپنے باپ کی نبوت اور اسلام کی سچائی کا گواہ بن کر گئیں ہیں اور داماد نبی حضرت علی اور آنجناب کے بیٹے امام حسنؑ اور امام حسینؑ بھی اسلام کی سچائی کے گواہ بن کر گئے ہیں پس یہ ہستیاں تمام لوگوں سے افضل ہیں بقول ہمارے اہل حدیث وہابی دوستوں کے کہ جناب عثمان بھی داماد رسول تھے بفرض محال اگر تھے تو نبی کریم ان کو بمع ان کی بیوی بچوں کے میدان مباہلہ میں کیوں نہ لے گئے کیا جناب عثمان اور ان کے اہل گھر خدا کو پیارے نہ تھے کیا ان کی دعا کے قبول ہونے کی امید نہ تھی۔

اعتراض

وقت مباہلہ وہ لڑکیاں وفات پا چکی تھیں جو جناب عثمان کی بیویاں تھیں۔

جواب:

اگر بیویاں وفات پا چکی تھیں تو جناب عثمان تو وفات نہیں پا چکے تھے جناب

عثمان نے مباہلہ کے بعد پچیس سال بعد وفات پائی ہے پس نبی کریم نے ان کو نظر انداز کیوں فرمایا۔ نیز مباہلہ تقریباً ص۸-۹ ہجری میں ہوا ہے اور سورۃ احزاب بھی اسی وقت نازل ہوئی ہے اور اسی سورہ کی آیت قل لازواجک وبناتک سے سنی بھائی دلیل لاتے ہیں کہ بنات جمع کا لفظ ہے جسے ثابت ہوتا ہے کہ حضور کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں۔ ہم عرض کرتے ہیں کہ آیت پردہ بھی ع۸-۹ میں نازل ہوئی ہے پس وہ لڑکیاں پردے کے حکم کو سننے کے لیئے تو زندہ تھیں اور مباہلہ میں جانے کے لیئے مردہ تھیں۔ یہ باریک بات کاش کہ سنی بھائی جناب عثمان غنی کے صدقے میں ہمیں سمجھا دیتے

چوتھی آیت حق ذی القربیٰ

وآت ذاالقربیٰ حقہ والمسکین وابن السبیل ولا تبذر تبذیرا ٥
پ۱۵ سورۃ اسریٰ آیت ص۲۶

ترجمہ (اے آل رسول) آپ دیں قرابت والے کو حق اس کا اور مسکین اور مسافر کو بھی اور مت بیجا خرچ کرنا۔

مذکورہ آیت جناب فاطمہؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب لباب النزول ص۱۲۷ سورۃ اسریٰ
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص۱۷۷
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص۳۷ پ۱۵ س بنی اسرائیل

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی صہ ۶۲ پ ۱۵ س بنی اسرائیل

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب کنزالعمال صہ ۱۵۸ حرف الہمزہ فی الاخلاق

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صہ ۱۱۹ باب ۳۹

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی صہ ۷۱

تفسیر در منثور کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابی سعید الخدری قال لما نزلت ھذہ الآیۃ وآت ذا القربیٰ

حقہ دعا رسول اللہ فاطمۃ فاعطاھا فدک

وعن ابن عباس قال لما نزلت وآت ذا القربیٰ

حقہ اقطع رسول اللہ فاطمۃ فدکا

ترجمہ: ابوسعید خدری اور ابن عباس راوی ہیں کہ جب یہ آیت " ات ذاالقربیٰ اتری تو نبی کریم نے اپنی بیٹی فاطمہ زہرا کو بلایا اور فدک کی زمین ان کو عطا فرمائی۔

نوٹ: مذکورہ آیت سے ثابت ہوا کہ جناب فاطمہ زہرا ہی اس آیت کا مصداق ہیں بالفرض نبی کریم کی اگر تین لڑکیاں اور بھی تھیں تو جس طرح حضور پاک نے اس آیت کے نزول کے وقت جناب فاطمہ کو فدک کی زمین عطا فرمائی تھی دوسری لڑکیوں کو کچھ کیوں نہ دیا کیا وہ لڑکیاں حضور کی بیٹیاں نہ تھیں اور یہ عذر کہ وہ اس آیت کے نازل ہونے کے وقت مرگئی تھیں درست نہیں ہے کیوں کہ آیت تطہیر کے نزول کے وقت بھی وہ مرگئی تھیں آیت مودت و آیت مباہلہ کے نزول کے وقت بھی مرگئی تھیں نیز اس آیت ذاالقربیٰ کے نازل ہونے کے وقت بھی وہ مرگئی تھیں اگر ہر فضیلت کے وقت سنی بھائیوں نے ان کا مرنا ہی ثابت کرنا ہے تو پھر یہ کیا ان کا وجود ہی دنیا میں نہیں تھا۔ اس آیت کی مزید تحقیق کے لیے ہماری کتاب جاگیر فدک ملاحظہ کریں۔

نوٹ: کتاب اہل سنت ینابیع المودت باب ۵ ص ۴۲ میں سنن البنائی کے
حوالہ سے جبیر کہتا ہے کہ میں اور جناب عثمان نبی پاک کے پاس آئے اور عرض کی کہ ہم
بھی تو بنی ہاشم سے کسی فضیلت میں کم نہیں ہیں آپ نے سہم
ذالقربیٰ سے ان کو حصہ دیا ہے اور ہم کو نہیں دیا حضور پاک نے فرمایا کہ بنو ہاشم نے
ہر زمانہ میں میرا ساتھ دیا ہے اور ہم آل محمدؐ صدقہ نہیں کھاتے۔ اس روایت سے معلوم
ہوا کہ جناب عثمان غنی حضور پاک کی نگاہ میں نہ ہی اس لائق تھے کہ ان کو سہم ذو القربیٰ دیا
جاتا اور نہ ہی وہ آل محمدؐ سے شمار ہوتے تھے۔

نوٹ: جو زمین فدک حضور پاک نے اپنی بیٹی زہرا کو عطا فرمائی تھی وہی زمین جناب
ابو بکر ~~رضی اللہ تعالیٰ عنہ~~ نے نبی کی بیٹی سے چھین لی تھی وہی زمین جس کا بخاری شریف میں
ثبوت موجود ہے۔ تفصیل ہم نے کتاب جاگیر فدک میں دی ہے نیز کتاب اہل سنت
مقتل الحسینؑ فصل ۵ ص ۷۷ میں لکھا ہے۔

عن الزهري عن عروة عن عائشة انها قالت لما بلغ
فاطمة ان ابابكر اظهر منعها فدكا لاثت خمارها على راسها
واشتملت بجلبابها واقبلت في لمة من حفدتها ونساء
قومها تطأ ذيولها ما تخرم مشية رسول الله حتى
دخلت على ابي بكر وهو في حشد من المهاجرين
والانصار وغيرهم فنيطت دونها ملاءة ثم انت انة اجهش لها
القوم بالبكاء ثم امهلت هنية حتى اذا سكنت فورتهم افتتحت كلامها بحمد الله والثناء

ترجمہ: جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ جناب فاطمہ کو معلوم ہوا کہ حضرت ابو بکر نے
فاطمہ کو فدک نہ دینے کا اعلان کر دیا ہے تو بی بی عالیہ نے سر پہ چادر اوڑھی اور
برقعہ پہنا اور بنی ہاشم کی عورتوں کی ایک جماعت کو ہمراہ لیا۔ بی بی عالیہ کی رفتار نبی کریم
کے مشابہ تھی جناب فاطمہ حضرت ابو بکر کے پاس تشریف لائیں اور وہ مہاجرین و انصار

کے گھر میں موجود تھے بی بی عالیہ اور ابو بکر کے درمیان پردہ بنایا گیا۔

جناب فاطمہ زہرا کلام شروع کرنے سے پہلے رو پڑی اور بی بی کے رونے سے تمام اصحاب رو پڑے۔ تھوڑے وقفے کے بعد بی بی نے وہ خطبہ ارشاد فرمایا اور اپنا حق ثابت کرنے کے لیے قرآن و سنت سے ثبوت پیش کیا اور جناب ابوبکر کوئی صحیح جواب نہ دے سکے

پانچویں آیت

حضرت علیؑ اور جناب فاطمہؑ کے گھر کی عظمت

فی بیوت اذن اللہ ان ترفع ویذکر فیھا اسمہ یسبح لہ فیھا بالغدو والاصال رجال

پ ۱۸ سورۃ النور آیت ۳۶

ترجمہ: (وہ نور کی قندیلیں) ان گھروں میں روشن ہیں (جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ ان کی تعظیم کی جائے اور ان گھروں میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے ان گھروں میں صبح و شام لوگ اللہ کی تسبیح پڑھتے ہیں۔

مذکورہ آیت حضرت علیؑ اور جناب فاطمہؑ کے گھر کی تعظیم کے بارے میں اُتری ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور صفحہ ۵۰ جلد ۵ سورۃ النور

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب

(۳)

(۴)

(۵)

(۶)

تفسیر در منثور کی عبارت ملاحظہ ہو

عن انس بن مالک قال قرأ رسول اللہ ھذہ الآیۃ فقام الیہ رجل فقال ای بیوت ھذہ یا رسول اللہ قال بیوت الانبیاء فقام ابوبکر فقال یا رسول اللہ ھذا البیت منہا ای البیت علیؑ و فاطمۃ قال نعم من افاضلہا

ترجمہ: نبی کریم نے مذکورہ آیت کو پڑھا انس کہتا ہے کہ آدمی کھڑا ہو گیا اور اس نے رسول اللہؐ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ جن گھروں کی تعظیم کا حکم ہے وہ کون سے گھر ہیں نبی کریم نے فرمایا وہ انبیاء کے گھر ہیں۔

پھر ابوبکر کھڑا ہو گیا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ کیا یہ گھر بھی اُن واجب التعظیم گھروں میں سے ہے یعنی علیؑ و فاطمہؑ کا گھر تو نبیؐ پاک نے فرمایا ہاں بلکہ یہ تو ان افضل گھروں میں سے ایک ہے۔

نوٹ: اس آیت سے ثابت ہوا کہ نبی کریمؐ کی بیٹی فاطمہؑ زہرا اور نبی پاک کے داماد جناب امیر کا گھر نبیوں کے گھر کی مانند ہے بلکہ فضیلت میں ان سے زیادہ ہے اور قرآن حدیث میں اس چیز کا ثبوت بالکل نہیں ملتا کہ جناب عثمان کا گھر بھی فضیلت میں نبیوں کے گھر کی مثل ہے۔

اگر جناب عثمان بھی داماد رسول تھے تو ان کے گھر کی فضیلت کو قرآن پاک یا حدیث رسول میں کیوں بیان نہیں کیا گیا - تعجب کی بات ہے کہ جس گھر میں نبی کریم کی ایک بیٹی تھیں اس میں فرشتہ آکر چکی چلاتے تھے حضور پاک اس کے دروازے پر کھڑے ہو کر اجازت طلب کر کے امت کو اس کی شان دکھاتے تھے اور وقت نماز اس کے در پہ آیت تطہیر کی تلاوت کرتے تھے۔

سفر سے واپسی پر سب سے پہلے اس گھر میں آتے تھے - لیکن بقول ہمارے اہل حدیث وہابیوں کے جناب عثمان کے گھر نبی کی دو بیٹیاں تھیں بالفرض اگر تھیں تو ہمیں قرآن و حدیث میں ان کے گھر کی کوئی شان دکھائے - ہمیں کوئی ضد نہیں ہے - اللہ و رسول کے فرمان کے سامنے ہمارا سر جھکا ہوا ہے لیکن ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہم نے دیانت داری سے قرآن و حدیث کو پڑھا ہے اور جناب عثمان اور ان کی بیویوں کی کہیں بھی ہمیں شان نظر نہیں آتی -

نوٹ : جو فیصلہ وہابی لوگ، علماء اہل سنت کے بارے کرتے ہیں ذرا ابوبکر کے بارے میں بھی کر کے دیکھیں کیوں کہ ابوبکر نے بہت بڑی غلطی کی ہے عثمان صاحب کے گھر کے بارے میں حضور پاک سے سوال نہیں کیا دراصل ابوبکر ان کو داماد نبی نہیں مانتا تھا -

مثل مشہور ہے کہ احمق ریش راست کند و عاقل محاسن کہ بے وقوف داڑھی کو سنوارتا ہے اور عاقل کو خوبیوں کی فکر ہوتی ہے - وہابی دوستوں کو داڑھی اور بنو امیہ کے مظالم کی صفائی کی ہر وقت فکر لگی رہتی اور یہ لوگ بنو امیہ کے ظلم پر جھوٹی رشتہ داریوں کا پردہ ڈالنا چاہتے ہیں لیکن تاریخ گواہ ہے کہ عثمان کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے لیکن ان کا خیال یہ ہے کہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بھی بڑا ہے -

چھٹی آیت

جناب فاطمہؑ اور حضرت علیؑ کے صدقے میں حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی

فتلقی آدم من ربہ کلمات فتاب علیہ انہ، ھو التواب الرحیم

پ۱ سورۃ البقرہ آیت ۳۷

ترجمہ: آدم نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھے پس ان کی برکت سے آدم کی توبہ قبول ہوئی۔ تحقیق اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا اور مہربان ہے ۔

کلمات سے مراد پنجتن پاکؑ کے نام ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۱۶ ج۱ مطبوعہ مصر

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ ص ۹۷ باب ۲۴

ینابیع المودۃ کی عبارت ملاحظہ ہو

قال سألت جعفر الصادق علیہ السلام عن قول عزّ وجلّ واذا ابتلی ابراہیم ربہ بکلمات الایۃ قال ھی الکلمات التی تلقاھا آدم من ربہ فتاب علیہ وکان انہ قال یا رب

أسألك بحق محمد وعلي وفاطمة والحسن والحسين إلا تبت
علي فتاب الله عليه انه هو التواب الرحيم فقلت يا ابن
رسول الله فما يعني بقوله فأتمهن قال يعني
أتمهن إلى القائم المهدي اثنا عشر اماما تسعة من
من ولد الحسين۔

ترجمہ (ملخص)

راوی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ کون سے کلمات تھے جن کے
ذریعے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم نبی کو آزمایا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا یہ وہی کلمات تھے جو آدم
کو رب کی طرف سے ملے تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملے تھے اور اللہ نے اس کی توبہ قبول
کی تھی جناب آدم نے عرض کی تھی اے رب میں جناب محمدؐ اور حضرت علیؑ و فاطمہؑ اور
حسنؑ و حسینؑ کے حق کا واسطہ دیتا ہوں کہ تو میری توبہ قبول کر پس اللہ نے توبہ قبول کی۔

نوٹ: اس آیت سے ثابت ہوا کہ نبی پاک کی بیٹی فاطمہ زہرا اور حضور پاک
کے داماد جناب علی علیہ السلام اور ان کی پاک اولاد وہ ہستیاں ہیں کہ
جن کے مبارک ناموں کو خدا کے نبیؑ وقت مصیبت اللہ تعالیٰ کے دربار میں وسیلہ بناتے
تھے۔ پس معلوم ہوا کہ جناب فاطمہ اور جناب امیر وہ پاک ہستیاں ہیں جو انبیاء سے سوائے
پیغمبر اسلام کے افضل ہیں اور یہ شرف ان کو خدا نے دیا ہے دنیا ہوں کی مخالفت سے اسے
کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

بقول ہمارے اہل حدیث دوستوں کے جناب عثمان داماد نبی تھے۔ بالفرض اگر
تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کی بیویوں کو وہ شرف کیوں نہیں دیا جو حضرت فاطمہؑ اور
جناب امیر کو عطا فرمایا ہے۔

جناب عثمان سے ہمیں کوئی ضد نہیں ہے ہم مانتے ہیں کہ وہ دنیا میں اسی طرح

ایک بادشاہ تھے جس طرح آج کل مسلمان بادشاہ یا صدر ہیں۔ جس طرح آج کے بادشاہ اللہ تعالیٰ کے نمائندہ نہیں ہیں بلکہ پارٹی کی مدد سے حکومت حاصل کرتے ہیں اجناب عثمان بھی اپنی پارٹی کی مدد سے حکومت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے اور مولا علی علیہ السلام کی امامت وخلافت اس طرح تھی جس طرح ہمارے نبی کی نبوت ورسالت تھی۔ ہمارے نبی کو کسی پارٹی نے نبی نہیں بنایا بلکہ اللہ نے نبوت ورسالت عطا فرمائی تھی اسی طرح امیر المومنین امام علی بن ابی طالب کو بھی کسی پارٹی نے امام وولی اللہ نہیں بنایا بلکہ امامت کا تاج خدا نے ان کے سر پر رکھا ہے

اعتراض:

اگر حضرت علی امام تھے تو تمام دنیا نے ان کو امام حق کیوں نہ مانا۔

جواب:

ہم مسلمانوں کا خدا برحق ہے پس اس کو تمام لوگوں نے کیوں نہیں تسلیم کیا۔ روس انڈیا۔ چین۔ جاپان والے تو ہمارے خدا کا مذاق اڑاتے ہیں اور ہمارا خدا اتنی طاقت والا ہونے کے باوجود ان کافروں کے سامنے چپ ہے اہل حدیث بھائیو بولو کیا خدا تعالیٰ ڈر گیا ہے۔ چین اور رشیا کے مقابلہ میں معاذ اللہ بزدل پڑ گیا ہے کوریا۔ جرمنی۔ میں جاکر خدا تعالیٰ کی بے بسی دیکھو اور پھر ہمارے مولا کی امامت پر اعتراض کرنا۔

ع۲ وہابی اہل حدیث مظلوم شیعوں پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اگر علی مولا مدد کرتا ہے تو کربلا میں اپنی اولاد کی مدد کیوں نہ کی، ان کی اولاد کو دشمن نے بھوکا پیاسا شہید کر دیا اور ہم وہابیوں سے یہ سوال کرتے ہیں کہ بقول ان کے صرف خدا مدد کرتا ہے کیا جب عثمان صاحب کو دشمن نے کئی دن گھیرے میں رکھا تھا تو آپ کے عثمان صاحب کا خدا پر ایمان تھا یا نہیں اگر تھا تو خدا کو مدد کے لیے پکارا تھا یا نہیں اگر نہیں

پکارا تو معلوم ہوا کہ ان کا خدا پر ایمان نہیں تھا کیوں کہ ہر مومن وقت مصیبت خدا تعالیٰ سے فریاد کرتا ہے اور اگر عثمان نے خدا کو پکارا ہے اور خدا مدد کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے تو پھر حضرت عثمان کی مدد کیوں نہ کی معلوم ہوا دہابیوں کا خدا یا تو حضرت عثمان سے ناراض تھا یا قاتلان عثمان سے ڈر گیا تھا اگر عثمان داماد نبی تھا تو مدینہ کے لوگوں نے ان کی دامادی کا حیا کیوں نہ کیا اصحاب نبی کیا فوج یزید کی طرح بے حیا ہو گئے تھے۔ خلاصہ عثمان کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے معاویہ کبیر کی سازش ہے اور وہابیوں کی وکالت بے کار ہے۔

ساتویں آیت
جناب فاطمہؑ اور حضرت علیؑ دو دریائے عصمت و طہارت ہیں

مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیَانِ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَ الْمَرْجَانُ پ۲۷ سورۃ الرحمان

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے دو دریا بنائے جو آپس میں ملتے ہیں ان کے درمیان ایک حد ہے جس کی بدولت یہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے تم دونوں اے جن و انس اللہ تعالیٰ کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے ان دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں

نوٹ:

اس آیت کی تشریح معہ حوالہ جات جناب سیدہ کی شادی کے بیان میں ملاحظہ فرمائیں۔

آٹھویں آیت

جناب سیدہؑ کی شادی کا تذکرہ

وَھُوَ الذی خلق من الماء بشرا فجعلہ نسبا وصہرا وکان

ربک قدیرا   پ ۱۹ س الفرقان ایت ۵۴

ترجمہ: اللہ وہ ذات ہے جس نے پانی سے آدمی کو پیدا کیا پھر اس کو رشتے والا اور سسرال والا بنایا اور تمہارا رب ہر شے پر قادر ہے۔

نوٹ: اس آیت کے حوالہ جات بھی جناب سیدہؑ کی شادی کے ذکر میں ملاحظہ کریں

نانویں آیت   نزولِ ھل اتیٰ

ان الابرار یشربون من کاس کان مزاجہا کافورا ۔ ۔ ۔

ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا ۔ ۔ ۔

لا نرید منکم جزاءً ولا شکورا ۔ ۔ ۔ ان ھذا کان لکم جزاءً وکان

سعیکم مشکورا ۔   پ ۲۹ س الدھر

ترجمہ: خود ہی کسی مترجم قرآن سے ملاحظہ فرمائیں

سورۃ دھر کی مذکورہ آیات جناب فاطمہؑ اور حضرت علیؑ کی شان میں اتری

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب صـ۲۴۵ باب مـ۹۷

(۲) اہل سنت کی معتبر تذکرہ خواص الامہ صـ۱۷۶ باب مـ۱۱

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی صـ۱۹۰ فـ۱۷

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب

کفایۃ الطالب کی عبارت کا ترجمہ ملاحظہ ہو

نوٹ: چونکہ عبارت طولانی ہے اس لیے اختصار کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم فقط اس کے ترجمہ پر ہی اکتفا کر رہے ہیں۔

ترجمہ: ایک مرتبہ حضرت امام حسنؑ اور امام حسینؑ اپنی کم سنی میں بیمار ہوئے جناب امیرؑ نے یہ منت مانی کہ جب بچوں کو اللہ تعالیٰ نے شفا دی تو میں شکرانہ کے تین روزے رکھوں گا۔ جناب زہراؑ اور حضرت فضہ نے بھی یہی منت مانی جب اللہ تعالیٰ نے بچوں کو شفا دی تو جناب امیرؑ ایک یہودی سے مزدوری کے عوض کچھ جو لائے۔ جناب فضہ نے ان میں سے کچھ پیس کر پانچ روٹیاں تیار کیں جناب امیرؑ نبی کریمؐ کے ساتھ نماز پڑھ کر واپس آئے تاکہ پہلا روزہ افطار کریں۔ جب روزہ افطار کرنے کے لیے یہ سب ہستیاں بیٹھیں تو دروازے سے آواز آئی کہ

"یا اہل بیت محمدؐ مسکین من مساکین المسلمین علی بابکم"

اے اہل بیت محمدؐ ایک مسکین آپ کے دروازے پر ہے مجھے کھانا کھلاؤ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا معاوضہ جنت میں دے گا۔

مسکین کی آواز سن کر جناب امیرؑ، حضرت فاطمہؑ اور شہزادہ حسنؑ و حسینؑ نے

کھانے سے ہاتھ روک لیا اور تمام کھانا مسکین کو دے دیا خود رات کو بھوکے سوئے دوسرے دن دوسرا روزہ رکھا اور جناب فضہ نے اس آٹے سے پھر پانچ روٹیاں تیار کیں جب یہ ہستیاں روزہ افطار کرنے کے لیے بیٹھیں تو پھر دروازے سے آواز آئی کہ

" یا اہل بیت محمدؐ یتیم علیٰ بابکم "

اے اہل بیت محمدؐ ایک یتیم تمھارے دروازے پر ہے مجھے کھانا کھلاؤ اللہ اس کے عوض تمھیں جنت میں دے گا۔ آواز سن کر اہل بیت نے کھانے سے ہاتھ روک لیے اور تمام کھانا یتیم کو دے دیا۔ خود رات کو بھوکے سوئے تیسرے دن پھر روزہ رکھا شام کے وقت افطاری کے لیے بیٹھے پھر دروازے سے آواز آئی کہ

" یا اہل بیت محمدؐ اسیر علی الباب "

اے اہل بیت محمدؐ ایک قیدی تمھارے دروازے پر ہے مجھے کھانا کھلاؤ اللہ اس کا اجر تمھیں جنت میں دے گا آواز سن کر اہل بیت نے کھانے سے ہاتھ روک لیے اور تمام کھانا قیدی کو دے دیا اور رات کو بھوکے سوئے اہل بیت نبوت نے جب اپنی منت پوری کر لی تو اس کے بعد مذکورہ آیات سورۃ دہر کی اہل بیت کی شان میں نازل ہوئیں۔ علماء نے لکھا ہے کہ پہلا سائل جبریل تھا اور دوسرا میکائیل تھا اور تیسرا اسرافیل تھا

نوٹ مذکورہ آیات سے ثابت ہوا کہ جناب فاطمہ اور جناب امیر اور ان کی پاک اولاد اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں بڑی عزت والے تھے ان کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں تین روٹیاں دے دینا خدا کو اتنا پسند آیا کہ ان کی شان میں سورہ نازل فرمایا۔

جناب عثمان کا ایک لقب غنی بھی ہے غنی کا معنی ہے دولت مند سرمایہ دار بعض لوگ غریب عوام کا خون چوس چوس کر غنی بنتے ہیں نامعلوم جناب عثمان سرمایہ دار کس طرح بنے تھے۔ اس کی تحقیق تو ہمارے دوست اہل حدیث وہابی پیش فرمائیں گے ہم تو باادب اتنا عرض کرتے ہیں کہ جناب عثمان نے اگر کچھ اللہ کی راہ میں خرچ

کیا ہے تو اس کے قبول ہونے کی سند ان کو قرآن پاک میں نہیں ملی اگر میں غلط بیانی سے کام لے رہا ہوں تو کوئی عالم میرے خلاف کوئی آیت قرآن پیش فرمائے بندہ تابع دار ہے جناب عثمان اسی طرح دولت مند ہوں گے جس طرح آج کل سعودیہ کے حکمران سرمایہ دار ہیں اور سعودیہ کے حکمران خواہ جتنی دولت بھی رکھتے ہیں خدا کی طرف سے حکمران نہیں بن گئے۔ نیز دولت کی وجہ سے سعودیہ کے شہر ریاض میں جو کچھ گلشن اسلام میں بہار ہے خود اہل حدیث بھائیوں کو معلوم ہے سرمایہ دار ہونا اور بات ہے اور اللہ تعالیٰ کا نمائندہ ہونا اور بات ہے

دسویں آیت

دعوت ذوالعشیرہ اور جناب فاطمہ زہرا

ثبوت ملاحظہ ہو۔

وانذر عشیرتک الاقربین واخفض جناحک لمن اتبعک من المومنین

پ ۱۹ سورۃ شعراء آیت ۲۱۵، ۲۱۶

ترجمہ (اے رسول) تو اپنے قریبی رشتہ داروں کو انذار فرما اور جھکا دے اپنا پر ان کے لیے جو تیری پیروی کرتے ہیں مومنین میں سے

دعوت ذوالعشیرہ میں جناب فاطمہ کی شمولیت

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۱۱۲ پ ۶ کتاب التفسیر سورۃ شعراء

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ ص۸

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب

عن ابی ھریرہ قال قام رسول اللہ حین انزل اللہ وانذر عشیرتک الاقربین قال یامعشر قریش او کلمۃ نحوھا اشتروا انفسکم لا اغنی عنکم من اللہ شیئا یا بنی عبد مناف لا اغنی عنکم من اللہ شیئا یا عباس بن عبد المطلب لا اغنی عنک من اللہ شیئا یا صفیۃ عمۃ رسول اللہ لا اغنی عنک من اللہ شیئا یا فاطمۃ بنت محمدؐ سلینی ماشئت من مالی لا اغنی عنک من اللہ شیئا

ترجمہ: ابوہریرہ کہتا ہے کہ جب مذکورہ آیت نازل ہوئی تو حضور نے فرمایا اے گروہ قریش، اللہ کی راہ میں بیچ دو اپنی جانوں کو بغیر نیک عمل کے میں تمھیں اللہ سے کسی شئے کا فائدہ نہیں پہنچا سکتا اے بنی عبد مناف اے عباس بن عبد المطلب اے صفیہ رسول اللہؐ کی پھوپھی بغیر نیک عمل کے میں آپ کو اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا، اے فاطمہ محمد کی بیٹیؑ میرے مال سے جو چاہے مانگ لے میں بغیر نیک عمل کے آپ کو بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔

نوٹ: مذکورہ آیت و روایت سے معلوم ہوا کہ جناب فاطمہ زہراؑ ان لوگوں سے ہیں جو حضور پاک کے زیادہ قریب تھے اولاد سے زیادہ قریبی اور کون ہو سکتا ہے۔

مرتبہ اولاد میں دعوت ذوالعشیرہ کے وقت صرف جناب فاطمہؑ کا نظر آنا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ حضور پاک کی حقیقی بیٹی صرف فاطمہؑ زہرا ہے بقول ہمارے اہل حدیث وہابی دوستوں کے نبی پاک کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں اور جناب فاطمہؑ سے بڑی تھیں تو دعوت ذوالعشیرہ میں صرف جناب فاطمہ کیوں نظر آتی ہے۔ دوسری

لڑکیوں کی غیر حاضری کی وجہ کیا ہے۔

عثمان صاحب کا نکاح رقیہ سے زمانہ کفر میں ہوا ہے پس اگر عثمان اور ان کی بیویاں نبی پاک کے نزدیکی رشتہ دار تھے تو ان کو بھی حضور پاک دعوت ذوالعشیرہ کے موقع پر ضرور یاد فرماتے۔

تعجب کی بات ہے کہ نبی کریم نابالغ بچی کو توحید کا پیغام سناتے ہیں لیکن بالغ لڑکیاں جو شادی شدہ ہیں ان کو نہیں سناتے اور یہ عذر کہ وہ اپنے گھروں میں آباد تھیں۔ باطل ہے کیونکہ عباس اور صفیہ بھی تو اپنے گھروں میں آباد تھے اہل حدیث وہابی دوستوں سے گزارش ہے کہ مثل مشہور ہے کہ نانی خصم کیتا تے دوہترے نو چٹی، حکومت بنو امیہ کر گئے ہیں اور اب شامت آپ کی آگئی ہے ان کی برائیوں اور مظالم پر پردہ ڈالنے کی ذمہ داری آپ کے سر پر آگئی ہے۔ شجرہ ملعونہ بنوزرقا و اولاد امیہ کی خلافت کے باطل ہونے کا اگر وہابی اقرار کریں تو اس میں ان کی بھلائی ہے کیونکہ ظالم کی وکالت کا صلہ بغیر پھٹکار کے کچھ نہیں ہے۔

ارباب انصاف جناب فاطمہ زہرا کے چند فضائل آپ کے سامنے پیش کیے ہیں اور بی بی کے وہ حالات ذکر کیے ہیں جن میں باپ کے تعلقات اولاد سے ظاہر ہوتے جناب فاطمہ کے علاوہ جن لڑکیوں کو اولاد رسول مشہور کیا گیا ہے ان لڑکیوں کو نبی کریم نے ہر مقام شرف میں نظر انداز کیا ہے اور ان کے ساتھ وہ سلوک نہیں کیا جو سلوک ایک مہربان باپ اولاد سے کرتا ہے کم سن بچی کوئی غیور باپ ایسے شخص کو نہیں دیتا جو کافر اور اس کا دشمن ہو۔ ان لڑکیوں کا کفار سے نکاح اور نبی کا کفار کے دین کا دشمن ہونا۔ اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ وہ لڑکیاں نبی پاک کی حقیقی نہ تھیں باقی رہا یہ سوال کہ اگر وہ حضور کی پالتو تھیں تو آنجناب نے ان کے رشتے کفار کے ساتھ کیوں کیے رہتے۔ گزارش ہے کہ ہم نے کب کہا ہے کہ ان کے رشتے نبی پاک

نے کئے تھے ہم توصرف یہ کہنا چاہتے ہیں کہ نبی کریم ان کے شرعی ولی اور سرپرست نہ تھے تاکہ کسی قسم کی ذمہ داری حضور پاک کے اوپر نہ آئے۔ باقی جو رام کہانی ان لڑکیوں کے بارے میں تاریخ میں لکھی ہے اس پر عقیدہ رکھنا ہمارے لیے ضروری نہیں اور اس کی صحیح تحقیق بھی ہمارے لیئے ضروری نہیں ہے تاریخ اسلام کی خرابی کی ذمہ داری عمر اور ابوبکر وعثمان پر ہے بقول وہابیوں کے تاریخ اسلام کو یہودیوں اور سبائیوں نے خراب کیا ہے ہم کہتے ہیں کہ ابوبکر عمر وعثمان نے اپنی سرپرستی میں صحیح تاریخ اسلام کیوں نہ لکھوائی۔

وہابیوں کے مرشد ابن تیمیہ اور ابن کثیر نبی کریم کے کئی سو سال بعد پیدا ہوئے ہیں نہ یہ لوگ صحابہ ہیں اور نہ تابعین اسلام کی سچائی کا ان کو معیار قرار دینا بے انصافی ہے اور یہ دونوں تو دشمن اسلام بنو امیہ کے عقیدت مند ہیں اموی حکمران جن کی راتیں شراب، کباب اور زنا میں گزرتی تھیں اور دن خلق خدا پر ظلم کرنے میں گزرتے تھے ان کی تو یہ صفائیاں پیش کرتے ہیں اور آل رسول جو طہارت وصداقت کے تاجدار تھے فضائل ومناقب کے بادشاہ تھے۔ خدائی نمائندہ تھے۔ ان کی ہر فضیلت کو ضعیف کہہ کر ٹھکراتے ہیں اور سلاطین جن کے نسب مشکوک اور کردار داغ دار ہیں ان کے فضائل کے یہ لوگ گیت گاتے ہیں، بقول وہابیوں کے طبری دالا شیعہ ہے ہم کہتے ہیں کہ ابن تیمیہ اور ابن کثیر خارجی اور ناصبی ہیں۔

ارباب انصاف چونکہ اس رسالہ کا اختصار بھی مدنظر ہے اب ہم آپکے سامنے وہ چند دلیلیں پیش کرتے ہیں جن سے عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا بالکل سفید جھوٹ ثابت ہوتا ہے۔

درج ذیل دلیلوں کی روشنی میں عثمان کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے

دلیل اول

اسلام نے مشرک و کافر مرد کو رشتہ دینا اور مشرکہ و کافرہ عورت کا رشتہ لینا ممنوع قرار دیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

ولا تنکحوا المشرکات حتی یؤمن ولامۃ مؤمنۃ خیر من مشرکۃ و
لو اعجبتکم ولا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا ولعبد مومن خیر من
مشرک و لو اعجبکم۔

پ۲ سورۃ البقرہ آیت نمبر ۲۲۱

ترجمہ: اے مسلمانو! مشرک عورتیں جب تک ایمان نہ لائیں ان سے نکاح نہ کرو
البتہ وہ عورت جو کنیز ہے اور مومنہ ہے وہ بہتر ہے مشرکہ عورت سے اگرچہ وہ مشرکہ
عورت تمہیں اچھی ہی کیوں نہ لگے اور تم مشرکین مردوں کو رشتہ نہ دو جب تک کہ وہ

ایمان نہ لائیں وہ مرد جو غلام ہے اور مومن ہے وہ بہتر ہے مشرک مرد سے اگرچہ وہ مشرک تمہیں اچھا ہی کیوں نہ لگے۔

نوٹ: تمام اہل اسلام کا اس مسئلہ پر اتفاق ہے کہ نبی کریم نے اعلان نبوت سے پہلے کوئی ایسا کام نہیں فرمایا جسے بعد میں قرآن پاک کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔ مثلاً چوری۔ ڈاکہ۔ جوا۔ شراب پینا۔ یا دوسرے اخلاقی گناہ میں سے حضور پاک نے کوئی گناہ نہیں فرمایا اور عقل کا بھی یہی فیصلہ ہے کہ ہر نبی کو ایسا کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے جسے بعد میں اُسے خود ۔۔۔ بحکم خدا لوگوں کو روکنا ہو کیونکہ جو شخص برے کام کرتا ہے اس کے کردار سے عقلمند لوگ نفرت کرتے ہیں اور جس کے کردار سے لوگ نفرت کر چکے ہوں اس کو بعد میں کوئی اللہ کا پاکیزہ نبی نہیں مانے گا کافروں کو اپنی لڑکی دینے سے اللہ پاک نے منع فرمایا ہے دوسرے پارہ سے ایک آیت قرآن ثبوت میں پیش کر چکا ہوں اور جس بات سے اللہ پاک منع کرے وہ بات بری ہوتی ہے۔ پس کافروں کو بیٹی دینا بری بات ہے۔

کوئی بھی بری بات ہو کسی نبی نے اعلان نبوت سے پہلے وہ برا کام نہیں فرمایا اور چونکہ کافروں کو بیٹی کا رشتہ دینا برا کام ہے لہٰذا یہ کام کسی بھی نبی نے نہیں فرمایا اور جب یہ برائی چھوٹے چھوٹے نبیوں نے نہیں کی تو تمام نبیوں کے سردار کے بارے میں کیسے کوئی مان سکتا ہے کہ انھوں نے اپنی لڑکی کا رشتہ کسی کافر کو دیا ہوگا۔

ارباب انصاف جب آپ میری مذکورہ گذارش کو پڑھ چکے ہیں تو میں ایک گذارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ جن لڑکیوں کے بارے میں جھگڑا ہے کہ وہابی اہل حدیث کا عقیدہ و ایمان ہے کہ وہ نبی پاک کی اپنی لڑکیاں تھیں اور شیعہ بھائیوں کا عقیدہ ہے کہ وہ حضور کی پالتو تھیں۔

ان لڑکیوں کے بارے تاریخ اسلام نے ایک یہ پریشانی بھی مسلمانوں کے

سرڈال دی ہے کہ ابتداء میں وہ تین لڑکیاں، زینب۔ رقیہ۔ ام کلثوم ان تین کافروں سے بیاہی گئیں تھیں۔ زینب ابو العاص سے رقیہ علتبہ سے اور ام کلثوم عتیبہ سے چونکہ کفار کو بیٹی دینا گناہ ہے اور شیعوں کے نزدیک نبی پاک ہر گناہ سے پاک ہیں اگر وہ لڑکیاں حضور کی اپنی تھیں تو لازم آیا کہ معاذاللہ نبی پاک گناہ گار تھے۔ اور تاریخ نے یہ بھی بتایا ہے کہ وہ لڑکیاں حضور پاک کی بیوی خدیجہ کی پالتو تھیں اس صورت میں حضور کی عزت پر کوئی حرف نہیں آتا پس شیعہ لوگ نبی پاک کی عصمت کی حفاظت کی خاطر یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ لڑکیاں نبی پاک کی اپنی نہ تھیں خدیجہ کی پالتو تھیں اور اس عقیدہ کے صحیح ہونے پر شیعہ بھائی قرآن وحدیث اور عقل و تاریخ سے ثبوت بھی رکھتے ہیں۔ اور چونکہ اہل حدیث وہابی بھائی نبی پاک کو ہر گناہ سے پاک نہیں مانتے جیسا کہ محدث دہلوی کے تحفہ میں میرے دعویٰ کا ثبوت موجود ہے۔ پس اگر وہ ان لڑکیوں کو حضور پاک کی اپنی لڑکیاں مان لیں تو ان کو کوئی فرق نہیں پڑتا کیوں کہ وہ جس طرح دوسرے چھوٹے چھوٹے گناہ نبی پاک کے لیئے جائز جانتے ہیں ان میں یہ گناہ بھی سما جاتا ہے۔ نیز ان لڑکیوں میں سے دو لڑکیوں کی وجہ سے عثمان کی . ان کے عقیدہ میں کچھ تھوڑی سی فضیلت بن جاتی ہے اگرچہ نبی کریم کی پاکیزگی پر حرف آتا ہے۔ لیکن ہمارے اہل حدیث دوستوں نے نبی کریم کی عصمت کا جناب عثمان کی فضیلت کی خاطر کوئی خیال نہیں فرمایا اور ان کے بارے میں یہ عقیدہ رکھ لیا کہ حضور کی اپنی لڑکیاں تھیں۔

اور شیعہ جس مجبوری کی وجہ سے ان کو نبی پاک کی اپنی لڑکیاں نہیں مانتے وہ نبی پاک کی عصمت کی حفاظت ہے اور دوبارہ شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ بالفرض اگر ان کو نبی کی اپنی لڑکیاں مان بھی لیا جائے تو ان لڑکیوں کی کوئی فضیلت نہیں ہے چونکہ وہ تو کفار کے ساتھ بیاہی گئی تھیں اور جو عورت کافر کی بیوی رہ سکتی ہے

طلاق کے بعد اگر کسی مسلمان کی بیوی بن جائے تو اس مسلمان کے لیے کوئی فضیلت نہیں ہے۔

تیسری بار شیعہ پھر یہ کہتے ہیں کہ بفرض محال وہ لڑکیاں حضور کی اپنی بھی تھیں اور جناب عثمان کے نکاح میں آئی تھیں تو بھی جناب عثمان کے لیے کوئی فضیلت نہیں ہے کیوں کہ جناب عثمان کا رشتہ نبی پاک کے ساتھ داماد والا ہوا اور قابیل کا رشتہ آدم نبی سے اور یوسف کے بھائیوں کا رشتہ یعقوب نبی سے اولاد والا تھا۔ یا نوح کے بیٹے کا رشتہ نوح سے بھی اولاد والا تھا اور یہاں یہ رشتے کوئی فائدہ نہیں دیتے حالانکہ خونی رشتہ ہیں۔ پس جناب عثمان کے بعض کاموں پر شیعوں کو اعتراض ہے جس کی وجہ سے نبی کریم کے ساتھ ان کو داماد والا رشتہ کوئی فائدہ نہیں دے گا۔

رقیہ اور ام کلثوم جنہیں بقول اہلسنت نبی کی بیٹیاں فرض کیا گیا ہے۔ ان کے نکاح جناب عثمان صاحب سے پہلے عتبہ اور عتیبہ (دو کافر مردوں) سے ہوئے تھے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب الطبقات الکبریٰ ص ۳۶ ج ۸

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ ص ۲۹۷/۴

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ص ۱۱۳/۷ ص ۳۸۴/۴

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب ص ۲۹۲/۴

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص ۲۷۴/۱

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب البدایہ والنہایہ ص ۳۰۸

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت ابن ہشام ص ۶۵۲/۲ مطبوعہ مصر

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب المواہب اللدنیہ ص ۴۵/۱

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر ص ۱۳۰

(۱۰) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص ۴۰۹ سورۃ تبت

(۱۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی پ ۳۰ سورہ تبت

(۱۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ ص ۱۶۲ قسم دوم باب اول فصل پنجم

(۱۳) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار ص ۸۳

(۱۴) اہل سنت کی معتبر کتاب اسعاف الراغبین ص ۸۴

(۱۵) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ ص ۱۷۲ باب ۱۱

(۱۶) اہل سنت کی معتبر کتاب المعارف لابن قتیبہ ص ۵۵ ص ۶۲

(۱۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ ص ۴۵۸ مطبوعہ نولکشور

(۱۸) اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوۃ ص ۸۲ رکن چہارم

(۱۹) اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب ص ۶۴

(۲۰) اہل سنت کی معتبر کتاب حبیب السیر ص ۹۰/۱ جزو سوم

اُسد الغابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

وکان رسول اللہ قد زوّج ابنتہ رقیتہ من عتبۃ بن ابی لھب

وزوّج اختھا امّ کلثوم عتیبۃ بن ابی لھب فلمّا نزلت سورۃ تبّت

قال لھما ابوھما ابولھب وامّھما امّ جمیل بنت حرب بن

امیۃ حمالۃ الحطب فارقا ابنتی محمدؐ ففارقاھما قبل ان یدخل

بھما کرامۃ من اللہ تعالیٰ لھما وھوانا لابنی ابی لھب

فتزوّج عثمان بن عفان رقیتہ بمکۃ وھاجرت معہ الی

الحبشۃ ... الی آخرہ

ترجمہ: نبی پاک نے رقیہ کی شادی عتبہ بن ابی لھب کافر سے اور رقیہ کی بہن ام کلثوم کی عتیبہ بن ابی لھب کافر سے کی تھی پس جب (ابولہب کی مذمت میں) سورۃ تبت نازل ہوئی تو عتبہ اور عتیبہ سے ان کے باپ ابولہب اور ان کی ماں ام جمیل نے کہا محمد کی دونوں بیٹیوں کو جدا کردو (یعنی طلاق دو) پس ان دونوں نے ان کے ساتھ دخول کرنے سے پہلے ان دونوں کو طلاق دی یہ چیز رقیہ اور ام کلثوم کے لیئے اللہ کی طرف سے عزت تھی اور ابولہب کے دونوں بیٹوں کے لیئے ذلت تھی پھر عثمان بن عفان نے رقیہ سے مکہ میں شادی کی اور عثمان کے ساتھ رقیہ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

الاستیعاب کی عبارت ملاحظہ ہو

کانت رقیتہ تحت عتبۃ بن ابی لھب وکانت اختھا ام کلثوم

تحت عتیبۃ بن ابی لھب فلمّا نزلت تبت یدا ...

ففارقتاھما فتزوج عثمان بن عفان رقیتہ بمکۃ

ترجمہ: رقیہ عتبہ بن ابی لہب کافر کے نکاح میں تھی اور ام کلثوم عتیبہ کے گھر تھیں۔ جب سورۃ تبت نازل ہوا تو ان دونوں کو طلاق ہوئی تو پھر عثمان نے رقیہ سے مکہ میں شادی کی

الاصابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

وكانت رقية اولا عند عتبة بن ابی لهب فلما بعث النبی امر ابو لهب ابنه بطلاقها فتزوجها عثمان -

ترجمہ: رقیہ پہلے عتبہ بن ابی لہب کافر کے نکاح میں تھی جب نبی کریم نے اعلان نبوت کیا تو ابولہب نے اپنے بیٹے کو رقیہ کے طلاق دینے کا حکم دیا پھر عثمان نے رقیہ سے شادی کی -

نوٹ: مذکورہ ۲۰ عدد اہل سنت بھائیوں کی کتابیں گواہ ہیں کہ رقیہ اور ام کلثوم پہلے عتبہ اور عتیبہ ان دو کافروں سے بیاہی گئی تھیں اور طلاق کے بعد جناب عثمان کے نکاح میں آئیں تھیں ان دونوں لڑکیوں کا شوہر ہونا اگر فضیلت ہے تو اس کو پہلے کفار نے حاصل کیا تھا اور جس فضیلت میں کوئی کافر کسی مسلمان کے ساتھ شریک ہو جائے وہ ایک عام سی بات ہو جاتی ہے قابل فخر نہیں رہتی۔ پس جناب عثمان رضی اللہ ان لڑکیوں کا شوہر ہونے سے اہل اسلام پر فخر نہیں کر سکتے کیوں کہ اس طرح تو عتبہ اور عتیبہ دونوں کافر ان لڑکیوں کا شوہر ہونے سے تمام مسلمانوں پر فخر کر سکتے ہیں۔ نیز ان لڑکیوں کا حضور پاک کی اپنی لڑکیاں ہونا اور ان کا نکاح کفار سے ہونا اس بات سے نبی پاک کی شان پر حرف آتا ہے اور آنجناب کی عصمت محفوظ نہیں رہتی جیسے کہ تفصیل گزر چکی ہے۔ پس ان لڑکیوں کی اور جناب عثمان کی شان کی خاطر ہم اپنے رسول کو گناہ گار کیسے ٹھہرا سکتے ہیں۔ اہل حدیث رہابی دوستوں نے جناب معاویہ اور اس کے رسوائے زمانہ بیٹے یزید کے عیب چھپانے کی خاطر تو کتنے ہاتھ پاؤں مارے ہیں حالانکہ

یہ دونوں نہ ہی امام ہیں اور نہ ہی نبی ہیں بلکہ ان دونوں نے امام نبی سے جنگ کی ہے
مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے اہل حدیث دوست یزید کی شان کی حفاظت
تو بڑی محنت سے کرتے ہیں لیکن تمام نبیوں کے سردار کی شان کی خاطر کچھ دھیان نہیں کرتے

اعتراض

ہمارے بعض اہل حدیث وہابی دوست کتاب شیعہ تفسیر مجمع البیان سے یہ ثبوت
پیش کرتے ہیں کہ اسلام سے پہلے کفار کو رشتہ دینا اور لینا جائز تھا۔ پس نبی کریم نے اگر
اپنی لڑکیاں کفار کو دی تھیں تو کیا حرج ہے

جواب:

فریب اور دھوکہ دینے سے کبھی کوئی مسئلہ حق ثابت نہیں ہو سکتا مجمع البیان کو
بے شک آپ دیکھ لیں اس میں ہرگز نہیں لکھا کہ اسلام سے پہلے نبی کے لیے گناہ کرنا
جائز ہے یا کفار کو اپنی بیٹی دینا جائز ہے۔ ہماری بحث عام لوگوں کے بارے میں نہیں
ہے بلکہ تمام نبیوں کے سردار کے بارے ہماری بحث ہے کہ ان کے لیئے آیا کفار کو
اپنی بیٹی دینا جائز ہے شیعوں کا عقیدہ کہ حضور پاک کی شان کے خلاف ہے کہ وہ کافر
کو بیٹی کا رشتہ دیں مجمع البیان میں یہ لکھا ہے کہ بعض لوگوں کے نزدیک اسلام سے پہلے
کفار کو رشتہ دینا جائز تھا۔ وہ بعض کون ہیں ہم شیعہ تو اس بعض میں بالکل داخل نہیں
ہیں۔ پس وہ بعض یا تو نامعلوم ہیں اور یا اگر مان لیں تو وہ ہمارے دوست اہل حدیث
وہابی ہیں اللہ ان کو سلامت رکھے۔

اعتراض:

قرآن پاک میں جناب لوط نبی کے قصہ میں لکھا ہے کہ حضرت لوط نبی نے اپنی کافر
قوم کو اپنی لڑکیاں دینے کی پیش کش فرمائی تھی۔ پس معلوم ہوا کہ نبی کے لیے کافر کو بیٹی
کا رشتہ دینا جائز ہے۔ اگر حضور پاک نے رقیہ اور ام کلثوم کا رشتہ

عتبہ اور عتیبہ کو دیا تھا تو کیا حرج ہے۔

جواب

مذکورہ اعتراض جناب نعمان بن ثابت امام اعظم کا قیاس ہے اور ہم شیعہ تو امام اعظم کو ہی نہیں مانتے ان کے قیاس کو کس طرح مانیں۔ نیز مذکورہ قیاس تو امام اعظم کے نزدیک بھی غلط ہے کیوں کہ جناب لوط کے بارے میں یہ کہنا کہ انہوں نے اپنی لڑکیاں کفار کو نکاح کے لیئے پیش کی تھیں سفید جھوٹ ہے۔

بات دراصل یہ ہے کہ چونکہ نبی امت کا باپ ہوتا ہے روحانی باپ، جس طرح ایک قوم کا بزرگ اپنی قوم کی لڑکیوں کو اپنی بیٹیاں کہتا ہے اسی طرح نبی بھی اپنی امت کی لڑکیوں کو اپنی لڑکیاں کہتا ہے جناب لوط نے بھی جو لڑکیاں کافر قوم کو پیش کی تھیں وہ امت کی لڑکیاں تھیں اور اپنی بزرگی کے پیش نظر جناب لوط نے ان کو بیٹیاں کہا تھا۔ نیز اگر لوط کی مراد اپنی حقیقی لڑکیاں تھیں تو پھر مقصد یہ تھا کہ تم مسلمان ہو جاؤ اور میری ان لڑکیوں سے نکاح کر لو۔ جناب لوط کا مقصد یہ ہرگز نہ تھا کہ اس کافر قوم کو ان کے کفر کے بوجود بھی آنجناب اپنی لڑکیاں دینے کو تیار تھے اور تمام مذاہب کے پڑھے لکھے علماء بھی میرے مذکورہ بیان کی تائید کرتے ہیں چونکہ اس رسالہ میں اختصار بھی میرے مدنظر ہے اس لیے میں اپنے مؤید علماء کی عبارتیں نہیں لکھ سکتا۔

اعتراض

قرآن پاک گواہ ہے کہ آسیہ بنت مزاحم صاحب ایمان بی بی فرعون کی زوجہ تھی پس اگر نبی کی بیٹی [illegible] کے گھر ہو تو کیا حرج ہے؟

جواب:

آسیہ خاتون کسی نبی کی بیٹی نہیں تھی اور نہ ہی اس کا نکاح فرعون کے ساتھ کسی نبی نے کیا تھا۔ بلکہ آسیہ خاتون ایک عام عورت تھی اور ایک عام شخص کی بیٹی تھی جب

اس کا نکاح فرعون کے ساتھ ہوا تھا اس وقت وہ خود بھی کافر تھی اور بعد میں جب ایمان لائی تو فرعون جیسے جابر بادشاہ کی زوجیت میں تھی پس آسیہ خاتون کے قصہ کو ہماری بحث سے کوئی تعلق نہیں ۔

اعتراض

رقیہ ام کلثوم بالفرض اگر حضور کی پالتو لڑکیاں تھیں تو آنجناب نے ان کا نکاح کفار سے کیوں کیا ۔

جواب: ان لڑکیوں کے بارے میں تاریخ خاموش ہے بنی نے ان کا نکاح کفار سے نہیں کیا ہماری جانے بلا ہیں تو یہ لڑکیاں فرضی معلوم ہوتی ہے جابر حکمرانوں نے اپنی کسی مصلحت کے لیئے ان کے وجود کو شہرت دی ہے اور بعد میں بچارے مورخین مکھی پر مکھی مارتے آ رہے ہیں ۔

عثمان صاحب نے اپنے زمانہ کفر میں رقیہ سے شادی کی تھی

ثبوت ملاحظہ ہو ۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس صفحہ ۲۷۵
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامۃ صفحہ ۱۷۲
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ذخائر العقبیٰ صفحہ ۱۶۲
(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۴۸
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ صفحہ ۵۸۴

ذخائر العقبیٰ کی عبارت ملاحظہ ہو

وذکر الدولابی ان تزویج عثمان رقیۃ کان فی الجاھلیۃ

تذکرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

تزوج عثمان فی جاھلیۃ رقیۃ زوجہ رسول اللہ ایاھا

دونوں عبارتوں کا ترجمہ

دولابی نے ذکر کیا ہے کہ عثمان کی شادی رقیہ سے عثمان کے زمانۂ کفر میں ہوئی ہے

نوٹ: اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ زمانہ جاہلیہ سے مراد زمانہ کفر ہے اور جناب عثمان نے اپنے اسلام لانے سے پہلے رقیہ سے شادی کی تھی۔ پہلی تو تعجب کی بات یہ ہے کہ رقیہ اور ام کلثوم کا نکاح ان کے بالغ ہونے سے پہلے عتبہ اور عتیبہ ان دونوں کافروں سے ہوا۔ اوران دونوں نے اسلام دشمنی کی وجہ سے ان لڑکیوں کو طلاق دے دی پس جب ان لڑکیوں کو غیر مسلم خاوندوں نے طلاق دے دی تو پھر ہمارے نبی کو کیا مجبوری تھیں کہ نابالغ لڑکیاں پھر ایک ایسے شخص کو دے رہے ہیں کہ وہ بھی ابھی غیر مسلم ہے بچیاں نابالغ ہوں اور حضور دیں بھی دونوں مرتبہ کفار کو اور ایک مرتبہ طلاق بھی ملے کاش کہ کوئی وہابی دوست اس راز سے پردہ اٹھاتا۔ دوسری تعجب کی بات یہ ہے کہ ہمارے اہل حدیث بھائیوں نے اپنے علم و فضل کے باوجود اس شادی میں کیا فضیلت دیکھی ہے عتبہ بھی کافر تھا اور اس وقت جناب عثمان بھی

غیر مسلم تھے۔ رقیہ کی شادی پہلے تو عتبہ کافر کے ساتھ ہوئی۔ عتبہ نے اپنے باپ کے کہنے پر کہ اس لڑکی کا باپ چونکہ ہمارے بتوں کو خدا نہیں مانتا اور ایک نیا دین لایا ہے تو اس کی لڑکی کو طلاق دے دے پس عتبہ کافر نے طلاق دے دی۔ جناب عثمان بھی ابھی اسلام نہیں لائے تھے کہ پھر رقیہ کی شادی ان کے ساتھ ہو گئی۔ لہٰذا اس بچی کا شوہر ہونا ایک ایسی بات ہے جس میں دو غیر مسلم شریک ہیں۔

پس اگر فضیلت ہے تو دونوں کے لیئے ہے اور اگر نہیں ہے تو دونوں کے لیئے نہیں ہے۔ شیعہ حضرات دونوں کی نفضیلت نہیں مانتے اور اہل حدیث بھائی ایک غیر مسلم کی نفضیلت مانتے ہیں اور ایک کی نہیں مانتے کاش کہ اس فرق کی کوئی وجہ بھی بتاتے نیز تعجب ہے کہ نبی نے ابوبکر کو چھوڑ کر عثمان جیسے غیر مسلم کو رشتہ دے دیا۔ ارباب انصاف میں تو یہ ساری داستانیں جناب امیر معاویہ کے زمانے کی بنی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ انعام کی خاطر لوگ قصے تو بناتے رہے لیکن ان میں ربط پیدا نہیں کر سکے شیعوں کے عقیدہ میں نبی کریم کی لڑکی رقیہ نامی نہ تھی جس کی وجہ سے یہ ساری کہانیاں بنی ہیں بعض وہابی ان لڑکیوں کی شادی کفار سے نہیں مانتے ورنہ عثمان خلیفہ مسلمان کیونکر ہوا؟

جناب عثمان کا رقیہ کے حسن پر معاذ اللہ عاشق ہونا

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ صفحہ ۲۲ جلد ۴ حرف السین ذکر سعدہ بنت کریز

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ صفحہ ۹ جلد ۲ فصل رابع

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب خصائص کبریٰ صفحہ ۱۳۱ جلد ۱ مؤلف سیوطی

ریاض النضرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عمرو بن عثمان قال کان اسلام عثمان فیما حدثنا عن نفسہ قال کنت رجلا مستھترا بالنساء وانی ذات لیلۃ بفناء الکعبۃ قاعد فی رھط من قریش اذ اتینا فقیل لنا ان محمدا انکح عتبۃ بن ابی لھب رقیۃ فکانت رقیہ ذات جمال رائع قال عثمان فدخلتنی الحسرۃ لما لا اکون انا سبقت الی ذالک فلم البث ان انصرفت الی منزلی فاصبت خالۃ لی قاعدۃ وھی سعدۃ بنت کریز وکانت تکھنت عند قومھا فلما رأتنی قالت ابشر وحییت ثلاثا تتری

اتاک خیر ووقیت شرا

انکحت واللہ حصانا زھرا

وانت بکر ولقیت بکرا

وافیتھا بنت عظیم قدرا

بنت امرئ قد اشاد ذکرا

قال عثمان فعجبت من قولھا فقلت یا خالۃ ما تقولین فقالت یا عثمان لک الجمال ولک اللسان ھذا نبی معہ البرھان ارسلہ بحقہ الدیان فاتبعہ لا تغتالک الاوثان ... ثم لم البث ان تزوجت رقیہ بنت رسول اللہ

اصابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

ذکر ابو سعد النیسابوری فی کتاب شرف المصطفٰی من طریق محمد بن عبد اللہ

بن عمرو بن عثمان عن ربیعہ عن جدہ قال کان اسلام عثمان انہ قال کنت بفناء الکعبۃ اذ اتینا فقیل لنا ان محمداً قد انکح عتبۃ بن ابی لھب رقیۃ ابنتہ وکانت ذات جمال بارع وکان عثمان مشتہراً بالنساء قال عثمان فلما سمعت ذلک وخلتنی حسرۃ ان لا اکون سبقت الیھا فلم البث انصرفت الی منزلی فاصبت خالتی قاعدۃ مع اھلی۔ ۔ ۔ ۔
الی آخرہ ۔۔ ثم اسلمت ثم لم البث ان تزوجت رقیہ وکان یقال احسن زوجین لاھا انسان رقیہ وزوجہا عثمان

دونوں عبارتوں کا ترجمہ ملاحظہ ہو

عمرو بن عثمان بیان کرتا ہے کہ اپنے اسلام لانے کی وجہ عثمان نے خود یہ بیان کی تھی کہ میں عورتوں کی حسن پرستی میں مشہور تھا اوران کی محبت میں دلچسپی رکھتا تھا ایک رات کو میں کعبہ کے سامنے قریش کی ایک جماعت میں بیٹھا تھا جب ہم وہاں سے آئے تو ہمیں یہ خبر پہنچی کہ تحقیق محمد نے رقیہ کا نکاح عتبہ بن ابی لہب سے کردیا ہے اور رقیہ بہت خوبصورت تھی عثمان کہتا ہے کہ میرے دل میں حسرت کی آگ بڑھنے لگی کہ ایسا کیوں نہیں ہوا کہ پہلے میرا نکاح ہوتا پس جب میں اپنے گھر لوٹا تو میں نے وہاں اپنی خالہ سعدہ کو بیٹھے پایا اور وہ جوگن تھی (یعنی کسی حساب کے ذریعے آنے والے حالات بتاتی تھی) مجھے دیکھ کر اس نے مذکورہ اشعار پڑھے جن کا مطلب یہ تھا کہ تجھے نبیؐ کی بیٹی ملے گی۔ عثمان کہتا ہے کہ میں نے خالہ کے اشعار سے تعجب کیا اور میں نے پوچھا کہ اے خالہ یہ تم کیا خبر دے رہی ہو اس نے کہا عثمان تو حسن بھی رکھتا ہے اور زبان بھی اور یہ نبیؐ برحق ہے تو اس پر ایمان لا تیرا دلی مقصد پورا ہوگا۔

عثمان کہتا ہے کہ پھر میں مسلمان ہوگیا اور رقیہ سے شادی کرلی۔

نوٹ مذکورہ دونوں کتابیں اہل حدیث دوستوں کو ضبط کروانی چاہیں کیوں کہ ان میں جناب عثمان اور نبی پاک دونوں کی توہین ہے جناب عثمان کی تو اس طرح ہے کہ انھوں نے اسلام کی سچائی دیکھ کر اسلام قبول نہیں فرمایا تھا بلکہ وہ تو رقیہ کے عاشق زار تھے اور اپنی مہربان خالہ کے مشورے سے جناب رقیہ کو حاصل کرنے کی خاطر اسلام قبول فرمایا تھا اور جو اسلام کسی عورت کو حاصل کرنے کے لیے قبول کیا جائے اس کی شان تو اہل حدیث بھائی ہی بیان کر سکتے ہیں اور نبی کریم کی ہتک مذکورہ روایت میں یوں ہے کہ حضور پاک جناب عثمان کی خالہ جتنا علم غیب تو رکھتے ہوں گے لہٰذا جب عثمان کو خالا نے بتا دیا کہ تو مسلمان بن جا تجھے رقیہ ملے گی. تو کیا نبی پاک کو یہ غیب کا علم نہ تھا کہ یہ شخص میری بیٹی پر معاذ اللہ عاشق ہے اور یہ رقیہ کو لینے کی خاطر اسلام قبول کر رہا ہے ۔

پس حضور کی شان پر اہل سنت کی روایت سے جو حرف آیا کہ معاذ اللہ نبی پاک نے بیٹی دے کر ایک اور مسلمان بنایا۔ مذکورہ روایت میں جناب عثمان کے حسن کا بھی کچھ ذکر ہے لیکن ان کے حسن کو ثابت کرنے کی خاطر اتنی لمبی روایت ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی ریاض النضرہ کتاب اہل سنت میں آنجناب کا جو لقب نعثل مذکور ہے وہی ان کے حسن کو ثابت کرنے کے لیئے کافی ہے ۔

نوٹ ۲ کتاب اہل سنت ریاض النضرہ جلد ۳ صفحہ ۸ باب ۳ فصل ۳ میں لکھا ہے کہ اسامہ بیان کرتا ہے کہ ایک دن گوشت کا پیالہ دے کر مجھے نبی کریم نے بھیجا کہ جاؤ یہ حضرت عثمان کو دے کر آؤ میں عثمان کے پاس آیا اور دیکھا کہ وہ اپنی بیوی رقیہ کے پاس بیٹھا تھا میں نے ان دونوں سے اپنی زندگی میں زیادہ خوب صورت جوڑا نہیں دیکھا ۔

ایک مرتبہ جناب عثمان کو دیکھتا تھا اور ایک مرتبہ جناب رقیہ کو دیکھتا

تھا جب میں واپس آیا تو حضور نے فرمایا کہ کیا تو نے عثمان اور رقیہ سے زیادہ خوب صورت جوڑا کبھی دیکھا ہے میں نے عرض کی کہ نہیں

ارباب انصاف اسلامی کتابوں کو پڑھ کر ہمارے دل پر چھالے پڑ گئے ہیں مذکورہ روایت کا راوی اسامہ بن زید بھی صحابی تھا کیا اُسے شرم نہ آئی کہ رقیہ نبی کی بیٹی ہے اور شادی شدہ ہے اسے بار بار نہ دیکھے نیز جناب عثمان کو بھی شرم نہ آئی کہ یہ غیر میری بیوی کو گھور گھور کر دیکھ رہا ہے اسے روکا نہیں ہے ان کو چھوڑ دیہ تو عام آدمی ہیں خود حضور پاک پوچھ رہے ہیں کہ ان سے زیادہ خوبصورت جوڑا تو نے دیکھا ہے میرے محترم قارئین مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ کتابیں عربی زبان میں چھاپ چھاپ کر اہل حدیث اور سنی بھائیوں نے پیسے کمانے کی خاطر ان کے ڈھیر لگا دیئے ہیں اور جب ہم غریب شیعہ بھاری رقمیں دے کر ان کو خرید کرتے ہیں تو سنی کتب فروش بہت خوش ہوتے ہیں کہ خوب منافع کمایا ہے لیکن جب ان کتابوں کو پڑھ کر کچھ روایات کا ترجمہ ہم شائع کرتے ہیں تو پھر ہمارے اہل حدیث وہابی بھائی بہت ہی ناراض ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ صحابہ کرام کی توہین ہو گئی ہے سنی بھائی! توہین کے اسباب تو پھر خود مہیا کرتے ہیں۔ اگر صحابہ کرام کو شیعوں کی تنقید سے بچانا ہے تو پھر آپ کتابوں والے کاروبار کو پاکستان میں بند کر دو۔

نوٹ: ان کہانیوں کو پڑھنے سے معلوم ہوا کہ رقیہ نبی کریم کی حقیقی لڑکی نہ تھی بلکہ یہ ساری محنت جناب امیر معاویہ کے زمانہ میں ہوئی ہے جسکا حساب قیامت کے دن ان کو دینا پڑے گا۔

نیز کچھ سنی علماء لکھتے ہیں کہ عثمان کا نکاح رقیہ سے حالات کفر میں ہوا اور کچھ لکھتے ہیں کہ نکاح حالت اسلام میں ہوا یہ بھانت بھانت کے قول گواہ ہیں کہ عثمان کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے۔

دلیل دوم

زوجہ عثمان رقیہ نبی کریم کی صلبی بیٹی تھی

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ صفحہ [illegible] ذکر رقیہ

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ صفحہ ۲۹۷ ذکر رقیہ

الاصابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

وتزوج رقیہ عتبۃ بن ابی لہب قبل النبوۃ فلما بعث قال ابو لہب رأسی من ... رأسک حرام ان لم تطلق ابنتہ ففارقها

اسد الغابہ کی عبارت ملاحظہ ہو

کان رسول اللہ قد زوج ابنتہ رقیہ من عتبۃ بن ابی لہب فلما نزلت سورۃ تبت ... الخ

دونوں عبارتوں کا ترجمہ

رقیہ سے عتبہ بن ابی لہب نے حضور کے اعلان نبوت سے پہلے نکاح کیا تھا۔ جب آنجناب نے اعلان رسالت فرمایا تو ابولہب نے اپنے بیٹے سے کہا کہ اگر تو محمد کی بیٹی کو طلاق نہ دے گا تو ہم اکٹھے نہیں رہ سکتے پھر عتبہ نے رقیہ کو طلاق دے دی۔

نوٹ: مذکورہ حوالے سے دو باتیں معلوم ہوئیں پہلی یہ کہ رقیہ کا ایک کافر سے نکاح ہوا اور دوسری یہ کہ نکاح اعلان نبوت سے پہلے ہوا ہے۔ یہاں یہ چیز قابل غور ہے کہ جب رقیہ کا نکاح اس کافر سے اعلان نبوت سے پہلے ہوا تھا تو کیا رقیہ کی عمر اس وقت اتنی تھی کہ بالغہ ہو اور شادی کے قابل ہو پس ہم ناظرین کے لیے چند باتیں یہاں ذکر کرتے ہیں اور انہیں پھر ایک نتیجے تک لے چلتے ہیں۔

نبی کریم کا سن مبارک تنتیس برس کا تھا جب رقیہ پیدا ہوئی

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب ص ۶۹۲ ج ۴

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب نور الابصار ص ۴۳

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر ص ۱۱۰

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص ۲۷۴ ج ۱ ذکر اولاد نبی

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب حبیب السیر ص ۸۹ ج ۱

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مواہب اللدنیہ ص ۱۴۵ ج ۱

الاستیعاب کی عبارت ملاحظہ ہو

ذکر ابو العباس محمد بن اسحاق السراج قال سمعت عبداللہ بن محمد بن سلیمان بن جعفر بن سلیمان الہاشمی قال ولدت زینب بنت

رسول اللہ ورسول اللہ ابن ... سنۃ وولدت رقیہ بنت رسول اللہ ورسول اللہ ابن ثلاث وثلاثین سنۃ۔

شرح فقہ اکبر کی عبارت ملاحظہ ہو

واما رقیۃ فولدت سنۃ ثلاث وثلاثین من مولدہ وکانت تحت عتبۃ بن ابی لھب

نور الابصار کی عبارت ملاحظہ ہو

واما رقیہ بنتہ فولدت ولرسول اللہ ثلاث وثلاثون سنۃ وکان تزوجھا عتبۃ بن ابی لہب

تاریخ خمیس کی عبارت ملاحظہ ہو

ولدت رقیۃ ولرسول اللہ ثلاث وثلاثون سنۃ

تمام عبارتوں کا ملخص ترجمہ

راوی بیان کرتا ہے کہ زینب پیدا ہوئی تو حضور کا سن تیس برس کا تھا اور جب رقیہ پیدا ہوئی تو نبی اکرم کا سن تینتیس برس کا تھا اور یہ رقیہ عتبہ بن ابی لہب کا نسے بیاہی گئی۔

نوٹ: مذکورہ حوالہ جات سے یہ معلوم ہوا کہ نبی پاک کا سن ۳۳ برس کا تھا اور رقیہ پیدا ہوئی تھی اور تمام امت کا اتفاق ہے کہ نبی پاک نے جب اعلان نبوت فرمایا تھا" (۲) وقت حضور پاک کا سن مبارک چالیس برس کا

تھا گویا حضور پاک نے رقیہ کی ولادت کے سات سال بعد اعلان نبوت فرمایا ہے۔

نبی کریم نے اعلان نبوت چالیس برس کی عمر میں فرمایا

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ یعقوبی ص۲ ذکر مبعث

یعقوبی کی عبارت ملاحظہ ہو

بعث رسول اللہ لما استکمل اربعین سنۃ

ترجمہ: نبی کریم جب مکمل چالیس برس کے ہو گئے تو اعلان نبوت فرمایا۔

نوٹ: عالم اسلام کے تمام عقل مندوں سے ہم شیعہ کی یہ اپیل ہے کہ ہمیں براے کرم یہ سمجھانے کی کوشش کریں کہ ہمارے نبی نے جب ۴۰ برس کے سن میں اعلان نبوت فرمایا تھا اس میں کتب اہل سنت کی رو سے رقیہ کا سن سات برس کا تھا۔ حضور کے اعلان نبوت کے بعد رقیہ کو طلاق مل گئی معلوم ہوا کہ ان کی شادی عتبہ کافر سے اعلان نبوت سے پہلے چھ برس کے سن میں ہوئی۔

پس سنی بھائی ہمیں یہ سمجھائیں کہ ہمارے نبی کریم کو کیا مجبوری تھی کہ چھ سال کی کم سن نابالغ بچی ایک کافر کے نکاح میں دے دی۔ شان نبوت کی سفارت اس طرح ہو سکتی ہے کہ رقیہ نامی لڑکی خدیجہ زوجہ نبی کی پالتو تھی اسی کی شادی عتبہ کافر کے ساتھ ہوئی اور اسے طلاق کے بعد پھر اس کی شادی جناب عثمان کے ساتھ ہو گئی جو کہ

تاریخ اسلامی بنی پاک کے بعد سو سال کے بعد ترتیب دی گئی ہے اس لیئے واقعات الٹ پلٹ ہو گئے ہیں اور چونکہ بنو امیہ کے زمانہ میں جناب عثمان کے فضائل پر بڑی محنت ہوئی ہے اسی لیے رقیہ کو ہمارے بنی کی طرف منسوب کر دیا گیا ہے۔

نوٹ ۲ اور وہابی اہل حدیث لوگوں سے گذارش ہے کہ عثمان صاحب کی خاطر کوئی غیرت مند مسلمان اپنے رسول کی توہین گوارا نہیں کرتا۔ کیوں کہ کوئی غیور باپ کم سن بیٹی اپنے دشمن کو نہیں دیتا پس ہمارے بنی کریم کی توہین ہے بنی کریم تو کفار کے مذہب کے مخالف تھے اور کفار آنجناب کے دشمن تھے پس ہمارے بنی کو کیا مجبوری تھی کہ کم سن لڑکیاں دشمنوں کو دیتے رہے، نیز عثمان کا رقیہ پر عاشق ہونا اس بات سے بھی بنی کریم کی توہین ہے اور عثمان صاحب کی بھی توہین ہے ہم شیعوں کا تو یہ عقیدہ ہے کہ رقیہ کا بنت بنی ہونا۔ اس کا کم سنی میں کفار سے نکاح ہونا اور عثمان کا رقیہ کے حسن کی تعریف کرنا اور عثمان کا اس پر عاشق ہونا اور نیز عثمان کا داماد نبی ہونا یہ سب باتیں سفید جھوٹ ہیں اور اس زمانہ میں بنائی گئی تھیں جس کے جمعہ کی نماز معاویہ نے بدھ کے دن پڑھائی تھی آپ کا یہ عذر کہ مذکورہ باتیں کتابوں میں لکھی ہیں، پس صحیح ہیں یہ عذر باطل ہے کیوں کہ آپ کے محبوب سلاطین بنو امیہ کے بادشاہوں کے بارے میں تاریخ میں لکھا ہے کہ وہ ایسے بدکار لوگ تھے جو ماں بہن اور بیٹی سے بھی زنا کرتے تھے۔

علت اُبنہ کے بیمار تھے اور وہ منڈے بازی بھی کرتے تھے، شراب اور کباب۔ غنا اور شکار خلق خدا پر ظلم کرنا ان کا محبوب شغل تھا۔ ان سب کے نسب مشکوک تھے ان کا دادا امیہ عرب کا مشہور زانی تھا ان کی دادی ہندہ ملک کی مشہور [illegible] تھی اور ان باتوں کا ثبوت اسی کتاب میں آپ کو شکوک کے حساب سے ملے گا اور آپ کے پاس ان باتوں کی تردید کے لیئے صرف دو عذر ہیں ایک تو یہ ہے کہ صرف

کتاب میں لکھا ہوا کافی نہیں ہے بلکہ عقل سے سوچنا بھی ضروری ہے اور دوسرا عذر یہ ہے کہ یہ باتیں سبائیوں اور یہودیوں کی بنائی ہوئی ہیں اور ہم بھی یہ کہتے ہیں کہ عثمان کے تمام فضائل اور اس کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے اس کی برادری نے اپنی اور ان کی حکومت و خلافت چمکانے کی خاطر اپنے نامہ اعمال کی طرح تاریخ اسلام کو سیاہ کروایا ہے۔

اور آخری گزارش یہ ہے کہ بقول وہابیوں کے نبی کریم لڑکیاں دے کر مسلمانوں کی تعداد بڑھاتے تھے۔ ہم کہتے ہیں اسلام کے ٹھیکہ دار وہابیوں کو بھی چاہیے کہ وہ اس سنت رسول کو آج زندہ کریں اور اپنی لڑکیاں اپنے دشمنوں کو دے کر وہابیوں کی تعداد میں زیادتی کریں اور یہ ہتھیار وعظ نصیحت سے زیادہ کام کرے گا۔

دلیل سوم

رشتہ اسے دیا جائے جس کا دین پسند ہو

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب سنن دارقطنی ص ۴۱۵ کتاب النکاح

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب جامع ترمذی ص ۱۴۸ ج ۱ کتاب النکاح

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۱۴۵ ج ۶ " "

ترمذی شریف کی عبارت ملاحظہ ہو

قال رسول اللہ اذا خطب الیکم من ترضون دینہ وخلقہ فزوجوہ الا تفعلوا تکن فتنۃ فی الارض و فساد

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا ہے جب تم سے وہ شخص رشتہ مانگے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اس کو رشتہ دے دو اگر تم نے نہ دیا تو یہ زمین میں فتنہ وفساد کا باعث ہوگا۔

نوٹ: قرآن پاک سے ثبوت گزر چکا ہے کہ خدا تعالیٰ کو کفر و شرک پسند نہیں ہے اسی لیئے ان کو رشتہ دینے سے اللہ نے روکا ہے اور جو چیز خدا کو پسند نہیں ہے وہ ایک عام مومن کو بھی پسند نہیں ہے اور نبی خدا کا نبی تو چونکہ ہر گناہ سے پاک ہوتا ہے لہذا خدا کی ناپسند چیز کو وہ ہرگز اختیار نہ کرے گا۔

حدیث مذکور نے بتایا کہ جب آپ سے کوئی ایسا شخص رشتہ مانگے جس کے دین کو آپ پسند کرتے ہیں تو اس کو رشتہ دے دینا۔ پس اگر کافر مسلمان سے رشتہ مانگے تو چونکہ مسلمان کو کافر کا دین پسند نہیں ہے لہٰذا ایک عام مسلمان بھی کافر کو رشتہ دینا گوارا نہیں کرے گا۔ چونکہ ہمارے نبی کفر کو مٹانے آئے تھے پس ناممکن ہے کہ حضور پاک نے کسی کافر کے دین کو پسند کیا ہو اور اسے بیٹی کا معاذ اللہ رشتہ دیا ہو۔ خلاصہ اگر زینب و رقیہ اور ام کلثوم ہمارے نبی کی حقیقی لڑکیاں ہوتی تو ان کے نکاح کفار سے نہ ہوتے۔ اور جب قیاس استثنائی میں استثنا نقیض تالی ہو تو نتیجہ بھی نقیض مقدم ہوتا ہے پس چونکہ ان کے نکاح کفار سے ہوئے تھے۔ لہٰذا وہ ہمارے نبی کی حقیقی لڑکیاں نہ تھیں۔ اہل حدیث وہابیوں کا یہ حال کہ مثل مشہور ہے۔ نکمی جی وبال جان بیلے۔ وہابی جب خدمت اسلام سے فارغ ہوتے ہیں تو عثمان کی دامادی والے مسئلہ پر تیاری کرتے ہیں لیکن یہ نہیں سوچتے کہ چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی اگر وہابی لوگ داماد عثمان کا رٹہ نہ لگاتے اور طعنہ آمیز اشتہار نہ نکالتے تو شاید ہمارا یہ رسالہ وجود میں نہ آتا۔

دلیل چہارم

دامادی رسول ہمارے مولا علی علیہ السلام کے ساتھ مختص ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ فی مناقب العشرۃ المبشرہ صہ ۲۲۰ ج ۲ باب ۴ فصل ۶

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صہ ۸۵۳

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ صہ ۶۵

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ صہ ۲۵۵ باب ۵۶

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین صہ ۱۴۲ ب ۲۵

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی فصل ۶ صہ ۱۰۹

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی فصل ۱۹ صہ ۲۰۹

ریاض النضرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

روی ابو سعید فی شرف النبوۃ ان رسول اللہ قال لعلیؑ اُوتیت ثلاثا لم یؤتهن احد ولا انا اوتیت صهرا مثلی ولم اُوت انا مثلک و اوتیت زوجۃ صدیقۃ مثل ابنتی ولم اوت مثلها زوجۃ و اُوتیت

الحسن والحسين من صلبك ولم أوت من صلبك مثلهما ولكنكم مني وانا منكم ۔

ترجمہ: نبی کریم نے جناب امیر سے فرمایا تھا کہ آپ کو تین فضیلتیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو کسی ایک کو نصیب نہیں ہوئیں اور نہ ہی مجھے آپ کو میرے جیسا سسر ملا اور مجھے ایسا شرف نہ ملا آپ کو میری بیٹی جیسی صدیقہ زوجہ ملی لیکن مجھے اس کی مثل (صدیقہ) زوجہ نہ ملی آپ کو حسنؑ وحسینؑ جیسے بیٹے اپنی صلب سے ملے اور مجھ کو اپنی صلب سے ان کی مثل بیٹے نہ ملے لیکن آپ مجھ سے ہیں اور میں آپ سے ہوں ۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے ثابت ہوا کہ داماد رسول ہونا یہ فضیلت صرف حضرت علی کی ہے کیوں کہ لم یؤتھن احد" ایسا جملہ ہے جس میں احد نکرہ ہے اور سیاق نفی میں عموم کا فائدہ دے رہا ہے ہمارے نبی نے ایسا کلام فرمایا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ میرا جیسا سسرا کسی کا ہو یہ فضیلت صرف علی بن ابی طالب میں ہے ۔

خلاصہ اگر وہ تین لڑکیاں حضور پاک کی حقیقی لڑکیاں ہوتیں تو یہ فضیلت کہ میں سسرا ہوں۔ اسے جناب امیر کے ساتھ حضور پاک خاص نہ کرتے ۔ نبی کریم کا مذکورہ فضیلت کو جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام کے ساتھ خاص کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ تین لڑکیاں آنجناب کی حقیقی اولاد نہ تھی ۔ اور عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے

ہمارے اہل حدیث وہابی دوستوں کو خوف خدا کرنا چاہیے جو شرف اور فضیلت صرف مولی علی میں پائی جاتی ہے اس میں غیروں کو شریک نہ کریں۔ جناب معاویہ کو تو حضرت علی کے ساتھ ذاتی رنجشیں تھیں۔ معاویہ کے دل میں تو جنگ بدر کی ناراضگی تھی

کیونکہ ان کا نانا، ان کا بھائی اس جنگ میں جہنم داخل ہوئے تھے اور رہا، حدیث بھائیو؛
آپ کا مولا علی نے کوئی نقصان نہیں کیا۔ آپ ان کے فضائل میں غیروں کو کیوں شریک
کرتے ہو۔

آپ صرف بنوامیہ کی بادشاہی کو نہ دیکھیں مثل مشہور ہے کہ رزق نہ دیکھے کرتوت
دیکھئے آپ بنوامیہ کا کردار بھی دیکھیں۔ ان کو قرآن پاک میں شجر معونہ کہا گیا ہے اس قبیلہ
کا ہر فرد کچھ وچ چھری ناں غریب داس ہے۔ جو شخص بھی بنوامیہ کی تعریف کرتا ہے اس
کو اپنی اماں جی کے کردار کی تحقیق کرنی چاہیے کہیں وہ عشق مجازی کے چکر میں تو نہیں پھسی
رہی ہے۔

دلیل پنجم

رقیہ اور ام کلثوم نبیؐ کی زندگی میں یتیم تھیں لہذا وہ حضورؐ کی بیٹیاں نہ تھیں

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۲۲۷/۸ پ ۳۰ مطبوعہ مصر

تفسیر کبیر کی عبارت ملاحظہ ہو

و اما الیتیم فلا تقھر وروی انھا نزلت حین صاح النبی علی ولد خدیجۃ

ترجمہ: "یتیم پر قہر نہ کرو" روایت میں آیا ہے کہ یہ آیت اس وقت نازل ہوئی
تھی جب نبی کریم نے اولاد خدیجہ کو جھڑکی دی اور بلند آواز سے بلایا۔

نوٹ: انسانوں میں یتیم وہ ہوتا ہے جس کا باپ مرجائے حیوانوں میں یتیم وہ ہوتا ہے جس کی ماں مرجائے پرندوں میں یتیم وہ ہوتا ہے جس کے دونوں مرجائیں۔

نوٹ ۲: زینب اور رقیہ وام کلثوم ہی مذکورہ روایت میں مراد ہیں ورنہ ان کے علاوہ اور اولاد خدیجہ کوئی مراد نہیں ہوسکتی اور مذکورہ لڑکیوں کو حضور نے جب جھڑکی دی تو یہ آیت نازل ہوئی کہ یتیم پر قہر مت کریں اگر یہ لڑکیاں حضور کی صلبی لڑکیاں ہوتیں تو اللہ تعالیٰ ان کو حضورؐ کی زندگی میں یتیم نہ کہتا کیونکہ یتیم وہ ہے جس کا باپ مرجائے اور ان لڑکیوں کے باپ اگر خود رسول اللہ تھے تو وہ تو زندہ تھے پس یہ لڑکیاں یتیم کیسے بن گئیں۔

نوٹ: حوالہ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ اگر وہ لڑکیاں ہمارے نبی کی حقیقی لڑکیاں ہوتیں تو اللہ تعالیٰ ان کو حضور پاک کی زندگی میں یتیم نہ فرماتا اور نیز ان کے نکاح کافروں کے ساتھ نہ ہوتے کیونکہ باپ کی موجودگی میں بچے یتیم نہیں کہلاتے نیز نبیوں کی بیٹیاں کفار کے نکاح میں نہیں آتی۔

یہ بات یقینی ہوگئی کہ وہ لڑکیاں ہمارے نبی کی حقیقی لڑکیاں نہ تھیں پس جناب عثمان کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے۔ البتہ جناب معاویہ کے زمانے میں حضرت عثمان کے فضائل پر بہت کام ہوا ہے اور ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے ساتھ ان یتیم بچیوں کو ہمارے نبی کی طرف منسوب کر دیا گیا۔ اور یہی سے ایک رسم چلی اور لوگوں میں جرت پیدا ہوگئی اور جو لوگ اولاد نبی سے نہیں تھے۔

دنیاوی عزت کی خاطر انھوں نے اولاد نبی ہونے کے دعوے شروع کر دیئے۔ اگر ہمارے اہل حدیث وہابی دوستوں کے بزرگ مذکورہ بات کی ابتداء نہ کرتے تو لوگ بھی یہ جرأت نہ کرتے۔

اہل حدیث وہابی علم تو پڑھ گئے ہیں لیکن مثل مشہور ہے چراغ تلے اندھیرا ہے ان کو ابھی تک رسول اللہ کے دوستوں اور دشمنوں میں تمیز نہیں ہو سکی جس طرح آج کل لوگ ان کی داڑھیوں کو دیکھ کر دھوکہ کھاتے ہیں اسی طرح وہابی بنوامیہ کی حکومتوں کو دیکھ کر دھوکہ کھاتے ہیں۔ سینما اور فلم والوں کی ٹھاٹھ اور عیش و عشرت کو دیکھو اور مسجد والوں کی غربت اور بدحالی کو بھی دیکھو اور پھر فیصلہ کر لو کہ خدا ان مسجد والوں پر خوش ہوتا ہے یا سینما والوں پر راضی ہے آل رسول کی مظلومیت اور بنوامیہ کی عیش و عشرت اور حکومت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ خدا بنوامیہ پر خوش تھا ورنہ کہا جا سکتا ہے کہ خدا چکلے چلانے والوں پر اور فلم بنانے والوں پر خوش ہے اور اذان دینے والوں پر اور نماز پڑھانے والوں پر ناراض ہے۔

دلیل ششم

علمائے اہل سنت کا اقرار کہ زینب اور رقیہ و ام کلثوم نبی کی پروردہ لڑکیاں تھیں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص۹ پ۴ سورۃ نساء آیت ۲۸

وربائبکم اللاتی فی حجورکم من نسائکم اللاتی دخلتم بھن پ۴ س نساء آیت ۲۸

قولہ من نسائکم اللاتی دخلتم بھن وھو متعلق بربائبکم کما تقول بنات رسول اللہ من خدیجۃ

ترجمہ: حاصل مراد یہ ہے کہ وہ عورتیں جن کے ساتھ نکاح کرنے کے بعد کوئی شخص ہم بستری کر چکا ہے تو ان عورتوں کی وہ لڑکیاں جو کسی پہلے شوہر سے ہوں اس پر مرد پھر حرام ہیں ان سے وہ نکاح نہیں کر سکتا ایسی لڑکیوں کو عربی اصطلاح میں ربیبہ (یعنی پروردہ) کہتے ہیں اور ان پروردہ لڑکیوں کی مثال صاحب تفسیر نے یہ دی ہے کہ جیسے رسول اللہ کی لڑکیاں تھیں خدیجہ سے۔

نوٹ: مذکورہ عبارت سے یہ ثابت ہوا کہ رقیہ اور ام کلثوم حضور کی اپنی لڑکیاں نہ تھیں بلکہ پروردہ تھیں کیونکہ اگر یہ حضور کی اپنی لڑکیاں ہوتیں تو وہ آیت حرمت علیکم امہاتکم و بناتکم کے حکم میں آ چکی تھیں دوبارہ ان کو ربائبکم کے حکم میں ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

نوٹ ۲: مذکورہ حوالہ سے ثابت ہوا کہ وہ لڑکیاں ہمارے نبیؐ کی ربائب تھیں باقی رہا جناب عثمان کا ان کا شوہر ہونا تو ہم یہ عرض کرتے ہیں عتبہ اور عتیبہ بھی ان کے شوہر تھے۔ پس یہ فضیلت ایسی ہے جو جناب عثمان کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ ابولہب کے بیٹوں میں بھی پائی جاتی ہے۔ پس جو فضیلت کسی کافر کے گھر میں بھی پائی جاتی ہے اس پر کسی مسلمان کا فخر کرنا کوئی اچھا نہیں لگتا اور وہابی اہل حدیث لوگوں کے لیے مذکورہ حوالہ جات باعث عبرت اور دعوت فکر ہیں۔ وہابیوں کی یہ علمی کمزوری ہے کہ جس کسی سنی عالم نے کوئی بات شیعوں کے موافق لکھ دی۔ اس بچارے پر تقیہ باز یا تخم سبائی کی تہمت لگا دیتے ہیں۔ حالانکہ اس کا قصور صرف اتنا ہوتا ہے کہ اس نے آل رسول کی کوئی فضیلت لکھی ہوتی ہے اور باب انصاف یہ یاد رکھے گا کہ جس دل میں آل رسول کی دشمنی ہے وہ یا تو منافق ہے یا ولد الحیض یا ولد الزنا ہے۔

دلیل ہفتم

اللہ تعالیٰ کی گواہی کہ آخری نبی کی ایک ہی بیٹی ہو گی

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور صہ ۵۹ پ ۱۳ سورۃ الرعد آیت ۲۹

الذین امنو و عملوا الصالحات طوبیٰ لھم وحسن مآب الرعد آیت ۲۹

اخرج ابن ابی حاتم عن ضرغد السرخی قال اوحی اللہ الی عیسیٰ بن مریم فی الانجیل یا عیسیٰ جدّ فی امری ولا تھزل واسمع فتولی واطع امری یا بن البکر البتول انی خلقتک من غیر فحل وجعلتک وامک آیۃ للعالمین فایای فاعبد وعلیّ فتوکل و خذ الکتاب بقوۃ قال عیسیٰ ای رب ای کتاب اخذ بقوۃ قال خذ کتاب انجیل بقوۃ ففسرہ لاھل السریانیۃ واخبرھم انی انا اللہ لا الٰہ الا انا الحی القیوم البدیع الدائم الذی لازوال لہ فامنوا باللہ ورسولہ النبی الامی الذی یکون فی آخر الزمان فصدقوہ واتبعوہ صاحب الجمل والمدرعۃ والھراوۃ والتاج الاجعل العین المقرون الحاجبین صاحب الکساء الذی انما نسلہ من المبارکۃ یعنی خدیجۃ یا عیسیٰ لھا بیت من لؤلؤ من قصب موصل بذھب لاسقم فیہ اذی ولا نصب لھا بنت یعنی

فاطمة ولها ابنان فيستشهدون يعني الحسن والحسين
طوبیٰ لمن سمع کلامه وادرك زمانه وشهد ايامه قال عیسیٰ
یارب وما طوبیٰ قال شجرة فی الجنة انا غرستها بیدی
واسکنتها ملائکتی اصلها من رضوان وماءها من
تسنیم ۔

ترجمہ (ملخص) راوی بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کو وحی کی کہ میرے امر کو پہنچانے کی کوشش کر اور سستی نہ کر۔ میرے امر کو سن اور اس کی اطاعت کر اے کنواری بتول کے بیٹے میں نے تجھے بغیر باپ کے پیدا کیا اور میں نے تجھے اور تیری ماں (مریم) کو عالمین کے لیے اپنی قدرت کی نشانی بنایا۔

پس میری ہی عبادت کر اور مجھ پر ہی بھروسہ کر اور کتاب کو مضبوطی سے پکڑ جناب عیسیٰ نے عرض کی کس کتاب کو حکم ہوا کہ انجیل کو اور اس کی اپنی امت کے لیے تفسیر کر اور انھیں خبر پہنچا دے کہ تحقیق میں ہی معبود برحق ہوں میں حی اور قیوم ہوں ہر چیز کا خالق ہوں اور ہمیشہ رہنے والا ہوں جسے زوال نہیں (اپنی امت سے کہہ دے) ایمان لائیں اللہ اور اس کے رسول پر وہ رسول جو نبی امی ہے جو آخری زمانے میں آئے گا اس کی تصدیق کرو اور پیروی کرو وہ اونٹ، زرہ، ڈنڈے اور تاج والا ہے۔ کشادہ آنکھ والا ہے ملے ہوئے ابروں والا ہے، چادر والا ہے۔ اس کی نسل خدیجہ خاتون سے ہو گی جو برکت والی ہے اے عیسیٰ خدیجہ کے لیے جنت میں گھر ہے ایسے موتیوں سے بنا ہوا جن میں سوراخ نہیں ہو گا اور اس میں سونے کی ملاوٹ ہو گی اس گھر میں تکلیف اور تھکاوٹ نہیں ہو گی اس خدیجہ کی ایک ہی بیٹی ہے جس کا نام فاطمہ ہے اور اس فاطمہ کے دو بیٹے ہوں گے ایک حسنؑ اور اور دوسرا حسینؑ اور وہ دونوں شہید ہوں گے طوبیٰ ہے اس شخص کے لیے جس نے اس نامی نبیؐ کا کلام سنا اور اس کے زمانے کو پایا عیسیٰ نے عرض کی اے خدایا وہ طوبیٰ کیا

ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ جنت میں ایک درخت ہے جسے میں نے اپنے دست قدرت سے بویا ہے اور اس کے پاس ملائکہ کو رہائش پذیر کیا ہے اس کی جڑ رضوان سے ہے اور اس کا پانی تسنیم سے ہے ۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ اس بات کی تو گذرے ہوئے زمانہ کے نبیوں کو بھی اللہ پاک خبر دے چکا تھا کہ آخری نبی کی جناب خدیجہ سے صرف ایک لڑکی ہوگی جس کا نام فاطمہ ہے اس فاطمہ کے دو بیٹے ہوں گے ایک حسنؑ اور ایک حسینؑ اور وہ دونوں شہید ہوں گے۔ بالفرض اگر وہ تین لڑکیاں بھی ہمارے نبیؐ کی حقیقی لڑکیاں تھیں تو ان کا ذکر کبھی کسی مقام فضیلت میں نظر آتا لیکن قرآن پاک اور حدیث پاک نے ان لڑکیوں کو کسی مقام فضیلت میں ذکر نہیں کیا اور اسی سے معلوم ہوا کہ ان کا شوہر کوئی بھی ہو خواہ عتبہ اور عتیبہ ہوں یا جناب عثمان ہوں ان کے لیے ان لڑکیوں کا شوہر ہونا کوئی فضیلت نہیں ہے۔ البتہ جناب معاویہ کبیر نے اس محاذ پر خوب جنگ لڑی ہے لیکن شیعان حیدر کرار کو شکست نہیں دے سکا اور آج کل معاویہ کے گدی نشین بہت بھرے ہوئے ہیں اور ان سے انصاف کی قبول کرنا ایسے ہے جیسے بیل والے گھر سے لسی مانگی جائے۔ یہ دین اسلام کے ٹھیکہ دار دین محافظ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن ارباب انصاف مثل مشہور ہے

کہ اگر بلی گوشت کی حفاظت کی خواہش کرے تو اعتبار نہ کرنا بنو امیہ کے وکلا کبھی بھی کسی کو راہ حق پر نہیں لگائیں گے ۔

دلیل ہشتم

نبی کریم کا اپنے داماد کے شرف پر فخر کرنا

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص ۲۹۴ پ ۱۱ سورۃ التوبہ آیت ۱۳۰

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت حلبیہ ص ۶۸ ج ۱ ذکر تزویج

لقد جاءکم رسولٌ من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم س التوبۃ ۱۳۰

اخرج ابن مردویہ عن انس قال قال رسول اللہ لقد جاءکم رسول من انفسکم فقال علی ابن ابیطالب یا رسول اللہ ما معنی انفسکم فقال رسول اللہ انا انفسکم نسباً وصھراً وحسباً لیس فی ولا فی آبائی من لدن آدم سفاح کلھا نکاح ۔

ترجمہ: راوی کہتا ہے حضور نے اس آیت کو تلاوت فرمایا کہ تحقیق تمھارے پاس آیا ہے رسول " من انفسکم "، حضرت علی بن ابی طالب نے عرض کی کہ یارسول اللہ انفسکم کا معنی کیا ہے تو حضورؐ پاک نے فرمایا کہ میں تم میں زیادہ نفیس ہوں از رو ے نسب کے اور داماد کے اور حسب کے مجھ میں اور میرے آباؤ اجداد میں آدم سے لے کر مجھ تک سب نکاح سے پیدا ہوئے ہیں کہیں غلط نکاح نہیں ہے ۔

نوٹ: مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ ہمارے نبیؐ نے اس بات پر فخر کیا ہے کہ میرے داماد جیسا کسی کا داماد نہیں ہے اور فخریہ تب

درست ہے کہ وہ تین لڑکیاں جو کفار سے بیاہی گئی تھیں، حضور پاک کی حقیقی لڑکیاں
نہ ہوں اگر ان کو حقیقی مان لیا جائے تو ان کے نکاح تو کفار کے ساتھ بھی ہوئے ہیں اور کافر
داماد ملنے پر تو ایک عام آدمی بھی فخر نہیں کرتا۔

نبی کریم کا اپنے داماد پر فخر کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ حضور کی حقیقی لڑکی صرف
فاطمہ زہرا ہے اور نبی کریم نے ان کے شوہر جناب امیر پر فخر فرمایا ہے کیوں کہ جناب امیر
میں سوائے نبوت کے تمام کمالات پائے جاتے ہیں اور اگر حضرت علی نہ ہوتے تو
دنیا میں کوئی شخص بھی جناب فاطمہ زہرا کا شوہر بننے اور نبی کریم کا داماد ہونے کی
صلاحیت نہ رکھتا تھا۔ جناب عثمان رقیہ اور ام کلثوم کے شوہر پر حضور پاک نے فخر
نہیں کیا کیوں کہ عثمان سے پہلے ان کے شوہر تو عتبہ و عتیبہ کفار بھی رہے ہیں۔

نوٹ: اہل حدیث وہابیوں سے گذارش ہے کہ گڑ گڑ کہہ منھ میٹھا نہیں ہوتا
صرف عثمان کو داماد رسول کہنے سے کیا فائدہ جب کہ قرآن سنت
سے اس کا ثبوت نہیں ملتا ہے۔ نیز بنو امیہ کے فضائل بیان کرنے سے ایمان کا گھاٹا ہے
مثل مشہور ہے خصم کا کھائیں بیر گیت گائیں بھیا جی۔ دنیا کو اسلام تو آل رسول
نے سکھایا ہے لیکن وہابی لوگ گیت گائیں بنو امیہ کے۔ بنو امیہ کی فتوحات صرف اپنی
حکومت چمکانے کی خاطر تھیں ان کو اسلام سے کوئی محبت نہیں تھی ان کی [illegible]
[illegible] اور دن خلق خدا پر ظلم کرتے ہوئے گزرتا تھا
سوائے خدائی رہنماؤں کے باقی جن لوگوں نے بھی اسلام کا لیبل لگا کر حکومت کی ہے
ان کا حال پتلا ہے آج کل حاضر مثال سعودیہ کی ہے بے شک سعودی حکومت نے
مکہ و مدینہ سے کفار کو نکالا ہے لیکن کفار کی محبت کو اپنے دلوں سے نہیں نکالا مسلمانوں
کو چکر دے رہے ہیں۔ اسرائیل سے دشمنی کا دعویٰ اور امریکہ سے برادرانہ مراسم اور
اسرائیل و امریکہ کا آپس میں کیا رشتہ ہے۔ اس سارے چکر کا فیصلہ پڑھے لکھے مسلمان

خود کریں گے۔ پاکستانی مسلمانوں صرف شیعوں کے جلوس روکنا خدمت اسلام نہیں ہے اپنے مسلمان سربراہوں سے پوچھو کہ وہ اسرائیل سے جہاد کیوں نہیں کرتے۔

دلیل نہم

حضرت علیؑ کا خود داماد رسول ہونے پر فخر کرنا

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ ص۷۹ باب ۹ فصل ۳
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب اخبار الاول ص۳۶
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ ص۳۷۱ باب ۶۱
(۴) عالم اسلام کی کتاب دیوان علی مترجم ص۱۷۱ قافیہ میم مطبوعہ کراچی
(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین ص۴۲۷ خاتمۃ الکتاب
(۶) اہل سنت کی معتبر شرح ابن ابی الحدید ص۴۵۵
(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص۳۹۲ ج۲ فضائل علی

صواعق محرقہ کی عبارت ملاحظہ ہو

لما وصل الیہ فخر من معاویۃ قال لغلامہ اکتب ... ثم املی علیہ
محمد النبی اخی وصہری ۔ وحمزۃ سید الشہداء عمی ۔ وجعفر الذی یمسی ویضحی
یطیر مع الملائکۃ ابن امی ۔ وبنت محمد سکنی وعرسی ۔ منوط لحمہا بدمی ولحمی ۔
وسبطا احمد ابنای منہا ۔ فایکم لہ سہم کسہمی ۔ سبقتکم الی الاسلام
طرا ۔ غلاما ما بلغت اوان حلمی ۔ قال البیہقی ان الشعر

حمیا بجب علیٰ کل احد منواں فی علی حفظہ للعلم بعد اخرۃ فی الاسلام

ترجمہ: جب حضرت علی کو معاویہ کا ایک فخریہ خط پہنچا تو جناب علی نے اپنے ایک غلام سے فرمایا کہ اس خط کا جواب لکھو پھر آنجناب نے یہ لکھوایا کہ محمد مصطفیٰ اللہ کے نبی ہیں اور میرے بھائی اور خسر ہیں اور حمزہ شہیدوں کا سردار میرا چچا ہے اور جعفر جو صبح و شام فرشتوں کے ساتھ جنت میں پرواز کرتا ہے میرا ماں جایا ہے اور محمد مصطفیٰ کی بیٹی میرے دل کا سکون اور میری زوجہ ہے اس کا خون اور گوشت میرے خون اور گوشت سے ملا ہوا ہے احمد مصطفیٰ کے دو نواسے ان کی بیٹی سے میرے معنو، بیٹے ہیں پس تم میں سے کون ہے جس کو شرف سے ایسا حصہ ملا ہو جیسا کہ مجھے ملا ہے بس تم تمام سے پہلے اسلام کی طرف سبقت کر گیا اس وقت میں بچہ تھا اور سن بلوغ کو نہیں پہنچا تھا۔

امام بیہقی نے کہا ہے کہ جو لوگ حضرت علی کی عقیدت میں سست ہیں ان پر واجب ہے کہ وہ ان اشعار کو زبانی یاد کریں تاکہ انھیں حضرت علی کی وہ باتیں معلوم ہو سکیں جو اسلام میں ان کے لیے باعث فخر ہیں۔

ینابیع المودۃ اور دیوان علیؑ کی عبارت ملاحظہ ہو

(مذکورہ اشعار کے بعد دیوان علی اور ینابیع میں یہ شعر بھی معہ دیگر چند اشعار کے موجود ہے)

واوجب لی ولایتہ علیکم رسول اللہ یوم غدیر خم

ترجمہ: جس طرح کی ولایت حضور پاک لوگوں پر ثابت ہے اسی قسم کی میری ولایت اور سرداری بھی رسول اللہ نے تم لوگوں پر غدیر خم کے دن فرض کی

نوٹ: مثل مشہور ہے کہ دیگ سے چمچا زیادہ گرم ہوتا ہے معاویہ صاحب عثمان سے زیادہ تیز تھے لیکن جناب امیر کے سامنے اس موقع پر خاموش ہو گئے۔ اسی خاموشی سے ثابت ہے کہ عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے۔

فرائد السمطین کی عبارت ملاحظہ ہو

وروی ان کتب الیہ معاویۃ اما بعد فان ابی کان سیدا فی الجاھلیۃ فصرت ملکا فی الاسلام وانا خال المومنین کاتب الوحی و محمد رسول اللہ۔ تعالی علی علیہ السلام بالفضل یفتخر علی ابن اکلۃ الاکباد اکتب الیہ یا قنبر ان لی سیوفا بدریۃ وسھاما ھاشمیۃ قد عرفت مواقع نصالھا فی اقاربک وعشائرک یوم بدر وماھی من الظالمین ببعید ثم قال اکتب محمد النبی اخی وصھری ...... وبنت محمد سکنی و عرسی ...... فمن منکم لہ سھم کسھمی ...... الخ

ترجمہ: جناب معاویہ کبیر نے حضرت علی کی طرف یہ خط لکھا کہ میرا باپ زمانہ جاہلیت میں جاہلوں کا سردار تھا۔ اور اسلام میں میں بادشاہ ہوں۔ مومنین کا ماموں جان ہوں۔ میں بیٹر نویس ہوں۔ اور نبی کا سالا ہوں جب اس سانے کا خط پہنچا) تو حضرت علی نے فرمایا کہ کیا فضائل کے ذریعے شہدا کے جگر چبانے والی عورت کا بیٹا مجھ پر فخر کرتا ہے۔

اے قنبر اس کو جواب لکھو کہ میرے پاس وہی ہاشمی تلواریں اور نیزے ہیں جن کے پھلوں کے زخم تو نے جنگ بدر میں اپنے خاندان میں دیکھے تھے اور وہ ہتھیار اب بھی ظالموں سے دور نہیں ہیں۔ نبی کریم میرے سُسرے تھے ان کی بیٹی میری بیوی تھی

یہ فضیلت ہو تو میرے سوا کس کو حاصل ہے۔

نوٹ: مذکورہ شعروں میں جناب امیر نے اپنے چند فضائل بیان فرمائے ہیں اور ان میں ایک یہ فضیلت بھی بیان کی ہے کہ نبی کریم کی بیٹی فاطمہ زہرا میری بیوی اور حضور پاک میرے سسر ہیں اس کے بعد فایکم ۔یا۔ فمن لکم ۔ سے جو کہ علم اصول کی روشنی میں عموم کے صیغے ہیں تمام لوگوں کو خطاب فرمایا کہ کسی شخص کو میری مذکورہ فضیلت جیسی فضیلت حاصل ہے۔ جناب امیر کے اس کلام سے ثابت ہوا کہ ہمارے نبی کریم کی حقیقی بیٹی صرف فاطمہ زہرا ہے اور وہ تین لڑکیاں جو کفار سے بیاہی گئی تھیں وہ حقیقی لڑکیاں نہ تھیں۔ پس جب ہمارے مولی نے ان لڑکیوں کے حقیقی ہونے کا انکار فرمایا ہے تو کوئی بھی صاحب ایمان ان کو حقیقی نہیں مان سکتا اور جناب امیر کا فرمان ہمیشہ برحق ہوتا ہے حدیث گواہ ہے کہ علی مع الحق والحق مع علی۔ ارباب انصاف سخن راست تلخ میباشد کہ سچی بات کڑوی ہوتی ہے بنو امیہ اپنے مشکوک نسب اور بدکردار کی وجہ سے اولاد نبی کے کفو ہی نہ تھے پس عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے اسی لیئے تو دہابیوں کا ماموں جان بھی جناب امیر کے آگے خاموش ہو گیا۔ اگر عثمان بھی داماد نبی تھے (معاذ اللہ) تو معاویہ حضرت علی سے کہہ دیتے کہ یہ فضیلت تو عثمان میں بھی موجود ہے ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ تاریخی حقائق وہابیوں کے سامنے ایسے ہیں جیسے بھینس کے آگے بین باجے بھینس کھڑی پگھرائے۔

ارباب انصاف ہمیں اس چیز کا احساس ہے کہ آج کل اسلام کو کفار کی بدترین سازشوں سے سخت خطرہ ہے اور ضرورت ہے کہ بجائے عثمان کی دامادی کے مسئلہ کے اتحاد المسلمین پر لکھا جائے اور کفار کی مکاریوں کو بے نقاب کیا جائے لیکن جب وہابیوں کے کسی مولوی احسان الٰہی ظہیر نے کتاب الشیعہ والسنہ میں اعلان کر دیا کہ ہم شیعوں سے اتحاد نہیں کریں گے تو پھر ہمیں مجبوراً کہنا پڑتا ہے کہ وہابیوں

کوششوں سے کیا تکلیف ہے۔ ان کو تکلیف یہ ہے کہ ہم لوگوں کو بتاتے ہیں کہ سودیہ میں حج کے موقع پر تمام دنیا کے کفار کی مذمت کی جائے اور مسلمانوں کو تیار کیا جائے کہ وہ کفار سے امداد نہ لیں سمان عیاشی نہ خرید اجائے ٹیلی ویژن کی مسلمان ملکوں کو ضرورت نہیں ہے کہ اسلامی معاشرہ کی تباہی کا باعث فلم اور سینما ہیں اور ٹیلی ویژن تو گھر گھر سینما ہے۔ اسلامی معاشرہ سے شرم و حیا کے اٹھ جانے کا سبب فلمی دنیا ہے۔ نیز حج کے موقع پر مسلمانوں کو یہ سبق دینے کی ضرورت ہے کہ وہ حکمران جو اسلام کے نام سے غلط فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ان سے پیچھا چھوڑایا جائے اور امریکہ نوازی یا دیگر کفار کی دوستی کا دم بھرنے والے حکمرانوں کو اسلام سے کوئی دلچسپی نہیں ہے یہ باتیں اگر حج کے موقع پر مسلمانوں کو بتائی جائیں تو وہابی حکومت کا خاتمہ بالکل ہو جائے۔

فاطمۃ الزہرا بنت رسول سیدۃ النساء کے شوہر ہونے پر جناب امیر کا فخر کرنا

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین ج ۵۵ ص ۳۲۱

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی فصل ۱۹ ص ۲۲۲

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب

مناقب اور فرائد کی عبارۃ ملاحظہ ہو

قال انشدکم باللہ هل فیکم احد له زوجة مثل زوجتی فاطمه بنت محمد سیدة النساء اهل الجنة غیری۔

ترجمہ: خدارا آپ مجھے بتائیں کہ میرے علاوہ کیا آپ میں کوئی ایسا شخص ہے جس کی زوجہ شرف میں فاطمہ بنت محمد کے برابر ہو وہ فاطمہ جو اہل جنت کی عورتوں کی سردار ہے۔

نوٹ: جب حضرت عمر وفات پا گئے اور اپنے بعد چھ آدمی معین کر گئے کہ وہ آپس میں صلاح مشورہ کر کے اپنے میں سے ایک آدمی کو خلیفہ بنا لیں اور ان میں جناب امیر المومنین علی علیہ السلام بھی تھے تو جناب امیر نے باقی پانچ سے جن میں جناب عثمان بھی شامل تھے فرمایا کہ نبی کریم کی بیٹی کا شوہر ہونا یہ شرف و فضیلت صرف مجھ میں پایا جاتا ہے اور میں تمام لوگوں سے افضل ہوں پس خلافت میرا حق ہے۔

نوٹ ۲: اگر جناب عثمان کے گھر بقول اہل سنت نبی کریم کی دو لڑکیاں تھیں تو ان کا فرض تھا کہ وہ بھی بولتے کہ یا علی یہ شرف تو مجھ میں آپ سے زیادہ پایا جاتا ہے کہ میرے گھر تو نبی کی دو لڑکیاں ہیں جناب عثمان کا ہمارے مولیٰ علی کے سامنے نہ بولنا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ دو لڑکیاں رقیہ اور ام کلثوم ہمارے نبی کی صلبی لڑکیاں نہ تھیں

نوٹ ۳: اگر جناب عثمان نہیں بولتے تھے تو دوسرے اصحاب بول پڑتے کہ یہ شرف تو عثمان میں جناب امیر سے زیادہ پایا

جاتا ہے لیکن اصحاب نبی بھی بغیر کسی ڈر کے اور سیاست کے خاموش رہے۔

خاموشی اس بات کا ثبوت ہے کہ اصحاب نبی کو یقین تھا کہ رقیہ اور ام کلثوم نبی کریم کی صلبی لڑکیاں نہیں ہیں۔ نیز خاموشی کا یہ سبب نہیں ہے کہ وقت شوری وہ لڑکیاں فوت ہو گئی تھیں کیوں کہ اس وقت جناب فاطمہ زہرا بھی شہادت پا چکی تھیں۔ جناب علی علیہ السلام کا یہ چیلنج کہ صحابہ میں سے کس کی بیوی میری زوجہ فاطمہ جیسی ہے اور تمام اصحاب کا لاجواب ہو جانا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ عثمان صاحب کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے۔

اعتراض

وہابیوں کا یہ مایہ ناز اعتراض ہے کہ کسی امام کے فرمان سے شیعہ ثابت کریں کہ نبی کریم کی صرف ایک لڑکی تھی۔

جواب : مولا علی کا مذکورہ فرمان کہ بتاؤ کس صحابی کی بیوی میری زوجہ فاطمہ کی مانند ہے یہ اس کا ثبوت ہے کہ نبی کی لڑکی صرف ایک تھی اور ریاض النضرہ سے حوالہ گزر چکا ہے کہ نبی کریم نے فرمایا کہ آپ کو میرے جیسا سُسرا ملا ہے یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ نبی کریم نے صرف فاطمہ کے بارے اقرار کیا ہے کہ وہ میری بیٹی ہے اور دوسریوں کے بارے میں انکار رہے۔

وہابیوں سے گذارش ہے جھوٹے دامنہ کالا سچے دا بول بالا۔ ناموس صحابہ کا نگہبان آپ کو کس نے بنایا مثل مشہور ہے جواں دا ڈھیر تے گدوں رکھوالا جس طرح صحابہ کی توہین آپ کی بخاری میں موجود ہے بے مثال ہے صحابہ کے بہانے بنوامیہ کی وکالت وہی مثال بنی روندی یاراں نوں نال لے بھراواں دا۔ وہابی لوگ خدا رسول اور صحابہ کرام کے دشمن ہیں صرف یہ لوگ بنوامیہ مثل معاویہ یزید کے وکیل ہیں صاف بات تو یہ ہے کہ یزید کی طرف سے صفائی پیش کرنا ایسے ہے جیسے شیطان کی طرف سے صفائی پیش

کرنا ہے یہاں مثل مشہور ہے من حرامی حجتاں ڈھیر اگر دل میں انصاف اور ایمان نہ ہو تو ہر بدکردار کی صفائی پیش کی جا سکتی ہے ۔

دلیل دہم

دامادِ رسول ہونے کو تمام علماء نے مولا علیؑ کے فضائل و القاب میں شمار کیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرۃ الحفاظ ص۱ ذکر علی

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب شذرات الذہب ص۵۰ ذکر سنۃ اربعین

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ ص۱۴۳

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر ص۶۲ ذکر خلفا

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی ص۹

تذکرۃ الحفاظ کی عبارت ملاحظہ ہو

"امیر المومنین علی ابن ابیطالب ابوالحسن الہاشمی قاضی الامۃ وفارس الاسلام وختن المصطفیٰ کان من سبق الی الاسلام جاھد فی اللہ حق جہادہ ونھض باعباء العلم والعمل وبشرہ النبی بالجنۃ وقال من کنت مولاہ

فعلی مولاہ وقال لہ انت منی بمنزلہ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی وقال لا یحبک الا مومن ولا یبغضک الا منافق۔

ترجمہ: جناب امیر علیہ السلام اس امت کے قاضی ہیں اسلام کے شاہسوار ہیں حضرت محمد مصطفیٰ کے داماد ہیں سب سے پہلے اسلام لانے کے تاجدار ہیں راہ خدا میں جہاد کرنے کا حق ادا کیا علم و عمل کے بوجھ اٹھائے حضور نے ان کے لیے جنت کی گواہی دی اور فرمایا جس کا میں سردار اس کا علی سردار۔ نیز فرمایا آپ نے (اے علی) مجھ سے وہ نسبت ہے جو ہارون نبیؑ کو موسیٰ سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہ آئے گا تیرے ساتھ نہیں محبت رکھے گا۔ مگر مومن اور تیرے ساتھ نہیں بغض رکھے گا مگر منافق۔

شذرات الذہب کی عبارت ملاحظہ ہو

علی علیہ السلام ومناقبہ لا تعد من اکبرھا تزویج البتول ومواخاۃ الرسول ودخولہ فی المباھلۃ والکساء

ترجمہ: حضرت علی کے اتنے فضائل ہیں جن کا شمار نہیں کیا جاسکتا اور جناب کے بڑے فضائل میں سے چند یہ ہیں نبی کی بیٹی فاطمہ بتول سے حضرت علی کی شادی کا ہونا۔ مسلمانوں میں بھائی چارہ قائم کرتے وقت رسول اللہ کا حضرت علی کو اپنا بھائی بنانا اور حضرت علی کا آیت مباہلہ اور آیت تطہیر میں شامل ہونا۔

فصول المہمہ کی عبارت ملاحظہ ہو

وھذا البعض ما اوردناہ فی مناقب ابی السبطین وفارس بدر وحنین زوج البتول وابی الریحانتین قرارۃ القلب قرۃ العین سیف اللہ

وحجۃ وصراط المستقیم وبعد فای شرف ما افترع هضابہ وای معقل عزما فتح بابہ

ترجمہ: یہ چند فضائل اور واقعات ہیں جو ہم نے اس ذات کے مناقب میں ذکر کئے ہیں جو ابو السبطین ہے اور شہسوار بدر وحنین ہے نبی کی بیٹی فاطمہ بتول کا شوہر ہے اور وہ دو شہزادے جو رسول کے باغ زندگی کے پھول تھے۔ دل کا سکون اور آنکھوں کی ٹھنڈک تھے ان کا باپ علی علیہ السلام اللہ کی تلوار ہے اور خدا کا سیدھا راستہ ہے۔ حجت خدا ہے پس کون سے شرف وفضل کا پہاڑ ہے جس کی چوٹی پہ حضرت علی نہیں پہنچے اور کونسا عزت کا قلعہ ہے جس کا دروازہ حضرت علی نے نہیں کھولا۔

شرح فقہ اکبر کی عبارت ملاحظہ ہو

علی ابن ابیطالب وهو المرتضی زوج فاطمۃ الزهرا وابن عم المصطفی والعالم فی الدرجۃ العلیا والمعضلات التی سئلہ کبار الصحابۃ عنها ورجعوا الی فتواہ فیها کثیرۃ شہیرۃ۔

ترجمہ: حضرت علی انھیں کا لقب مرتضیٰ ہے نبی کی بیٹی فاطمہ زہرا کے شوہر ہیں نبی پاک کے چچا کے بیٹے ہیں اور بلند درجہ کے عالم ہیں اور بڑے بڑے صحابہ نے مشکلات کو حضرت علی سے پوچھا۔

نوٹ:

حضرت علی علیہ السلام کے وہ فضائل ہیں جن کی گواہی دشمن بھی دیتے ہیں اور فضیلت ہوتی بھی وہی ہے جس کی گواہی دشمن دیتے ہوں۔ جناب امیر کی یہ فضیلت کہ وہ داماد رسول ہیں اس کی گواہی اپنے اور پرائے موافق اور مخالف سب دیتے ہیں اور جناب عثمان کی کسی فضیلت کی گواہی کسی مخالف نے نہیں دی عقل مند کو چاہیے کہ جس بات پہ اتفاق ہو

اس کو مان لے اور جس میں جھگڑا ہو اس کو چھوڑ دے حضرت علی کے داماد رسول ہونے پر اتفاق ہے لہٰذا آنجناب کی اس فضیلت کو مان لیا جائے اور جناب عثمان کے داماد نبی ہونے میں اختلاف ہے لہٰذا ان کی اس فضیلت کو چھوڑ دیا جائے علماء اہل سنت کا حضرت علی کے فضائل میں یہ بات شمار کرنا کہ وہ فاطمہ زہرا کے شوہر تھے نبی کریم کے داماد تھے اور عثمان کے فضائل میں فرضی دامادی کو نبیذ فاروق کی طرح ہضم کر جانا اور ڈکار بھی نہ لینا اس بات کا ثبوت ہے کہ عثمان صاحب کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے

ارباب انصاف وہابی لوگ اسلام کی آڑ میں دین اسلام کے ٹھیکدار بن گئے ہیں۔ مثل مشہور ہے۔ جٹ کی جانے لونگاہ دا بھا، جٹ کی جانے کو کلے تے پڑ بھیڑے کھا۔ اسلام کی آڑ میں یہ لوگ مسلمانوں کو یزید پلید کی امامت کا تحفہ پیش کرنا چاہتے ہیں یزید ہو یا عثمان دونوں امیہ خاندان سے ہیں اور دونوں کی خلافت صحیح نہیں ہے یزید کی خلافت پر فتح قسطنطنیہ کا رنگ لگایا جاتا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یزید ماؤں، بہنوں سے زنا کرتا تھا۔ ایسا امام وہابیوں کو مبارک ہو مسلمان تو ایسے لعین پر لعنت بھیجتے ہیں۔

دلیل یازدہم

فاطمہ زہرا کا شوہر ہونا حضرت علی کا وہ شرف ہے جس کے بارے میں ابن عمر اور حضرت عمر دونوں کو رشک اور بڑی حسرت تھی

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص۷۶ ج۲ سورۃ مجادلہ آیت بخوی

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب المستدرک علی الصحیحین ص۱۲۵ ج۳ ذکر علی

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب کفایۃ الطالب ص۱۳۶ باب ۲۹

(۴) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ الخلفاء ص۱۷۲

(۵) اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ ص۲۰۲ ج۲ فصل ۶

(۶) اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ ص۷۶ باب ۹ فصل ۳

(۷) اہل سنت کی معتبر کتاب مسند احمد حنبل ص۲۰ ج۲ مطبوعہ مصر

(۸) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین ص۳۴۵ ب ۶۴

(۹) اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی ص۲۳۸ فصل ۱۹

صواعق محرقہ کی عبارت ملاحظہ ہو

اخرج ابو علی عن ابی هریرة قال قال عمر بن الخطاب لقد اعطی علی ثلاث خصال لان تکون لی خصلۃ منها احب الی من حمر النعم فسئل وما هی؟ قال تزویجه ابنته وسکناه فی المسجد لا یحل لی فیه ما یحل له والرایة یوم خیبر۔

ترجمہ: حضرت عمر کہتے تھے کہ حضرت علی کو تین فضیلتیں ایسی عطا ہوئیں مجھے اگر ان میں سے ایک بھی حاصل ہو جاتی تو وہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب تھی پوچھا گیا کہ وہ کونسی فضیلتیں؟ حضرت عمر نے کہا پہلی فضیلت ان کی یہ ہے کہ ان کی شادی رسول اللہ کی بیٹی سے ہوئی دوسری فضیلت یہ ہے کہ وہ مسجد میں اس طرح آ جا سکتے تھے جس طرح میرے لیے جائز نہ تھا اور تیسری فضیلت یہ کہ خیبر کے دن انہیں

پرچم اسلام ملا ۔

مسند احمد حنبل کی عبارت ملاحظہ ہو

ترجمہ : عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ حضرت علی کی تین فضیلتیں ایسی ہیں کہ اگر ان میں سے مجھے ایک بھی مل جاتی تو وہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب تھی۔

(۱) نبی نے اپنی بیٹی سے ان کی شادی کی (۲) نبی پاک نے وہ دروازے جو مسجد کی طرف کھلتے تھے بند کروا دیئے سوائے حضرت علی کے دروازہ کے (۳) رسول نے جنگ خیبر میں ان کو فتح کا علم دیا۔

نوٹ : مذکورہ حوالہ گواہ ہے کہ داماد رسول ہونا جناب امیر کی وہ مایہ ناز فضیلت ہے کہ جس پر جناب عمر بھی رشک کرتے تھے۔ بقول ہمارے اہل حدیث وہابی دوستوں کے کہ حضور پاک کی دو لڑکیاں جناب عثمان کے گھر بھی تھیں بالفرض اگر تھیں تو جناب عمر کو حضرت عثمان کی مذکورہ فضیلت پر رشک کرنا چاہیے تھا کیوں کہ بقول اہل حدیث کے عثمان ذوالنورین تھے اور جناب عمر یوں رشک کرتے کہ کاش میں ذوالنورین ہوتا لیکن جناب عمر حضرت عثمان کی ذوالنورین ہونے والی فضیلت کو خاطر میں نہیں لائے۔ پس معلوم ہوا کہ وہ لڑکیاں حضور کی حقیقی نہ تھیں اور جب اہل حدیث کے فاروق اعظم نے خود مولا علی اور عثمان کے داماد ہونے میں فرق کر دیا کہ حضرت علیؑ نبی پاک کے اصلی داماد تھے کہ ان کے گھر حضور پاک کی حقیقی لڑکی تھی اور جناب عثمان اصلی داماد نہ تھے۔ کیوں کہ ان کے گھر نبی کی حقیقی لڑکی نہ تھی تو اہل حدیث دوستوں کو اپنے فاروق اعظم کا فیصلہ مان لینا چاہیے۔

نیز بعض روایات میں جناب عبداللہ بن عمر کے بارے بھی ملتا ہے کہ انھیں بھی

داماد رسول ہونے کی حسرت تھی۔ لیکن ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو فضیلت ان کے باپ جناب عمر کو کوشش کے باوجود نہ مل سکی وہ جناب عبداللہ بن عمر کو کیسے مل سکتی تھی۔

وہابیوں کے لیے دعوت فکر ہے کہ انکے عقیدہ میں عمر صاحب عثمان سے افضل تھے اور عمر صاحب نے اپنی ایک لڑکی حفصہ نامی بھی بنی کریم کو دی تھی اور انہیں داماد رسول ہونے کا شوق بھی تھا پس بنی کریم نے عمر کو نظر انداز کیوں کیا عمر کو ایک بھی نہ دی اور عثمان کو دو دو دیدیں بھلے لوگو عمر ہو یا عثمان بچارے اس قابل کب تھے کہ بنی کریم کے داماد بنتے بنوامیہ کے فراڈ ہیں جو اسلامی تاریخوں میں بکھرے ہوئے ہیں۔

مثل مشہور ہے اندھی نگری چوپٹ راجا۔ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا۔ جیسے بنوامیہ کے حکمران ویسے ہی ان کے گیت گانے والے دامادی عثمان کی ڈفلی بھی بنوامیہ نے تیار کی ہے اور ان کے عقیدت منداس کو قیامت تک بجاتے رہیں گے۔

ارباب انصاف اگر وہابی بنوامیہ کی تعریف نہ کرتے تو ہم جانتے ہیں کہ دامادی عثمان کے مسئلہ کی آج کل کوئی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس امر کی ضرورت ہے اہل اسلام کو ان کے دشمنوں سے آگاہ کیا جائے اور وہ دشمن تمام کفار ہیں اور کفارہ کا مقابلہ ہم مسلمان اس وقت کر سکتے ہیں جب کہ ہر اسلامی ملک میں پوری دیانت داری سے انتخاب ہو اور عوام مسلمانوں کو پوری آزادی سے اپنا نمائندہ چننے کا حق حاصل ہو لیکن ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ نہ ہی کسی عرب ملک میں اور نہ ہی کسی اور اسلامی ملک میں سوائے ایران کے انتخاب ہوتے ہیں جو بھی آتا ہے عوام کی مرضی کے خلاف آتا ہے اور حکومت کو اپنے باپ کی جاگیر سمجھ کر قابض ہو کر بیٹھ جاتا ہے اگر کوئی عالم دین آواز اٹھائے تو گولی۔ قید اور کوڑے اس کا انعام مقرر ہے کیوں پیارے مسلمان بھائیوں یہ ظلم نہیں ہے کہ سعودیہ عرب میں صرف ایک خاندان حکومت پر قبضہ

کرکے بیٹھا ہے اور وہاں کے عوام مسلمانوں کی رائے کی کوئی قیمت نہیں ہے اگر اسلام میں جمہوریت ہے تو آج کل وہ کہاں چلی گئی ہے سب مسلمان ملکر اس کو ویزا دلوائیں تاکہ وہ بچارہ روضہ رسول کی زیارت کرسکے۔

دلیل دوازدہم

نبی کریم نے اپنے داماد حضرت علی کی تعریف فرمائی ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب صہ ۳۳۷ ذکر علی

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین صہ ۹۲ ب ۱۷

۳ - اہل سنت کی معتبر کتاب المناقب للخوارزمی صہ ۲۴۳

زوجه رسول ابنته فاطمة وقال لها زوجتك سيدا في الدنيا والآخرة -

ترجمہ: نبی کریم نے حضرت علی کو اپنی بیٹی فاطمہ کا رشتہ دیا اور بیٹی سے کہا میں نے تیری شادی ایسے شخص سے کی ہے جو دنیا اور آخرت میں لوگوں کا سردار ہے۔

نوٹ: بقول وہابیوں کے کہ عثمان صاحب داماد رسول تھا لیکن مذکورہ حدیث سے اس کا داماد رسول ہونا جھوٹ ثابت ہوگیا کیونکہ اگر عثمان کے گھر نبی کریم کی کوئی لڑکی ہوتی تو آنجناب عثمان کی تعریف کرتے اور یہ بات

کہ نبی کریم نے عثمان سے کہا تھا کہ اگر میری سو لڑکی بھی ہوتی تو ایک کی موت کے بعد ہر دوسری عثمان کو دیتے یہ بات بھی سفید جھوٹ ہے کیوں کہ تاریخ میں یہ بھی لکھا ہے ام کلثوم نامی عورت کے مردہ سے عثمان نے ہم بستری کی تھی۔ پس کوئی غیرت مند شخص ایسے انسان کو داماد بنانے کے لیے تیار نہیں ہے اور جناب عثمان کے تمام فضائل ایک طرف اور اس کا مردہ عورت سے جماع کرنا ایک طرف ارباب انصاف خود فیصلہ کرلیں۔ ہم تو اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ بنو امیہ نے اپنی اور عثمان کی حکومت چمکانے کی خاطر عثمان کے جھوٹے فضائل بناتے تھے وہابی لوگوں کا یزید اور عثمان کی صفائی پیش کرنا ایسے ہے جیسے مثل مشہور ہے خوئے بدرا بہانہ بسیار، کوئلوں کی دلالی سے منہ کالا۔ ارباب انصاف ہم مانتے ہیں کہ آج کل دامادی عثمان پر تحقیق کی کوئی سخت ضرورت نہ تھی۔ بلکہ ضرورت اس بات کی تھی کہ اپنے ملک کے عوام اور حکمرانوں کو تیار کیا جاتا کہ ہمارا ملک زرعی ملک ہے ہمیں اپنے وطن کے چپہ چپہ کو آباد کرنے کی سخت ضرورت ہے ہمیں ٹیلی ویژن کی ضرورت نہیں ہے ہمیں اعلیٰ کاروں کی ضرورت نہیں ہے ہمیں ٹیوب ویل اور ٹریکٹروں کی ضرورت ہے تاکہ ہمارے وطن کا کوئی حصہ غیر آباد نہ رہے۔ لیکن پیارے مسلمان بھائیوں صدا طوطی کی کون سنتا ہے نقار خانے میں ہم مولویوں کو انگریز اپنی سو سالہ حکومت کے دوران اتنا حقیر کر گیا کہ ابھی تک مولوی سے نفرت حکمران طبقہ کے دل و دماغ سے نہیں گئی انگریز کی یہ چالا کی تھی کہ مسلمان کے سامنے اس کے مذہبی رہنما کو اتنا حقیر کرو کہ وہ اپنے پیشوا کو یہی سمجھے کہ اس کا کام ہے بچے کی ولادت کے بعد اس کے کان میں آذان کہنا شادی کے موقع پر آٹا تول کر دینا وغیرہ وغیرہ اور حکومت کے بارے میں مولوی بالکل بدھو ہے مسلمانوں پر اسلام کی خدمت کے بہانے ایسے لوگ حکومت کرنے لگے جو قرآن و حدیث سے خود بالکل جاہل ہوتے ہیں نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستان میں جو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا

آج تک آئین اسلامی نافذ نہ ہو سکا میرا مقصد صرف وہ لوگ نہیں ہیں کہ جو صدارت کی کرسی پر آتے ہیں بلکہ حکومت کی مشینری میں جتنے لوگ آتے ہیں وہ سارے قرآن و حدیث سے جاہل ہوتے ہیں اور بڑی مصیبت تو یہ ہے کہ تعلیمی اداروں میں ایسے لوگ گھس گئے ہیں جو ہمارے قرآن اور حدیث کا مزاخ اڑاتے ہیں۔

دلیل سیزدہم

جناب فاطمہ کے بچپن کی خدمات بارگاہ رسالت میں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص۴۴ باب فضل الجہاد

(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب " " ص۴۵ باب مالقی النبی من المشرکین بمکۃ

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب

بخاری چہارم کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عمرو بن میمون قال کان النبی یصلی فی ظل الکعبۃ فقال ابو جہل وناس من قریش ونحرت جزور بناحیۃ مکۃ فارسلوا فجاءوا من سلاھا وطرحوہ علیہ فجاءت فاطمۃ فالقتہ عنہ فقال اللھم علیک بقریش لابی جہل ابن ھشام وعتبۃ بن ربیعہ وشیبہ بن ربیعہ . . . .

قال عبداللہ فلقد رأیتہم فی قلیب بدر قتلی ۔

ترجمہ: راوی کہتا ہے کہ نبی پاک کعبے کے سائے میں نماز پڑھتے تھے اور مکے میں کسی جگہ کچھ اونٹ نحر کیے گئے تھے ابو جہل اور کچھ اور لوگوں نے کچھ آدمی بھیجے اور وہاں سے کچھ گندگی اور غلاظت منگوائی اور اس گندگی کو حضورؐ پر ڈال دیا۔ پس جناب فاطمہ آئیں اور اس گندگی کو حضور پاکؐ سے ہٹایا، حضور پاک نے بد دعا فرمائی کہ خدایا قریش کو اپنی گرفت میں لے خصوصاً ابو جہل، عتبہ اور شیبہ نیز اور چند لوگوں کے نام لیے راوی کہتا ہے کہ میں نے ان تمام لوگوں کو جنہیں حضور نے بد دعا کی تھی دیکھا کہ ان کے مردے بدر کے کنوئیں میں پڑے تھے ۔

بخاری پنجم کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عبداللہ رضی اللہ عنہ قال بینا النبی ساجد و حولہ ناس من قریش جاء عقبۃ بن ابی معیط بسلا جزور فقذفہ علی ظہر النبی فلم یرفع رأسہ فجاءت فاطمۃ علیہا السلام فاخذتہ من ظہرہ و دعت علی من وضع فقال النبی اللّٰہم علیک الملأ من قریش ابا جہل بن ہشام و عتبۃ بن ربیعہ ... الخ

ترجمہ: راوی کہتا ہے کہ نبی پاک سجدہ فرمارہے تھے کہ آنجناب کے اردگرد قریش کے کچھ لوگ تھے اور عقبہ کافر کسی نحر شدہ اونٹ کی گندگی اور غلاظت لایا اور اسے نبی کے پیٹھ پر ڈال دیا حضرت نے سر نہ اٹھایا جناب فاطمہ آئیں اور اس غلاظت کو حضور کی پیٹھ سے ہٹایا اور ان کفار گستاخوں کے لیے بد دعا فرمائی پھر نبی پاک نے بھی ابو جہل سمیت ایک گروہ کفار کے لیے بد دعا فرمائی پس وہ سارے جنگ بدر میں مارے گئے اور ان کے مردے کنوئیں میں پھینکے گئے ۔

نوٹ: اولاد کو اپنے باپ سے فطری ہمدردی ہے اگر اولاد کم سن بھی ہو تو بھی وقت مصیبت ان کی خدمت کرتی ہے۔ نبی کریم نے جب اعلان نبوت فرمایا کفار قریش نے حضور پاک کو بہت اذیت پہنچائی اور جناب فاطمہ زہرا کا اپنے باپ کی مصیبت میں ان کی خدمت کرنا بخاری شریف سے ثابت ہے اگر نبی کریم کی کوئی اور لڑکی بھی تھی تو وہ بھی نبی کریم کی خدمت کرتی اس باب میں تاریخ اسلام کی خاموشی سے تعجب ہوتا ہے کہ ایک کا کم سنی کے باوجود اپنے باپ کی مصیبت میں شریک ہونا اور دوسروں کا باوجود بالغ ہونے کے باپ کی خبر نہ لینا کیا معنی رکھتا ہے۔

نیز نبی کریم پر عثمان صاحب کا سوتیلا باپ عقبہ جس کا ذکر بخاری کی حدیث میں آیا ہے گندگی پھینکتا تھا اس کو عثمان یا اس کی بیویاں منع کیوں نہیں کرتی تھیں مذکورہ حدیث کی تمام طرفوں پر غور کرنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ عثمان کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے وہابی دوستوں سے گزارش ہے کہ مثل مشہور ہے۔

چوراں چکار اندھیری رات یوں باراں بنوامیہ نے جو تاریکی اسلام میں پھیلائی ہے اسی سے آپ فائدہ اٹھاتے ہیں ورنہ جگر جگر ہے اور دگر دگر ہے جناب فاطمہ ہی رسول اللہ کی حقیقی بیٹی ہے اور عثمان کی بیویوں کی تو نبی کریم سے دور کی بھی رشتہ داری ثابت نہیں ہو سکتی۔

ارباب انصاف عثمان پر آج کل جرح کرنے کی ضرورت نہ تھی اگر وہابی اہل حدیث اپنے مخصوص طعنوں سے ہمارے جگر چھلنی نہ کرتے لیکن وہابیوں نے آج کل شیعوں کی مخالفت کو خدمت اسلام سمجھ رکھا ہے، شیعوں کی مجالس، جلوس، مسجد امام بارگاہ کی مخالفت کو وہابی عبادت سمجھتے ہیں اور جس طرح شیعوں کو ختم کرنے کے منصوبے اندر اندر آج کل پروان چڑھ رہے ہیں۔ شیعوں نے اپنے حقوق کے

تحفظ کے لیے آواز نہ اٹھائی تو آنے والی نسل ان کو کبھی معاف نہیں کریں گے
نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے شیعہ مسلمانو، نہ ہوگی داستان تک تمہاری
داستانوں میں۔

دلیل چہاردہم

جناب فاطمہ زہراؑ کی جنگ احد میں نبی کریمؐ سے ہمدردیاں

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری صفحہ ۴۰ باب فضل الجہاد
(۲) اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ما اصاب النبی من جراح یوم احد
(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین صفحہ ۲۵۲ ب ۴۸

صحیح بخاری چہارم کی عبارت ملاحظہ ہو

قال یوم احد جرح وجہ النبی وکسرت رباعیتہ وھشمت البیضۃ علی راسہ فکانت فاطمۃ علیہا السلام تغسل الدم وعلی یمسکہ۔ فلما رأت ان الدم لا یزید الا کثرۃ اخذت حصیرا فاحرقتہ حتی صار رمادا ثم الزقتہ فاستمسک الدم۔

بخاری پنجم کی عبارت ملاحظہ ہو

قال کانت فاطمۃ علیھا السلام بنت رسول اللہ تغسل وعلی یمسك الماء بالمجن... الخ

دونوں عبارتوں کا ترجمہ

راوی کہتا ہے کہ جنگ احد میں نبی کریم کا چہرہ زخمی ہوگیا اور ایک دانت ٹوٹ گیا اور حضور کے سر پر خود ٹوٹ گیا جناب فاطمہ بنت رسول اللہ حضور کے زخم کو دھوتی اور حضرت علی ڈھال میں پانی بھر کر (ان کے زخم پر) ڈالتے تھے۔ جب بی بی نے دیکھا کہ خون نہیں رک رہا تو چٹائی کا ایک ٹکڑا جلایا جب وہ راکھ ہوگئی تو اس کو زخم پر لگایا پس خون رک گیا۔

نوٹ: مذکورہ جنگ احد میں اصحاب کے بھاگ جانے سے نبی کریم بہت زخمی ہوگئے تھے بخاری شریف کتاب المناقب باب مناقب ابی طلحہ صہ۲ میں لکھا ہے کہ اس جنگ میں جناب عائشہ بھی حاضر تھی لیکن نبی کریم کے مرہم پٹی کے وقت ان کی غیر حاضری سے ثابت ہوا کہ جب ابوبکر وعمر اس جنگ میں بھاگ گئے تو نبی پاک کی عاشق زار اور محبوبہ بیوی عائشہ بھی اپنے باپ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے اپنی جان بچائی اور بھاگ گئی۔ نبی کریم کے زخمی ہونے کی خبر جب مدینہ پاک میں حضور کی بیٹی فاطمہ زہرا نے سنی تو فوراً میدان احد میں پہنچی اور اپنے باپ کے غم میں شریک ہوتی اور مرہم پٹی کی بقول وہابیوں کے عثمان کے گھر نبی کریم کی بیٹی ام کلثوم تھیں اور اس وقت زندہ تھیں ہم کہتے ہیں کہ اگر بیٹی تھی تو اس کو حضور کے زخمی ہونے کا صدمہ کیوں نہ ہوا اور وہ بھی جناب فاطمہ کے ساتھ نبی کریم کی احوال پرسی اور مرہم پٹی کی خاطر میدان جنگ احد میں کیوں نہ پہنچی، مذکورہ حدیث سے ثابت ہوا

کہ ام کلثوم زوجہ عثمان نبی پاک کی حقیقی بیٹی نہ تھی اور عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے۔

الباب الثانی

ارباب انصاف ہم نے مسئلہ بنات رسول کو انصاف کے ترازو پر تول کر آپ کے سامنے پیش کرنا ہے اس لیے ضروری ہے کہ شیعہ صاحبان کی کتابوں سے جو روایات وہابی اہل حدیث دوست شیعوں کے خلاف پیش کرتے ہیں ان کی صفائی بھی پیش کی جائے تاکہ تصویر کے دونوں رخ سامنے آئیں۔

پس ہم ان روایات کا ذکر کرتے ہیں اور پھر ان پر بحث کے دوران وہ خامیاں بتائیں گے۔ جن کی وجہ سے شیعوں نے ان روایات کو قبول نہیں کیا چونکہ وہابی لوگ پوری آزادی سے اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے ہر قسم کی روایات پیش کرتے ہیں پس ہم بھی باادب طریقہ سے پوری آزادی کے ساتھ آل نبی کے مشن کی وکالت کی خاطر ہر اس روایت کو پیش کریں گے جو ہمیں اہل حدیث کی کتابوں سے ملے گی ہمارا مقصد آل نبی کی ناموس کی حفاظت کرنا ہے کسی کے دل کی آزاری یا کسی کے پیشوا کی توہین مقصود نہیں ہے اگر ہماری پیش کردہ روایات سے کسی کو صدمہ پہنچے تو اس میں ہمارا کیا قصور ہے۔ اہل حدیث اپنے بزرگوں کو کوسیں جو ایسی روایات لکھ گئے جن سے آج ان کو پڑھ کر صدمہ ہوتا ہے۔

ناموس آل رسول سے دفاع کی خاطر ہمیں مخالفین کے بعض بزرگوں کے نسب بھی پیش کرنے پڑے ہیں ان کے کردار سے بھی بحث کی ضرورت پڑی ہے ہم نے کوشش کی ہے کہ باادب طریقہ سے بغیر کسی نقصیہ کے آل نبی کی مخالف پارٹی کی پوزیشن مسلمانوں کے سامنے پیش کردوں تاکہ وہ واقعات

بھی آج کے مسلمانوں کے سامنے آجائیں جنہیں وہابی اہل حدیث جان بوجھ کر چھپاتے ہیں اور ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ہے کہ وہ لوگ کون تھے ہمارے لیے اتنا کافی ہے کہ وہ شیعہ مسلمان نہیں تھے۔ کیوں کہ وہ لوگ ابوبکر کو خلیفہ برحق مانتے تھے۔ پس جو واقعات انھوں نے صحابہ کرام کے بارے میں تحریر کئے ہیں ہم انھیں الزام کے طور پر وہابیوں کے سامنے پیش کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ زندگی اور موت میرے اللہ کے ہاتھ میں ہے ماکشتی در آب انداختیم ہرچہ باد اباد۔ اگر وہابی لوگ یزید پلید کو امیرالمومنین اور حضرت امام حسین علیہ السلام کو معاذاللہ باغی لکھ سکتے ہیں۔ تو یہ چیز شیعہ مذہب کی غیرت کو چیلنج ہے ہمارے عقیدہ میں معاویہ اور عثمان اور یزید میں کوئی فرق نہیں ہے تینوں چور دروازے سے حکومت پر قابض ہوئے تھے۔ تینوں بنوامیہ میں سے تھے پس ہم ان تینوں کے بارے میں جو کچھ تاریخ اسلام میں لکھا ہے۔ پیارے مسلمانوں کے سامنے پیش کریں گے تاکہ لوگوں کو ان کے بارے میں صحیح معلومات حاصل ہوں ہمیں اس بات کا سخت افسوس ہے کہ کچھ علماء اہل حدیث وہابیوں کے جب کسی ایسی چیز کو پڑھتے ہیں جس کو شیعوں نے اہل سنت وہابیوں کی کتابوں سے ہیں حوالہ جات کے ساتھ پیش کیا ہو۔ تو وہ مکار علماء عوام الناس کو بھڑکاتے ہیں کہ دیکھو صحابہ کرام کی توہین ہوگئی ہے اور یہ چیز وہابیوں کی چالاکی اور عیاری ہے۔

ہم صحابہ کرام کی توہین نہیں کرتے بلکہ جو کچھ علمائے سنت نے صحابہ کرام کے نسب شریف کے بارے میں لکھا ہے اسے مسلمانوں کے سامنے پیش کرنے کی جسارت کر رہے ہیں تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہو سکے کہ آل محمد کا پاک دروازہ چھوڑ کر وہ کہاں کہاں بھٹک رہے ہیں ہمیں اس بات کا بھی احساس ہے کہ آج کل عثمان کی دامادی کا مسئلہ چلاتے کی ضرورت نہیں تھی۔ بلکہ ضرورت یہ تھی کہ اسرائیل، امریکہ روس بھارت وغیرہ دشمنان اسلام کے خلاف لکھا جاتا اور عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا کہ یہ کفار ہمارے دشمن ہیں

اور اپنی چالاکی سے ہمیں کئی ایک مصائب کی چکیوں میں پیس رہے ہیں لیکن وہابی علماء نے داماد ی عثمان پر کتابچہ لکھ کر اسلام کے صحیح اور سچے راہنماؤں کی توہین کی ہے۔ پس ہم بھی اسلام کے نقلی رہنماؤں سے مسلمانوں کو روشناس کرواتے ہیں کیوں کہ جب تک صحیح راہنما کی پہچان نہ ہو اور اس کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل نہ ہو اس وقت تک نہ ہی اسلام نافذ ہو سکتا ہے اور نہ ہی مسلمان عزت کی زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

شیعوں کے خلاف چار یاری مذہب کی توپ کا پہلا گولہ

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل شیعہ کی کتاب فروغ کافی کتاب النکاح باب العقیقہ

محمد العاصمی عن علی ابن الحسن بن علی عن علی بن اسباط عن الجارود بن المنذر قال قال لی عبداللہ بلغنی انہ ولد لک ابنۃ فتسخطہا دما علیک منہا ریحانہ تشمہا و قد کفیت رزقہا و قد کان رسول اللہ ابا بنات۔

ترجمہ:

راوی کہتا ہے کہ مجھے امام نے فرمایا کہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ تیرے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے اور تو اس کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ تجھ پر اس بچی کی وجہ سے کوئی نقصان نہیں وہ ایک پھول ہے جسے تو سونگھتا رہے گا اور اس کے رزق کے بارے میں تو کفایت کیا جائے گا اور نبی پاک بھی لڑکیوں کے باپ تھے۔

نوٹ: اہلحدیث دوستوں نے مذکورہ روایت کو جب فردوس کاتی میں دیکھا تو یہ خوش ہو گئے جیسے عید یا شب برات کے دن شیعہ خوش ہوتے ہیں۔ ہمارے وہابی دوستوں نے سوچا۔ بس ہم نے شیعوں کو تحقیق کی چکی میں پیس ڈالا ہے پھر شیعوں کو ذریت ابن سبا کہہ کر گالیاں بھی دیں اور مولوی کرم دین نے تو یہ بھی فرمایا کہ شیعہ بکواس کرتے ہیں شان صحابہ کے منکر ہیں ان کا غصہ ہمارے نزدیک غضب الجمل علی اللحم ہے باقی ان کی دلیل جو ہے کسی بزرگ کی شان ثابت کرنے کے لیے تو یہ پرانے راگ ہیں۔ جنکے تال سر ہم پہلے سے بگاڑ چکے ہیں اور اب بھی ہم اس تحقیق کے وہ ٹانکے ادھیڑیں گے تو لوک تلا ایک نہیں رہے گا۔ شیعوں کو جناب عثمان کی کسی فضیلت کا قائل کرنا آسان کام نہیں ہے

اور فیض احمد اویسی جس کے پیچھے شیخ الحدیث کی دم لگی ہوئی ہے اس کا تو حال یہ ہے کہ موشے بخواب اندر شتر شد کہ چوہے نے خواب میں اپنے آپ کو اونٹ دیکھا تھا ریاست بہاولپور میں اس کا اپنے آپ کو شیخ الحدیث کہلانا ایسا ہی ہے کہ جیسے خرس در کوہ بوعلی سینا است، اس شیخ الاسلام فخر قاضی یحیی بن اکثم نے اپنے رسالہ نجات رسول میں بچارے شیعوں کو بڑے چیلنج کیے ہیں رعب دکھایا ہے لیکن اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے غافل نہیں ہے جو دین حق کے لیے افسد من الجراد ہیں۔

ارباب انصاف آپ بے شک ہمارے مخالفین شیوخ اسلام کے رسالہ بھی پڑھیں لیکن فی القمر ضیاء و الشمس اضوأ منہ۔ آپ ان کی تحقیق کو آیات و احادیث کو دیکھ کر مطمئن نہ ہو جائیں۔ اگر چاند میں روشنی ہے تو سورج میں اس سے زیادہ روشنی ہے آپ ہمارے جوابات کو بھی غور سے پڑھیں اور پھر خود فیصلہ کریں اللہ

نے آپ کو بھی عقل دی ہے۔

جواب ۱۔

علم اصول کا یہ قانون ہے شیعہ سنی سب کا اتفاق ہے اس بات پر کہ جب کسی حدیث میں ایسا لفظ آجائے جس کے دو معنی ہوں اور ایک ایسا ہو جس کے مراد لینے سے نبی کریم کی توہین ہو تو پھر ضروری ہے کہ اس لفظ کا دوسرا معنی مراد لیا جائے مثال ملاحظہ ہو۔

کتاب اہل سنت صحیح بخاری کتاب الصوم باب مباشرۃ النساء میں حدیث موجود ہے کہ جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول کریم روزہ کی حالت میں اپنی بیویوں کو چومتے بھی تھے اور مباشرت بھی کرتے تھے۔ جناب عائشہ بڑی ذمہ دار ہستی ہیں احکام شریعت کی باریکیوں کو خوب جانتی تھیں ام المومنین نے دو لفظ یقبل اور یباشر استعمال کرکے بتا دیا کہ بوسہ لینا اور چیز ہے اور مباشرت کرنا اور چیز ہے۔ لفظ مباشرت کا معنی ہے بیوی سے ہمبستری کرنا جیسے کہ قرآن پاک پارہ ۲ سورہ بقرہ آیت ۱۸۴ میں یہ واقعہ موجود ہے کہ ابتداء اسلام میں رمضان شریف کی رات میں کان النکاح والاکل بعد النوم حراما کہ نیند کے بعد جماع کرنا اور کھانا حرام اور گناہ تھا۔ لیکن کچھ صحابہ کرام سے اس حکم کی خصوصاً جناب عمر فاروق سے اطاعت نہ ہو سکی کیوں کہ حکم ذرا مشکل تھا اور تفسیر اہل سنت کشاف میں جناب عمر کا بارگاہ رسالت میں آکر اپنی مذکورہ خامی کا اقرار کرنا لکھا ہے۔ پس اللہ مہربان ہے۔ سمجھ گیا کہ یہ گرم علاقہ کے لوگ کھجوریں کھانے والے پھر ساتھ روزہ کی بھی گرمی، عورتوں سے ہمبستری کے بغیر نہیں رہ سکتے پس ہمارے مہربان خدا نے جناب عمر کی کوشش کے صدقہ میں اپنے آئین میں کچھ ترمیم اور تبدیلی کر دی اور جبریل یہ خوشخبری لایا احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم کہ رمضان شریف کی مبارک راتوں

میں تمھارے لیے عورتوں سے ہمبستری کرنا حلال کر دیا گیا اور پھر آئین اسلام میں ترمیم کی وجہ بتائی کہ علم اللہ انکم تختا نون کہ اللہ جانتا ہے جو تم اس کے حکم ماننے میں خیانت کرتے ہو۔ پھر حلال کی اور وضاحت کر دی فالئن باشروھن کہ اب عورتوں سے مباشرت کی آپ کو اجازت ہے۔ البتہ کچھ ہماری بات بھی مان لو کہ جب تم اعتکاف کی خاطر مسجد میں بیٹھو تو فلا تبا شروھن کہ یہ ہمبستری والی عبادت تم نہ کرنا۔ اللہ پاک نے فی المساجد کی قید لگا کر اپنے گھر کو بچا لیا۔ ارباب انصاف قرآن پاک کی روشنی میں ثابت ہو گیا کہ مباشرت کا معنی ہے ہمبستری کرنا۔ بخاری شریف گواہ ہے کہ جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ حضور پاک روزہ کی حالت میں مباشرت کرتے تھے اور قرآن میں حکم ہے کہ روزہ کی حالت میں مباشرت نہ کرو۔ پس وہابی دوستوں نے شیعوں کے اعتراض سے بچنے کی خاطر وہ معنی مباشرت کا چھوڑ دیا جو قرآن پاک سے ثابت ہے اور ایک دوسرے معنی کیا کہ مباشرت کا معنی ہے ساتھ لیٹ جانا اور بس۔ غریب شیعوں نے بہت شور مچایا کہ یہ معنی غلط ہے قرآن پاک میں اس کا ثبوت نہیں ہے۔)

میرے نالو سے چپ ہیں مرغ خوش الحان زمانہ میں
صدا طوطی کی سنتا کون ہے نقار خانہ میں

پس مذکورہ مثال سے ثابت ہو گیا کہ جب کسی حدیث میں کسی لفظ کا ایسا معنی مراد لیا جائے۔ جس میں نبی کریم کی توہین ہو تو وہ معنی چھوڑ دیا جاتا ہے۔ لہذا فروع کافی کی مذکورہ روایت میں اگر لڑکیوں سے حضور کی صلبی لڑکیاں مراد لی جائیں یعنی وہ رقیہ اور ام کلثوم جو کفار سے بھی بیاہی گئی تھیں۔ یہ معنی مراد لینے سے ہمارے نبی کی توہین ہے پس مذکورہ روایت میں بنات سے مراد نبی پاک کی ایک لڑکی اور دو نواسیاں ہیں اس معنی میں نہ ہی توہین رسالت ہے اور نہ ہی جناب عثمان کی فضیلت کا

کوئی سوال ہے۔

اعتراض

ہمارے وہابی دوست یہاں یہ اعتراض ضرور کریں گے۔ مذکورہ معنی روایت کا خلاف ظاہر اور خلاف حقیقت ہے پس شیعہ رافضی ہار گئے۔

جواب: مثل مشہور ہے

کہ دوست کے ہاتھ پر چھوارہ دکھو! اگر نہ لے تو پھر انگارہ رکھو ہمارے دوست علامہ اویسی کی تو یہ حالت ہے کہ من میں شیخ فرید اور بغل میں اینٹیں کتاب اہلسنت ازالۃ الخفا صفحہ ۶ ج مقصد اول فصل ۵ میں لکھا ہے کہ نبی پاک نے بنو امیہ کو اپنے منبر پر ناچ کرتے دیکھا تو حضور کو اس خواب سے رنج ہوا پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ یہ صرف دنیا ہے جو ان کو دی گئی ہے ارباب انصاف یہ حدیث وہابی دوستوں کو پریشانی کے دلدل میں پھنسا دیتی ہے کیوں کہ وہ اگر جناب عثمان کو بنو امیہ سے شمار کرتے ہیں تو بنو امیہ کو منبر پر دیکھ کر حضور پاک کو دکھ ہوا تھا اور جنہیں حضور پاک خواب میں منبر پر دیکھ کر دکھی ہو جائیں وہ خلیفہ برحق کیسے ہوئے۔

اور اگر وہ لوگ جناب عثمان کو بنو امیہ سے شمار نہیں کرتے تو پھر جناب عثمان کے نسب پر حرف آتا ہے۔ پس یہ حدیث جب کسی اہل حدیث کے سامنے آپ پیش فرمائیں گے تو وہ تاویل کی پٹاری انشاء اللہ کھول دے گا۔

جواب ۲

باطل سے دبنے والے اے آسمان نہیں ہم
سو بار کر چکا ہے تو امتحاں ہمارا

علم بلاغت کا یہ قانون ہے کہ تقیہ اور توریہ جائز ہے کتاب اہل سنت مطول فن بدیع اور کتاب اہل سنت جواہر البلاغت میں لکھا ہے کہ توریہ کا مطلب یہ ہے کہ لفظ کے دو معنی ہوں ایک فوراً ذہن میں نہ آئے اور وہی مراد ہو انتھی۔ اب ایک مثال

ملاحظہ ہو کتاب اہل سنت صحیح بخاری کتاب الطلاق صہ ۴۵ ط
باب اذا قال لامرتہ وھو مکرہ ھذہ اختی فلا علیہ۔ ترجمہ جب آدمی کسی مجبوری سے اپنی بیوی کو بہن کہہ دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اسی باب میں لکھا ہے کہ قال ابراھیم لسارۃ ھذا اختی وذالک فی ذات اللہ ترجمہ جناب ابراہیم نے اپنی بیوی سارہ سے کہا تھا کہ یہ میری بہن ہے نوٹ بقول اہل حدیث دوستوں کو شیعہ لوگ تو تعزیہ اور گھوڑا پوجتے ہیں اور اہل سنت قبریں اور دربار پوجتے ہیں اور ملت ابراہیمی پر صرف وہابی اہل حدیث ہیں یہ بات سن کر ایک شیعہ کہنے لگا خدا حافظ کہ پھر تو تمام اہل حدیث کی بیویاں ان کی بہنیں ہوئی۔ ہمارے وہابی دوستوں کو لفظ تقیہ سے کچھ ضد ہے لیکن ان کی مایہ ناز کتاب صحیح بخاری کتاب الاکراہ صہ ۱۹ میں صاف لکھا ہے کہ قال الحسن التقیہ الی یوم القیامتہ کہ تقیہ اور توریہ تا روز قیامت جائز ہے۔

ع میں الزام اس کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

خلاصہ اخت کے دو معنی ہیں ایک حقیقی بہن اور دوسرا دینی بہن، جناب ابراہیم نے کسی مجبوری کی وجہ سے سارہ کو تقیہ اور توریہ کرتے ہوئے (اخت) بہن کہا تھا اور مراد دینی بہن تھا۔ کیوں کہ انما المومنون اخوۃ بھی موجود ہے فروع کافی کی مذکورہ روایت میں امام پاک نے لفظ بنات سے مراد ایک لڑکی اور دو نواسیاں لی ہیں اور یہ تقیہ و توریہ جس طرح جناب ابراہیم کے لیے وقت ضرورت جائز تھا اسی طرح ہمارے امام کے لیے بھی جائز تھا۔

سوال دینی پیشوا کو تقیہ نہیں زیبا حق کو چھپانا کہاں جائز لکھا ہے امام کو کیا خوف تھا۔ جواب کتاب اہل سنت شرح فقہ اکبر میں لکھا ہے کہ ہم اہل سنت کے بزرگوں کو یزید ابن زیاد اور حجاج سے ڈر تھا لٹ ہمارا اہل سنت

سے سوال ہے کہ مذکورہ لوگوں سے ان کے بزرگوں کو کیا ڈر تھا۔ ہمارے امام تو بنوامیہ
کے اور بنو عباس کے ہاتھوں قتل ہوئے ہیں۔ جناب معاویہ کبیر نے اس بات کو شہرت
دے رکھی تھی کہ نبی کی چار لڑکیاں ہیں پھر بنو امیہ کی سی آئی ڈی آل رسول کی درسگاہوں
میں ہمہ وقت موجود رہتی تھی پس اس لیے امام نے نبات بول کر تقیہ اور توریہ کے
طور پر ایک لڑکی اور دو نواسیاں مراد لیں ہیں اور اس میں کیا حرج ہے۔ اگر تسلی نہیں
ہوئی تو وسیأتیک نباۃ لعد حین فتربص حتی یاتیک الیقین

جواب ۳

علم بلاغت اور اصول کا قانون ہے کہ لفظ نبات کا ہر جگہ معنی صلبی بیٹیاں مراد
نہیں لیا جاتا۔ مثال ملاحظہ ہو۔ کتاب اہل سنت سنن ابی داؤد ص ۲۸۳ ج ۲ میں لکھا
ہے کہ ایک روز نبی کریم جناب عائشہ کے گھر تشریف لائے اور کچھ عجیب چیزیں دیکھ کر فرمایا
کہ حمیرا یہ کیا ہے جناب عائشہ نے عرض کی ھؤلاء بناتی کہ یہ میری بیٹیاں یعنی گڑیاں
ہیں۔ ارباب انصاف میرا مقصد عام رافضیوں کی طرح یہ نہیں ہے کہ جناب عائشہ
نے ذی روح چیزوں کے بت بنا کر نبی کے گھر کو بت خانہ بنا دیا کیوں کہ جس خاتون کی
اولاد نہ ہو وہ منتیں مانتی ہے۔ بزرگان دین سے دعا کراتی ہے پس جناب عائشہ
نے اولاد نہ ہونے کی وجہ سے یقیناً بڑی بڑی منتیں مانی ہوں گی اور اپنے شوہر سے
جو نبیوں کا سردار بھی تھا دعا خیر کی درخواست بھی کی ہوگی اور حضور پر نور نے اپنی
اس محبوبہ بیوی کی درخواست کو ٹھکرایا بھی نہ ہوگا۔ اب آپ فرمائیں کہ جس خاتون کے
بارے نبیوں کے سردار کی دعا قبول نہ ہوئی ہو وہ کتنی دکھی ہوگی۔ لہٰذا اگر وہ گڑیاں
بنا کر اپنے دل کو تسکین دے لیتی تھی تو کیا حرج ہے میرا مقصد تو یہ ہے کہ عرب کی زبان میں
ہر جگہ نبات سے مراد صلبی لڑکیاں نہیں ہے لہٰذا فروع کافی کی روایت میں نبات سے
مراد صلبی لڑکیاں نہیں ہے بلکہ ایک صلبی لڑکی اور دونوں نواسیاں مراد ہیں اور

سنی بھائی رہی قصہ بنائیں کہ غارت علی النصرۃ و قتلت بعلھا کہ کسی خاتون نے غیرت کھاتے ہوئے شوہر کو مار ڈالا تھا۔ پس اہل سنت بھی شیعوں کی ضد میں نبی کی چار لڑکیوں کو ماننے کی ضد پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ اگرچہ وہ تین لڑکیاں عتبہ اور عتیبہ اور ابو العاص جیسے کفار ہی کیوں نہ بیاہ کر لے گئے ہوں۔ اور علامہ اویسی سے گذارش ہے

دو رنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو جا یا سنگ ہو جا

نیز گذارش ہے کہ اگر نبی کی لڑکیوں کو آپ کفار کی بیویاں مانتے ہیں اور کفار کو نبی کا داماد مانتے ہیں تو نہ ہی یہ آل رسول کی تعظیم ہے اور نہ ہی اس سے جناب عثمان کی کوئی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

سعدی از دست خویش فریاد۔

جواب ۴

تمام دنیا کے عقل منداس چیز پر اتفاق کرتے ہیں کہ لفظ سے وہی معنی مراد لیا جائے جو عقل اور شرع دونوں کی نگاہ میں درست ہو مثال ملاحظہ ہو کتاب اہل سنت البدایہ والنہایہ ذکر احد اور کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحابہ ص۱۴۱ میں لکھا ہے کہ ھند بن عتبہ جناب معاویہ کبیر کی ماں نے جنگ احد میں غزل گائی تھی کہ نحن بنات الطارق الخ، اس مثال سے میرا مقصد عام شیعہ رافضیوں والا نہیں ہے کہ ھند نے اس غزل سے لشکر کفار کو نبی کریم کے خلاف بھڑکایا تھا اور جناب حمزہ نبی کریم کے چچا کی لاش کی بے حرمتی کی تھی کیوں کہ ھند کے باپ اور ایک بیٹے اور بھائی کو مسلمانوں نے جنگ بدر میں قتل کیا تھا۔ جس عورت کے مذکورہ رشتہ دار جس مذہب کے لوگ قتل کر دیں کیا وہ لوگ ایسی عورت یا اس کی نسل سے اپنے مذہب سے وفا کی امید رکھتے ہیں۔ نیز یہ غزل گانا اسی وقت تھا جب وہ کافرہ تھی اور زمانہ کفر کی غلطیاں

تو اللہ نے ان کو معاف کر دیں ۔

کتاب اہل سنت، تذکرہ خواص الامہ میں یہ لکھا ہے کہ جناب ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب کافرہ تھیں اور کنواری تھیں تو تین قریشی سرداروں سے اس کے مراسم اور تعلقات اور محبت تھی اور بعض نے لکھا ہے کہ چار آدمیوں سے محبت کرتی تھی یہ چیز ہند کے زمانہ کفر کی ہے جو اللہ نے معاف کر دی بعض نادان شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ کتاب مثالب ابن السمان ذکر ثروت ابی سفیان میں لکھا ہے کہ ھند کے باپ عتبہ نے جب ھند کی شادی جناب ابو سفیان کی تھی تو دولہا سے وعدہ فرمایا تھا کہ میں آپ کو بہت دولت دوں گا۔ جب ھند کی شادی ہو گئی۔ تو شادی کے تین ماہ بعد ھند نے ایک بچہ جنا جو زندہ بھی رہا اور پروان بھی چڑھا ہے ۔ ارباب انصاف میرا تو ایسی کچی باتوں پر ایمان نہیں ہے ۔ کیوں کہ کتاب مثالب ابن سمان نہ ہی رسول اللہ کے زمانہ میں اور نہ ہی خلفاء کے زمانہ میں تحریر ہوئی ہے پس کتاب غیر معتبر ہے نیز یہ بات کسی اور کتاب میں نہیں لکھی گئی اور اگر ایک منٹ کے لیے ہم ابن سمان کی بات مان بھی لیں تو عقل یہ کہتی ہے کہ جو عورت شادی کے تین ماہ بعد صحیح وسلامت بچہ جنے اور وہ بچہ زندہ بھی رہ جائے تو یہ اس عورت کا معجزہ ہے اور بچے کی کرامت ہے نہ کہ کوئی عیب یا جرم ہے ۔

پس اگر جناب ھند نے شادی کی اور اس کے تین ماہ بعد بچہ جنا ہے اور وہ بچہ زندہ رہ کر پروان چڑھا ہے تو یہ بات جناب ہند رضی اللہ تعالیٰ کا معجزہ ہے اور اس بچہ کی کرامت ہے ۔ اور نادان شیعوں کے منہ میں خاک ہے کوئی شیعہ خاتون تا قیامت ایسا معجزہ نہیں دکھا سکتی اور بعض نادان شیعہ بڑی محقق بننے کی بھی کوشش کرتے ہیں ۔

علم فقہ میں یہ ثابت ہے کہ عورت کے حمل کی وہ مدت جس میں وہ صحیح وسلامت

بچہ جن سکتی ہے وہ کم سے کم چھ مہینہ ہے لہٰذا ھند نے جو بچہ شادی کے تین ماہ بعد جنا ہے وہ ابو سفیان کا بچہ نہیں ہو سکتا ۔

ارباب انصاف شیعوں کی یہ تحقیق بھی درست نہیں ہے کیوں کہ اس میں قدرت خداوندی کا انکار ہے کیا خدا تعالیٰ کسی عورت کی شادی کے تین مہینے بعد صحیح وسلامت بچہ نہیں دے سکتا ۔ رہا فقہ کا مسئلہ تو عرض یہ ہے کہ جس زمانہ میں ھند نے وہ بچہ جنا تھا اس زمانہ میں کسی فقہ وقہ کا وجود ہی نہیں تھا اور پھر جب فقہ کا علم تیار ہوا ہے ۔ تو بے شک شیعہ فقہ میں ایسے بچوں کو اچھا نہیں سمجھا جاتا لیکن فقہ جناب امام اعظم نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ میں ایسے بچوں کے لیے کافی گنجائش رکھی گئی ہے مثلاً کتاب اہل سنت تفسیر کبیر صـ ۱۸۴ ج ۳ اور کتاب اہل سنت ؛ ۔ درالمختار ۔ کتاب النکاح فصل فی ثبوت النسب میں لکھا ہے کہ قال ابو حنیفہ کہ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں اگر ایک مرد اور عورت ایک دوسرے سے اتنے دور رہتے ہیں کہ ان کی ملاقات ناممکن ہو اور ان کا آپس میں نکاح کر دیا جائے اور پھر اس مرد کی ملاقات کے بغیر وہ عورت اگر بچہ جنے تو وہ بچہ بھی اسی نکاح کرنے والے مرد کا ہوگا ۔ کیونکہ بچہ اسی کا ہوتا ہے جس کے گھر پیدا ہو ارباب انصاف آپ نے دیکھا کہ میں نے کم علم شیعوں کی تحقیق کی کس طرح دھجیاں اڑادیں ہیں اور یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ بچہ ابو سفیان کے گھر پیدا ہوا ہے لہٰذا امام اعظم کے فتویٰ کے مطابق وہ ابن ابی سفیان ہے بعض نادان شیعہ، کتاب اہلسنت ربیع الابرار باب ۲۸ ذکر انساب کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بھی کہتے ہیں کہ زمانہ کفر میں جناب ہند کی مکہ کے چار سرداروں سے محبت اور یاری تھی لیکن چونکہ اولاد ہند نے اسلام کی بڑی خدمت کی ہے لہٰذا جو مسلمان جناب ھند کے عقیدت مند ہیں وہ خوشی سے اپنے آپ کو چار یاری کہلاتے ہیں ۔

ارباب انصاف یہ تحقیق جاہل شیعوں کی ہے ہم تو فاضل عراق ہیں نجفی ہیں

ایسی غلط بات نہیں کر سکتے، ہمارے نزدیک تو مسلمانوں کے چار یاری ہونے کی اور وجوہ ہیں جنہیں ہم پوری دیانت داری سے بیان کرتے ہیں۔

چار یار کون ہیں

پہلی وجہ، علماء شیعہ کے نزدیک چار یار یہ ہیں ۱ جناب ابوبکر ۲ جناب عمر ۳ جناب ابوعبیدہ ۴ سالم غلام حذیفہ ان چاروں نے آپس میں مشورہ کرکے اتفاق کیا تھا کہ نبی کریم کے بعد خلیفہ خاندان بنو ہاشم سے نہ چنا جائے اور ہم میں جو بھی خلیفہ بنے وہ خلافت کی اپنی اولاد میں وصیت نہیں کرے گا جناب عمر کی وفات سے پہلے ابوعبیدہ اور سالم گئے تھے۔ عہد نامہ کا رازدار کاتب جناب عثمان موجود تھے پس ان چاروں کے بعد ان کو خلافت ملی تاکہ بنو امیہ طاقت ور ہو جائیں اور بنو ہاشم کی بھروہ خبر لیں کہ صرف جنت کی سرداری کی امید پر ہی بنو ہاشم تاقیامت زندہ رہیں اور چاروں کا عہد نامہ چونکہ ابوعبیدہ کے پاس امانت رکھا گیا تھا۔ لہذا ان کا لقب ہے امین الامۃ۔

دوسری وجہ: ان چار شخصوں نے بھی اسلام کی بڑی خدمت کی ہے ۱ جناب معاویہ ۲، جناب عمرو عاص ۳ جناب مغیرہ بن شعبہ ۴ جناب زیاد بن سمیہ برادر جناب معاویہ کچھ مسلمان ان چاروں کے محبت میں اپنے آپ کو چار یاری کہلاتے ہیں

تیسری وجہ: ان چار بزرگوں کی خدمات بھی بھلائی نہیں جاسکتی ۱ جناب معاویہ ۲ جناب عمر بن عاص ۳ جناب ابوہریرہ ۴ جناب سمرہ بن جندب کچھ لوگ ان کی محبت میں چار یاری کہلاتے ہیں۔

چہارم وجہ: بعض نادان مسلمان یہ گمان کرتے ہیں کہ جناب ابوبکر اور جناب

عمر اور جناب عثمان اور علی یہ رسول اللہ کے چار یار تھے پس ان کی محبت میں لوگ اپنے آپ کو چار یاری کہلاتے ہیں۔

ارباب انصاف یہ آخری وجہ تو بہت ہی کمزور ہے کیوں کہ ہم پنجاب کے لوگوں میں لفظ یار بہت برے اور بد معنی میں استعمال ہوتا ہے یار کنجری کا ہوتا ہے یا بدچلن عورت کا یار ہوتا ہے۔ لفظ یار کی نسبت رسول اکرم کی طرف دینا اور کہنا کہ فلاں یار ہے نبی کا بے آدبی ہے چار غلام چار تابعدار، چار جان نثار یوں کہا جائے۔ نیز مذکورہ چار میں سے جنگ احد میں صرف ایک ساتھ رہا لہذا چار کس طرح ہو گئے۔

حق کی آواز

جناب امام اعظم امام شافعی امام مالک امام احمد یہ ہیں چار یار کیوں کہ بے شک فروع دین میں یہ ایک دوسرے کے سخت مخالف ہیں۔

مثلاً ایک کہتا ہے کہ یہ شئے حلال ہے دوسرا کہتا ہے حرام ہے لیکن چونکہ جناب ابوبکر کی خلافت پر ان کا اتفاق ہے گویا اصول میں اتحاد ہے۔

خلاصہ چار یار کے جتنے معنی ہیں ہم ذکر کر چکے ہیں ان میں سے کسی ایک کو جو چار یاری کہلانا چاہے چن لے اور جاہل شیعوں کی تحقیق کی طرف کان نہ رکھا جائے کہ جناب ہند کے چار دوست اور یار تھے زمانہ کفر میں اس لیے عام مسلمان چار یاری کہلاتے ہیں۔

آمدم بر سر مطلب

حوالہ گذر چکا ہے کہ جناب ہند نے جنگ احد میں یہ غزل گائی تھی۔ نحن

بنات الطارق کہ ہم طارق کی بیٹیاں ہیں اور طارق کی معنی ہے ستارہ جیسے رب تعالیٰ فرماتا ہے۔

ما ادراك ما الطارق النجم الثاقب کہ طارق چمکنے والا ستارہ ہے اس مثال میں بنات طارق کا معنی اگر ستارہ کی بیٹیاں لیا جائے تو کلام فضول ہو جاتا ہے مراد یہ ہے کہ ہم بڑے شان والیاں ہیں۔ اس طرح اگر فروع کافی کی روایت میں لفظ بنات سے مراد اگر حضور پاک کی صلبی لڑکیاں مراد لیا جائے تو توہین رسالت لازم آتی ہے پس مراد بنات سے ایک لڑکی اور دو نواسیاں ہیں۔ اور وہابی دوستوں سے گزارش ہے کہ زبان عرب میں لفظ بنات کا معنی گڑیاں بھی ہے اور اعلیٰ شان والیاں بھی ہے اور بنات، نواسیوں کو بھی کہتے ہیں۔ اور بنات النعش سات ستاروں کو بھی کہتے ہیں۔ اور نیز نبی پاک نے حضرت جعفر بن ابی طالب اور جناب امیر کی لڑکیوں کو اپنی لڑکیاں فرمایا۔

حدیث ہے بنونا لبنا تنا و بناتنا لبنینا کہ ہمارے لڑکے اور لڑکیاں ان کے آپس میں رشتہ کئے جائیں گے مراد اولاد جعفر اور جناب امیر ہے پس فروع کافی کی حدیث میں لفظ بنات سے مراد ہے بیٹی اور نواسیاں۔ جیسے قرآن پاک میں حرمت علیکم امهاتکم و بناتکم میں لفظ بنات سے مراد ہے بیٹی اور نواسیاں۔ نیز فروع کافی کی حدیث سے دلالت مطابقی کے لحاظ سے چار لڑکیوں کا وجود ہرگز ثابت نہیں ہوتا نیز وہابیوں سے عرض ہے کہ مثل مشہور ہے۔ ستیاں گلاں نہ جگا، آپ نے پرانے مسئلہ چھیڑ کر شیعوں کو دعوت دی ہے کہ وہ عثمان صاحب کا تعارف لوگوں کو اس طرح کروائیں جس کے وہ لائق تھے

مثل مشہور ہے اکھیلاں نوچ سر پایا تے دھمکاں توں کی ڈرنا شیعوں کو دعوت تحقیق دے کر آپ گھبرائیں نہیں آپنے داماد ی عثمان کے بارے شیعوں کے

خلاف رسالے لکھ کر وہ کیا ہے کہ لر آیلا گلے لگ آپ کے شیخ الحدیث اور ان داڑھیوں کا ہم پر کوئی رعب نہیں فیض احمد اویسی کو ہم یوں سمجھتے ہیں۔ دمڑی کی بوڑھیا ٹکا سر منڈائی اور عبدالستار تونسوی ہمارے ایت اللہ خمینی کی شان میں جو گستاخیاں کرتا ہے تو تونسوی کا حال بھی یہ ہے کہ اندھی کتیا چاند کو بھونکے اور جو وہابی امام مسجد میں اور صبح لوز پیر دے دیلے شیعوں کے خلاف تقریر کرتے ہیں۔ ان کی مثال یہ ہے تڑدیاں نوں بھی قصے لگ پیئے نی یہ فخر کمرہ: وہابی مکہ مدینہ میں تعلیم حاصل کر کے آتے ہیں اس کی کوئی وقعت نہیں ہے عیسی کا خر مکہ معظمہ میں دس سال گذارنے کے بعد بھی خر رہے گا۔ تمام عالم کے مسلمانوں کی بدنصیبی ہے کہ چند دشمن رسول مکہ مدینہ پر قابض ہو گئے ہیں اور کلمہ گو ہزاروں روپیہ خرچ کر کے دربار رسالت میں حاضر ہوتے ہیں۔ لیکن دشمن رسول ان کو روضہ کی جالی بھی نہیں چومنے دیتے بلکہ کوڑے مارتے ہیں اور اگر ایک ریال ان کو تھما دیا جائے تو پھر سب کچھ حلال ہو جاتا ہے۔ ارباب انصاف اب تو وہ وقت آگیا ہے کہ تمام دنیائے مسلمان مکہ کے وہابیوں کے خلاف آواز اٹھائیں اور خانہ کعبہ اور روضہ رسول کو ان کے پنجہ سے رہائی دلوائیں۔

شیعوں کے خلاف چار یاری مذہب کی توپ کا دوسرا گولہ

ثبوت ملاحظہ ہو

(۱) اہل شیعہ کی کتاب استبصار کتاب الصلوٰۃ علی جنازہ معہا امرءۃ ص ۴۸۵ ج ۱

عن بن الحسین عن عبدالرحمٰن بن ابی نجران وسندی بن محمد ومحمد بن الولید جمیعا عن عاصم بن حمید عن یزید بن الخلیفه قال کنت عند ابی عبدالله علیه السلام فسأله رجل من القمیین فقال یا اباعبدالله اتصلی النساء علی الجنازة قال فقال ابوعبدالله علیه السلام ان رسول الله کان فیما هدر دم المغیرہ بن ابی العاص وحدث حدیثا طویلا وان زینب بنت النبی توفیت وان فاطمة علیها السلام خرجت فی نساءها فصلت علی اختها۔

ترجمہ: راوی کہتا ہے کہ میری موجودگی میں ایک قمی نے امام سے یہ مسئلہ پوچھا کہ کیا جنازہ پر عورتیں بھی نماز پڑھ سکتی ہیں۔ امام نے فرمایا تحقیق نبی پاک نے مغیرہ بن ابی العاص کا فر کا خون رائیگاں کر دیا تھا پھر امام نے ایک لمبا واقعہ سنایا اور آخر میں فرمایا کہ نبی کی بیٹی زینب نے وفات پائی اور فاطمہ بنت رسول عورتوں کے ساتھ باہر آئی اور اپنی بہن پر نماز جنازہ پڑھی۔

نوٹ: مذکورہ روایت ہمارے مخالف کو کتاب استبصار میں نظر آئی تو یوں خوش ہو گئے جیسے شیعہ ۹ والی بزم فیروزی میں خوش ہوتے ہیں اور سوچا کہ بس رافضی ہار گئے اور ہم اپنی قوم کو کہہ سکتے ہیں کہ جناب عثمان کی فضیلت ثابت کر کے ہم نے شیعوں کا منہ توڑ دیا ہے ؎

مقابلہ تو دل ناتوان نے خوب کیا

مقابل کی یہ پرانی عادت ہے کہ اپنی قوم کی دلداری کی خاطر کوئی عربی عبارت شیعوں کے خلاف لکھ مارنا رہی یہ بات کہ آیا دبائی اسکا پیش کرنا بھی درست ہے۔ ؎ غلطی ہائے مضامین مت پوچھ اور اگر غریب شیعہ پوچھ بھی بیٹھیں کہ جناب اس عبارت کا جھگڑے والی بات سے کیا تعلق ہے تو وہی پرانی عادت پانی درج مدھانیاں ہمارے مقابل کا عجیب

ہی انداز تحریر ہے کہ کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا ۔۔ بے ربط عبارات شیعوں کے خلاف لکھ کر بعد میں دو چار گالیاں دے دیں کہ یہ سبائی ہیں، شان صحابہ کے منکر ہیں اور ہمارا عقیدہ ان کی بدزبانی کے بارے میں یہ ہے

؎ کتنے شیریں تھے اس کے لب کہ رقیب گالیاں کھا کے بدمزا نہ ہوا

میرے محترم قارئین آپ وہابیوں کی پیش کردہ حدیثوں سے اور ان کے فریب دینے والے کلام سے ہرگز نہ گھبرائیں کیوں کہ

؎ یہ بازو ہمارے آزمائے ہوئے ہیں

ارباب انصاف فربہی شئی دیگر است و آماس شئی دیگر است۔ بیماری سے جسم کا پھول جانا اور شئے ہے اور پہلوانی سے موٹا ہونا اور چیز ہے اب ہم علامہ اویسی اور ناروالی کی پیش کردہ روایت کی سند، متن اور دلالت پر کچھ تبصرہ کرتے ہیں اور دونوں کو جو درد زہ شروع ہوا ہے امید ہے کہ وہ تبصرہ ان کے لیے بہت ہی اچھا کیپسول ثابت ہوگا، بیشک علامہ اویسی کو دنیا میں داد دینے والوں کی کمی نہیں ہے لیکن وہ صرف اپنی قوم کی تعریفوں میں ہی مگن نہ رہیں کبھی کبھی شیعوں کی بھی کوئی سن لیں ؎

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا افسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا

جواب ۱

علم رجال کا یہ قانون ہے شیعہ سنی سب بھائیوں کا اس پر اتفاق ہے کہ روایت وہ قبول کی جائے جس کی سند میں تمام راوی درست ہوں وہابی اہل حدیث دوستوں نے ہمارے خلاف وہ روایت پیش کی ہے جس کا ایک راوی یزید بن خلیفہ نامی ہے اور یہ ایسا آدمی ہے کہ جس کی روایت پر علماء شیعہ نے اعتبار نہیں فرمایا کیوں کہ کتاب شیعہ تنقیح المقال ج ۳ ص ۳۲۶

بہت ایبار میں لکھا ہے ۔ یزید بن الخلیفه هو رجل واقفی لم یثبت توثیقه فعدم ثبوت وثاقته کاف فی رد خبره لانه علی الوقف ضعیف وعلی عدمه مجهول الحال ۔

ترجمہ : یزید بن الخلیفہ واقفی مذہب کا تھا شیعہ نہ تھا۔ اس کا قابل اعتبار ہونا ثابت نہیں ہے اور یہی چیز اس کی روایت کو ٹھکرانے کے لیے کافی ہے خلاصہ اگر یہ واقفی مذہب کا ہے تو بھی قابل اعتبار نہیں ہے اور بصورت دیگر یہ مجہول الحال ہے ۔

ارباب انصاف، جس روایت کا راوی قابل اعتبار نہ ہو اور نیز کسی اور عالم دین نے بھی اس روایت کے بارے میں یہ نہ فرمایا ہو کہ یہ روایت درست ہے تو ایسی روایت کو پیش کرنا اور کسی بزرگ کی فضیلت ثابت کرنا درست نہیں ہے ۔

ہمارے وہابی دوستوں نے ہمارے خلاف یزید نامی راوی کی روایت پیش کی ہے اور شیعوں کو تو یزید کے نام سے نفرت ہے اس کے خاندان سے نفرت ہے۔ اس کا نام سن کر لاحول پڑھتے ہیں ۔ یزید بن معاویہ کی بات کر رہا ہوں ۔

سوال : شیعوں کو یزید بن معاویہ سے نفرت کیوں ہے ۔

جواب:

اس کی چند وجوہ ہیں اور ہم ان کو پوری دیانتداری سے بیان کرتے ہیں اور اگر کسی وجہ میں کوئی خامی ہوگی تو اس کی بھی نشان دہی کریں گے ۔

پہلی وجہ

اہل حدیث وہابی دوستوں کی مایہ ناز کتاب البدایہ والنہایہ ذکر ترجمہ یزید ص ۲۲۷ ج ۸ میں لکھا ہے کہ جناب معاویہ نے یزید کی ماں کو جب وہ حاملہ تھی طلاق دے دی تھی اور نادان شیعہ اس طلاق سے یہ ثابت کرتے ہیں کہ چونکہ کتاب اہل سنت حیوۃ الحیوان ذکر فیل میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ دمشق میں ہاتھی آیا تھا اور جناب معاویہ اس کو دیکھنے

کے لیے ٹیلے پر چڑھے تو دیکھا کہ ان کے گھر میں ان کی بیوی سے کوئی نامعقول آدمی بدفعلی کر رہا ہے۔ جناب معاویہ چونکہ حوصلہ والے آدمی تھے پس اس نامعقول کو زنا کی سزا معاف کر دی اور بیوی کو طلاق دے دی اور وہ میکے چلی گئی یزید وہاں پیدا ہوا پس یہ ولد الزنا ہے۔

ارباب انصاف مذکورہ وجہ میں جان نہیں ہے کیونکہ عورت کو طلاق دینا کوئی بری بات نہیں، نبی پاک نے جناب حفصہ بنت عمر فاروق کو اور جناب زبیر نے اسماء بنت ابوبکر صدیق کو طلاق دی تھی۔ نیز ضروری نہیں ہے کہ حمل یزید کی ماں کو ہاتھی کے تماشہ کے وقت ہوا ہو پہلے یا بعد کا بھی ہو سکتا ہے۔ احمق شیعوں کو الہام نہیں ہوا کہ یزید اسی نامعقول کا نطفہ ہے البتہ جو عورت زنا کرے وہ کسی خلیفہ کی ماں ہو سکتی ہے یہ قابل غور ہے۔

دوسری وجہ

۳۲ - اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرۃ الخواص لامۃ صـ۱۷

۳۳ - اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ باب ۴۴ صـ۱۳۲

۳۴ - اہل سنت کی معتبر کتاب البدایہ والنہایہ صـ۳۵۵ ج۷

۳۵ - اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ کیو صـ۴۲ صـ۶۵

۳۶ - اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب صـ۶۳۸

۳۷ - اہل سنت کی معتبر کتاب شرح لابن ابی الحدید صـ۸۲ ج۱ ۴

۳۸ - اہل سنت کی معتبر کتاب ہدایت السعداء صـ۱۷ مولف قاضی شہاب الدین عمر ملک العلماء دولت آبادی

جناب امیر کا دشمن یا منافق ہے

نسائی شریف اور سنن ابن ماجہ کی عبارت ملاحظہ ہو۔

عن علی قال النبی لا یحبنی الا مومن ولا یبغضنی الا منافق

ترجمہ

حضرت علی فرماتے ہیں کہ میرے حق میں رسول خدا نے فرمایا کہ مجھے صرف مومن دوست رکھے گا اور جو شخص میرے ساتھ دشمنی رکھے گا وہ منافق ہے

ترمذی شریف کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابی سعید الخدری قال کنا لنعرف المنافقین ببغضہم علیؑ بن ابی طالب

ترجمہ

صحابی رسول فرماتا ہے کہ ہم صحابہ کرام میں سے منافقین کو یوں پہچانتے تھے کہ وہ حضرت علی کے ساتھ دشمنی رکھتے تھے۔

حضرت علی کا دشمن یا ولد الزنا یا ولد الحیض ہے

ریاض النضرہ کی ص۱۲۱ ج۲ فصل ۶ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابی بکر قال رسول اللہ لعلی و فاطمۃ والحسن والحسین طوبیٰ لمن والاھم لا یحبھم الا سعید الجد طیب الولادۃ ولا یبغضھم الا شقی الجد ردی الولادۃ۔

ترجمہ

ابوبکر صاحب فرماتے ہیں کہ نبی کریم نے جناب فاطمہؑ اور حسنینؑ و حضرت علیؑ کی شان میں فرمایا تھا کہ جو ان پاک ہستیوں سے محبت رکھے گا وہ نیک بخت ہے اور پاک ولادت یعنی حلال زادہ ہے جو ان سے دشمنی رکھے گا وہ بدبخت

ہے اور حرام زادہ ہے ۔

نہایہ ابن اثیر کی عبارت ملاحظہ ہو

قال الامام جعفر الصادق علیہ السلام لا یحب منا ولد الزنا وذو رحم منکوسۃ

ترجمہ : امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ علت اُبنہ کا بیمار اور ولدالزنا بچہ ہم سے محبت نہ رکھے گا ۔ موت القربیٰ کی عبارت ملاحظہ ہو

عن ابی رافع مولیٰ رسول اللہ قال من لم یعرف حق علیؑ فھو احد من الثلاثۃ اما امہ الزانیہ او حملتہ امہ من غیر طہارۃ منافق ۔

ترجمہ نبی کریم نے فرمایا کہ جو آدمی حضرت علی کا حق نہیں پہچانتا یا تو اس کی ماں زناکار ہے اور وہ حرام زادہ ہے یا وہ نطفہ حیض ہے اور یا وہ منافق ہے ۔

فصول المہمہ ۔ احیاء المیت علیٰ محرقہ کی عبارت ملاحظہ فرماویں

نبی کریم فرماتے ہیں کہ جو میری عترت کا دشمن ہے فھو لاحد ثلاث اما منافق او لزنیہ واما امراُ حملتہ امہ فی غیر طہر

عترت نبی کا دشمن یا منافق ہے یا ولدالزنا ہے یا نطفہ حیض ہے

فرائد السمطین کی صفحہ ۱۳۵ باب ۲۲ کی عبارت ملاحظہ ہو

فقال یا رسول اللہ فسوف یبغض علیا بعدہ فقال یا اخا الانصار لا یبغضہ من قریش الا سفی ولا من الانصار الا یہودی ولا من العرب الا دعی ولا من سائر الناس الا شقی ۔

ترجمہ

نبی کریم نے فرمایا کہ حضرت علی سے جو قریشی دشمنی رکھے گا وہ (سفاح)

نکاح غلط سے پیدا ہوا ہے اور جو انصاری حضرت علی سے دشمنی رکھے گا وہ یہودی ہے اور جو عرب جناب امیر سے دشمنی رکھے گا وہ دعی ولد الزنا ہے اور باقی جو دشمن ہیں وہ بھی بدبخت ہیں

ارجح المطالب کی عبارت ملاحظہ ہو

عن علی قال قال لی رسول اللہ لا یبغضک من الرجال الا منافق ومن حملته امه وھی حائض

ترجمہ

جناب امیر فرماتے ہیں کہ نبی پاک نے فرمایا کہ جو شخص میرے ساتھ (یعنی علی کے ساتھ) دشمنی رکھے گا وہ نطفہ حرام ہے یا نطفہ حیض ہے۔

مروج الذھب کی عبارت ملاحظہ ہو

امیر ابو دُلف کے بیٹے دلف نے کہا کہ میں علی کے ساتھ دشمنی رکھتا ہوں اور وہ حدیث جھوٹ ہے کہ دشمن علی یا تو ولد الزنا ہے یا ولد الحیض ہے بیٹے کی بات سن کر امیر ابو دلف نے فرمایا کہ حدیث شریف کو جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ ھو واللہ لزنیۃ وحیضۃ کہ خدا کی قسم میرا بیٹا ولد الزنا بھی ہے اور ولد الحیض بھی ہے وجہ یہ ہے کہ میں بیمار تھا تیمارداری کے لیے میری بہن صاحبہ نے ایک اپنی کنیز میرے پاس رکھ دی وہ کنیز مجھے بہت ہی پسند تھی۔

پس میں نے اس کنیز کے ساتھ ہمبستری کی اور وہ حالت حیض میں تھی میرے اس زنا کے ساتھ وہ حاملہ ہو گئی۔ جب حمل ظاہر ہوا تو بہن صاحبہ نے وہ کنیز مجھے بخش دی۔

ہدایت السعداء کی عبارت ملاحظہ ہو

آوردہ اند کہ پیش ازیں درون دیوار کعبہ دو مار بودند کہ ایشاں را معیار

الولد می گفتند الخ روایت میں ہے کہ پہلے دیوار کعبہ میں دو سانپ رہتے تھے اور اس جوڑے کو معیار الولد کہتے تھے اور جو بچہ مکہ شریف میں پیدا ہوتا تھا تین دن کے بعد اس کو کعبہ میں لے آتے تھے پس وہ جوڑا سانپوں کا نکل آتا تھا۔ اور اگر وہ بچہ حلال زادہ ہوتا تھا تو سانپ اس کو سونگھ کر واپس چلے جاتے تھے اگر وہ حرام زادہ ہوتا تھا تو سانپ اس پر تف می زد یعنی گویا تھوک دیتے تھے پس وہ بچہ بیہوش ہو جاتا تھا۔

پس چو شاہ علی کرم اللہ وجہہ تولد شد جب حضرت علی پیدا ہوتے تو وہ سانپ عادت کے مطابق نکلے اور آنجناب کی خوشبو سونگھنے کی جرات کی حضرت شاہ علیؑ نے بھی جرات دکھائی اور ان دونوں کو پکڑ کر چیر ڈالا۔ ان کی موت سے مکہ شریف کے لوگ پریشان ہو گئے اور شور و غل ہو گیا کہ محک اور معیار الولد کو حضرت شاہ علی نے مٹا دیا اور لوگ رونے لگے نبی پاک نے فرمایا کہ آپ فکر نہ کریں اب معیار الولد حضرت علی ہیں جو شخص ان سے اور انکی اولاد سے محبت رکھے گا۔ وہ حلال زادہ ہوگا اور جو شخص ان سے دشمنی رکھے گا وہ حرام زادہ ہوگا

حضرت علی کا دشمن یا علت انبہ کا بیمار ہے

نہایہ لابن اثیر کی عبارۃ ملاحظہ ہو

قال الامام جعفر الصادق لا یحب منا ولد الزنا و ذو رحم منکوسہ

ترجمہ

امام جعفر الصادق فرماتے ہیں کہ ہم سے وہ شخص محبت نہیں رکھے گا جو نطفہ حرام ہے اور علت انبہ کا بیمار ہے یعنی مروا تا ہے

جو عورت مولیٰ علیؑ سے دشمنی رکھتی ہے اس کو پاخانہ کی راہ سے خون حیض آتا ہے

ارجح المطالب کی عبارت ملاحظہ ہو

علی عن قال قال لی رسول اللہ لا یبغضک من النساء الا السلفلق وھی التی تحیض من دبرھا قیل جائت امرأۃ الی علی فقالت انی ابغضک قال فانت اذاً سلقلق قالت من سلقلق قال سمعت النبی الحدیث وقلت یارسول اللہ ما السلقلق قال التی تحیض من دبرھا قالت صدق رسول اللہ واللہ انا احیض من دبری ولا علم لابوای اخرجہ السلمی

ترجمہ:

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ نبیؐ پاک نے مجھے فرمایا کہ جو عورت آپ سے دشمنی رکھے گی وہ سلقلق ہوگی۔ یعنی اس کو پاخانہ کی راہ سے خون حیض آتا ہوگا ایک عورت جناب علی کے پاس آئی اور کہا کہ میں آپ سے دشمنی رکھتی ہوں آنجناب نے فرمایا کہ تو سلقلق ہے عورت نے پوچھا وہ کیا ہوتی ہے۔

حضور نے فرمایا وہ عورت ہوتی ہے جسے پاخانہ کی راہ سے حیض آتا ہو عورت نے کہا خدا کی قسم نبی پاک نے سچ فرمایا ہے مجھے پاخانہ کی راہ سے حیض آتا ہے اور میرے والدین کو بھی اس بات کا علم نہیں ہے۔

مولیٰ علیؑ کا دشمن آدھا نطفہ شیطان کا ہے

کفایت الطالب کی عبارۃ ملاحظہ ہو

قال واللہ ما ابغضک احد قط الا شارکت اباہ فی رحم امہ

ترجمہ ملخص۔

ابلیس ایک مرتبہ نبی پاک کی خدمت میں حاضر ہوا اور پھر اس کی گفتگو حضرت علیؑ سے بھی ہوئی اور اس نے بتایا کہ یا علی جو شخص تیرے ساتھ دشمنی رکھتا ہے۔ خدا کی قسم میں اس کے باپ کے ساتھ اس کی ماں سے وقت ہمبستری شریک تھا۔ وشارکھم فی الاموال والاولاد

نوٹ:

جناب امیر کا دشمن منافق ہے اس کا ثبوت تمام مذکورہ کتابوں میں موجود ہے اور حضرت علی کا دشمن ولد الزنا ولد الحیض ہے اس کا ثبوت میر صاحب نے صرف دس کتابوں میں دکھایا اور فرمایا کہ باقی پھر اور باقی باتوں کا ثبوت بھی نہایہ ابن اثیر کفایت المطالب اور ارجح المطالب سے دکھایا

نوٹ:

ارباب انصاف میں نے میر صاحب رافضی ماتمی اور بھکڑ باز کی تحقیق کا جلوہ آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔

جناب من بحث کے بعد میں نے اس قدر تو بات کو مان لیا کہ مولا علیؑ کا دشمن منافق ہے اور یا بقول شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کہ دشمن حضرت امیر اگر کسی روایت کا راوی ہے اس کی روایت کو قبول نہ کیا جائے۔ اور باقی

باتیں اگرچہ حدیث شریف میں موجود ہیں لیکن ان کا ذکر شرفاء پر کیچڑ اچھالنے والی بات ہے کیوں کہ بڑے بڑے مشائخ الحدیث علماء کرام مدارس کے مہتمم آئمہ مساجد اور دیگر شرفا، حضرت علی کے ساتھ دشمنی رکھتے ہیں۔ کیا شرم کی بات نہیں ہے کہ ان شرفاء کو کہا جائے کہ وہ ولد الزنا یا علت ابنہ کے بیمار ہیں۔ میری بات سے میر صاحب کو تکلیف ہوئی اور فرمایا کہ کسی کے نسب شریف سے پردہ اٹھانا اگر کیچڑ ہے تو اللہ پاک نے سورہ نون والقلم میں حضرت خالد سیف اللہ کے والد مرحوم کو ولد الزنا ثابت کر کے رسوا کیوں کیا ہے۔

میں نے کہا قبلہ عالم آپ کی یہ دلیل کہ بنو امیہ حضرت علی اور ان کی اولاد کے دشمن تھے تاریخ گواہ ہے اور حدیث شریف کی گواہی کہ حضرت علیؑ اور اُن کی اولاد کا دشمن اولاد زنا ہے۔ پس نتیجہ یہ نکلا کہ بنو امیہ اولاد زنا تھے۔ علم منطق کی روشنی میں یہ شکل اول بالکل پھکڑ بازی ہے اگرچہ اس کی تائید قرآن پاک سے سورہ نون والقلم میں موجود ہے۔

میں نے میر صاحب کو سر کے بل پھینکا

میں نے کہا قبلہ عالم شریعت کا یہ مسئلہ ہے کہ جس طرح سرمہ دانی میں سلائی داخل ہوتی ہے اس طرح آلہ تناسل کو کسی عورت کی شرم گاہ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھا جائے تو پھر کہیں دوسری شرائط کے ہوتے ہوئے زنا ثابت ہوتا ہے صرف قرآن پاک اور حدیث شریف پر بھروسہ کرتے ہوئے آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ بنو امیہ اولاد زنا تھے۔

کیا جناب ھندؓ، جناب میسون بنت جندل۔ یا جناب صحاقہ یا حنمیہ:

یا جناب نابغہ۔ یا جناب صعبہ بنت الحضرمی یا سمیہ یا حمنہ یا جناب اروی بنت کریز یا والدہ حضرت عبدالملک یا ام حنبل یا زرقا خاتون خلفا بنو مروان کے دادی مرحومہ۔ ان مذکورہ خواتین کا مذکورہ طریقہ سے آپ نے زنا ثابت کیا ہے قبلہ میر صاحب آپ کی قوم میں اصلاً تحقیق کا مادہ نہیں ہے اور بنو امیہ سے سخت دشمنی سنی سنائی باتوں پر زیادہ یقین تمام مسلمانوں کو ہر وقت اپنی نجات کی فکر ہے اور آپ کو بنو امیہ اور صحابہ کرام کی برائیاں تلاش کرنے کی فکر ہے اسی لیئے تو آج کل وہابی اہل حدیث علماء خدا ان کو خوش رکھے اس بات پر زور زیادہ دیتے ہیں کہ شیعوں سے دور رہو۔ ان کی کتابیں نہ پڑھو اور نہ ہی گھر میں رکھو اور مجلس امام حسینؑ مظلوم کو زہر کا پیالہ سمجھو کیوں کہ اس مجلس میں شرکت سے بے شک خدا رسول تو خوش ہوں گے لیکن پھر بنو امیہ اور صحابہ کرام کی دوستی سے ہاتھ دھونے پڑیں گے کیا یہ عقل مندی ہے کہ صرف مظلوم اولاد نبی کی خاطر تمام اہل دنیا سے حالات خراب کر لیئے جائیں اور جنت کی خاطر دنیا کی تمام زندگی برباد کر لی جائے۔

سنو او بے حیا رافضی تمہارے یہ عقائد کہ اولاد زنا شریف نہیں ہوتی اور امامت و خلافت کے لائق نہیں ہوتی آپ کی اس قرارداد کو تمام اہل حدیث وہابیوں کا دور سے سلام ہے۔

اہل اسلام سے انصاف کی اپیل

پیارے مسلمان بھائیوں بنو امیہ کے بارے میں میر صاحب کی تحقیق کا جلوہ آپ دیکھ چکے ہیں۔ آپ کا دینی فریضہ ہے کہ مذکورہ کتابوں کو دیکھو

تحقیق کردہ اگر بنو امیہ کے بارے میں میر صاحب کی تحقیق غلط ہے تو پھر میر صاحب پر لعنت اور اگر تحقیق درست ہے تو پھر بنو امیہ پر لعنت۔

ہاں البتہ میر صاحب نے فاضلانہ پیچ بھی لگایا تھا کہ بنو امیہ تو اس قدر بدکردار تھے کہ بجائے نبی کریم کے اگر ان کی رشتہ داری اللہ پاک سے ہے تو بھی تھے۔ لعنتی۔

پس اگر بنو امیہ کو یا جناب عثمان کی بھی نبی پاک سے رشتہ داری تھی تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ پس جناب امیر کا فرمان سر آنکھوں پر ہے کہ تو اے عثمان نبی سے رشتہ داری رکھتا ہے۔ ہم اس رشتہ داری کا اقرار کرتے جس طرح جناب ابولہب کی رشتہ داری کا اقرار کرتے ہیں۔

میں نے کہا قبلہ عالم چلو چھوڑیئے بنو امیہ کو جناب عائشہ صدیقہ کی قوم کے امت محمد پر لاکھ احسان ہیں آج یہ چند کوزے مصلے اور بسوں اور ویگنوں پر کلمہ شریف بی بی عائشہ کی قوم کی خدمت اسلام کا نتیجہ ہے ارباب انصاف جناب عائشہ کی قوم کی تعریف سن کر میر صاحب پھر بھڑک اٹھے اور فرمایا کہ فاضل عراق صاحب آپ کو بلا اجرت وکالت سے کیا حاصل ہوگا۔ جناب عائشہ کی قوم کا حال بھی سن لیجئے۔

جناب عائشہ صدیقہؓ کی قوم کے ہاتھوں نبی کریم کو قتل کرنے کی سازش پروان چڑھی

ثبوت ملاحظہ ہو

اہل حدیث وہابیوں کی معتبر کتاب صحیح بخاری ج ۴ ص ۱۱۵ کتاب بدأ الخلق باب اذا قال احدکم

عن عائشۃ زوج النبی صلعم انہا قالت للنبی ھل اتی علیک یوم کان اشد من یوم احد قال لقد لقیت من قومک مالقیت وکان اشد مالقیت منہم یوم العقبہ

ترجمہ

جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے نبی پاک سے پوچھا کہ جنگ احد کے دن سے بھی زیادہ آپ نے کسی دن تکلیف دیکھی ہے نبی پاک نے فرمایا کہ میں نے تیری قوم سے ناقابل بیان تکلیف دیکھی ہے اور سب سے زیادہ تکلیف میں نے ان سے روز عقبہ پائی ہے ۔

نوٹ :

میں نے کہا قبلہ اس روایت میں تو جان ہی نہیں ہے ۔ میر صاحب نے کہا عورت کی حقیقی قوم تو اس کے پیکے ہوتے ہیں اور ان میں اس کا باپ اور بھائی نیز چچا وغیرہ سر فہرست ہیں پس یا تو جناب عائشہ کا باپ ان کی قوم نہیں ہے لیکن پھر بی بی صاحبہ کے نسب کی تحقیق ضروری ہو جائے گی اور اگر جناب عائشہ کا باپ ان کی قوم ہے تو پھر جناب ابوبکر کے ہاتھ بقول امام بخاری اہل حدیث کے نبی کریم کو بہت تکلیف پہنچی ہے میں نے کہا قبلہ اگر یہ بات ہے تو پھر نبی پاک نے ان کو اپنے قریب کیوں کیا اور ان کو ہلاک کیوں نہ کیا ۔

میر صاحب نے فرمایا کہ مذکورہ حدیث کے آخر میں یہ بھی لکھا کہ ایک فرشتہ جناب ابوبکر کو ہلاک کرنے کی خاطر آیا تھا اور نبی کریم سے عرض کی کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کے دشمنوں کو ہلاک کر دوں ، فقال النبی بل ارجو

ان یخرج اللہ من اصلاب ھم من یعبد اللہ وحدہ لا یشرک بہ شیئا

کہ مجھے امید ہے کہ خدا میرے دشمنوں کی صلبوں سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو صرف خدا کی عبادت کریں گے۔ نیز میر صاحب یہاں اپنا فاضلانہ پیچ بھی لگا گئے کہ حضرت علی نے بھی جناب عائشہ اور حفصہ کی قوم کو اسی لیے قتل نہیں کیا تھا کہ اگرچہ یہ لوگ میرے دشمن ہیں لیکن امید ہے کہ انھیں دشمنوں کی صلبوں سے میرے دوست پیدا ہوں گے اور ملتان میں صدیقی خاندان کے بہت سے لوگ شیعہ ہیں اور ہمارے مولیٰ علی کے دوست ہیں۔

قولہ وقد نلت من صھرہ مالم ینالا الخ ۔ ایک دن میر صاحب ہمارے پاس تشریف فرما تھے اور اپنی عادت کے مطابق پان چبا رہے تھے پان کی تھوک ان کی باچھوں سے بہہ رہی تھی۔

میں نے نہج البلاغت کا مذکورہ جملہ پیش کر کے کہا قبلہ عالم دیکھا بقول اھل حدیث کے اس کلام سے جناب عثمان صاحب کی دامادی ثابت ہو گئی ہے اور آپ لوگ اپنے تعصب میں فضیلت عثمان کا انکار کر کے اپنے مولیٰ علی کی بقول وہابیوں کے مخالفت کرتے ہیں۔

ارباب انصاف میری گفتگو نے بارود کا کام دیا اور میر صاحب بھڑک اٹھے اور کہا آپ کے وہابی دوست اس جملہ پر بڑا زور دیتے ہیں اور نعرے لگاتے ہیں کہ ہم شیعوں کو تحقیق کی چکی میں پیس ڈالا ہے

سنو فاضل عراق صاحب مثل مشہور ہے کہ اندھی کو شوق غلیل دا اور وہابیوں کو شوق مناظرہ دا اور آپ کو شوق بلا اجرت وکالت کا پلے نہیں دھیلہ تے کردی میلہ میلہ، قرآن و حدیث میں فضیلت عثمان کا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے نہج البلاغہ سے مولا کے کلام کا غلط معنی کر کے وہ جناب عثمان

کو داماد رسول فرض کرنا چاہتے ہیں لیکن حضرت معاویہ خیلوں کو ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور رہبر میر صاحب نے محقق بننے کی یوں کوشش شروع کردی کہ علوم عربیہ کا قانون ہے کہ جب کسی کلام میں کئی معنوں کا احتمال ہو تو اسے وہ معنی مراد لیا جاتا ہے جو عقل۔ اور قرآن و سنت کے موافق ہو مذکورہ کلام میں لفظ صہر ہے اور اس کے چار معنی ہیں۔

(۱) القرابۃ۔ یعنی رشتہ داری (۲) القبر (۳) زوج الابنہ یعنی داماد (۴) زوج الاخت (سالا) کتاب المنجد ملاحظہ کریں۔

اگر نہج البلاغۃ میں لفظ صہر کا پہلا معنی مراد لیا جائے کہ جس کا مطلب ہے رشتہ داری تو جناب عثمان کو کچھ فائدہ نہ ہوا۔ کیوں کہ خاندان امیہ کی رشتہ داری سے بحث نہیں ہے بلکہ ان کے کردار سے بحث ہے۔

میں نے کہا میر صاحب رشتہ داری کو جب آپ نے مان لیا تو رہ کیا گیا انہوں نے فرمایا حضرت آدمؑ جناب نوح اور یعقوب کے بیٹوں کو ان نبیوں سے خونی رشتہ بھی تھا اور قرآن پاک نے ان بیٹوں کی مذمت بھی فرمائی ہے اگر تسلی نہیں ہوئی تو قرآن پاک کا فیصلہ سن لیجئے۔

فاذا نفخ فی الصور فلا انساب بینھم یومئذ ولا یتسائلون

ترجمہ

جب صور پھونکا جائے گا اور قیامت کا دن ہوگا تو رشتہ داری کام نہ آئے گی اور نہ ہی رشتہ داری کے بارے پوچھا جائے گا بلکہ نیک عمل ہی کام آئے گا۔

جناب عثمان چونکہ چور دروازے سے حکومت میں داخل ہوئے اور مسلمانوں نے الیکشن کروانے کا مطالبہ کیا بجائے انتخاب کے جناب عثمان

نے ان کی بے عزتی کی حالانکہ وہ صحابہ کرام تھے۔ پس جناب عثمان ایک دنیاوی
حاکم تھے خداوند تعالیٰ کے نمائندہ نہیں تھے اور اگر لفظ صہر کا معنی قبر لیا جائے تو
بھی درست ہے لیکن مذکورہ دونوں معنوں میں جناب عثمان غنی کو کوئی فائدہ
نہیں ہے کیونکہ ان معنوں سے حضرت عثمان کی دامادی بالکل ثابت نہیں ہوتی
کیا یہ عقل مندی ہے کہ وہابی اہل حدیث علماء کرام کے ہر رشتہ دار کو ان کا داماد
مان لیا جائے۔

اگر لفظ صہر کا معنی داماد لیا جائے تو مطلب یہ نکلا کہ تو نے اے عثمان
داماد نبی کریم کے داماد حضرت علی سے وہ فیض حاصل کیا جو ابوبکر و عمر کو نہ ملا
اس معنی کی روشنی میں بھی جناب عثمان داماد نبیؐ ہونے کی فضیلت سے محروم
ہو گئے۔

اگر لفظ صہر کا معنی زوج الاخت لیا جائے تو پھر معنی یہ بنے گا کہ تو نے نبی
کریم کے سالے معاویہ سے وہ فائدہ حاصل کیا جو شیخین نے نہیں کیا۔ میں نے
کہا قبلہ عالم میر صاحب آپ کی سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ آپ اپنی
ہی بات سناتے ہو دوسرے کی بات پر کان رکھنا تو آپ کو اپنی موت نظر آتی
ہے۔ سنو لفظ صہر کا معنی دامادی بھی ہو سکتا ہے۔ اور مطلب یہ ہو گا کہ تو نے
اے عثمان نبی کی دامادی سے وہ شرف پایا جو ابوبکر و عمر کو حاصل نہ ہوا۔
میر صاحب یہ معنی سن کر ہنس پڑے اور فرمایا کہ عقل کے ناخن لو یہ
معنی تو تب درست تھا کہ ابوبکر و عمر کے گھر نبی کریم کی ایک لڑکی ہوتی
لیکن شیخین داماد نبی تو نہ تھے پس آپ کا معنی اس کلام کے مشابہ ہو گا یا کہ کسی
سائنس دان کو کہا جائے کہ تو نے سائنس میں وہ کمال حاصل کیا ہے جو فلاں
چرواہے کو حاصل نہیں تھا۔

پھر میر صاحب نے فرمایا کہ آپ نے صرف ایک معنی کیا ہے اور میں نے چار معنی پیش کئے ہیں
اور قانون ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال کہ جب کسی کلام میں معنی
مقصود کے خلاف کا احتمال زیادہ آجائے تو اس کلام سے دلیل پکڑنا باطل ہو جاتا
ہے پس جناب عثمان کی فضیلت کا ثابت کرنا نہج البلاغت سے باطل ہو گیا ۔
میں نے کہا قبلہ عالم اگر آپ عثمان کو داماد نبی مان لیں تو کیا حرج ہے
انھوں نے فرمایا صرف قرآن وسنت اور عقل کی مخالفت ہے اور تو کچھ نہیں ہے
اگر نبی کریم نے اپنی لڑکی کسی صحابی کو دینی ہوتی تو ابو بکر صاحب کو دیتے ۔
کیوں کہ ابو بکر نے بقول وہابیوں کے اپنی چھ سالہ لڑکی جناب عائشہ رسول اللہ
کو دی تھی ۔ لیکن ابو بکر و عمر کو تو نبی کریم نے ان کے مانگنے کے باوجود رشتہ نہ دیا
حالانکہ وہ بقول وہابیوں کے عثمان غنی سے افضل تھے کیا یہ عقل مندی کہ افضل
شخص کو باوجود اس کے منت کرنے کے رشتہ نہ دیا جائے اور غیر افضل کو بغیر
مانگنے کے رشتہ دے دیا جائے ۔

جواب ۲

اگر وہابی اہل حدیث دوستوں نے لفظ صہر کا ہی رٹا لگانا ہے تو ہم ان کی
کتابوں سے ان کی تسلی کرا دیتے ہیں کتاب اہل حدیث الاصابہ فی تمیز الصحابہ
صفحہ ۳۰۹ ج ۴ حرف الزاء میں لکھا ہے قال رسول اللہ من یتزوج زینب
بنت حنظلہ وانا صہرہ

کہ جو شخص زینب بنت حنظلہ سے شادی کرے گا میں اس کا خسر ہوں
ارباب انصاف دیکھا آپ نے کہ زینب کے ساتھ اس کے باپ کا نام
بھی ذکر کیا گیا اور یقین ہو گیا کہ زینب نبی کریم کی حقیقی لڑکی نہیں ہے پس جس
طرح نبی کریم نے اس کے شوہر کے لیئے فرمایا کہ انا صہر اسی طرح نہج البلاغت

ہیں جناب امیر نے بھی لفظ صہر استعمال کیا ہے اور جس طرح اس لفظ کی مدد سے مذکورہ زینب نبیؐ کی حقیقی بیٹی نہیں بن سکتی اور اس کا شوہر نبیؐ کا حقیقی داماد نہیں بن سکتا اسی طرح عثمان صاحب کی کوئی بیوی بھی اس لفظ کی مدد سے نبیؐ کی حقیقی بیٹی نہیں بن سکتی اور عثمان صاحب حقیقی داماد نہیں بن سکتے ۔

نیز عثمان کو حقیقی داماد ماننے سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ اس کی بیویاں پہلے کفار کی بیویاں تھیں اور طلاق کے بعد عثمان کے گھر آئیں ۔ پس ایک تو نبی کریم کی توہین ہو گئی اور دوسری بات یہ ثابت ہو گئی کہ عثمان کی دامادی والی ایسی فضیلت ہے کہ عثمان کے ساتھ اس فضیلت میں کفار بھی شریک ہیں اور ایسی فضیلت کو عثمان کی شان دکھانے کی خاطر شیعوں کے سامنے پیش کرنا وہابیوں کی بے شرمی اور بے حیائی ہے ۔ کیونکہ اگر یہ مان لیا جائے کہ کفار و مشرکین نبی کریم کے داماد تھے تو اس بات کو ماننے میں کیا حرج ہے کہ کچھ منافقین بھی نبی کریم کے داماد تھے

مسئلہ بنات میں چار یاری مذہب کا معاویہ کی طرح قرآن پاک کی آڑ لینا

ثبوت ملاحظہ ہو

یا ایھا النبیّ قل لازواجک و بناتک و نساء المؤمنین یدنین علیھن من جلابیبھن ذالک ادنی ان یعرفن فلا یوذین و کان اللہ غفوراً رحیماً ۔

ترجمہ

اے نبیؐ تو حکم دے اپنی بیویوں کو بیٹیوں کو اور مومنین کی عورتوں کو ۔

کو کہ وہ لٹکائیں۔ اپنی اوپر اپنی چادریں یہ زیادہ قریب ہیں اس کے کہ وہ پہنچانی جائیں اور اذیت نہ دی جائیں اللہ تعالیٰ بخشنے والا اور مہربان ہے

لوٹ:

ایک دن میر صاحب سے مذکورہ آیت کے بارے میں بحث ہوئی اور انھوں نے فرمایا کہ اہل حدیث وہابیوں نے جناب عثمان کی فضلیت ثابت کرنے میدان میں ہار جانے کے بعد اسی طرح قرآن پاک کا سہارا لیا ہے جس طرح عمرو بن العاص کے مشورے سے جنگ صفین میں معاویہ نے قرآن پاک کا سہارا لیا تھا اور وہابیوں کو چاہیے کہ اس آیت کا بورڈ بنوا کر ان لڑکیوں کی قبر پر لگوائیں کیونکہ آیت ان کی وفات کے بعد نازل ہوئی ہے میں نے کہا قبلہ وہابی لوگ تو اپنے باپ کی قبر کو بھی دور سے سلام کرتے ہیں۔ البتہ اس آیت کے بارے آپ اپنی تحقیق کا جلوہ دکھائیں۔ میر صاحب نے میری گزارش کے بعد جواب کی پٹاری کھول دی اور چمن تحقیق میں یوں نغمہ سرا ہوئے

لفظ بنت معنی مجازی میں زیادہ استعمال ہوتا ہے

بیانہ لفظ اَب اور بنت نیز ابن اور ام کے زبان عرب میں کئی معنی ہیں مثلاً ابن لبون اور ابوایوب اونٹ کو کہتے ہیں ابن العرس نیولا کو کہتے ہیں ابن آدی گیدڑ اور بنات النعش ستاروں کو کہتے ہیں بنت العنب شراب کو اور بنت الارض سبزہ کو کہتے ہیں اگر تسلی نہیں ہوئی تو یہ تین لفظ

بھی ملاحظہ فرمادیں ابو ھریرہ، ابو حفص، ابو بکر، جس طرح لفظ اب ابن اور بنت مذکورہ الفاظ میں معنی مجازی میں استعمال ہوا ہے اسی طرح لفظ بنت آیت پردہ میں مجازی معنی میں استعمال ہوا ہے اور مراد یہ ہے کہ اُمت کی لڑکیاں مجازاً نبی کی بیٹیاں ہیں پس ایت پردہ میں لفظ بناتک سے مراد نبی کریم کی حقیقی لڑکیاں [illegible] نہیں ہیں بلکہ امت کی لڑکیاں مراد ہیں۔ میں نے کہا قبلہ عالم سکھر میں کشتی ڈبوتے تو بھی آپ صحابہ کرام کا پاؤں درمیان میں ضرور رکھتے ہیں۔

آخری تین الفاظ کے بغیر بھی آپ کا مقصد تمام تھا لیکن ان تینوں کینات سے بھی جو آپ کا خاص مقصد ہے وہ بھی ہم جان گئے ہیں اور وہ یہ ہے کہ آخری تین مثالیں صحابہ کرام کی کنیات مبارک ہیں۔ عرب شریف میں کنیت رکھنے کے تین طریقے تھے۔

۱۔ اولاد کے نام پر کچھ لوگ اپنی کنیت رکھتے تھے مثلاً جناب صدیق اصغر عمر فاروق نے اپنی بیٹی حفصہ کے باپ ہونے کی وجہ سے اپنی کنیت ابو حفص اختیار فرمائی تھی یا جناب علیؑ نے اپنے بیٹوں کے نام پر اپنی کنیت ابوالحسن اور ابوالحسین اختیار فرمائی تھی یہاں میر صاحب فوراً چہکے کہ ہمارے امام کی کنیت بیٹوں کے نام پر ہے اور جن کی بلا اُجرت وکالت آپ کرتے ہیں اُنکی کنیت لڑکیوں کے نام پر ہے۔

میں نے کہا پھر کیا حرج ہے کئی صحابہ کرام ماں کے نام سے پہچانے جاتے ہیں اسی طرح عمر فاروق بیٹی کی وجہ سے مشہور ہو گئے آپ کو کیا تکلیف ہے میر صاحب نے پھر پیچ لگایا [illegible] یا کہ جس لڑکی کو طلاق ہوئی ہو اس کے نام پر کنیت رکھنے میں کون سی عزت وشرف ہے۔

(۲) قوم کے سردار بھی لوگوں کو کنیت عطا کرتے تھے مثلاً رسول پاک نے حضرت علیؑ کو ابوتراب کنیت عطا فرمائی تھی۔

۲- کنیت غیر اختیاری - یہ کنیت پبلک اور یار دوستوں کی طرف سے خود بخود مقرر ہو جاتی ہے۔ مثلاً ابوہریرہ بلی کا باپ- اس صحابی کو شاید بلیوں سے زیادہ محبت تھی - پس یار دوستوں نے ان کو ابوھریرہ مشہور کر دیا۔ ورنہ جس طرح کتابوں سے آج تک ان کے صحیح والد کا پتہ نہیں چلا اسی طرح یہ بھی معلوم نہ ہو سکا کہ اس صحابی کی کوئی بیٹی بلی بھی تھی یا مثلاً اَبُوبَکو بکسر بائے دوم بمعنی کنواری کا باپ چونکہ نبی کریم کو جو کنواری بیوی ملی تھی وہ صدیق اکبر کی لڑکی حضرت عائشہ تھی پس یار غار کے دوستوں نے انھیں ابوبکر مشہور کر دیا اور بکر اونٹ کے بچے کو کہتے ہیں اور صدیق اکبر کسی اونٹ کے باپ نہیں تھے۔ میں نے کہا قبلہ عالم آپ کا مقصد یہ ہے کہ جس طرح پبلک نے جناب صدیق اکبر کو کنواری کا باپ اور ابوھریرہ کو بلی کا باپ یا عثمان کو ابو عائشہ یا شیخ عبدالقادر کو سید مشہور کر دیا اسی طرح جناب عثمان کے گدی نشین معاویہ کبیر کی سازش سے پبلک نے کچھ پالتو لڑکیوں کو عثمان علیہ کی خلافت کو چمکانے کی خاطر نبی کریم کی لڑکیاں مشہور کر دیا۔

پس آیت پردہ میں یا تو بنات سے مراد وہ پروردہ لڑکیاں ہیں اور یا مجازاً امت کی لڑکیاں مراد ہیں اور پھر میر صاحب نے یہ چیلنج کر دیا کہ کسی کتاب سے وہابی یہ ثبوت پیش کریں کہ جناب عثمان نے کبھی یہ دعویٰ کیا ہو کہ ایت پردہ بنات سے مراد میری دو بیویاں ہیں۔

امیر معاویہ کی ماں ھند کی تحقیق لفظ بنات کے بارے

میں نے ایک مرتبہ میر صاحب سے گذارش کی کہ قبلہ عالم قرآن پاک میں

ایک آیت ہے جس کے صحیح مطلب کو آپ کی رافضی برادری نبیذ فاروق کی طرح ہضم کر جاتی ہے اور ڈکار بھی نہیں لیتی۔ پھر میں نے مذکورہ آیت پردہ پڑھ کر سنائی اور عرض کی کہ آنکھوں سے تعصب کی پٹی جو سیاہ رنگ کی ہے ذرا اتار کر آیت کے معنی پر غور فرمادیں۔ انشاء اللہ رافضیت کا نشہ اتر جائے گا میر صاحب مسکرائے اور جوابات کی پٹاری سے ایک نیا جواب لے کر گلشن تحقیق میں اس طرح ترنم سرا ہوئے فرمایا سنو فاضل عراق صاحب اہل حدیث وہابیوں کی معتبر اور مایہ ناز کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب جلد ۴ صفحہ ۲ ذکر ھند بنت عتبہ میں لکھا ہے کہ جناب معاویہ کبیر کی ماں ھند چار یار کی جب کافرہ تھی تو جنگ احد میں لشکر کفار کو بھڑکانے کی خاطر یہ غزل تلاوت فرمائی تھی نحن بنات الطارق الخ کہ ہم طارق کی بیٹیاں ہیں اور طارق کا معنی ہے ستارا جیسے کہ اللہ پاک قرآن مجید میں فرماتا ہے ما ادرک ما الطارق النجم الثاقب کہ تجھے کیا پتہ کہ طارق کیا ہے وہ چمکنے والا ستارہ ہے یہ تو ہرگز نہیں ہے کہ ھند یا کوئی عورت ستارہ کی بیٹی ہو پس معلوم ہوا کہ ہند کے کلام میں لفظ بنات مجازاً استعمال ہوا ہے اور مراد یہ ہے کہ ہم بلند شان والیاں ہیں اسی طرح آیت پردہ میں لفظ بنات سے مراد نبی کریم کی صلبی لڑکیاں نہیں ہیں بلکہ امت کی لڑکیوں کو مجازاً نبی کریم کی لڑکیاں کہا گیا ہے میں نے کہا قبلہ عالم مثل مشہور ہے

ع آنکہ شیراں را کند روبہ مزاج

احتیاج است احتیاج است احتیاج

کہ جو چیز شیر کو بھی لومڑ کا مزاج عطا کرتی ہے وہ ضرورت اور محتاج ہونا ہے۔ دیکھا آج آپ کو معاویہ کی ماں کی بھی ضرورت پڑ گئی ہے لیکن جناب کون سی علامہ تھی اور نیز علماء اہل حدیث نے کبھی بھی قرآن وسنت کے

الفاظ کا معنی معلوم کرتے کی خاطر جناب معاویہ کی ماں ہند چار یاری کے کلام سے دلیل نہیں پکڑی میر صاحب نے فرمایا کہ میں نے کب ھند کو امام مسجد ہونے کی سند دی ہے عربی الفاظ کے معانی میں کافر مرد اور عورتوں کے کلام کو دلیل بنایا جا سکتا ہے اور علماء اہل حدیث اگر ھند کے کلام کو نہیں مانتے تو انھوں نے ہند کو اس بات میں کس طرح سچا مان لیا کہ معاویہ بقول ہند معاویہ ابو سفیان کا بیٹا ہے حالانکہ تاریخ میں تو تین اور آدمیوں کا بھی نام لکھا ہے اور اسی لیے زیاد بن سمیہ نے جناب معاویہ کو ایک خط میں لکھا تھا کہ انت ابن جماعۃ (شرح حدیدی) کہ تو اے معاویہ نکاح جماعۃ سے پیدا ہوئے۔

میں نے کہا قبلہ کاش کہ دنیا میں ایک اور معاویہ ہوتا ہے تو بالکل رافضیت کا خاتمہ ہو جاتا اور صحابہ کرام پر کوئی بھی کیچڑ اچھالنے والا باقی نہ رہتا ہر طرف معاویہ شاہی ہوتی۔ میر صاحب نے فرمایا کہ سوائے ایران کے ہر جگہ مسلمانوں میں معاویہ شاہی نہیں تو اور کیا ہے۔

ارباب انصاف جب میں نے دیکھا کہ میر صاحب شرافت سے ہٹ کر پھکڑ بازی کی پٹاری کھول رہے ہیں تو میں نے عرض کی قبلہ موضوع سے باہر مت جائیے اور کسی معتبر صحابیہ کے کلام سے سند لائیے ورنہ آپ اپنی ہار مان لیجئے چونکہ ان کے ہاتھ کا ٹائم ہو گیا تھا پس دوسرے دن کا وعدہ دے کر دم دبائی اور چلے گئے۔

جناب زبیر کی سالی حضرت عائشہ کی لفظ بنات کے بارے تحقیق

دوسرے دن سویرے سویرے اہل حدیث وہابیوں کی معتبر کتاب مشکوۃ شریف بغل میں دبائے ہوئے میر صاحب تشریف لائے اور کتاب النکاح

باب عشرۃ النساء صـ۱۶ ج۲ نکال کر دکھایا اور پھر فوراً ہی اہل حدیث کی دوسری کتاب سنن ابی داود کا صـ۲۸۲ ج۴ پیش کر دیا دونوں میں یہ لکھا تھا کہ ایک دن نبی کریمؐ اپنی بیوی عائشہ کے گھر تشریف فرما تھے اور ہوا نے گڑیوں والی کوٹھی کا پردہ اٹھایا حضور پاک نے پوچھا **فقال ماھذا یا عائشہ قالت بناتی**۔

نبی کریم نے فرمایا کہ یہ کیا ہے اے عائشہ اس کوٹھڑی میں حضرت عائشہ نے فرمایا کہ میری بیٹیاں یہ حوالہ دکھانے کے بعد میر صاحب نے فرمایا کہ جناب حفصہ کی طرح حضرت عائشہ ~~سے~~ تو حمل بھی ۔ یفقط نہیں ہوا پس یہ بیٹیاں کہاں سے آگئی تھیں ۔ فاضل عراق صاحب اگر اہل حدیث آنکھوں سے دشمنی آل رسول کی پٹی اتار کر دیکھیں تو بات بالکل صاف ہے کہ جس طرح جناب عائشہ نے اپنی گڑیوں کو مجازاً بیٹی کہا ہے اسی طرح ایت پردہ میں امت کی لڑکیوں کو مجازاً نبی پاک کی لڑکیاں کہا گیا ہے ۔

اگر کپڑے کے بت اور مجسمے لڑکیوں کی شکل میں بنے ہوئے جناب عائشہ کی بیٹیاں ہو سکتے ہیں تو امت کی لڑکیاں بھی مجازاً نبی پاک کی لڑکیاں ہو سکتی ہیں ۔

میں نے کہا قبلہ عالم ھند چار یاری کے کلام کے بعد حضرت عائشہ کے کلام کو پیش کرنا سونے پر سہاگہ ہے ۔

پھر میر صاحب نے جناب عائشہ کی توثیق اس طرح پیش کرنا شروع کر دی ۔ کہ الجواب الکافی ابن قیم صـ۱۹۴ میں لکھا ہے امام زہری فرماتے ہیں کہ اسلام میں پہلے عشق نے جو قدم رکھا ہے وہ نبی کریمؐ کا جناب عائشہ سے عشق تھا اور نبی کریمؐ ان کو روزہ کی حالت میں بھی چومتے تھے ۔

اور بقول ام سلمہ نبی کریم جب حضرت عائشہ کو دیکھتے تھے تو حضور کا دل قابو میں نہیں رہتا تھا اور بخاری شریف کتاب التفسیر باب تبتغی مرضا

ازدواجک میں لکھا ہے کہ بقول صدیق اصغر عمر فاروق کے کہ حضرت عائشہ کے حسن و جمال نے اور ان سے نبی کریمؐ کی محبت نے جناب عائشہ کو نازاں کر دیا تھا۔ نیز بخاری شریف کتاب النکاح باب موعظۃ الرجل ابنتہ میں لکھا ہے کہ جناب عائشہ بہت ہی بقول عمر کے گوری چٹی تھی۔ نیز کتاب ہفوات المسلمین میں بحوالہ مصباح الذیت فی مناقب اہل بیت لکھا ہے کہ نبی کریم کے سکرات الموت جناب عائشہ کے لعاب دہن سے آسان ہوئے تھے کیوں کہ وقت موت حضور نے اس کا چبایا ہوا مسواک اپنے منہ میں رکھا تھا اور آخری بند مذکورہ کتاب کا حوالہ دیتے ہوئے میر صاحب نے یہ پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حسن کا جلوہ اپنے رسول کو ان کی محبوبہ بیوی عائشہ کے پردہ میں دکھایا تھا۔

ارباب انصاف میر صاحب کے زٹل قافیہ سننے کے بعد میں نے عرض کی کہ قبلہ جس انداز سے آپ حضرت عائشہ کی توثیق فرما رہے ہیں میں آپ کے فاضلانہ پیچوں کو سمجھ گیا ہوں جزاک اللہ آپ کا مطلب ہے کہ جناب عائشہ نبی کی موت میں سورہ یاسین ثابت ہوئی اگر بات درست ہے تو عائشہ نے اپنے باپ ابوبکر کی موت کی تکلیف کو دور کیوں نہ کیا صدیق اکبرؓ پورے پندرہ دن موت کی تکلیف برداشت کرتے رہے اور رب کے حسن کا جلوہ عائشہ کے پردہ میں اس کا اگر مطلب یہ ہے کہ معاذ اللہ خدا تعالیٰ نے جناب عائشہ میں حلول کیا تھا تو پھر نبی پاک بقول امام بخاری کے ہر روز جناب عائشہ سے ہمبستری کس طرح کرتے تھے۔ میں نے کہا قبلہ عالم آپ تو دوسرے ابوھریرہ ہیں آپ موضوع سے باہر چلے گئے ہیں آپ قرآن مجید سے لفظ بنات کا یہ معنی ثابت کریں کہ کسی نبی نے امت کی لڑکیوں کو مجازاً اپنی لڑکیاں کہا ہو۔

لفظ نبات کے معنی کی تحقیق قرآن مجید کی روشنی میں

دوسرے دن صبح صبح قرآن پاک اٹھائے ہوئے میر صاحب نازل ہو گئے اور پارہ نمبر ۱۲ سورہ ھود آیت ۷۸ نکال کر میرے سامنے رکھ دیں اور فرمایا کہ فاضل عراق صاحب پڑھو۔

میں نے اس آیت کو پڑھا قال یٰقوم ھٰؤلاء بناتی ھن اطھر لکم

ترجمہ: جناب لوط نبی نے فرمایا اے میری قوم یہ میری بیٹیاں موجود ہیں (جنسی خواہش کو تم لڑکوں سے کیوں پورا کرتے ہو) وہ میری بیٹیاں تمھارے لیے مناسب ہیں۔ اس آیت کو پڑھنے کے بعد میں نے کہا کہ قبلہ اس آیت کو تو آپ کے دعوی سے کوئی ربط نہیں ہے۔

میر صاحب نے کہا مثل مشہور ہے نیم حکیم خطرہ جان۔ نیم ملا خطرہ ایمان۔ آپ پہلے میری دلیل کو تو سن لیں اور وہ یہ ہے اہل حدیث وہابیوں کی مایہ ناز اور معتبر کتاب تفسیر کبیر اور نیز تفسیر جمل میں اسی آیت کی تفسیر میں لکھا ہے وقال مجاھد وسعید بن جبیر اراد بنات قومہ واضافھن الی نفسہ لان اقوام الانسان علی عوض بناتہ علی الاوباش والفجار مستبعد لایلیق لاھل المروۃ فکیف بالانبیاء وایضا بناتہ لاتکفی الجمع العظیم امابنات امتہ ففیھن کفایۃ للکل

ترجمہ

اہل سنت واھل حدیث حضرت مجاہد اور سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ

کہ جناب لوط نے لفظ بناتی سے مراد اپنی امت کی لڑکیاں لی ہیں اور ان کو اپنی لڑکیاں اس لیے کہا تھا کہ چونکہ ہر نبی اپنی قوم پر مہربان ہوتا ہے اور ان کی روحانی پرورش کرتا ہے۔ اسی لیے ان کا روحانی باپ ہوتا ہے۔

اور یہ مطلب آیت کی تفسیر میں سب سے بہتر ہے کیوں کہ کوئی شریف آدمی یہ گوارا نہیں کرتا کہ وہ اپنی لڑکیاں کسی کمینے یا بدکار کو دے۔ جب عام شریف لوگ یہ گوارا نہیں کرتے تو اللہ کے انبیاء کسی طرح کمینے اور بُرے لوگوں کو اپنیاں لڑکیاں دے سکتے ہیں نیز جناب لوط کی لڑکیاں تمام امت کی ضرورت کس طرح پوری کر سکتی تھیں البتہ امت کی لڑکیاں امت کے لیے کافی تھیں۔

نوٹ:

ارباب انصاف مذکورہ حوالہ دکھانے کے بعد میر صاحب کچھ اکڑ گئے۔ اور فرمایا دیکھا وہابی اہل حدیث کے بزرگوں کا فیصلہ کہ بدکار لوگوں کو انبیاء اللہ اپنی لڑکیاں نہیں دیتے اور کفر و شرک سے بڑھ کر اور کوئی بُرائی نہیں ہے۔ پس جن لڑکیوں کے نکاح عتبہ اور عتیبہ کفار کے ساتھ ہوئے تھے یا جس لڑکی کا نکاح جناب عثمان کے زمانہ کفر میں ان کے ساتھ ہوا تھا۔

ان لڑکیوں کو کوئی غیرت مند مسلمان کس طرح اپنے نبیؐ کی صلبی اور حقیقی لڑکیاں مان سکتا ہے۔ عثمان کی دامادی والا افسانہ سفید جھوٹ ہے اور حضرت عثمان کی خلافت کو چمکانے کی خاطر معاویہ کبیر کی سیاست ہے۔

پس جس طرح حضرت لوط نبی نے امت کی لڑکیوں کو مجازاً اپنی لڑکیاں کہا۔ اسی طرح آیت پردہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کی امت کی لڑکیوں کو مجازاً نبی کی لڑکیاں فرمایا ہے۔

میں نے میر صاحب کو سر کے بل پھینکا

میں نے کہا قبلہ عالم جس امام اہل حدیث کا قول آپ نے پیش فرمایا ہے وہ ہیں حضرت مجاہد رضی اللہ اور امام اہل حدیث فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر میں تفسیر سورہ یوسف ذکر عصمت یوسف میں ان کا نام مبارک شاگردان ابلیس میں شمار کیا جاتا ہے پس ان کا قول حجت نہیں ہے۔

میر صاحب نے فرمایا فاضل عراق صاحب عقل کے ناخن لیں مجاہد کی روایات سے صحیح بخاری بھری پڑی ہے اور سیوطی نے لکھا ہے کہ اس نے ۳ مرتبہ عبداللہ بن عباس کو قران سنایا تھا اور ہر آیت کی ہر مرتبہ تفسیر پوچھی میزان الاعتدال میں اس کے امام ہونے پر اجماع لکھا ہے۔

اور شیخ عبدالحق نے تحصیل الکمال میں لکھا ہے کہ مجاہد وہ بزرگ تھے کہ جناب عبداللہ بن عمران کی رکاب پکڑتے تھے۔ پس ان کو شاگرد ابلیس کہنے والا امام رازی خود ابلیس ہے۔

ارباب انصاف جب میر صاحب رافضی نامعقول پھکڑ بازی والی پٹاری کھولنے لگے تو میں نے فوراً بحث کا رخ تبدیل کیا اور عرض کی قبلہ کسی کی اولاد کو اس کے باپ کے علاوہ دوسرے شخص کی طرف نسبت دینا کیا جرم نہیں ہے

میر صاحب نے فرمایا اگر یہ نسبت مجازاً ہو تو کوئی جرم نہیں ہے کیونکہ یہ کام تو خود اللہ تعالیٰ نے بھی کیا ہے اور ثبوت اس کا قران پاک میں موجود ہے۔

قرآن پاک میں اللہ پاک نے کسی غیر کا بیٹا اپنے نبی کی طرف منسوب کر دیا

قرآن پاک پارہ ۱۲ سورہ ھود آیت ۴۵ ونادیٰ نوح ابنہ وکان فی معزل یا بنی ارکب معنا ولا تکن مع الکافرین

ترجمہ

اور پکارا حضرت نوح نے اپنے بیٹے کو اور تھا وہ بیٹا ایک طرف میں اے بیٹا تو ہمارے ساتھ کشتی میں سوار ہو جا کفار کے ساتھ نہ رہے۔

ارباب انصاف جب میر صاحب نے یہ آیت پیش فرمائی تو میں نے فوراً اعتراض کیا کہ قبلہ عالم وہ تو حضرت نوح نے اپنے بیٹے کو پکارا یہ آیت آپ کے مدعا کو ثابت نہیں کرتی۔

میرے صاحب نے فرمایا کہ مثل مشہور ہے کہ بچہ جننے والی کے اوپر جو ویسے مدد کرنے والی ہوتی ہے اس کو بہت جلدی ہوتی ہے۔ آپ میری پوری دلیل تو سنیں کتاب اہل سنت و اہل حدیث تفسیر کبیر جلد ۶ سورہ ھود میں لکھا ہے

ونادیٰ نوح ابنہ اختلفوا فی انہ ھل کان ابناً لہ وفیہ اقوال الاول انہ ھذا ابنہ فی الحقیقۃ فانہ ثبت ان والد رسول اللہ کان کافراً و والد ابراھیم کان کافراً فکذا ھھنا القول الثانی انہ کان ابن امرأتہ وھو قول محمد بن علی الباقر وقول الحسن البصری ویروی ان علیاً قرأ ونادیٰ نوح ابنھا والضمیر لامرأتہ وقرأ محمد بن علی وعروۃ بن الزبیر ابنہ بفتح الھاء یرید ان ابنھا

بنز اہل حدیث کی مشہر کتاب فتح القدیر ص۲۰۶ میں لکھا ہے وقیل انہ کان ابن امرأتہ ولم یکن بابنہ

ترجمہ جس لڑکے کو حضرت نوح نے پکارا تھا اس میں یہ اختلاف ہے کہ آیا وہ ان کا حقیقی لڑکا تھا اور اس میں کئی قول ہیں پہلا یہ ہے کہ وہ لڑکا حضرت نوح کا اپنا بیٹا تھا۔ اور دلیل اس کی یہ ہے کہ نبی کا باپ کا معاذ اللہ کافر ہونا اور نیز حضرت ابراہیم کے باپ کا کافر ہونا ثابت ہے پس اسی طرح اس قصہ نوح میں ان کے بیٹے کا کافر ہونا اور حقیقی بیٹا ہونا ثابت ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ وہ لڑکا جناب نوح کا نہ تھا بلکہ ان کی بیوی کا کسی اور شوہر سے وہ بیٹا تھا اس قول کو شیعوں کے امام محمد باقر علیہ السلام نے اور اہل حدیث کے امام حسن بصری نے اختیار کیا ہے اور روایت بھی ہے کہ حضرت علیؑ نے آیت کو ابنہ کے بجائے ابنہا پڑھا ہے اور ضمیر مونث کی جناب نوح کی عورت کی طرف لوٹتی ہے اور امام محمد باقر علیہ السلام نے اور حسن بصری نے آیت میں ابنہ پڑھا ہے اور مراد یہ لی ہے کہ وہ نوح کا حقیقی بیٹا نہ تھا بلکہ ان کی بیوی کا لڑکا تھا

نوٹ:

میر صاحب نے فرمایا کہ اہل حدیث کے امام رازی نے اس بیٹے کو نوح کا حقیقی بیٹا ثابت کرنے کے لیے انبیاء کے والدین کا کفر ثابت کیا ہے اور یہ بات رازی صاحب کی بکواس ہے بات حق اور سچی ہے جو حسن بصری کہتا ہے کہ وہ لڑکا جناب نوح کا حقیقی بیٹا نہ تھا بلکہ ان کی بیوی کا وہ کسی اور شوہر کا بیٹا تھا۔ اللہ پاک نے اس لڑکے کو جناب نوح کے گھر رہنے کی وجہ سے مجازاً نوح کا بیٹا کہہ دیا۔ اسی طرح آیت پردہ میں لفظ بناتک سے مراد ہمارے نبی پاک کی لڑکیاں کہہ دیا گیا ہے اور ایک احتمال یہ بھی ہے کہ کچھ لڑکیاں خدیجہ کی بھانجیاں نبی کے گھر کچھ مدت رہی ہیں آیت میں ان کو نبی کی لڑکیاں کہہ دیا ہے

اور اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال کے مطابق جناب عثمان کا داماد نبی ہونا سفید جھوٹ ہے معاویہ کبیر کی عثمان کی خلافت کو چمکانے کی خاطر ایک سازش ہے۔

میں نے کہا قبلہ عالم مثل مشہور ہے لوڑ دے ویلے کسی کھوتے نوں پیو آکھیا سی اپنے بوقت ضرورت حسن بصری کے فتوی اسے مدد حاصل فرمائی ہے۔ حالانکہ کتاب اہل حدیث حیوۃ الحیوان سے ثابت ہے کہ یہ صاحب شطرنج کھیلنا جائز جانتے تھے حالانکہ یہ کھیل کھیلنے والا ملعون ہے نیز حسن بصری قدریہ تھا اور قدریہ اس امت کے مجوس ہیں اور سب سے بڑی خرابی حسن بصری میں یہ بات تھی کہ یہ ملعون شخص بقول امام بخاری کے تقیہ کو جائز جانتا تھا۔ قال الحسن التقیہ الی یوم القیمہ بخاری میں لکھا ہے اور بقول وہابیوں کے تقیہ بازی کی تو یہ بھی قبول نہیں ہے

ارباب انصاف میری گزارش کے بعد میر صاحب رافضی نے فرمایا فاضل عراق صاحب مثل مشہور ہے جو ہانڈی میں ہو گا رکابی میں آئے گا۔ چونکہ بچارا حسن بصری وہابیوں کا امام ہے پس جو کچھ مذہب اہل سنت میں تھا اس نے ظاہر کر دیا۔

اگر تقیہ بازی کی تو یہ قبول نہیں ہے تو ابوبکر نے بھی غار میں تقیہ کیا تھا پس ان کی بھی تو یہ قبول نہیں ہے۔

اگر بغیر توبہ کے ابوبکر کی خلافت چل سکتی ہے تو حسن بصری کی امامت بھی چل سکتی ہے۔

میں نے کہا قبلہ جو المعارف لابن قتیبہ ذکر حسن بصری میں لکھا ہے کہ حسن نے ام سلمہ زوجہ نبی کا دودھ پیا تھا اسی لیے اللہ نے اس کو فقہ اور ولایت عطا فرمائی تھی یہ بات درست ہے۔

میر صاحب نے فرمایا جی ہاں اگر یہ ام سلمہ کے بجائے بی بی عائشہ کا دودھ پیتا تو اللہ اس کو ولایت کے بجائے نبوت عطا کرتا۔

جب میر صاحب شرافت سے باہر جانے لگے تو میں نے بحث کو روک دیا اور گزارش کی کہ قبلہ میں آپ کی بات تسلیم کرتا ہوں کہ وہ لڑکیاں ہمارے نبی پاکؐ کی حقیقی لڑکیاں نہ تھیں بلکہ وہ پروردہ تھیں لیکن یہ چیز آپ کا اخلاقی اور دینی

فریضہ ہے کہ آپ بتائیں ان لڑکیوں کا باپ کون تھا ۔

میر صاحب نے فرمایا کہ کسی آیت قرآن یا حدیث شریف سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ جس عورت یا مرد کا باپ معلوم نہ ہو تو اس کو نبی کریم کی نسبت دے دی جائے ۔ جیسا کہ اہل سنت نے عبدالقادر جیلانی کو سید مشہور کر دیا ہے یا کفار نے زمانہ جاہلیہ میں زید کو نبی کا بیٹا مشہور کر دیا تھا فاضل عراق صاحب دیکھئے ہم سب مسلمان ملت ابراہیم بنی ہیں اور جناب ابراہیم کا قصہ قرآن پاک میں کئی جگہوں میں آیا ہے لیکن چودہ سو برس اہل اسلام کو تحقیق کرتے ہوئے گذر گئے ہیں اور آج تک یہ فیصلہ بیچارے اہل سنت علماء نہیں کر سکے کہ حضرت ابراہیم کا باپ کون تھا آذر تھا یا تارح پس جس طرح جناب ابوھریرہ کے باپ کا فیصلہ یا عبدالقادر جیلانی کے باپ کا فیصلہ آج تک نہیں ہو سکا اسی طرح عثمان صاحب کی بیویوں کے باپ کا فیصلہ بھی نہیں ہو سکا ان کا باپ نبی کریم تو یقیناً نہیں ہے اور دوسرا فیصلہ اہل حدیث کے ہاتھوں میں ہے ۔

وہابی اہل حدیث آج تک جناب ابراہیم کا باپ معین نہیں کر سکے

بیانہ واذ قال ابراھیم لابیہ آزر اتتخذ اصناماً الھۃً انی اریک و قومک فی ضلال مبین ۵، پارہ ۷ سورہ انعام

ترجمہ

فرمایا جناب ابراہیم نے اپنے آزر باپ سے کہ آپ بتوں کو خدا مانتے ہیں ۔

ہیں آپ کو اور آپ کی قوم کو روشن گمراہی میں دیکھ رہا ہوں ۔

نوٹ :

مذکورہ آیت کو ایک مرتبہ میر صاحب نے ہمارے سامنے پیش کیا تھا. میں نے قبلہ سے کہا آیت میں صاف لکھا ہے کہ آزر بت پرست جناب ابراہیم کا معاذ اللہ باپ ہے میر صاحب نے فرمایا فاضل عراق صاحب آپ لفظ اب سے دھوکہ نہ کھایئے یہ لفظ قرآن پاک میں چچا پر بھی بولا گیا ہے سورہ بقرہ پارہ ۱ ایت ۱۲۸ میں لکھا ہے کہ قَالُو نَعۡبُدُ الٰھکَ والٰہ آباءکَ ابراھیم واسمٰعیل واسحٰق کہ جب حضرت یعقوب نے اپنی موت کے وقت اپنی اولاد سے پوچھا کہ تم میرے بعد کس چیز کی عبادت کرو گے تو اولاد نے عرض کی کہ ہم عبادت کریں گے تیرے خدا کی اور تیرے باپوں کے خدا کی باپ تیرے یہ ہیں ابراہیم۔ اسمعیل اور اسحق ۔

نوٹ :

میر صاحب نے فرمایا کہ حضرت اسمعیل جناب یعقوب کا چچا تھا اس آیت میں لفظ آب چچا پر بولا گیا ہے اسی طرح پہلی آیت میں لا بیہ آزر میں لفظ آب چچا پر بولا گیا ہے ۔

پس ہم شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ تمام انبیاء کے والدین خدا پرست تھے اور جناب ابراہیم کا والد تارخ تھا اور خدا پرست تھا اور جن کی بلا اجرت وکالت آپ کرتے ہیں وہ بھانت بھانت کے عقیدے انبیاء کے والدین کے بارے رکھتے ہیں۔ بعض کا عقیدہ ہے کہ کچھ انبیاء کے والدین خدا پرست تھے اس مسئلہ میں ملا علی قادری اور جلال الدین سیوطی کا پیچ بڑا سخت پڑا ہے اور اہل سنت کے امام اعظم کا فتویٰ شرح فقہ اکبر میں موجود ہے کہ و والدا رسول اللہ ماتا علی الکفر اور کچھ بد دیانت چھاپہ خانوں والوں نے امام اعظم کو

کو رسوائی سے بچانے کی خاطر فتویٰ کو کتاب سے نکال دیا ہے تفصیل کے لیئے
کتاب سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم کو پڑھا جائے ہم نے کہا قبلہ عالم یہ رافضیوں
کی پرانی عادت ہے کہ جو اچھے اچھے امام تھے وہ خود لے لیئے اور رد ہ امام جن کے نسب
مشکوک کردار داغدار ان کو اہل حدیث وہابیوں کے کھاتہ میں ڈال دیا ہے اسی
طرح اچھے عقیدے اپنے مذہب میں رکھ لیے ہیں اور رسوا کرنے والے عقیدے
وہابیوں کے کھاتہ میں ڈال دیئے ہیں ۔

میر صاحب نے فرمایا کہ مثال مدعی سست اور گواہ چست بالکل آپ پر
فٹ آتی ہے۔ انبیاء کے والدین کو کافر کہنا وہابیوں کے اماموں نے مانا ہے اور
فخر سے اپنی کتابوں میں لکھا ہے جاہل وہابی تو بدھوں ہیں ان کو کیا خبر کہ ان کی کتابوں
میں کیا لکھا ہے ان کا زور تو صرف داڑھی مبارک پر ہے۔ امام اہل حدیث اور اہل سنت
حضرت فخر الدین رازی اپنی مایہ ناز کتاب تفسیر کبیر ج ۱۳ ص ۳۸ سورہ انعام آیت ۷۴
میں یہ لکھتے ہیں کہ

المسألۃ الرابعۃ قالت الشیعۃ ان احد من آباء الرسول واجدادہ ما کان
کافرًا وانکروا ان یقال ان والد ابراھیم کان کافرًا وذکروا ان آزر کان عم
ابراھیم وما کان والدہ ثم قال فخر الدین فی مدّے اما اصحابنا فقد زعموا ان
والد رسول اللہ کان کافرًا وان آزر والد ابراھیم کان کافرًا

ترجمہ شیعہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے رسول کے باپ دادا سے کوئی بھی کافر
نہیں تھا اور جناب ابراہیم کے باپ کے کافر ہونے سے وہ سخت انکار کرتے ہیں
اور یہ عقیدت رکھتے ہیں کہ آزر بت پرست ان کا باپ نہ تھا بلکہ چچا تھا۔ اور
ہمارے اصحاب یعنی اہل سنت یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ہمارے رسول کریم کا باپ
اور حضرت ابراہیم کا باپ کافر تھا (مبارک)

نوٹ :

میں نے کہا قبلہ عالم ایک جھوٹ تو آپ کا ظاہر گیا کہ آپ نے کہا تھا۔ کچھ اہل سنت انبیاء کے باپوں کو خدا پرست مانتے ہیں لیکن امام رازی کے کلام میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

میر صاحب نے فرمایا کہ کتاب اہل سنت تفسیر مظہری صفحہ ۲۶۹ ج ۳ پ سورہ انعام آیت ۷۴ میں لکھا ہے کہ وکان آذر علی الصحیح عماً لابراھیم والعرب یطلقون الاب علی العم

ترجمہ

صحیح [illegible] قول یہی ہے جو شیعوں نے اختیار کیا ہے کہ آزر کافر جناب ابراہیم کا باپ نہ تھا اور قرآن پاک میں ان کو باپ اس لیئے کہا گیا ہے کہ عرب لوگ باپ کو چچا پر بولتے تھے۔

تفسیر کبیر اور تفسیر مظہری سے یہ ظاہر ہو گیا کہ وہابیوں کا جناب ابراہیم کے باپ کے بارے سخت اختلاف ہے اور آج تک ۱۴۰۰ھ تک آنجناب کا والد معین نہیں کر سکے پس جب ابراہیم جیسے بزرگ نبی کے والد کو وہابی معین نہیں کر سکے تو اگر

شیعوں نے جناب عثمانؓ کی بیویوں کے باپ کو معین نہیں کیا تو کیا حرج ہے

خلاصۃ الکلام

قرآن پاک میں ایسے لفظ زیادہ ہیں جو معنی مجازی پر بولے جاتے ہیں

مثلاً حضرت نوح کی بیوی کے لڑکے کو مجازاً نوح کا بیٹا کہا گیا ہے حضرت لوط کی امت کی لڑکیاں کو مجازاً جناب لوط کی بیٹیاں کہا گیا ہے اسی طرح قرآن پاک، آیت پردہ میں امت کی لڑکیوں کو مجازاً ہمارے نبی صلعم کی لڑکیاں کہا گیا ہے ۔

ارباب انصاف میر صاحب رافضی جس طرح پینترہ بدلنے میں ماہر ہے آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے۔ میں نے ان سے گذارش کی کہ قبلہ آپ کو کیا مجبوری ہے کہ آیت پردہ میں آپ لفظ بنات، کا مجازی معنی مراد لیتے ہیں کیا صرف جناب عثمان سے دشمنی ہے یا کوئی اور وجہ ہے ۔

میر صاحب نے فرمایا کہ عثمان صاحب کی دشمنی سے بھی ہمیں انکار نہیں ہے اور قرآن پاک میں اگر بنا تک سے نبی پاک کی حقیقی لڑکیاں مراد لی جائیں تو کئی کفار کو مثلاً عتیبہ عتبہ اور ابوالعاص جیسے کافروں کو نبی کریم کا داماد ماننا پڑتا ہے اور اس بات میں ہمارے نبی کی توہین ہے میں نے کہا قبلہ عالم آیت پردہ میں ازواجک ونساء المومنین سے مراد ہے امت کی لڑکیاں پس اگر بناتک سے بھی امت کی لڑکیاں مراد ہوں تو تکرار بلا فائدہ ہے ۔

میر صاحب نے اس جگہ یہ ٹانگا لگایا کہ ازواج نبی کریم کی طرف اور نساء مؤمنین کی طرف مضاف ہوگئی ہیں اور مراد ان سے شادی شدہ عورتیں ہیں مطلقہ اور کنواریاں باقی رہ گئی ان کو بناتک سے ذکر فرمایا ہے ۔

ارباب انصاف جب میں میر صاحب کے مجازیت والے چھرلوں سے عاجز آگیا تو میں نے پھر گذارش کی کہ قبلہ اس مجازیت والی توپ کے علاوہ بھی آپ کے پاس کوئی ہتھیار ہے تو پھر میر صاحب نے اس طرح محقق بننے کی کوشش شروع کردی کہ اگر آیت میں بناتک سے امت کی لڑکیاں مراد لینے سے آپ کو تکلیف ہوتی ہے تو لفظ بناتک سے مراد حضرت زہرا ہیں

اور جمع کا لفظ واحد پر تعظیم کے لیے بولا گیا ہے۔
میں نے کہا قبلہ آیت میں حکم تکلیفی ہے اور اس کا تعظیم سے کوئی ربط نہیں
ہے انھوں نے فوراً یہ فرمایا کہ آیت مباہلہ میں بھی حکم تکلیفی ہے پس جس طرح نساء
جمع کا ہے لفظ اور مراد اُس سے حضرت زہرا ہیں اسی طرح بنا تک جمع کا لفظ
ہے اور مراد اس سے صرف حضرت زہرا ہیں

میں نے میر صاحب کو سر کے بل پھینکا

میں نے کہا قبلہ عالم اگر آپ حضرت عثمان ذوحیا کو داماد نبی نہیں مانتے
تو کیا حرج ہے اگر وہ داماد رسول نہیں تھے تو ان میں اور بہت سے فضائل موجود
تھے جناب عثمان کو ایک شرف تو یہ حاصل ہے کہ وہ رسول اللہؐ کے زمانہ میں
موجود تھے۔

دوسرا شرف ان کا یہ ہے کہ ان کی حکومت کے وقت کئی علاقے فتح ہوئے ہیں
میر صاحب یہ سن کر یوں چہکنے لگے کہ اگر نبیؐ کے زمانہ میں موجود ہونا ہی فضیلت
ہے تو پھر فضیلت کا سب سے بڑا تاج حضرت ابلیس کے سر پر ہے کیوں کہ
آدم سے لے کر جناب احمد مصطفیٰؐ تک اس نے تمام انبیاء کا زمانہ پایا ہے
اور اگر فتوحات ملکی ان کی فضیلت کی دلیل ہیں تو ہلاکو خاں اور یزید اور ہارون
رشید کے زمانہ میں بھی فتوحات ملکی بہت ہوئی ہیں حالانکہ ہلاکو خاں
بڑا ظالم بھی تھا اور تاریخ الخلفاء طبقات الکبریٰ میں لکھا ہے کہ یزید اپنی
ماؤں سے، بہنوں سے اور بیٹیوں سے ہمبستری کرتا تھا اور ہارون رشید
نے بھی اپنی ماں سے ہمبستری کی تھی۔ پس اپنی حکومت چمکانے کی خاطر سب

نے فتوحات کی ہیں۔

میں نے کہا قبلہ جناب عثمان کو تو خلافت بھی ملی ہے میر صاحب نے فرمایا کہ ابوبکر کے وقت موت عثمان نے وصیت نامہ میں اپنی طرف سے خلافت کی خاطر عمر کا نام لکھ دیا تھا۔

پس عمر نے اپنی موت کے وقت شوریٰ والی ایسی ہیرا پھیری کی کہ جسے عثمان کے احسان کا بدلہ ان کو دے دیا۔ جناب ابوبکر اور حضرت عمر اور جناب عثمان نہ تو عوام مسلمانوں کے چنے ہوئے لیڈر تھے اور نہ ہی خدا و رسول کے چنے ہوئے تھے بلکہ چور دروازے سے آئے تھے اور حکومت پر قابض ہو گئے تھے اور بعد میں ان کی مقبولیت پارٹی بعث پر تھی۔ دنیاوی مقبولیت تو جناب اندرا گاندھی کو بھی حاصل ہے۔

رافضی صاحبان دامادی عثمان کے پہلے روز سے منکر ہیں کتاب الاستغاثہ اور میر صاحب کی واویلا

ایک دن میں نے میر صاحب سے گذارش کی کہ قبلہ عالم آج آپ دامادی عثمان کا انکار کرتے ہیں اگر آپ کے پہلے زمانہ کے علماء نے بھی دامادی عثمان کا انکار کیا ہے تو براہ کرم ثبوت پیش فرمادیں کچھ دیر تو میر صاحب کی زبان مبارک رک گئی اور پھر اچانک کرنٹ آگیا اور کتابوں کی

پٹاری سے ایک بوسیدہ کئی جگہوں سے پھٹی ہوئی پرانی کتاب نکالی اور فرمایا سنو فاضل عراق صاحب سید ابو القاسم علی بن احمد بن موسیٰ بن الامام محمد تقی علیہ السلام ہمارے نانویں امام کے پوتے کا بیٹا ہے اور تین سو باون ہجری میں وفات پائی ہے

اور اسی سید ابو القاسم نے کتاب الاستغاثہ فی بدع الثلاثہ تصنیف فرمائی ہے اور جن کی بلا اجرت وکالت آپ کرتے ہیں ان کے اس کتاب میں پول کھولے ہیں کتاب استغاثہ کے صفحہ ۶۸ میں علامہ ابو القاسم لکھتے ہیں کہ کان محالاان یزوج رسول اللہ ابنتہ من کافرین من غیر ضرورۃ دعت الی ذالک وھو مخالف لھم فی دینھم عارف بکفرھم والحادھم ناممکن ہے کہ نبی پاک نے کفار کو دو لڑکیاں دی ہوں کیوں کہ حضور کو کیا غرض تھی اس کام کے لیئے اور آنجناب تو کفار کے دشمن تھے۔

میں نے کہا قبلہ عالم آپ کو جناب عثمانؓ سے اتنی سخت دشمنی ہے کہ آپ ان کی مخالفت میں قیاس کو بھی حلال فرما لیتے ہیں۔ کفار کے نکاح پر جناب عثمان کے نکاح کا قیاس کرنا بالکل جائز نہیں ہے۔

میر صاحب نے فرمایا عثمان صاحب کی بلا اجرت وکالت نے آپ کی عقل چٹ کر دی ہے۔ جھگڑا تو انھیں لڑکیوں کا ہے کہ جو پہلے عتبہ و عتیبہ اور ابو العاص کفار کے ساتھ بیاہی گئی تھیں اور پھر طلاق کے بعد دو کا نکاح عثمان کے ساتھ ہوا۔ پھر علامہ موصوف نے لکھا ہے کہ لما ھسز ھذا بطل ان تکونا ابنتیہ

ترجمہ: جب نبی کریم کے لیئے کفار کو رشتہ دینا درست نہیں (اور چونکہ ان لڑکیوں کے کفار کے ساتھ رشتے ہوئے ہیں۔ پس ان کا نبی کریم کی لڑکیاں ہونا باطل ہو گیا۔

پھر لکھتے ہیں۔ وصح لنا فی ماروۡا مشائخنا من اھل العلم عن الائمۃ من اھل البیت علیھم السلام

ترجمہ:

ہمارے بزرگ علماء نے جو صحیح روایت اہل بیت النبوۃ سے ہم تک پہنچائی ہے وہ یہ ہے کہ جناب خدیجہ کی ایک بہن تھی۔ ماں کی طرف سے جن کا نام تھا ہالہ اور اس ہالہ کی شادی قبیلہ بنو مخزوم کے ایک شخص سے پہلے ہوئی۔ پھر دوبارہ اس کی شادی قبیلہ تمیم کے ایک مرد ابو ھند سے ہوئی تھی۔ اس مرد سے ہالہ کی دو لڑکیاں پیدا ہوئی تھیں جن کا نام زینب اور رقیہ تھا۔ پھر ابو ھند مر گیا ہالہ بیوہ ہو گئی۔

وکانت ھالۃ اخت خدیجہ فقیرۃ وکانت خدیجۃ من الاغنیاء الموصوفین بکثرۃ المال اور ہالہ ایک مسکین عورت تھی اور ان کی بہن خدیجہ مالدار اور دولت مند تھی ہالہ کے بیوہ ہونے کے بعد خدیجہ نے اس کو اور اس کی دو لڑکیوں کو اپنے گھر میں رکھ لیا پھر جب خدیجہ کی شادی رسول کے ساتھ ہو گئی تو کچھ دنوں کے بعد ہالہ بھی مر گئی اور اس کی دو لڑکیوں کو خدیجہ اور نبی کریمؐ نے پالا تھا۔

فکان سنۃ العرب فی الجاھلیۃ من یربی یتیما ینسب ذالک الیتیم الیہ اور اسلام آنے سے پہلے عرب کا یہ طریقہ تھا کہ جو شخص کسی یتیم کو پالتا تھا عرب لوگ اس بچہ کو اس شخص کی لڑکی یا لڑکا مشہور کر دیتے تھے۔

نوٹ:

میر صاحب نے کہا کہ اصل بات تو یہ ہے کہ جو ہمارے مولانا نے کتاب استغاثہ میں ذکر کی ہے لیکن عثمان صاحب کے گدی نشین معاویہ بن ھند چار یاری نے عثمان

کی خلافت چمکانے کی خاطر اور پھر معاویہ کبیر کے گدی نشینوں نے اسی غرض کی خاطر اس قصہ کو بگاڑنے کے لئے بڑی چوٹی کا زور لگا دیا۔

پس عثمان صاحب کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے وہ تو ایک بدو عرب ابو ھند کے داماد تھے اور اس دامادی میں ان کے ساتھ کفار بھی شریک ہیں پس ایسی دامادی پر فخر کرنا شرم کی بات ہے

جناب عثمان کی نبی کریم سے رشتہ داری کو تباہ کرنے کی خاطر میر صاحب کی ایک اور زہریلی تحقیق ثبوت

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب المعارف ص۵۹ ذکر ازواج النبی
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اسد الغابہ ص۴۱۷/۵
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص۲۶۳/۱ باب ۳
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ ص۳ ذکر ھند

وکانت ولدت لہ ھند بن ابی ھالہ فتزوجھا رسول اللہ بعدہ ولم ینکح علیھا امرأۃ حتی ماتت وربی ابنھا ھند فکان ربیبہ وکان یقول ھند انا اکرم الناس آباءً واماً واخاً واختاً ابی رسول اللہ وامی خدیجۃ واختی فاطمہ

ترجمہ: بناش بن زرارہ تمیمی ابو ہالہ سے خدیجہ کی شادی ہوئی اور ایک

بچہ جنا جس کا نام ہے هند ابو ہالہ کی موت کے بعد خدیجہ سے نبی کریم نے شادی کی اور جب تک خدیجہ زندہ رہی حضور نے کسی اور عورت سے شادی نہیں فرمائیں اور نبی پاک نے خدیجہ کے لڑکے هند کو پالا اور یہ هند فخر سے کہتا تھا کہ میں لوگوں سے بہت اچھا ہوں ماں باپ اور بھائی بہن کے لحاظ سے میرا باپ رسول اللہ میری ماں خدیجہ ام المومنین ہے اور میری بہن حضرت فاطمہ زہرا ہے ۔ میرا بھائی قاسم ہے

نوٹ :

اصابہ اور اسد الغابہ میں صاف لکھا ہے کہ هند بن ابی ہالہ نبی کریم کا پروردہ بیٹا تھا ۔

ارباب انصاف دیکھا آپ نے اس رافضی میر صاحب کی چالاکی کو اس نامعقول کا مقصد یہ ہے کہ جس طرح هند بن ابی ہالہ نبی کریم کا پالا ہوا بیٹا تھا ۔ اسی طرح رقیہ و ام کلثوم نبی کریم کی پالی ہوئی بیٹیاں تھیں ۔ البتہ هند بن ابی ہالہ نے خود دعویٰ کیا ہے کہ میرا باپ رسول اللہ ہے اور رقیہ و ام کلثوم نے خود یہ جرأت نہیں کی ۔ بلکہ عثمان صاحب کے گدی نشین جناب معاویہ بن هند چار یاری نے عثمان کی عزت افزائی اور ان کی حکومت کو چمکانے کی خاطر ان کی دو بیویوں کو نبی کریم کی لڑکیاں مشہور کر دیا ۔

محترم قارئین مذکورہ حوالہ سے صرف اہل حدیث کو الزام دیا جا سکتا ہے ورنہ شیعہ صاحبان کی کتاب استغاثہ میں تو یہ لکھا ہے کہ یہ هند بن ابی ہالہ زینب اور رقیہ کا ماں باپ کی طرف سے بھائی تھا چونکہ ان کی ماں ہالہ خدیجہ کی بہن گمنام تھی اور خدیجہ مشہور تھی اور اس نے ان بچوں کو پالا بھی تھا ۔

پس هند کے دعویٰ سے کہ میرا باپ رسول اللہ ہے اور خدیجہ کے ان کو پالنے سے بنو امیہ کو موقع مل گیا اور انھوں نے ان سب بچوں کو رسول اللہ کی اولاد اور خدیجہ مشہور کر دیا ورنہ خدیجہ نے تو کئی قریشی سرداروں کے پیغام نکاح کو ٹھکرا دیا تھا ۔

پس ناممکن ہے کہ اس عالی مرتبت خاتون نے کسی گمنام جنگلی بدو عرب سے نکاح کیا ہو۔ پس جس طرح نبی کریم سے پہلے خدیجہ کی شادی فرضی اور من گھڑت ہے اسی طرح رقیہ اور زینب کے اولاد نبی ہونے کی کہانی جھوٹی ہے۔

میں نے میر صاحب کو سر کے بل پھینکا

ارباب انصاف میں نے خدا کو جان دینی ہے۔ جھوٹے پر ہزار لعنت اس
میں یہ لکھا تھا کہ حضرت علی فرماتے ہیں ولم یسھم فیہ عاھر ولا ضرب
فیہ فاجر کہ مرتبہ نبوت میں کسی ایسے شخص کو حصہ نہیں ملا جس کے نسب میں
کچھ خامی ہے پھر شارح حدیدی لکھتا ہے۔

وفی الکلام رمز الی جماعۃ من الصحابۃ فی انسابھم
طعن کما یقال ان سعد بن ابی وقاص لیس من بنی زھرۃ
بن کلاب

ترجمہ

جناب امیر کے کلام میں رمز و اشارہ ہے ایک ایسی جماعت صحابہ کرام کی
طرف کہ ان کی نسب میں خرابی ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے کہ سعد بن ابی وقاص بنو
زہرہ بن کلاب سے نہیں ہے

نوٹ:

اس سعد بن ابی وقاص کی ماں کے دو نام مشہور ہیں ایک ہے حمنیہ یہ لفظ
حمنا سے لیا گیا ہے اور لغت میں حمنا کتے کی چیچڑی کو کہتے ہیں۔ شاید ھند
چابہاڑی کی طرح یہ بھی اپنے دوست کو ہر وقت چمٹی رہتی تھی۔ اسی مناسبت سے

اس کو حمینہ کہتے تھے ۔

دوسرا لقب اس کی ماں کا بخاری شریف کتاب الوصایا باب ان تترک ورثہ اغنیا میں عفراء لکھا ہے یہ نام بھی سونے پر سہاگہ ہے کیوں کہ عفرا مادہ خنزیر کو کہتے ہیں۔ مادہ خنزیر کو جب شہوت آتی ہے تو کئی عدد نر اس کی حاجت پوری کرتے ہیں ۔ مذکورہ عفرا بھی شاید شہوت زیادہ رکھتی ہوگی۔ جس طرح ھند چاریاری یزید خبیث قاتل امام حسینؑ کی دادی تھی اسی طرح عفرا بھی عمر بن سعد قاتل امام حسین کی دادی ہے ۔

البتہ ھند اور حمینہ نے زنا کاری قرآن پاک نازل ہونے سے پہلے کی تھی پھر شارح حدیدی لکھتا ہے ان آل زبیر بن عوام من ارض مصر من القبط لیس من بنی سعد بن عبد العزی قال ھیثم بن عدی فی کتاب مثالب العرب ان خویلد بن اسد بن عبد العزی کان أتی مصر ثم انصرف منھا بالعوام فتبناہ فقال حسان بن ثابت یھجو آل عوام بن خویلد

ترجمہ

زبیر بن عوام کے خاندان کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ زمین مصر کے قبطی ہیں بنو سعد سے نہیں ہیں ہیثم کہتا ہے کہ خویلد بن اسد مصر گیا تھا وہاں سے ایک قبطی لڑکا عوام نامی اپنا بیٹا بنا کر لایا اسی لیئے جناب حسان بن ثابت نے عوام بن خویلد کی ہجو کی ہے

میر صاحب نے یہاں یہ پیچ لگایا کہ اغانی سے حوالہ گزر چکا ہے کہ کاھلیہ خاتون جناب زبیر کی کوئی دادی تھی اور ایک مجہول النسب قبطی عوام نامی ان کا والد مرحوم تھا۔ پس اسی لیئے تو زبیر کو عشرہ مبشرین میں نقی کیا گیا ہے ۔

میں نے کہا قبلہ عالم اس طرح تو سعد بن ابی وقاص کی ماں حمینہ وعفراء ہے اس کے باپ کے بارے ریاض النضرہ ذکر سعد میں لکھا ہے کہ اس کا باپ ابی

وقاص نہیں ہے بلکہ اس کا نام مالک بن وہب ہے اور اس سعد کو بھی عشرہ مبشرہ میں ملحق کیا گیا ہے۔

پھر شارح حدیدی لکھتا ہے وکما یقال فی قوم آخرین نرفع ھذا الکتاب عن ذکر مایطعن بہ فی انسابھم کہ اور بھی صحابہ کرام ہیں جن کے نسب مبارک صحیح نہیں اور ہم ان کا ذکر نہیں کرتے۔

اس جگہ بھی میر صاحب نامعقول نے یہ فاضلانہ پیچ لگائے کہ جن لوگوں کے نام صاحب کتاب تقیہ کر کے چھپا رہے ہیں وہ سمیہ خاتون صعبۃ خاتون امیہ خاتون ام مہذول اور رعناق خاتون اور ھند چاریاری اور میسون خاتون کی اولاد ہیں۔

پھر شارح حدیدی لکھتا ہے کہ جناب عمر فاروق کو ایک بار پتہ چلا کہ شعراء کرام اور علم الانساب کے ماہرین لوگوں کے نسب میں عیب بیان کرتے ہیں اس بات سے فاروق اعظم سخت برہم ہوئے۔

صدیق اکبر کے جانشین صعبۃ اصغر، جناب عمر نے منبر پر آکر فرمایا کہ آباؤ اجداد کے عیب نکالنے سے پرہیز کیا جائے۔

میر صاحب نے اس جگہ بھی یہ پیچ لگایا کہ فاروق اعظم نے اس لیئے روکا تھا کہ کہیں نفیل بن عبدالعزی اور صحاقہ کے معاشقہ کا لوگوں کو پتہ نہ چل جائے

میں نے میر صاحب سے سوال کیا کہ یہ زبیر بن عبدالمطلب کون ہے انہوں نے فرمایا کہ سمن آباد لاہور سے کسی غلام نبی ایم اے نے مسلم ایک کتابچہ کنیں نمہ نامی شائع کیا جس میں کاذباً آثماً غادراً خائناً کا جلوہ دکھایا ہے۔ اور اہل سنت کے بزرگ علماء کو یہودی اور سبائی لکھا ہے اور ہیں تو یہ غلام نبی ایم اے کوئی بخچو تی لونڈا لگتا ہے۔

اس خارجی وہابی نے جناب ابو طالب کی اسلامی خدمات سے انکار کیا ہے اور جناب زبیر کے بارے میں ایک جھوٹی رام کہانی لکھی ہے۔ ہمیں تو زبیر بن عبدالمطلب کے بارے میں اتنا معلوم ہے کہ ان کی ایک کنیز تھی جس کا نام تھا صحاکہ اور جناب نفیل نے اس سے آنکھیں ملالیں۔ اور اسی معاشقہ کی برکت سے جناب خطاب پیدا ہوئے تھے چونکہ زبیر بن عبدالمطلب فاروق اعظم کے مجازی نانا جان ہیں پس اسی لئے وہابی خارجی ناصبی نجدی لونڈے زبیر کے بارے میں کتابچہ شائع کر رہے ہیں۔

سہ اک حقیقت ہے جو ہونا چاہتی ہے آشکارا
مدعا میرا کسی کی آبرو ریزی نہیں

میں نے میر صاحب کو سر کے بل پھینکا

میں نے کہا قبلہ عالم آپ کی رافضی برادری کی کتاب برق مولفہ مرزا فصیح دہلوی میں لکھا ہے کہ صحاکہ ھاشم بن عبد المناف کی باندھی تھی اور چرمی لنگوٹ پہن کر اونٹ چرایا کرتی تھی اور جناب نفیل سے معاشقہ ہو گیا تھا اور اسی دوستی کا نتیجہ ہے خطاب۔ جب نفیل مر گیا اور جناب خطاب جوان ہو گیا تو پھر صحاکہ سے خطاب کی دوستی ہو گئی اور اس محبت کے نتیجہ میں حنتمہ پیدا ہوئی جس کو ولادت کے بعد گھر سے باہر پھکوا دیا گیا ہشام بن مغیرہ اس کو اٹھا کر لے گیا جب وہ جوان ہوئی تو پھر اس کا نکاح خطاب سے ہوا۔

نیز صحاکہ کے بارے میں مثالب مولفہ حجاج شاگرد ہشام نساب میں بھی یہ لکھا ہے روی ہشام عن ابیہ قال کانت صحاکہ امۃ حبشیہ لہاشم بن عبد المناف کہ صحاکہ حضرت ہاشم کی حبشی کنیز تھی اور نفلہ بن ہاشم اور عبدالعزی

بن ریاح نے اس سے ہمبستری کی تھی اور نفیل پیدا ہوا تھا۔ پس آپ نے شرح حدیدی کے حوالے سے کس طرح فرمایا ہے کہ صخاکہ زبیر بن عبدالمطلب کی کنیز تھی۔

ارباب انصاف جب میں نے میر صاحب کو اپنے علم کی ماردی تو پھر دوسرا پینترا بدل گئے اور کہا کہ کتاب اہل سنت المعارف لابن قتیبہ ذکر فاروق اور کتاب اہل سنت فتح الباری کتاب الفتن میں لکھا ہے کہ خطاب بن نفیل قریشی تھا نفیل کے مرنے کے بعد عمر بن نفیل نے اپنی ماں اور خطاب کی ماں سے نکاح کیا تھا اور زید پیدا ہوا وہ زید جو سعید کا باپ تھا وہ سعید جو عشرہ مبشرہ میں داخل ہوا۔

ارباب انصاف چونکہ بندہ بھی فاضل عراق ہے لہذا میں فوراً میر صاحب کے فاضلانہ پیچوں کو سمجھ گیا کہ اس بے حیا رافضی کا مطلب یہ تھا کہ فاروق اعظم کے خاندان میں قرآن نازل ہونے سے پہلے ماؤں سے نکاح کرنے کا رواج تھا اور اسی نکاح جاہلیہ سے سعید بن زید بن عمرو کا باپ زید پیدا ہوا ہے

میں نے کہا قبلہ پہلی بات تو یہ ہے کہ کیا تم شیعہ اس زمانہ میں موجود تھے یہ قصے اپنے دیکھے تھے یا آپ کو فرشتے بتانے آئے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ابن قتیبہ صاحب معارف بے شک سنی ہے لیکن ہے خارجی نامعلوم شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کو کیا ہوا تھا کہ اس کی توثیق کردی اور فتح الباری کا مولف ابن حجر عسقلانی بے شک اہل سنت اور معتبر ہے لیکن ہے کسی شیعہ کے متعہ کی پیداوار تیسری بات یہ ہے کہ کسی کے نسب پر اعتراض کرنا شرفاء پر کیچڑ اچھالنے والی بات ہے۔ میر

میر صاحب گرمی کھا گئے اور فرمایا کہ میں مانتا ہوں بے شک آپ حجۃ الاسلام اور نجفی صاحب ہیں لیکن محقق ہونا اور بات ہے۔

کتاب سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم میں دس عدد کتب اہل سنت سے ثابت کیا گیا ہے نیز تفسیر مدارک سورہ نون میں لکھا ہے کہ آیت عتل بعد ذالک

زنیم جب اتری تھی تو ولید بن مغیرہ اپنی ماں کے پاس آیا اور کہا کہ محمدؐ نے میری دس صفات بتائی ہیں ۹ نوں کا مجھ کو علم ہے کہ مجھ میں پائی جاتی ہیں اور زنیم یعنی ولدالزنا کا مجھے علم نہیں ہے صحیح بات تو بتا دے ورنہ تجھے قتل کرتا ہوں ماں نے کہا کہ سچی بات یہ ہے کہ تیرا باپ نامرد تھا مجھے اس کی موت کے بعد مال و دولت کے ضائع ہونے کا خطرہ ہوا پس میں نے ایک چرواہے کو دعوت ہمبستری دی اور تو اس کا نطفہ ہے۔ نیز کتاب سہم مسموم میں دس عدد کتب اہل سنت سے ثابت کیا گیا ہے نبی کریم نے جناب عمر سے فرمایا تھا کہ تو باز آجا ورنہ تیرے بارے وہی شرم کی بات نازل ہو گی جو ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے فاضل عراقی صاحب سنو جناب سیف اللہ حضرۃ خالد بن ولید سے بڑا شریف دباغیوں کے گھر میں کوئی بھی نہیں ہے اور ان کے والد مرحوم ولید بن مغیرہ کے ساتھ عمر فاروق کو تشبیہ نبی نے دی پس مثل مشہور ہے کہ آفتاب کو خاک اڑا کر کون چھپا سکتا ہے آپ کی بلا اجرت وکالت نسب فاروق پر پردہ نہیں دے سکتی اور حضرت فاروق کی نسبی خرابی کو بھی ہم سر آنکھوں پر رکھتے اگر وہ صلح حدیبیہ کے موقع پر نبوت میں شک نہ کرتے اور جناب فاطمہؑ کے دروازے پر آگ نہ لے آتے اور جناب امیرؑ کی خلافت کا انکار کرتے۔

میں نے کہا قبلہ صاحب آپ بے شک تمام دنیا کے ججوں سے اور وکیلوں سے پوچھ لیں کہ بین الاقوامی عدالت کا قانون ہے کہ شک کا فائدہ مدعا علیہ کو پہنچتا ہے چونکہ صحاکہ کے زنا کرنے پر ایسے گواہ موجود نہیں ہیں جو آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔ پس ہماری عدالت کا تو یہ فیصلہ ہے کہ شک کا فائدہ مدعا علیہ کو دیا جائے اور نسبی خرابی کے الزام سے جناب فاروق اعظم کو بری کر دیا جائے اور آپ اور آپ کی رافضی برادری کو جھوٹا اور مجرم قرار دیا جائے۔

ارباب انصاف میری تحقیق کے بعد کسی کے بولنے کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔

لیکن صاحب نامعقول۔ میر صاحب نامعقول نے پھر ایک نمبر بدلا اور فرمایا کہ جناب خالد سیف اللہ کی دادی کے زنا کرنے پر خود اہل سنت علماء نے دہائی مچائی ہے کہ مال کی حفاظت کی خاطر اس نے چرواہے سے زنا کیا تھا۔ حالانکہ کسی سنی عالم نے اس کا زنا یوں نہیں دیکھا تھا جیسے سرمہ دانی میں سلائی داخل ہوتی ہے اور سنی علماء کو جھوٹا بھی نہیں کہا جا سکتا کیوں کہ وہ بیچارے تو صرف اپنے بزرگوں کے اقوال اور اخبار نقل کرتے ہیں اسی طرح ہم جناب فاروق کی بدفعلی کو وہ اخبار نقل کرتے ہیں جنہیں خود علماء اہلسنت نے اپنی کتابوں میں بیان کیا ہے

پھر میر صاحب نے فرمایا کہ آپ بات کو نہ بڑھائیں عرب شریف میں قرآن پاک نازل ہونے سے پہلے عربوں کی بُری حالت بیان کرنے کے قابل نہیں ہے صرف بنی ہاشم اور حضرت علیؑ پاک کا خاندان پاک و پاکیزہ تھا جناب عثمان بنو امیہ سے تھے اور بنو امیہ میں زنا کاری عام تھی ۔

پس ظاہری پرورش کی وجہ سے ان کے بچے ان کی طرف منسوب ہیں حقیقت حال ان کی بہت ہی خراب ہے بنو امیہ کی نبی کریم سے رشتہ داری کو نجدی لونڈے میدان جنگ نہ بنائیں۔ اور خاندان رسالت کے خلاف زہر نہ اگلیں ورنہ ہم شیعہ لوگ تاریخ کے قبرستان سے وہ باتیں نکال کر دنیا کو سنائیں گے کہ لوگ کانوں کو ہاتھ لگائیں گے ۔ میں نے کہا قبلہ عالم پھر آپ تقیہ کر رہے ہیں جو سانپ نکالنا ہے نکال لیں ۔

میر صاحب گرمی کھا گئے اور فرمایا کہ بے شک آپ فاضل نجف اشرف ہیں لیکن محقق ہونا اور بات ہے سنو وہابیوں کی معتبر کتاب صحیح بخاری کتاب المناقب ذکر القسامہ فی الجاهلیۃ ج ۵ ص ۴۴ طبع مصر میں لکھا ہے کہ عن عمرو بن میمون قال رایت فی الجاهلیۃ قردۃ اجتمع علیها قردۃ قد زنت فرجموها فرجمتها معهم کہ عمرو بن میمون کہتا ہے کہ میں نے زمانہ جاہلیہ میں بندر دیکھے وہ ایک ایسی بندریا کے پاس جمع تھے کہ جس نے زنا کیا تھا۔ میں ان بندروں نے

اس بندریا کو زنا کے جرم میں پتھر مارے اور میں نے بھی اس کو پتھر مارے۔

میر صاحب نے فرمایا کہ بخاری شریف کی گواہی سے معلوم ہو گیا کہ زنا کرنا قرآن نازل ہونے سے پہلے بھی اتنا بڑا جرم تھا کہ بندر جیسے حیوان بھی اس گناہ کو قابل معافی نہیں سمجھتے تھے پس آپ کی یہ وکالت کہ فلاں فلاں کا زنا کرنا مثلاً ھندیا صعبہ بنت الحضرمی یا نابغہ بنت حرملا یا کاھیلیہ یا عناق یا والدہ خالد وغیرہ کا زنا کرنا قرآن نازل ہونے سے پہلے تھا آپ کی یہ بلا اجرت وکالت بے کار ہو گئی۔

میں نے کہا قبلہ یہ حدیث امام بخاری کا زٹل قافیہ ہے چونکہ امام بخاری مجوسی النسل ہے یہودیوں کا طالب علم ہے اس لیئے اسلام کو خراب کرنے کے لیئے کئی خرافات بخاری میں لکھ دیا گیا ہے

میر صاحب نے کہا کہ کیا یہی خرافات سننے کے لیئے نبی کریم بخارا میں آتے تھے کیا خرافات لکھنے کے لیئے امام بخاری وضو اور غسل کرتے تھے اور استخارہ دیکھتے تھے

میں نے کہا قبلہ شرافت سے بات کریں ہو سکتا ہے مراد بخاری کی یا راوی کی اس واقعہ سے کوئی قوم عرب ہو اور اس کو بندر سے تشبیہ دے کر بیان کیا ہو۔

قبلہ نے کہا کہ حدیث نبوی میں بندروں سے تشبیہ تو بنو امیہ کو دی گئی ہے معلوم ہوا ہے کہ یہ واقعہ قبیلہ بنو امیہ کا ہے فرمان نبی کہ میرے منبر پر بندر ناچیں گے قابل غور ہے۔

میں نے کہا قبلہ عالم آپ نے پھر ایک نیا محاذ جنگ کھول دیا ہے آپ کا یہ زٹل قافیہ بندروں کا ناچ کہاں لکھا ہے آج کل تعلیم کا دور ہے لوگ بغیر ٹھوس ثبوت کے بات نہیں سنتے۔

قبلہ نے کہا کتاب سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم میں سولہ عدد کتب اہلسنت سے ثبوت پیش کیا جا چکا ہے آپ کی تسلی کے لیئے یہاں بھی کچھ عرض کرتے ہیں۔

منبر رسول پر بنو امیہ کا بندروں کی طرح ناچ کرنا

ثبوت ملاحظہ ہو

۱۔ اہل سنت کی معتبر ترمذی شریف باب التفسیر س القدر ص ۱۶۹ ج ۲
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ البدایہ والنہایہ ذکر خلافۃ الحسن ص ۱۸ ج ۸
۳۔ اہل سنت کی معتبر تاریخ الخلفاء ذکر خلفاء بنو امیہ ص ۱۸۴ ج ۱۲
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۴۱۳ ج ۵ الاسرار ص ۴۴۴ ج ۸ س القدر
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ ص الخلفاء ذکر خلافۃ بنو امیہ ص ۱۲
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص ۲۳۰ ج ۲ الاسرار ص ۴۹ ج ۵ القدر

تفسیر کبیر کی عبارت ملاحظہ ہو

قال سعد بن المسیب رایٔ رسول اللہ بنو امیۃ علی منبرہ ینزون نزو القردۃ فساءہ ذالک وھذا قول ابن عباس فی روایۃ عطاء

ترجمہ

ابن عباس کہتا ہے کہ نبی کریمؐ نے خواب میں دیکھا کہ بنو امیہ ان کے منبر پر بندروں کی طرح کود رہا رہے یہ دیکھ کر حضور پاکؐ کو بڑا دکھ ہوا

نوٹ:

ارباب انصاف میر صاحب تو صدی شیعہ ہیں اور ہیں سنے تو مرنا ہے خدا

کو جواب دینا ہے۔ ترمذی شریف اور البدایہ والنہایہ میں صرف اتنا لکھا ہے کہ نبی پاک نے بنی امیہ کو منبر پہ خواب میں دیکھا اور حضور کو دکھ ہوا البتہ تاریخ الخلفاء اور تفسیر کبیر و فتح القدیر میں صاف لکھا ہے کہ حضور نے بنو مروان کو منبر پہ ناچتے اور کودتے ہوئے دیکھا۔

پھر میر صاحب نے یہاں یہ فاضلانہ پیچ بھی لگایا کہ جناب عثمان بھی بنو امیہ سے ہیں اور ان کو الگ نہیں کیا گیا پس حدیث شریف ان کی حکومت کو بھی شامل ہے پس اس حدیث شریف کی وجہ سے عثمان کے تمام فضائل پر پانی پھر گیا اور مولوی عبدالستار نے جس رشتہ داری پر زور دیا ہے وہ بے کار ہو گئی۔

میرے محترم قارئین جناب عثمان اگرچہ بنو امیہ سے ہیں اور حدیث شریف سے ان کی حکومت کو نکالنا مشکل ہے لیکن میں اس مسئلہ پر کوئی تبصرہ نہیں کرتا آپ میر صاحب کے کلام پر غور فرمائیں۔ البتہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہابی دیو بندی اہل حدیث لوگوں کے آٹھ خلیفے اور بھی بنو امیہ سے ہیں۔

(۱) معاویہ (۲) یزید (۳) عبدالملک بن مروان (۴) ولید (۵) یزید (۶) سلیمان (۷) ہشام (۸) عمر بن عبدالعزیز۔ حدیث شریف مذکورہ آٹھوں خلفاء کو یقیناً شامل ہے اور حکومت چمکانے کے لیے انھوں نے جو فتوحات کی ہیں اس فتوحات کے پھندے سے ان کو بندروں کے ناچ والی حدیث سے نہیں نکالا جا سکتا اور انصاف یہ کہتا ہے کہ معاویہ کبیر اس حدیث کے مصداق ہونے میں ذوکامل ہے۔

۱۰۔ القول المقبول فی نبات رسول

مؤلف فیض احمد وکیل عثمانی از بہاول پور

میں نے میر صاحب سے کہا کہ قبلہ عالم یہ کھالہ جناب عثمان کی فضیلت ثابت کرنے میں اویسی صاحب کی نگاہوں میں حرف آخر ہے اور آپ کو یہ بیماری ہے کہ مخالف کے کلام کو آپ بالکل نہیں پڑھتے۔

میر صاحب نے کہا کہ یہ بیماری تو وہابیوں میں عام ہے وہ اپنے عقیدت مندوں کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ شیعوں کی کتاب گھر میں نہ رکھنا ان کی مجلس میں شرکت نہ کرنا تعزیہ شریف کا جلوس نہ دیکھنا بلکہ ان کے امام غزالی صاحب کا فتویٰ صواعق میں لکھا ہے کہ

یحرم علی الواعظ ذکر مقتل الحسنؑ والحسینؑ فانہ یہیج علی لبعض الصحابۃ کہ واعظ پر حرام ہے کہ امام حسینؑ کی شہادت کا ذکر کرے کیوں کہ اس شہادت کے سننے سے دلوں میں اصحاب کی دشمنی پیدا ہوتی ہے اس فتویٰ سے معلوم ہوا کہ امام حسینؑ کے قتل میں کچھ اصحاب کا ہاتھ بھی یقینی ہے۔ اور اویسی کا رسالہ میں نے پڑھا ہے اس کے تقریباً تمام حوالہ جات کا جواب اسی کتاب میں موجود ہے اور عثمان کا داماد رسول ہونا سفید جھوٹ ہے اس کے تمام فضائل معاویہ کبیر نے بنوائے تھے اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیئے جناب عائشہ کے فتویٰ نے عثمان کے تمام فضائل پر پانی پھر دیا ہے۔

میں نے کہا قبلہ صاحب اس فتویٰ کا آپ بڑا رعب دکھاتے ہیں

لیکن آج کل تعلیم کا دور ہے اور لوگ بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے بات نہیں مانتے اگر ہمت ہے تو ثبوت پیش کریں۔

پس میر صاحب گرمی کھا گئے اور کتابوں کا بستہ فوراً کھول لیا اور کتاب پر کتاب دکھانے لگے۔

جناب عائشہ کا فتویٰ کہ عثمان نعثل کو قتل کرو اللہ اس کو قتل کرے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت حلبیہ ج ۳ ص ۳۵۶ باب معجزات نبی

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب علی ص ۱۱۷ از محدث خوارزمی

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرہ خواص الامہ ص ۳۸ ذکر جمل

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ کامل لابن اثیر ج ۳ ص ۱۰۲ ذکر جنگ جمل

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ طبری ص ۳۰۲۱ ذکر جمل

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ ابوالفداء ص ۱۷۲ ذکر جمل

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ اسد الغابہ ذکر صحر بن قیس ص ۱۹۴

۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب ذکر صحر بن قیس ج ۲ ص ۱۹۵

۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الامامہ والسیاسہ ص ذکر جمل

۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فصول المہمہ ص ۷۲ ذکر جمل

۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مطالب السئول ص ۱۱۶ ذکر جمل

۱۲ - اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الفرید صـ ۱۱۹/۲ ذکر جمل

۱۳ - اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ یعقوبی صـ

۱۴ - اہل سنت کی معتبر کتاب مروج الذہب صـ ۹/۲ ذکر جمل

۱۵ - اہل سنت کی معتبر کتاب حبیب السیر صـ ۴۷/۱ جزء ۲

۱۶ - اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنہ صـ ۱۹۰/۲ ذکر فضیلت عائشہ

۱۷ - اہل سنت کی معتبر کتاب نہایۃ لابن اثیر صـ ۸۰/۵ لغت نعثل

۱۸ - اہل سنت کی معتبر کتاب قاموس صـ ۵ لغت نعثل مؤلف فیروز آبادی۔

۱۹ - اہل سنت کی معتبر کتاب لسان العرب صـ ۶۷/۱۱ لغت نعثل

۲۰ - اہل سنت کی معتبر کتاب حیوۃ الحیوان صـ ۳۹۵/۲ ذکر نعثل

۲۱ - اہل سنت کی معتبر کتاب الطبقات الکبریٰ صـ ۳۷/۱ ج ۵ ذکر مروان

۲۲ - اہل سنت کی معتبر کتاب اعثم کوفی صـ ۱۵۵ ذکر وفات عثمان

۲۳ - اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ ابن خلدون صـ ۱۵۴ ج ۲ ذکر جمل

۲۴ - اہل سنت کی معتبر کتاب ترمذی شریف صـ ۴۳۴/۲ تفسیر سورہ الاحقاف

۲۵ - اہل سنت کی معتبر کتاب شرح لابن ابی الحدید صـ ۱۲۲/۲

۲۶ - اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ صـ ۸/۲ فصل ۳

۲۷ - اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ذکر مطاعن عثمان صـ

۲۸ - اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الاحباب صـ ۳ ذکر عثمان

۲۹ - اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الصفاء ذکر عثمان

۳۰ - اہل سنت کی معتبر کتاب الانساب للبلاذری صـ ذکر عثمان

۳۱ - اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس صـ /۲ ذکر عثمان

۳۲ - اتحاف الوریٰ باخبار ام القریٰ ذکر سنہ صـ ۳۹ کی نقل فی تنبیہ المطاعن

۱ - المناقب (۲) سیرت حلبیہ
۳ - تذکرہ کی عبارت ملاحظہ ہو

کتب الی عائشۃ اما بعد فانک قد خرجت من بیتک عاصیۃ للّٰہ ولرسولہ محمدؐ تطلبین امرا کان عنک موضوعاً وتزعمین انک تریدین الاصلاح بین المسلمین فخبرینا ماللنساء وقود العساکر والاصلاح بین الناس وطلبت کما زعمت بدم عثمان وعثمان رجل من بنی امیۃ وانت امراۃ من بنی تمیم بن مرۃ ولقد کنت تقولین بالامس اقتلوا نعثلا قتل اللّٰہ نعثلاً فقد کفر الخ ۔

ترجمہ :

جنگ جمل سے پہلے جناب امیر نے عائشہ کو یہ خط لکھا اما بعد خدا اور رسول کی نافرمانی کرتے ہوئے تو گھر سے باہر نکلی ہے کیا تو وہ چیز طلب کرتی ہے جس کی ذمہ داری تجھ پر نہیں ہے تو اپنے گمان میں مسلمانوں میں اصلاح کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ہمیں یہ تو بتا کہ لوگوں میں اصلاح کرنا اور لشکروں کو چلانا اس امر سے عورتوں کا کیا تعلق ہے تو اپنے گمان میں خون عثمان کا بدلہ لینا چاہتی ہے عثمان ایک بنو امیہ سے تھا تو ایک عورت بنو تمیم بن مرہ سے ہے ۔

اور تو خود کہتی رہی ہے کہ قتل کرو نعثل کو قتل کرو ۔ خدا اس کو قتل کرے فقد کفر وہ نعثل کافر ہو گیا ہے

نوٹ۔

سیرت حلبیہ میں یہ جملہ بھی خط میں موجود ہے وانت باالامس تولبین علیہ فتقولین فی ملأمن اصحاب رسول اللہ اقتلو نعثلا فقد کفر قتلہ اللہ کہ تو اے عائشہ لوگوں کو عثمان کے خلاف خود بھڑکاتی تھی اور اصحاب نبی کے سامنے تو خود کہتی تھی کہ نعثل کو قتل کرو یہ کافر ہو گیا ہے خدا اس کو قتل کرے۔

نوٹ:

استیعاب اور اسد الغابہ میں لکھا ہے کہ صخر بن قیس نے جناب عائشہ سے کہا تھا یاام المومنین تقولین فیہ وتنالین منہ کہ تو خود عثمان کی برائی کرتی تھی یہ اشارہ ہے فتویٰ کی طرف نہایہ اور لسان العرب میں بھی لغت نعثل میں لکھا ہے ومنہ حدیث عائشہ اقتلو النعثلا تعنی عثمان کہ فتویٰ عائشہ تھا کہ نعثل کو قتل کرو اور مراد عائشہ کی عثمان تھا۔

تاریخ کامل اور تاریخ طبری اور اتحاف الوری اور امامۃ السیاسہ میں لکھا ہے کہ عبید بن ابی سلمہ نے جو ابن ام کلاب ہے جناب عائشہ سے کہا تھا وانت امرت بقتل الامام + وقلت لنا انہ قد کفر

تو نے ہمیں حکم دیا تھا قتل عثمان کا اور فرمایا تھا کہ وہ کافر ہو گیا ہے پس ہم نے اس کے قتل کرنے میں تیرے فتویٰ کی اطاعت کی ہے اور ہمارے نزدیک اصل قاتل وہ ہے جس نے حکم دیا تھا۔

ریاض النضرہ اور حیوۃ الحیوان میں لکھا ہے کہ جناب عثمان کو دشمن نعثل کہتے تھے۔ اسکے بعد میر صاحب نے کہا الفاظ کی کمی زیادتی یا اشارہ وتصریح کے باوجود مذکورہ تمام کتابوں میں تذکرہ دیا گیا ہے کہ جناب عثمان کو بی بی عائشہ نے

نے نقل کروایا ہے اور اگر اس رسالہ کا اختصار مقصود نہ ہوتا تو میں تمام کتابوں کی عبارات پیش کرتا لیکن اس زمانہ میں بڑی کتابوں کے پڑھنے کا لوگوں میں نہ ہی حوصلہ ہے اور نہ ہی ان کے پاس وقت ہے اور العاقل تکفیہ الاشارۃ والغافل لاتنفعہ الف عبارۃ کہ عاقل کو اشارہ کافی ہے اور غافل کو ہزار عبارۃ بھی نفع نہیں دیتی

نعثل کا معنی کیا ہے

ریاض النضرہ میں لکھا ہے نعثل دبسم رجل طویل اللحیۃ کان اخائیل من عثمان سمی بذالک ونعثل ایضاً اسم الذکر من الضباع کہ نعثل ایک لمبی داڑھی والا آدمی تھا۔

اور جب حضرت عثمان کی برائی کی جاتی تھی تو ان کو نعثل کہا جاتا تھا۔ نیز نر بجو کو بھی نعثل کہتے ہیں قاموس میں فیروز آبادی نے لکھا ہے کہ نعثل نر بجو ہے اور بوڑھا بے وقوف ہے۔ اور ایک یہودی مدینہ میں نعثل نامی تھا اور لمبی داڑھی والا آدمی۔ اور جناب عثمان کو ان کی برائی کرنے کے وقت نعثل سے تشبیہ دی جاتی تھی۔

نہایہ ابن اثیر میں لکھا ہے کہ نعثل نر بجو کو بھی کہتے ہیں اور بے وقوف بڈھے کو بھی کہتے ہیں اور لمبی داڑھی والے کو کہتے ہیں اور عائشہ کا قول ہے کہ نعثل کو قتل کرد مراد ان کی عثمان ہوتا تھا لسان العرب میں لکھا ہے کہ نعثل نر بجو کو کہتے ہیں۔ اور فتویٰ عائشہ تھا کہ نعثل کو قتل کرو مراد ان کی عثمان تھا۔

اور حیوۃ الحیوان میں بھی نعثل کا معنی نر بجو لکھا ہے خلاصہ نعثل کے چار معنی ہیں (۱) نر بجو (۲) بڈھا بے وقوف (۳) لمبی داڑھی والا (۴) ایک یہودی کا نام میر صاحب تو صرف شیعہ بلکہ رافضی ہیں اور ان کا مقصد بھی نعثل کا معنی بیان کرنے

سے محتاج وضاحت نہیں ہے لیکن بندۂ خدا اور موت دونوں یاد ہیں۔ میں کھری بات کردں گا۔ خواہ شیعہ صاحبان کو بری ہی لگے۔ علم بلاغت کا قانون ہے کہ جب ایک شئے کو دوسرے شئے سے استعارہ کی بناپر تشبیہ دی جائے تو وجہ شبہ کو تلاش کرنا ضروری ہے اور چونکہ ہم جناب عثمان کی زیارت سے محروم ہیں اور نہ ہی جناب عائشہ نے وجہ شبہ کو بتایا ہے۔ پس مذکورہ معنوں میں جناب عائشہ کی مراد کیا تھی یہ بتانا ہمارے لئے مشکل ہے۔ معذرت معذرتِ گر قبول افتد زہے عز و شرف۔

نوٹ: ارباب انصاف بندگو تو نا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اور ہیرا پھیری سے بنتا بھی کچھ نہیں ہے۔

میر صاحب کی پیش کردہ کتابوں کی عبارات کو میں نے خود دیکھا ہے فصول المہمہ اور مطالب السئول لکھنے والے علماء نے بڑی دور اندیشی سے کام لیا ہے مذکورہ خط سے قتل عثمان کے بارے جناب عائشہ کے فتویٰ کو نکال دیا ہے تاکہ نہ رہے بانس اور نہ بجے بانسری۔

اور جن کتابوں میں مائی صاحبہ کا فتویٰ شریف پوری صراحت کے ساتھ موجود ہے ان علماء نے سخت حماقت کی ہے اور ان کے لیے وہابی دوستوں کی طرف سے یہ تحفہ ہے کہ وہ تمام علماء سبائیوں کے یا یہودیوں کے نطفے تھے یا شیعوں کے متعہ کی پیداوار تھے۔

ماشاء اللہ کیا تحفہ ہے بزرگوں کے لیے اور جن کتابوں میں علماء نے بی بی صاحبہ کے فتویٰ کو اظہار شدہ کنایہ سے بیان کیا ہے۔ انھوں نے بھی بے وقوفی کی ہے کیونکہ رافضی صاحبان میر صاحب جیسے لوگوں کو نہ ہی موت یاد ہے اور نہ ہی کچھ اور انھیں تو بس صحابہ کرام کی برائیاں تلاش کرنے کی فکر ہے۔ لہذا عبارات جتنی بھی محتاط سے لکھی جائے ان کو فوراً تنقیص صحابہ کی بو آتی ہے اور جن علماء نے لفظ نعثل

کے معنی بیان کئے ہیں اور ساتھ مائی صاحبہ کے فتویٰ کا حوالہ بھی دیا ہے انھوں نے
تو صاف بے حیائی سے کام لیا ہے کیوں کہ یہ بات طے شدہ ہے بلکہ آسمانی وحی کی
شل ہے کہ جس تاریخی بات سے اگرچہ وہ سچی ہو جناب عثمان کی توہین ہوتی ہو اس کو ٹھکرا
دیا جائے۔ کیونکہ جو عقل مند تاریخ کی صحیح باتوں پر ایمان رکھے گا وہ کبھی بھی ابوبکر و
عمر و عثمان کو خلیفہ برحق نہیں مانے گا۔

اور آخر میں میں نے میر صاحب کو یوں لاجواب کیا کہ جناب عثمان کے قتل کا فتویٰ
شریف جناب عائشہ کی زبانی بے شک اہل سنت کی کتابوں میں موجود ہے۔ لیکن اس
فتویٰ سے عثمان کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔

میر صاحب فوراً چہکے کہ فاضل عراق صاحب عائشہ کا بقول وہابیوں کے
لقب ہے صدیقہ اور اگر اس فتوے میں بھی وہ صدیقہ (سچی) ہے تو جناب عثمان
کے تمام فضائل پر پانی پھر گیا۔

بفرض محال اگر عثمان داماد نبی تھا اور نبی کی بیوی نے فتویٰ دے کر اس کو قتل کرایا
ہے تو معلوم ہوا کہ نافرمان داماد کا کوئی احترام نہیں ہے اور شیخ الحدیث فیض احمد
اویسی کی وکالت بالکل بے کار ہے۔ میں نے کہا قبلہ یہی بیماری تو آپ کو ہے کہ دوسرے
کی بات نہیں سنتے۔ بی بی عائشہ سے جناب فاطمہ زہرا نبی کی بیٹی افضل ہیں اور جناب
عثمان سے حضرت ابوبکر افضل ہیں جس طرح عثمان پر جناب عائشہ ناراض ہوئیں
اسی طرح ابوبکر پر جناب فاطمہ ناراض ہوئی ہیں

تفصیل جاگیر فدک میں موجود ہے کہ جناب فاطمہ نے ابوبکر سے فرمایا تھا
کہ میں جب تک زندہ رہوں گی ہر نماز کے بعد تیرے لیے بد دعا کروں گی اور جب
اپنے باپ رسول اللہ سے ملوں گی تو تیری شکایت کروں گی۔

پس عائشہ نے عثمان کے لیئے بد دعا اور جناب فاطمہ نے ابوبکر کے لیئے

بد دعا کی ۔ پس عثمانؓ اور ابوبکر دونوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ وہ امام نبیؐ تو تھے نہیں کہ ہر گناہ سے پاک ہوتے وہ دونوں دنیاوی حاکم تھے اور دوسرا حکام کی طرح چور دروازے سے حکومت پر قابض ہو گئے تھے اور جس طرح باقی حکام غلطیاں کرتے ہیں وہ بھی غلط غلط [illegible] گئے ہیں ۔ اور ان کی برائیوں کو اچھالنا تاکہ ان کی مقبولیت کم ہو جائے اور لوگ آل [illegible] امام برحق مانیں یہ بات میر صاحب اتنی آسان نہیں ہے جتنی تم سمجھے ہو معاویہ کے جو بندوبست کیئے تھے وہ آج بھی موجود ہیں [illegible] یہ [illegible] ختم ہو تو آپ کا مقصد بھی پورا ہو ۔

۱۱ - رسالہ حضور کی صاحبزادیاں چار

مؤلف غلام رسول ابوالمروان نارووال

میں نے میر صاحب سے کہا کہ شیخ الحدیث اویسی کی طرح نارووالی کا بھی [illegible] گمان ہے کہ اس نے فضیلت عثمان ثابت کرنے پر قلم توڑ دیا ہے ۔ قبلہ نے فرمایا کہ جو فضائل عثمان میں [illegible] کو بتاتے ہیں کہ بنو زرقا، بنوامیہ شجرہ ملعونہ ہے اور عثمان کا [illegible] نادری نسب شریف اور نعثل کو قتل کرد اور عثمان کا [illegible] مردہ بیوی سے ہمبستری کرنا ان مناقب کے بعد کسی دکیل عثمان کا عثمان کی صفائی پیش کرنا اور کوئی فضیلت بیان کرنا ایسے ہے جیسے بوسہ بعد از انزال ہوتا ہے ۔ نیز اویسی اور نارووالی میں ایک نے دوسرے کی نقل اتاری ہے کیونکہ دونوں رسالوں کی ترتیب، مضمون اور عبارت ملتی جلتی ہے ۔ خیر کوئی بات نہیں ہے

مقصد دونوں کا فضیلت عثمان بیان کرنا ہے اور ہمارے نزدیک تو کھری بات یہ ہے کہ جس دن عثمان نے قرآن جلانے کا حکم دیا تھا اسی دن ان کی تمام نیکیاں جل کر برباد ہوگئی تھی۔

میں نے کہا لاحول ولا قوۃ یہ اٹل قافیہ تو آج تک کسی عالم نے منبر پر نہیں بیان کیا آپ اس کا ثبوت پیش کریں ورنہ آپ کے جھوٹا ہونے کا میں فتویٰ دوں گا۔

قبلہ نے فرمایا آپ کے وہابی دوستوں کی مایہ ناز اور معتبر کتاب صحیح بخاری باب فضائل قرآن باب جمع القرآن ص۱۸۴ میں لکھا ہے کہ وامر عثمان بما سواہ من القرآن فی کل صحیفۃ او مصحف ان یحرق کہ ہمارے سرکاری قرآن کے علاوہ باقی تمام قرآن آگ سے جلا دیئے جائیں۔

اور جناب عثمان کی اس حرکت سے ان کے وکیل بعد میں جری ہو گئے تھے کتاب اہل سنت فتاوی قاضی خاں کتاب الحظر ص۷۸۰ ج۴ میں لکھا ہے کہ

لو کتب ما لبول او بالدم او علی جلد المیتۃ لا باس بہ کہ اگر قرآن پاک کو پیشاب سے یا خون یا مردار کی کھال پر لکھا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے قبلہ نے فرمایا بفرض محال اگر عثمان داماد نبی تھا بھی تو قرآن جلانے کے بعد مائی عائشہ کے فتوے کے بعد اس کی دامادی کا کوئی احترام نہیں ہے نیز نارو اہلی نے جس دامادی پر زور دیا ہے اس میں تو عثمان کے ساتھ کفار بھی شریک ہیں اور جس بات میں کسی کے ساتھ کوئی کافر بھی شریک ہو اس بات پر فخر کرنا فضول ہے۔ کیونکہ دامادی، سخاوت یا عدالت کی طرح کوئی کام ایسی فضیلت تو نہیں ہے جیسے خلق خدا کو فائدہ پہنچتا ہے۔

عتبہ، عتیبہ، ابوالعاص کفار نے جو دامادی پائی تھی اس کے بارے میں عثمانی

وکلاء آج تک شور و غل کر رہے ہیں اور جاتے جاتے میر صاحب یہ تیر بھی میرے کلیجے میں مار گئے کہ عثمان صاحب کو اہل مدینہ اور اصحاب نبیؐ نے اس قابل بھی نہ سمجھا کہ اس کا جنازہ پڑھتے اگر عثمان کا جنازہ کسی صحابی یا کسی مسلمان نے پڑھا ہے تو صحاح ستہ سے وکلاء عثمان ثبوت پیش کریں۔

میں نے کہا قبلہ قتل عثمان کے بعد تین دن مدینہ منورہ میں کرفیو آڈر نافذ تھا اور اہل مدینہ مجبور تھے۔

قبلہ نے فرمایا کہ جنازہ پڑھنا واجب ہے یہ کس طرح ہوا کہ اہل مدینہ تقیہ کر کے بیٹھ گئے اور عثمان کا جنازہ نہ پڑھا۔ میں نے پھر میر صاحب کو یوں لاجواب کیا جناب ابوبکر و عمر نے بھی جنازہ رسول نہیں پڑھا تھا۔

قبلہ میر صاحب نے فرمایا کہ اس کتاب میں آپ کی یہی عادت رہی ہے کہ آپ میرے اعتراض کا جواب دینے کی کوشش میں میرے ہی اعتراض کو اور مضبوط کر دیتے ہو۔ خلیفہ سازی کا میچ دیکھنے کی خاطر جناب ابوبکر و عمر نے جنازہ رسول چھوڑ دیا تھا یہ اعتراض بھی ہمارا ہے کہ اگر وہ دونوں نبی کریم کے یار تھے اور دوست تھے تو یاری کا حق تو یہ تھا کہ وہ جنازہ رسول کے پاس بیٹھتے اور خلیفہ سازی کے دنگل میں نہ جاتے۔

میں نے کہا قبلہ یہ زمانہ علم اور روشنی کا ہے اور لوگ بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے مسئلہ کو نہیں مانتے اگر شیخین ابوبکر و عمر نے جنازہ رسول کو چھوڑا تو آپ اس کا ثبوت پیش کریں قبلہ نے کتابوں کا بستہ کھولا اور ثبوت پر ثبوت دکھانے لگے

جناب ابوبکر و عمر جنازہ رسول کو بے دفن چھوڑ کر حاکم سازی کا میچ دیکھنے چلے گئے تھے

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال کتاب الخلافہ مع الامارۃ من قسم الافعال ج ۳ ص ۱۴۰

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب بخاری شریف کتاب الجنائز باب موت یوم الاثنین ج ۲ ص ۱۴

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الفاروق ص ۳۳ ج ۱ مؤلف شبلی

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ ص ۵

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الامامۃ والسیاسۃ ص ۱ ج ۱

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح عقائد نسفی ص ۱۰۶

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ طبری ص ۱۸۳۹ ذکر وفات النبیؐ

۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر ص ۱۴۶ ط مصر

۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب البدایہ والنہایہ ص ۲۴۸ ذکر سقیفہ بنی ساعدہ

۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت نبویہ لابن ہشام ص ۶۵۶ ذکر سقیفہ بنی ساعدہ

۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ ص ۲۹ ج ۱ فصل ۱۳

۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح لابن ابی الحدید ص ۱۹۲ ج ۴ اخطبہ در ذکر وفات نبی

صحیح البخاری ص ۱۶۹ ج ۸ کتاب المحاربین

۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح البخاری باب ما جاری السقائف ص ۱۲۲ ج ۲

کنزالعمال کی عبارت ملاحظہ ہو

عن عروہ ان ابابکر وعمر لم یشہدا دفن النبی [illegible] فی الانصار فدفن قبل ان یرجعا

ترجمہ

جناب ابوبکر وعمر دفن نبی کے وقت نبر مبارک پر حاضر نہ تھے اور وہ دونوں سقیفہ بنی ساعدہ میں قبیلہ انصار میں تھے اور خلافت کی بٹائی کر رہے تھے اور ان کی واپسی سے پہلے رسول پاک کو دفن کر دیا گیا تھا۔

نوٹ:

ارباب انصاف میر صاحب رافضی تو ایسے لوگوں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے موت۔ قبر اور حساب کو بھلا دیا ہے ہر آدمی کو اپنی نجات کی فکر ہے اور میر صاحب کو اصحاب کی برائیاں تلاش کرنے کی فکر رہے۔

اور بندۂ خدا تعالیٰ کو حاضر جان کر کھری بات کرے گا اگرچہ شیعہ صاحبان کو ناپسند ہی گذرے۔ بخاری شریف میں یہ لکھا ہے کہ ابوبکر نے عائشہ سے پوچھا تھا کہ تم نے نبی کریم کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا تھا۔ بس اس بات سے شیعوں نے اندازہ لگا لیا کہ ابوبکر نبی کریم کے کفن ودفن کے وقت حاضر نہ تھے صواعق اور شرح عقائد نسفی اور شرح فقہ اکبر میں لکھا ہے کہ اصحاب نے حاکم بنانا اتنا ضروری سمجھا تھا کہ اسے دفن نبی سے پہلے سرانجام دیا تھا۔

شیعوں نے اس کلام سے یہ سمجھا ہے کہ وفات نبی کے بعد ابوبکر وعمر لاشہ نبیؐ کو چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ الفاروق میں لکھا ہے کہ تعجب پر تعجب یہ ہے کہ یہ فعل (ترک جنازہ رسول، ان لوگوں (حضرت ابوبکر عمر) سے سرزد ہوا جو آسمان

اسلام کے مہرماہ تھے اور البدایہ والنھایہ میں اتنا لکھا ہے کہ بیعت ابوبکر دفن نبی سے پہلے مکمل ہوئی تھی اور سیرت نبویہ میں لکھا ہے کہ ابوبکر کو عمر دفن نبی سے پہلے ہی لے کر چلا گیا تھا۔

اور ریاض النضرہ میں لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر شام تک مسجد میں بیعت لیتا رہا اور دفن نبی سے غافل رہا۔

میرے محترم قارئین ان عبارات سے تو صرف اتنا ظاہر ہوتا ہے کہ ابوبکر و عمر لاش نبی بغیر غسل و کفن اور جنازہ دفن کے چھوڑ کر چلے گئے تھے اور وجہ بھی معلوم ہے بقول وہابی دوستوں کے روز وفات نبی آسمان سے ایک بلا اتری تھی اور اس نے ابوبکر و عمر کو کہا تھا تم جنازہ رسول کو چھوڑو اور حاکم بناو ورنہ میں تمھیں کھا جاؤں گی چونکہ نبی کریم تو پہلے وفات پا چکے تھے اور ابوبکر و عمر اگر اس آفت و بلا کا کہنا نہ مانتے تو وہ ان دونوں کو کھا جاتی پس پھر مسلمانوں کے پاس رہ کیا جاتا اس مجبوری کی وجہ سے انھوں نے جنازہ رسول چھوڑا تھا۔

اور الامامہ والسیاست میں صرف اتنا لکھا ہے کہ جناب عمر آگ لے کر نبی کی بیٹی کے دروازے پہ آئے اور کہا کہ اگر حضرت علی ہماری حکومت نہیں مانتے تو میں علی و فاطمہ کے گھر کو آگ لگاتا ہوں۔

اس وقت نبی کی بیٹی فاطمہ نے فرمایا کہ پہلے تو تم جنازہ رسول چھوڑ گئے تھے اور اب ہمارے گھر کو آگ لگاتے ہو۔

پھر میر صاحب نے کہا کہ طبری اور ابن ابی الحدید نے یہ بھی لکھا ہے کہ عن ابراہیم نخعی حتی اِرْبَدَّ بطنہ کہ ابوبکر و عمر نے جنازہ رسول کو چھوڑا اور حاکم بناتے رہے اور حضور پاک کے شکم مبارک کا رنگ متغیر ہو گیا تھا۔

جیسا کہ نہایہ ابن اثیر میں لکھا ہے قیل اِرْبَدَّ لون السواد والغبرا

کہ الرُّبدہ وہ رنگ ہے جو سیاہ اور خاکی رنگ کے درمیان ہو میں نے کہا قبلہ بہت سی کتابوں میں لکھا ہے کہ نبی کریم نے سوموار کو وفات پائی ہے اور بدھ کو دفن ہوئے ہیں اتنی دیر کی وجہ کیا ہے۔

م سنی علماء نے وجہ بتانے میں بھانت بھانت کے قول لکھے ہیں اور ان اقوال سے تنگ آکر بعض عارفین نے یہ شعر کہا ہے۔

چو صحابہ حب دنیا داشتند
مصطفیٰ را بے گور و کفن گذاشتند

چونکہ اصحاب کے دلوں میں دنیا دو دن کی محبت تھی اسی لیے نبی کے جنازہ کو بغیر کفن دفن کے چھوڑ گئے تھے۔

نانوتوی محمد قاسم اور رشید احمد گنگوہی کی امت کے لیے چند نادر تحفے

(۱) اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مقاصد مبحث ۶ - ص ۳۰۶ ج ۲
مؤلف سعد الدین عمر تفتازانی -

(قال واما بعدهم)
یعنی ان ماوقع بین الصحابة من المحاربات والمشاجرات علی الوجه المسطور فی کتب التواریخ والمذکور علی السنة الثقاة یدل بظاهره علی ان بعضهم قد حاد عن طریق الحق وبلغ حد الظلم والفسق وکان الباعث له الحقد والعناد والحسد واللداد وطلب الملك والریاسة والمیل الی اللذات والشہوات اذ لیس کل صحابی معصوما ولا کل من لقی النبی صلی الله علیه وسلم

بالخیر وسوا الا ان العلماء لحسن ظنھم باصحاب رسول اللہ صلعم
ذکروالھا محامل وتاویلات بھا تلیق وذھبوا الی انھم محفوظون
عما یوجب التضلیل والتفسیق صونا لعقائد المسلمین عن الزیغ
والضلالة فی حق کبار الصحابة سیما المھاجرین منھم والانصار
والمبشرین بالثواب فی دار القرار
واما جری بعدھم من الظلم علی اھل بیت
النبی علیھم السلام) فمن الظھور بحیث لا مجال للاخفاء ومن
الشناعة بحیث لا اشتباہ علی الآراء اذ تکاد تشھد بہ الجماد
والعجماء ویبکی لہ من فی الارض والسماء وتنھد منہ الجبال و
تنشق الصخور ویبقی سوء عملہ علی کر الشھور ومر الدھور فلعنة اللہ
علی من باشرہ او رضی او سعی ولعذاب الآخرة اشد وابقی فان قیل
فمن علماء المذھب من لم یجوز اللعن علی یزید مع علمھم بانہ یستحق
ما یربوا علی ذلک ریزید قلنا تحامیا عن ان یرتقی الی الاعلی فالاعلی
کما ھو شعار الروافض علی مایروی فی ادعیتھم ویجری فی اندیتھم
فرای المعتنون بامر الدین الجام العوام بالکلیة طریقا الی الاقتصاد
فی الاعتقاد وبحیث لا تزل الاقدام علی السواء ولا تضل الافھام
بالاھواء والا فمن یخفی علیہ الجواز والاستحقاق وکیف لا
یقع علیھما الاتفاق ۔

ترجمہ

اور جو صحابہ میں جھگڑے ہوئے ہیں اور وہ تاریخوں میں لکھے گئے ہیں اور
معتبر لوگوں کی زبانوں سے ذکر کیے گئے ہیں ۔ ان جھگڑوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ
بعض صحابہ حق کی راہ سے پھر گئے تھے اور ظلم وفسق کی حد تک پہنچ گئے تھے ۔ اور
اس ظلم اور فسق تک ان کو کینے ، حسد اور دشمنی نے پہنچایا تھا ۔ نیز بادشاہی

اور ریاست کی طلب نے شہوات اور لذات کی طرف میلان نے ان کو ظالم بنایا تھا۔ چونکہ صحابی معصوم نہیں ہے اور ہر وہ شخص جس نے نبیؐ سے ملاقات کی ہو وہ اچھا نہیں ہے۔ البتہ چونکہ علماء کو اصحاب رسولؐ سے حسن ظن ہے انھوں نے صحابہ کے تنبکرمیوں کی مناسب تاویلات کی ہیں۔

اور یہ نظریہ بنایا کہ صحابہ فسق اور گمراہی سے محفوظ ہیں۔ تاکہ مسلمانوں کا عقیدہ گمراہی سے محفوظ رہے اور وہ مہاجرین و انصار صحابہ جن کو ثواب کی بشارت دی گئی تھی۔ ان کے بارے مسلمانوں کا غلط نظریہ نہ ہو اور اس کے بعد اہل بیت نبی پر جو ظلم ہوا ہے وہ اتنا ظاہر ہے کہ جسے چھپانے کی گنجائش نہیں اور اتنا برا ہے کہ جو کسی عقل مند پر پوشیدہ نہیں۔

آل نبی پر جو ظلم ہوئے ہیں ان کی گواہی پتھر اور حیوان بھی دیتے ہیں اس ظلم کی وجہ سے زمین اور آسمان کی مخلوق روتی ہے اور پتھروں کا پھٹ جانا۔ پہاڑوں کا گر جانا بھی اس کی وجہ سے ممکن ہے۔ مسلمانوں کی یہ برائی ہمیشہ تاریخ میں موجود رہے گی۔

پس اللہ کی لعنت ہے اس پر جو خود ظلم کرتا رہا یا ظلم کرنے والوں کی مدد کی یا اس ظلم پر راضی ہے اور ان ظالموں کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے اگر کہا جائے کہ کچھ وہابی مولانا یزید پر لعنت کو جائز نہیں جانتے حالانکہ وہ خود اس بات کو جانتے ہیں کہ یزید لعنت سے بڑی ہی پھٹکار کا مستحق ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں وہ لعنت کو اس لیے جائز نہیں جانتے تاکہ یزید وہ تھے او پر اور یہ اس کے اوپر نہ جائے جیسا کہ یزید پر لعنت کرنا شیعوں کا طریقہ ہے ان کی دعاؤں میں لعنت موجود ہے

پس وہ لوگ جو امر دین کا خیال رکھتے ہیں۔ انھوں نے عوام کو لعنت سے روکنے کے لیے لگام دے دی تاکہ اعتقاد میں درمیانہ روی رہے اور سیدھی راہ

سے قدم نہ بھٹکیں۔ اگر لعنت کو اوپر جانے سے روکنا مقصود نہ ہوتا تو پھر یزید پر لعنت کا جائز اور یزید کا لعنت کا مستحق ہونا کسی سے چھپی ہوئی بات نہیں

نوٹ:

کتاب شرح مقاصد ہر دو جلد ہمارے پاس آج سنہ ۱۹۸۲ء ۲۹ رجنوری روز جمعۃ المبارک میں موجود ہے اور ہم نے ۲۹ رجنوری کی شام بوقت رات کے آٹھ بجے اصل کتاب سے عبارت دیکھ کر اس رسالہ میں لکھی ہے۔ اگر اس کے بعد خوارج کی ناکام کوششوں سے تاریخ بلاذری کی طرح شرح مقاصد بھی نایاب ہو جائے تو کسی کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سر العالمین فی کشف ما فی الدارین صہ ۹ مؤلف امام غزالی۔

واجمع الجماهير على متن الحديث في يوم غدير خم (قال) من كنت مولاه فقال عمر بن الخطاب بخ بخ لك يا ابا الحسن اصبحت مولائي ومولا كل مومن ومومنة فهذا تسليم ورضى وتحكيم ثم بعد ذلك غلب الهوى لحب الرياسة وحمل عمود الخلافة وعقود البنود وخفقان الهوا في قعقعة الرايات واشتباك ازدحام الخيول وفتح الامصار سقاهم كاس الهوى فعادوا الى الخلاف الاول فنبذوه وراء ظهورهم واشتروا به ثمنا قليلا فبئس ما يشترون

ترجمہ

علمائے اہل سنت نے حدیث غدیر خم کے صحیح ہونے پر اتفاق کیا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا جس کا میں سردار ہوں علیؑ بھی اس کے سردار ہیں۔ پس عمر

نے کہا مبارک ہو اے علیؑ کہ تم کل مومنین و مومنات کے سردار ہو گئے

پس اس وقت اس کلمہ رسولؐ کو سب نے قبول کر لیا اور حکومت علیؑ سے سب لوگ راضی ہو گئے۔

اس کے بعد یعنی انتقال پیغمبرؐ کے بعد محبت حکومت نے غلبہ کیا اور پھر اس حکومت پر حملہ اور خلافت کا ہاتھ آنا اور سر دبازو احصار میں حکومت کا جھنڈا گڑ جانا علم کے پھریروں کا ہوا میں اڑنا سواروں کا جلوس میں چلنا گھوڑوں کی ٹاپوں کا مثل حال کے معلوم ہونا۔ شہروں کا فتح ہونا ان سب خیالات نے ان کو یعنی شیخین کو جام خواہش نفسانی پلا دیا۔

پس انہوں نے خلافت پر حملہ کیا۔ جیسے قبل قبول اسلام مخالف ظاہر تھے ویسے ہی دشمن ظاہر ہو گئے اور اس عہد شکنی جو غدیر خم پر کی تھی کے بدے میں اک چیز کو خریدا پس کیا بڑی چیز خریدی۔

(۳) اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ بلاذری ص ۲۴

منقول از تنزیہ الانساب و اقرار الائمہ

فبعث الی عبد الله ابن عمر ما کتبه ابوه الی معاویة هذا عهد من ابن الخطاب الی معاویة بن ابی سفیان اعلم ان محمد قد جاء بالافک والسحر و منعنا من اللات و العزی و حول وجوهنا الی الکعبة التی یوهم انه قبلة الاسلامیة فکان هذا من غایة غلوه وعلوه و مهارته فی السحر بالزیادة علی موسی وعیسی وکانة بنی اسرائیل و نحن علی الدین کنا قبل ذلک وما ترکنا اللات والهبل وما تولی

محمد تواطینا مع اربعین من اهل نحلتنا و شهدنا انه قال الائمة من قریش و عزلنا علیا من الخلافة التی فوضها الیه و جعلها مخصوصة ثم کتفناه و اخرجنا به الی ابی بکر و امرنا الناس ببیعة و کنا نظاهر لبسنة محمد لئلا یهرب الناس تمنا و لکنا فی باطن الامر علی الدین الذی کنا قبل ذالک انتقمنا من اولاده و ذریته علی حسب طاقتنا و قدرتنا و اما انت یا معاویة فاوصیك ان لا تسامح فیها و اقتل من اولاده و احفاده ما انتصل الیه یدك و قدرتك و لو لم تقدر علی استیصال شرذمة خوفا من تنفر الناس و تباعدهم منك و نفرتهم علیك و فلتکن فی باطن الامر علی دفعهم و ازالتهم عن مقامهم و انحطاط مراتبهم و لا تذهب محبة اللات و العزی عن قلبك فانها طریقنا و طریق اباءنا و انا علی اثارهم مقتدون۔

پس بھیجا یزید نے عبداللہ بن عمر کی طرف وہ عہد نامہ جو ان کے باپ نے معاویہ بن ابی سفیان کی طرف لکھا تھا۔ جان تو اے معاویہ محمد بے شک بہتان لائے اور جادو اور ہم کو لات و عزی کی پرستش سے منع کیا اور ہمارا منہ کعبہ کی طرف اس وہم سے پھیرا کہ وہ قبلہ اسلام ہے یہ تھا ان کا غلو اور جاہ طلبی اور جادو میں ان کی مہارت ایسی تھی جو کہ فوقیت لے گئی تھی عیسیٰ و موسیٰ پر اور کاہنی اسرائیل کو اور ہم ویسے ہی رہے جیسے پہلے تھے

اور ہم نے لات و ہبل کو نہیں چھوڑا اور جب محمد مر گئے تو ہم نے ڈھونڈ ڈالا اپنے چالیس جتھے والوں کی اعانت سے اور ہم نے گواہی دی کہ امام قریش سے ہوں گے

اور ہم نے معزول کیا علی کو خلافت سے جو اس کو پیغمبر نے سونپ دی تھی۔ اور اس کے لیے مخصوص کر دی تھی۔

تو ہم نے اس کی مشکیں کس لیں اور نکال لائے اس کو اس کے گھر سے اور اس کو ابوبکر کے پاس بیعت کے لیے لے گئے۔ حالانکہ ہم ظاہر کرتے تھے سنت محمد کو تاکہ لوگ ہم سے بھاگ نہ جائیں۔ لیکن باطن میں ہمارا وہی عقیدہ تھا کہ جس پر ہم پہلے سے تھے۔ پھر اُس کے بعد ہم نے بدل لیا اُسکی اولاد اور ذریت سے حسب لیاقت اور اپنی قدرت کے مطابق۔

تو اے معاویہ محمد کی اولاد کو حسب قدرت قتل کرتے رہنا اور اگر تجھے مسلمانوں سے نفرت کا خوف ہو تو اندر خانہ میں ان کو برباد کرنا، اولاد زہرا کی محبت کو دل سے نہ نکالنا، کیونکہ یہ ہمارا اور تمہارے باپ دادا کا طریقہ ہے

(۴) فكان أبوك وفاروقه اول من ابتزه حقه، وخالفه على ذلك اتفقا واتسقا (مروج الذہب۔ ذکر معاویہ ملاحظہ فرمائیں) معاویہ نے محمد بن ابی بکر کو ایک خط کے جواب میں جس میں کہ محمد نے معاویہ پر اہل بیت کے حق غصب کرنے کا طعنہ دیا تھا جواب دیا کہ "تیرے باپ صدیق نے اور اُن کے بھیا فاروق نے سب سے پہلے حضرت علیؑ کا حق غصب کیا اور اُن کی خلافت کا انکار کیا اور ان دونوں نے اپنی حکومت میں حضرت علیؑ کو کسی بات میں شریک نہیں کیا اور نہ ہی اپنے راز کی بات بتاتے تھے۔"

(۵) أما بعد، فإنما أنت وثني ابن وثني، دخلت في الاسلام كرهاً، وخرجت منه طوعاً، لم يقدم إيمانك، ولم يحدث نفاقك (مروج الذہب۔ ذکر معاویہ) قیس بن سعد نے معاویہ کو ایک خط کے جواب میں لکھا کہ "تو بت پرست بیٹا بت پرست کا ہے۔ اسلام میں تو مجبوراً داخل ہوا اور اپنی رضا سے تو اسلام سے خارج ہوا، نہ ہی تیرا ایمان پرانا ہے اور نہ ہی تیرا نفاق نیا ہے"

(۶) فقال له: سل أمك كيف سطعت المجامر بينها وبين أبيك؟ فسالها فقالت ماولدتك إلا في المتعة (محاضرات ص ۲۴۶ ج ۲ الہدیہ)

ابن عباس نے ابن زبیر سے کہا تھا کہ "متعہ کے حلال ہونے سے تو ناراض کیوں ہوتا
ہے، اپنی ماں سے پوچھ، تیرے باپ اور ماں میں کس طرح انگیٹھیاں گرم ہوئیں۔ ابن
زبیر نے اپنی ماں اسماء بنت ابی بکر صدیق سے پوچھا ماں نے بتایا کہ میں نے تجھے متعہ سے

جناب امیرؑ کا ثلاثہ کی بیعت و سیرت سے انکار

ثبوت ملاحظہ ہو کتب اہل سنت سے

۱۔ البدایہ والنہایہ صفحہ ۱۴۶ جلد ۷ ذکر شوریٰ ۲۔ شرح فقہ اکبر صفحہ ۶۶ ۳۔ عقد الفرید صفحہ ۲۱۳ جلد ۲ ذکر شوریٰ
۴۔ تاریخ ابو الفداء صفحہ ۱۶۶ ذکر مقتل عمر ۵۔ تاریخ یعقوبی صفحہ ۱۵۲ جلد ۲ ذکر شوریٰ ۶۔ شرح ابن الحدید صفحہ ۹۳ جلد ۱ صفحہ ۹۲ جلد ۲
۷۔ تاریخ خمیس صفحہ ۲۵۵ جلد ۲ شوریٰ ۸۔ تاریخ طبری صفحہ ۲۹۳ جلد ۵ سنہ ۲۳ھ ۹۔ تاریخ کامل صفحہ ۳۵ جلد ۳
۱۰۔ تاریخ حبیب السیر جزو ۴ جلد ۲ ذکر شوریٰ ۱۱۔ تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۵۲ ذکر عثمان ۱۲۔ ابن خلدون صفحہ ۱۲۶
۱۳۔ الامامۃ والسیاسۃ صفحہ ۲۵ جلد ۱ ۱۴۔ ریاض النضرہ صفحہ ۶۸ جلد ۲ صواعق محرقہ صفحہ ۶۲

البدایہ النہایہ کی عبارت ملاحظہ ہو

قال قم یا علی فوقف تحت المنبر واخذ عبد الرحمٰن بیدہ وقال ھل انت مبایعی
علی کتاب اللہ وسنۃ نبیہ وفعل ابی بکر وعمر فقال اللّٰھم لا

ترجمہ: عبد الرحمٰن اہل مدینہ سے مشورہ کے بعد مسجد نبوی میں آیا اور مسلمانوں کو جمع کیا، اور جناب امیرؑ سے کہا کہ اس شرط پر ہم
آپ کی بیعت کرتے ہیں کہ کتاب و سنت اور سیرت ابوبکر و عمر کے مطابق حکم فرمائیں، آنجناب نے سیرت شیخین پر چلنے سے انکار کر دیا

نوٹ: ارباب انصاف! اہلسنت دوستوں کی پندرہ عدد کتب گواہ ہیں کہ حضرت علیؑ نے ثلاثہ
کی حکومت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا، کیونکہ وہ تینوں ہی چور دروازے سے حکومت پر قابض ہوئے اور
آنجناب ان کے زمانہ میں گوشہ نشینی کی زندگی بسر کر رہے تھے اور اہل سنت نے جو بیعت والا چکمہ بنایا ہوا ہے، بالکل غلط
اور جھوٹ ہے جناب امیرؑ نے ان کی کسی قسم کی بھی بیعت نہیں فرمائی۔ اگر جناب امیرؑ حکومت ثلاثہ کے موافق ہوتے تو یقیناً آپ
محکمہ عدالت یا محکمہ قرآن، یا محکمہ مال وغیرہ میں دخیل ہوتے لہٰذا ثلاثہ میں آپ کا حکومت سے بائیکاٹ رکھنا اس بات کا ثبوت
ہے، کہ آنجناب ان کو ظالم اور غاصب سمجھتے تھے، البتہ کچھ شرعی مسائل میں جب حکام وقت اپنی کم علمی کی وجہ سے عاجز ہو جاتے
تھے، تو مجبوراً جناب امیرؑ سے راہبری حاصل کرتے تھے۔ مولوی نافع جھنگوی نے جو کتاب رحماء کا تیرا حصہ عثمانی لکھا
ہے اس میں کذب، دغا، فریب، خاوند اخانا کا جلوہ نظر آتا ہے ہم اس کتاب کے ہر پہلو پر تبصرہ کرتے لیکن ہمیں اپنے رسالہ کا
اختصار مقصود ہے اس لیے اب ہم قلم کو روک رہے ہیں، اگر خدا نے توفیق دی تو مذمت بنو امیہ اور ابطال
خلافت معاویہ و یزید پر ایک کتاب لکھیں گے اس میں بنو امیہ، بنو مروان، بنو زرقا کے پول کھول لیں گے۔ اور ہم
کتاب کے قارئین سے میں اپنے لیے خصوصی دعائے خیر کی خواہش رکھتا ہوں۔

آخری گزارش

عثمان اموی کا معاذ اللہ داماد نبی ہونا اس مسئلہ پر ہمارے وہابی دوستوں نے اس زمانہ میں زیادہ زور دیا ہے اور ان کی کئی عدد کتابوں کے ابواب نیز کئی عدد رسالے اور کتابچے اور اشتہار ہمارے دعویٰ کا ٹھوس ثبوت ہیں اور اس مسئلہ کی تبلیغ میں وہابیوں کے مخاطب شیعہ حضرات ہیں۔ بندہ نے اس رسالہ میں شیعوں کے عقیدہ کی ترجمانی کی ہے اور اپنی طرف سے خدا گواہ ہے میں نے کوئی زٹل قافیہ اس رسالہ میں پیش نہیں کیا۔

بلکہ قدم قدم پر عثمان اموی کی دامادی کی تردید کے لیئے اہل سنت کی کتابوں کے ثبوت دیئے ہیں اور کسی مسلمان بھائی کا دل دکھانے کی کوشش نہیں کی بلکہ نرم انداز میں جو کچھ تاریخ اسلام میں موجود ہے۔

اسے ارباب انصاف کے سامنے پیش کیا ہے اور وہابی دوستوں کو دعوت فکر دی ہے اور وہابی اہل حدیث جس طرح شیعوں کی کتابوں سے آزادی کے ساتھ ہر قسم کی عبارت شیعوں کے خلاف پیش کرتے ہیں۔ اسی طرح بندہ نے بھی بغیر کسی

تقیہ اور رڈر کے پوری ذمہ داری کے ساتھ عثمان اموی کی دامادی کو جھوٹا ثابت کرنے کے لیئے اہل سنت کی کتابوں سے ہر قسم کی عبارہ پیش کی ہے۔

بقول مولوی عبدالرشید جھنگوی کے اشتہار کے۔

؎ اک حقیقت ہے جو ہونا چاہتی ہے آشکار

مدعا میرا کسی کی آبرو ریزی نہیں

اگر وہابی دوست اس رسالہ کے بارے یہ شور مچائیں کہ یہ دیکھو بزرگان کے بارے میں لکھ دیا ہتک ہو گئی۔ توہین ہو گی یہ کاروائی ان کی بے انصافی ہے اپنی کتابیں کھول کر دیکھیں جو کچھ میں نے لکھا ہے ہر بات کا ان کو اپنی کتابوں سے ثبوت ملے گا اگر وہابی دوستوں نے حکومت وقت یا عام لوگوں کو میرے خلاف بھڑکایا اور مجھے کسی قسم کی اذیت پہنچائی تو میری فریاد اللہ پاک کی عدالت عالیہ میں ہے۔

قل حسبی اللہ ومن یتوکل علی اللہ وھو حسبہ

میں اس دنیا فانی میں چالیس برس تک تقریباً زندہ رہ چکا ہوں اور اس کے بعد بھی موت اور زندگی میرے اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

ماکشتی در آب انداختیم ہرچہ بادا باد

میں نے کشتی پانی میں ڈال دی ہے جو ہو گا وہ دیکھا جائے گا۔

یا صاحب الزمان ادرکنی :

وکیل آل محمد غلام حسین نجفی سرپرست ادارہ تبلیغ اسلام
ماڈل ٹاؤن لاہور

نوٹ :

اس کتاب کا مسودہ ۱۱ رجنوری سنہ ۱۹۸۲ء کو پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

مومنین حضرات

مسئلہ ماتم ہو یا مسئلہ خلافت، کسی بھی نوع کا کوئی
حوالہ معلوم کرنا ہو تو جوابی خط لکھیں فوراً جواب دیا جائے گا۔۔۔
اس کے علاوہ جہاں کہیں مذہب شیعہ پر حملہ ہو۔ کوئی مولوی
[illegible] تنگ کرے، تحریراً تقریراً جس قسم کی ضرورت پیش آئے
فوراً رجوع کریں انشاءاللہ فوراً عملی اقدام کر کے آپ کو مطمئن
کیا جائے گا۔

پتہ

حجۃ الاسلام مولانا غلام حسینؒ صاحب قبلہ نجفی
سرپرست شعبہ تبلیغ و مدرس مدرسہ
جامع المنتظر ایچ بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور